١ـ محمد بن أبي عبدالله ، عن محمد بن أبي يسر عن داود بن عبدالله ، عن [محمد بن] عمرو بن محمد ، عن عيسى بن يونس قال : كان ابن أبي العوجاء من تلامذة الحسن البصري فانحرف عن التوحيد فقيل له : تركت مذهب صاحبك و دخلت فيما لا أصل له و لا حقيقة ؟ فقال : إنّ صاحبي كان مخلّطاً ، كان يقول طوراً بالقدر وطوراً بالجبر وما أعلمه اعتقد مذهباً دام عليه وقدم مكّة متمرّداً و إنكاراً على من يحجّ وكان يكره العلماء مجالسته و مسائلته لخبث لسانه وفساد ضميره فأتى أبا عبدالله عليه السلام فجلس إليه في جماعة من نظرائه فقال : يا أبا عبدالله إنّ المجالس أمانات ولابدّ لكلّ من به سعال أن يسعل أفتأذن في الكلام ؟ فقال : تكلّم فقال : إلى كم تدوسون هذا البيدر و تلوذون بهذا الحجر و تعبدون هذا البيت المعمور بالطوب والمدر و تهرولون حوله هرولة البعير إذا نفر ، إنّ من فكر في هذا وقدر علم أنّ هذا فعل أسّسه غير حكيم ولا ذي نظر فقل فإنّك رأس هذا الأمر و سنامه وأبوك أسّه وتمامه فقال أبو عبدالله عليه السلام : إنّ من أضلّه الله وأعمى قلبه استوخم الحقّ ولم يستعذ به وصار الشيطان وليّه و ربّه وقرينه ، يورده منا هل الهلكة ثمّ لا يصدره وهذا بيت استعبدالله به خلقه ليختبر طاعتهم في إتيانه فحثّهم على تعظيمه و زيارته وجعله محلّ أنبيائه و قبلة للمصلّين إليه فهو شعبة من رضوانه وطريق يؤدّي إلى غفرانه ، منصوب على استواء الكمال ومجمع العظمة والجلال خلقه الله قبل دحو الأرض بألفي عام فأحقّ من أطيع فيما أمر وانتهى عمّا نهى عنه وزجر الله المنشىء للأرواح والصور .

٢ـ و روي أنّ أمير المؤمنين صلوات الله عليه قال في خطبة له : ولو أراد الله جلّ ثناؤه بأنبيائه حيث بعثهم أن يفتح لهم كنوز الذّهبان و معادن العقيان و مغارس الجنان و أن يحشر طير السّماء و وحش الأرض معهم لفعل و لو فعل لسقط البلاء و بطل الجزاء واضمحلّت الأنباء و لما وجب للقائلين أجور المبتلين ولا لحق المؤمنين ثواب المحسنين ولا لزمت الأسماء أهاليها على معنى مبين و لذلك لو أنزل الله من السماء آية فظلّت أعناقهم لها خاضعين ولو فعل لسقط البلوى عن النّاس أجمعين ولكن الله جلّ

تناؤه جعل رسله أولي قوّة في عزائم نيّاتهم وضعفة فيما ترى الأعين من حالاتهم من قناعة تملأ القلوب والعيون غناؤه وخصاصة تملأ الأسماع والأبصار أذاؤه ولو كانت الأنبياء أهل قوّة لاترام وعزّة لاتضام وملك يمدّ نحوه أعناق الرّجال ويشدّ إليه عقد الرّحال لكان أهون على الخلق في الاختبار وأبعد لهم في الاستكبار ولآمنوا عن رهبة قاهرة لهم أورغبة مائلة بهم فكانت النّيات مشتركة والحسنات مقتسمة ولكن الله أراد أن يكون الاتّباع لرسله والتصديق بكتبه و الخشوع لوجهه والاستكانة لأمره و الاستسلام لطاعته أموراً له خاصّة، لاتشوبها من غيرها شائبة و كلّما كانت البلوى و الاختبار أعظم كانت المثوبة و الجزاء أجزل، ألاترون أنّ الله جلّ تناؤه اختبر الأوّلين من لدن آدم إلى الآخرين من هذا العالم بأحجار لاتضرّ ولا تنفع و لا تبصر و لا تسمع فجعلها بيته الحرام الّذي جعله للنّاس قياماً ثمّ وضعه بأوعر بقاع الأرض حجراً / و أقلّ نتائق الدّنيا مدراً وأضيق بطون الأودية معاشاً وأغلظ محالّ المسلمين مياهاً، بين جبال خشنة ورمال دمثة و عيون وشلة وقرى منقطعة وأثر من مواضع قطر السماء دائر ليس يزكوبه خفّ ولا ظلف ولا حافر ثمّ أمر آدم و ولده أن يثنوا أعطافهم نحوه فصار مثابة لمنتجع أسفارهم وغاية لملقى رحالهم تهوي إليه ثمار الأفئدة من مفاوز قفار متّصلة و جزائر بحار منقطعة ومهاوي فجاج عميقة حتّى يهزّ وامناكبهم ذللاً، يهلّلون لله حوله ويرملون على أقدامهم شعثاً غبراً له، قد نبذوا القنع والسّرابيل وراء ظهورهم وحسروا بالشعور حلقاً عن رؤوسهم ابتلاء عظيماً واختباراً كبيراً وامتحاناً شديداً و تمحيصاً بليغاً و قنوتاً مبيناً، جعله الله سبباً لرحمته و وصلة و وسيلة إلى جنّته وعلّة لمغفرته و ابتلاء للخلق برحمته ولو كان الله تبارك و تعالى وضع بيته الحرام و مشاعره العظام بين جنّات و أنهار و سهل و قرار، جمّ الأشجار، داني الثّمار، ملتفّ النبات، متّصل القرى، من برّة سمراء وروضة خضراء وأرياف محدقة و عراص مغدقة و زروع ناضرة و طرق عامرة و حدائق كثيرة لكان قد صغر الجزاء على حسب ضعف البلاء ثمّ لو كانت الأساس المحمول عليها والأحجار المرفوع بها بين زمرّدة خضراء

و ياقوتة حمراء ونور وضياء لخفّف ذلك مصارعة الشكّ في الصدور ولوضع مجاهدة إبليس عن القلوب و لنفي معتلج الرّيب من النّاس ولكن الله عزّ وجلّ يختبر عبيده بأنواع الشدائد و يتعبّدهم بألوان المجاهد ويبتليهم بضروب المكاره إخراجاً للتكبّر من قلوبهم وإسكاناً للتّذلّل في أنفسهم وليجعل ذلك أبواباً [فتحاً] إلى فضله وأسباباً ذللاً لعفوه و فتنته كما قال: «الم أحسب الناس أن يتركوا أن يقولوا آمنّا وهم لايفتنون ۞ ولقد فتنّا الّذين من قبلهم فليعلمنّ الله الّذين صدقوا وليعلمنّ الكاذبين».

باب ۶

ابتدائے خلق اور کعبہ سے لوگوں کی آزمائش

۱۔ عیسیٰ بن یونس سے مروی ہے کہ ابن ابی العوجاء، حسن بصری کے شاگردوں میں سے تھے پھر اس نے اس کا مذہب چھوڑ دیا اور ایسا عقیدہ اختیار کیا جس کی نہ کوئی اصل ہے نہ حقیقت۔ اس نے کہا میرا استاد اپنے عقائد میں ناہموار ہے کبھی قدرت کا عقیدہ رکھتا ہے کبھی جبر کا، کوئی عقیدہ ایسا نہیں جس پر ہمیشہ قائم ہو یہ سرکش انسان مکہ آیا، حج سے اس کو انکار تھا، علماء اس سے ملنا نا پسند کرتے تھے کیونکہ بدزبان آدمی تھا اور ضمیر کا کھوٹا، یہ حضرت ابو عبداللہ علیہ السلام کے پاس آیا اور آپ کے مصاحبوں کے ساتھ بیٹھا اور کہنے لگا اے ابو عبداللہ مجالس امانت ہیں ضروری ہے کہ سوال کیا جائے اجازت ہے کہ میں کچھ کہوں، فرمایا کہو، اس نے کہا یہ تو بتایئے تم اس دیوان جبکہ میں کب تک چلو پھرو گے اور کب تک اس پتھر سے اذن چاہو گے اور کب تک یہاں اونٹ کی طرح بلبلاؤ گے، جہاں تک میں غور کرتا ہوں اس فعل کی بنیاد کسی عقلمند آدمی نے تو رکھی نہیں، آپ اس امر میں صاحب حکم کی حیثیت رکھتے ہیں آپ کے باپ نے اس کی بنیاد رکھی اور اتمام کو پہنچایا ہے حضرت نے فرمایا جس کو اللہ نے گمراہی میں چھوڑ دیا ہے اور جس کا دل اندھا ہو گیا ہے وہ حق بات کو برا سمجھتا ہے اور خدا سے پناہ نہیں مانگتا، شیطان اس کا ولی اس کا رب اس کا ساتھی بن جاتا ہے اور اسے ہلاکت کے گھاٹ پر جا اتارتا ہے اور پھر وہاں سے نکالتا نہیں، یہ وہ گھر ہے جہاں خدا کی مخلوق اس کی عبادت کرتی ہے تاکہ وہاں پر ان کی اطاعت کی جانچ کی جائے وہ ابھارتا ہے ان کو اس کی زیارت و تعظیم کے لئے، اللہ تعالیٰ نے اس کو محل انبیاء

بنایا ہے اور نماز پڑھنے والوں کا قبلہ باغ جنت کی ایک شاخ ہے اور ایک طریقہ ہے مغفرت کا۔

وہ کمال روحانی حاصل کرنے اور عظمت و جلال کے ظاہر ہونے کی جگہ ہے اللہ نے اس کو زمین بچھانے سے دو ہزار سال قبل پیدا کیا۔ پس وہ اس کا زیادہ حقدار ہے کہ اطاعت کرے ان امور میں جن کا اللہ نے حکم دیا ہے اور باز آئے بندہ ان چیزوں سے جن سے منع کیا ہے اور اس اللہ کو یاد کرے جو ارواح و صور کا پیدا کرنے والا ہے۔

مروی ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا اپنے خطبہ میں، اگر اللہ چاہتا تو جب انبیا کو مبعوث کرتا تو ان کے لئے سونے چاندی کے خزانے کھول دیتا، معاون جو شہروں میں ہوتے انھیں بتا دیتا، اور جنت کے درخت مہیا کر دیتا آسمانی طیور جمع ہوتے۔ اور زمین کے وحشی ان کے پاس جمع ہوتے، وہ ایسا تو کر سکتا تھا لیکن اگر کرتا تو امتحان ختم ہو جاتا اور جزا باطل قرار پاتی اور ابتلا میں سستی ہو جاتی، جب قابلین کو مبتلا ہونے والوں کا اجر دینا واجب ہوا تو لاحق کیا گیا مومنین کے لئے احسان کرنے والوں کا ثواب عطا کیا گیا اور ان کے اہل کے لئے ایک مقصد ظاہر لازم ہوا۔

اگر اللہ آسمان سے کوئی ایسی نشانی ظاہر کرتا کہ لوگوں کی گردنیں اس کے سامنے جھک جاتیں اگر ایسا ہوتا ہوتا تو تمام لوگوں سے امتحان ساقط ہو جاتا پس اللہ نے اپنے رسولوں کو صاحب قوت بنایا ہے ان کے پختہ ارادوں میں اور بظاہر ضعیف بنایا ہے چنانچہ حالات کو از قسم قناعت لوگوں کی آنکھیں دیکھتی ہیں ان کی دنیا سے بے پروائی لوگوں کے دلوں اور آنکھوں کو ان کے روحانی اقتدار سے پُر کر دیتی ہے اور ان کی تنگدستی کانوں اور آنکھوں پر اثر انداز ہوتی ہے اگر انبیاء بڑی قوت والے ہوتے اور ایسی عزت والے کہ اسے کوئی نقصان نہ پہنچا سکتا اور اگر ان کی ایسی سلطنت ہوتی کہ لوگوں کی گردنیں ان کی طرف کھنچتیں اور مضبوط ہوتے اس کی طرف لوگوں کے معاملات، تو پھر لوگوں کا امتحان آسان ہو جاتا اور استکبار بالکل بعد ہو جاتا کیونکہ وہ انبیا کی قوت دیکھ کر ایمان لاتے اور ان کی دولت و ثروت کی طرف راغب ہو کر ایمان لاتے لیکن اس صورت میں نیتیں خالص نہ رہتیں بلکہ خلوص اور غیر خلوص میں تبدیل ہو جاتیں لیکن اللہ نے یہ چاہا کہ اس کے رسولوں کا اتباع اور اس کی کتابوں کی تصدیق اور اس کے سامنے انکسار و عاجزی اور اس کے احکام کی قبولیت بغیر کسی غرض اور شائبہ کے ہو اور جتنی آزمائش اور مصیبت زیادہ سخت ہو اتنا ہی اس کا اجر و ثواب زیادہ ہو کیا تم نہیں دیکھتے کہ آدم سے اب تک اس عالم میں اللہ نے آزمایش ایمان کی ہے ایسے پتھروں سے جو نہ کسی کو ضرر پہنچاتے نہ نفع، نہ سنتے ہیں اور نہ دیکھتے ہیں ان کو بیت الحرام میں رکھا اور بیت اللہ کو بنایا اُجاڑ جگہ، اور گھر بنا ایسی جگہ جہاں پہاڑ ہی پہاڑ ہیں اور تنگ تر وادی ہے کسب معاش کے ذرائع بہت کم ہیں اور مسلمانوں کے لئے پانی کی کمی ہے سو کے سخت پہاڑوں کا بیچ ہے نرم ریت ہے رجس میں چلنے والوں کے پیر دھنستے ہیں چشمے کم ہیں اور آبادیاں الگ الگ ہیں اور خط استوا کے وسط میں ہے اس

زمین پر نشان قدم نہ بکری کا ملتا ہے نہ گائے کا نہ اونٹ کا۔ (نرم ریت کی وجہ سے۔)
پھر آدم اور ان کی اولاد کو حکم دیا کہ وہ اپنی توجہ اس کی طرف کریں۔ پس اللہ نے مقام ثواب قرار دیا دور نزدیک کو حج کے واسطے سفر کرنے والوں اور ان کی سواریوں کے لئے ٹھہرنے کا مقام قرار دیا اور لوگوں کی اولاد کے دل بیت اللہ کی طرف مائل کئے جو سنسان میدانوں کو جو لگاتار ہیں طے کر کے آتے ہیں اور منقطع دریاؤں کو پار کر کے آسکتا ہے اور گہری گھاٹیوں میں سے گزرتے ہوئے اس طرح آتے ہیں کہ ان کی حالت نہایت تباہ ہوتی ہے پیروں پر کپڑا بندھا ہوتا ہے۔ پریشان حال چہروں کے رنگ اڑے ہوئے۔ نقابیں اور ازاریں پس پشت بندھی ہوتی، بکھرے ہوئے گرد آلود بال سر پر حلقوں کی صورت میں پڑے ، غرضیکہ ان کو سخت مصیبت کا سامنا ہوتا ہے اور بڑے سخت امتحان سے گزرتے ہیں اور بڑی کوشش بلیغ کرنا پڑتی ہے اور دل کی بڑی رجوع کا کام ہے۔

اور اللہ نے اسکو سبب رحمت قرار دیا اور وسیلہ بنایا جنت حاصل کرنے کا اور سبب مغفرت پانے کا اور اس ابتلا کو اپنی رحمت کا سبب قرار دیا اور اگر وہ اپنا گھر اور یہ عبادت کے مقامات ایسی جگہ بناتا جہاں آس پاس باغات ہوتے، نہریں ہوتیں، ہموار زمین ہوتی، گھنے درختوں کا سایہ ہوتا، نیچے نیچے پھل لگے ہوتے، کچھ دار سبزہ ہوتا، آس پاس گاؤں ہوتے، لہلہاتے کھیت اور سرسبز بغیچے ہوتے اور زمین باغ و بہار ہوتی ارد گرد چمن کھلے ہوتے، نظر افروز کھیتیاں ہوتیں، آبادی ہوتی بکثرت باغ ہوتے تو جزا کم ہو جاتی بہ سبب مصیبت کی کمی کے اور اس پر ہیرے اور جواہرات لگے ہوتے اور چمک دمک ہوتی تو لوگوں کے دلوں میں بہت سے شکوک پیدا ہو جاتے اور ابلیس کو اپنی کارروائی دکھانے کا موقع مل جاتا۔ لوگوں کے دلوں میں شکوک سے اختلاج پیدا ہو جاتا۔ لیکن اللہ تعالیٰ آزماتا ہے اپنے بندوں کو ہر طرح کے آلام و مصائب میں اور ان کی عبدیت کی جانچ کرتا ہے ان کی مختلف قسم کی کوششوں سے اور انواع و اقسام کے مصائب میں مبتلا کر کے انھیں آزماتا ہے تاکہ ان کے دلوں سے تکبر نکل جائے اور اس کے نفسوں میں تواضع اور انکساری پیدا ہو تاکہ وہ ان پر اپنے فضل کے دروازے کھول دے اور اپنے عفو کو ان کی انکساری کے بدلے میں ظاہر کرے۔ جیسا کہ فرماتا ہے، کیا لوگوں کا یہ گمان ہے کہ اتنا کہنے پر چھوڑ دیئے جائیں گے کہ ہم ایمان لے آئے اور ان کی آزمائش نہ ہوگی ہم ان سے پہلے لوگوں کا بھی امتحان لیا ہے اور اللہ کے علم میں ہے کہ ان میں کون سچے ہیں اور کون جھوٹے۔

﴿باب﴾

﴿حج ابراهيم و اسماعيل و بنائهما البيت ومن ولى البيت بعدهما (عليهما السلام)﴾

١ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ والحسين بن محمّد ، عن عبدويه بن عامر ؛ وغيره ، و محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد جميعاً ، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر ، عن أبان بن عثمان ، عن أبي العبّاس ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لمّا ولد إسماعيل حمله إبراهيم و أمّه على حمار و أقبل معه جبرئيل حتّى وضعه في موضع الحجر ومعه شيء من زاد و سقاء فيه شيء من ماء والبيت يومئذ ربوة حمراء من مدر ، فقال إبراهيم لجبرئيل عليه السلام : ههنا أمرت قال : نعم ، قال : ومكّة يومئذ سلم وسمر و حول مكّة يومئذ ناس من العماليق .

٢ ـ و في حديث آخر عنه أيضاً قال : فلمّا ولّى إبراهيم قالت هاجر : يا إبراهيم إلى من تدعنا ؟ قال : أدعكما إلى ربّ هذه البنية قال : فلمّا نفد الماء وعطش الغلام خرجت حتّى صعدت على الصفا فنادت هل بالبوادي من أنيس ثمّ انحدرت حتّى أتت المروة فنادت مثل ذلك ثمّ أقبلت راجعة إلى ابنها فإذا عقبه يفحص في ماء فجمعته فساخ ولو تركته لساح .

٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إنّ إبراهيم عليه السلام لمّا خلف إسماعيل بمكّة عطش الصبيّ فكان فيما بين الصّفا و المروة شجر فخرجت أمّه حتّى قامت على الصّفا فقالت : هل بالبوادي من أنيس فلم تجبها أحد ، فمضت حتّى انتهت إلى المروة فقالت : هل بالبوادي من أنيس فلم تجب ، ثمّ رجعت إلى الصّفا وقالت ذلك حتّى صنعت ذلك سبعاً فأجرى الله ذلك سنّة وأتاها جبرئيل فقال لها : من أنت ؟ فقالت : أنا أمّ ولد إبراهيم ، قال لها : إلى من تركتكم ؟ فقالت : أما لئن قلت ذاك لقد قلت له حيث أراد الذّهاب : يا إبراهيم

إلى من تركتنا ؟ فقال : إلى الله عزّ وجلّ ، فقال جبرئيل عليه السلام : لقد وكلكم إلى كاف ، قال : و كان النّاس يجتنبون الممرّ إلى مكّة لمكان الماء ففحص الصّبيّ برجله فنبعت زمزم ، قال : فرجعت من المروة إلى الصّبيّ وقد نبع الماء فأقبلت تجمع التّراب حوله مخافة أن يسيح الماء ولو تركته لكان سيحاً ، قال : فلمّا رأت الطير الماء خلقت عليه فمرّ ركب من اليمن يريد السفر فلما رأوا الطير قالوا : ماحلقت الطير إلّا على ماء فأتوهم فسقوهم من الماء فأطعموهم الركب من الطعام و أجرى الله عزّ وجلّ لهم بذلك رزقاً وكان النّاس يمرّون بمكّة فيطعمونهم من الطعام ويسقونهم من الماء .

٣ ـ محمّد بن يحيى ، و أحمد بن إدريس ، عن عيسى بن محمّد بن أبي أيّوب ؛ عن عليّ ابن مهزيار ، عن الحسين بن سعيد ، عن عليّ بن منصور ، عن كلثوم بن عبدالمؤمن الحرّانيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : أمر الله عزّ وجلّ إبراهيم عليه السلام أن يحجّ ويحجّ إسماعيل معه ويسكنه الحرم ، فحجّا على جمل أحمر وما معهما إلّا جبرئيل عليه السلام فلمّا بلغا الحرم قال له جبرئيل : يا إبراهيم أنزلا فاغتسلا قبل أن تدخلا الحرم فنزلا فاغتسلا وأراهما كيف يتهيّئان للاحرام ففعلا ، ثمّ أمرهما فأهلّا بالحجّ وأمرهما بالتلبيات الأربع الّتي لبّى بها المرسلون ، ثمّ صار بهما إلى الصفا فنزلا وقام جبرئيل بينهما واستقبل البيت فكبّر الله و كبّرا وهلّل الله وهلّلا وحمد الله وحمدا ومجّد الله ومجّدا وأثنى عليه وفعلا مثل ذلك وتقدّم جبرئيل وتقدّما يثنيان على الله عزّ و جلّ و يمجّدانه حتّى انتهى بهما إلى موضع الحجر فاستلم جبرئيل [الحجر] و أمرهما أن يستلما وطاف بهما أسبوعاً ثمّ قام بهما في موضع مقام إبراهيم عليه السلام فصلّى ركعتين وصلّيا ثمّ أراهما المناسك وما يعملان به فلمّا قضيا مناسكهما أمر الله إبراهيم عليه السلام بالانصراف وأقام إسماعيل وحده مامعه أحدٌ غير أمّه فلمّا كان من قابل أذن الله لابراهيم عليه السلام في الحجّ و بناء الكعبة و كانت العرب تحجّ إليه وإنّما كان رداً إلّا أنّ قواعده معروفة فلمّا صدر النّاس جمع إسماعيل الحجارة و طرحها في جوف الكعبة فلمّا أذن الله له في البناء قدم إبراهيم عليه السلام فقال : يا بنيّ قد أمرنا الله ببناء الكعبة وكشفا عنها فإذا هو حجر واحد أحمر فأوحى الله عزّ وجلّ إليه ضع بناءها عليه وأنزل الله عزّ و جلّ أربعة أملاك يجمعون إليه الحجارة

فكان إبراهيم و إسماعيل عليهما السلام يضعان الحجارة والملائكة تناولهما حتّى تمّت اثنى عشر ذراعاً وهيّئا له بابين : باباً يدخل منه وباباً يخرج منه و وضعا عليه عتباً و شرجاً من حديد على أبوابه و كانت الكعبة عريانة فصدر إبراهيم وقد سوّى البيت وأقام إسماعيل فلمّا ورد عليه النّاس نظر إلى امرأة من حير أعجبه جمالها فسأل الله عزّ وجلّ أن يزوّجها إيّاه و كان لها بعل ففضى الله على بعلها بالموت وأقامت بمكّة حزناً على بعلها فأسلى الله ذلك عنها وزوّجها إسماعيل وقدم إبراهيم الحجّ و كانت امرأة موفّقة وخرج إسماعيل إلى الطائف يمتار لأهله طعاماً فنظرت إلى شيخ شعث فسألها عن حالهم فأخبرته بحسن حال ، فسألها عنه خاصّة فأخبرته بحسن الدّين و سألها ممّن أنت ؟ فقالت : امرأة من حير فساء إبراهيم ولم يلق إسماعيل وقد كتب إبراهيم كتاباً فقال : ادفعي هذا إلى بعلك، إذا أتى إن شاء الله، فقدم عليها إسماعيل فدفعت إليه الكتاب فقرأه فقال : أتدرين من هذا الشيخ ؟ فقالت : لقد رأيته جميلاً فيه مشابهة منك ، قال : ذاك إبراهيم فقالت : واسوءتاه منه فقال : ولم نظر إلى شيء من محاسنك ؟ فقالت : لا ولكن خفت أن أكون قد قصّرت وقالت له المرأة و كانت عاقلة : فهلّا تعلّق على هذين البابين سترين سترا من ههنا وستراً من ههنا ؟ فقال لها : نعم فعملا لهما سترين طولهما اثنى عشر ذراعاً فعلّقا هما على البابين فاعجبهما ذلك ، فقالت : فهلّا أحوك للكعبة ثياباً فتسترها كلّها فإنّ هذه الحجارة سمجة فقال لها إسماعيل : بلى فأسرعت في ذلك و بعثت إلى قومها بصوف كثير تستغزر لهم .

قال أبو عبدالله عليه السلام : و إنّما وقع استغزال النّساء من ذلك بعضهنّ لبعض لذلك ، قال : فأسرعت واستعانت في ذلك فكلّما فرغت من شقّة علّقتها فجاء الموسم وقد بقي وجه من وجوه الكعبة فقالت لإسماعيل : كيف نصنع بهذا الوجه الّذي لم تدركه الكسوة فكسوه خصفاً فجاء الموسم وجاءته العرب على حال ما كانت تأتيه فنظروا إلى أمر أعجبهم ، فقالوا : ينبغي لعامل هذا البيت أن يهدى إليه فمن ثمّ وقع الهدي فأتى كلّ فخذ من العرب بشيء يحمله من ورق ومن أشياء غير ذلك حتّى اجتمع شيء كثير فنزعوا ذلك الخصف وأتمّوا كسوة البيت وعلّقوا عليها بابين وكانت الكعبة

ليست بمسقّفة فوضع إسماعيل فيها أعمدة مثل هذه الأعمدة الّتي ترون من خشب و سقّفها إسماعيل بالجرائد وسوّاها بالطين فجاءت العرب من الحول فدخلوا الكعبة ورأوا عمارتها فقالوا : ينبغي لعامل هذا البيت أن يزاد فلمّا كان من قابل جاءه الهدي فلم يدر إسماعيل كيف يصنع فأوحى الله عزّ وجلّ إليه أن انحره وأطعمه الحاجّ قال: وشكا إسماعيل إلى إبراهيم قلّة الماء فأوحى الله عزّ وجلّ إلى إبراهيم أن احتفر بئراً يكون منها شراب الحاجّ فنزل جبرئيل عليه السلام فاحتفر قليبهم يعني زمزم حتّى ظهر ماؤها ثمّ قال جبرئيل عليه السلام : أنزل يا إبراهيم فنزل بعد جبرئيل فقال : يا إبراهيم اضرب في أربع زوايا البئر وقل: بسم الله ، قال: فضرب إبراهيم عليه السلام في الزّاوية الّتي تلي البيت وقال : بسم الله فانفجرت عين ثمّ ضرب في الزّاوية الثانية وقال: بسم الله فانفجرت عين ، ثمّ ضرب في الثالثة وقال: بسم الله فانفجرت عين ، ثمّ ضرب في الرابعة وقال : بسم الله فانفجرت عين وقال له جبرئيل : اشرب يا إبراهيم وادع لولدك فيها بالبركة وخرج إبراهيم عليه السلام وجبرئيل جميعاً من البئر فقال له افض عليك يا إبراهيم وطف حول البيت فهذه سُقيا سقاها الله ولد إسماعيل فسار إبراهيم وشيّعه إسماعيل حتّى خرج من الحرم فذهب إبراهيم ورجع إسماعيل إلى الحرم .

٥ محمد عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ والحسين بن محمد ، عن عبدويه بن عامر ، ومحمد ابن يحيى ، عن أحمد بن محمد جميعاً ، عن أحمد بن محمد بن أبي نصر ، عن أبان بن عثمان، عن عقبة بن بشير ، عن أحدهما عليهما السلام قال : إنّ الله عزّ وجلّ أمر إبراهيم ببناء الكعبة وأن يرفع قواعدها ويرى النّاس مناسكهم فبنى إبراهيم وإسماعيل البيت كلّ يوم سافاً حتّى انتهى إلى موضع الحجر الأسود . قال : أبو جعفر عليه السلام فنادى أبو قبيس إبراهيم عليه السلام إنّ لك عندي وديعة فأعطاه الحجر فوضعه موضعه ثمّ إنّ إبراهيم عليه السلام أذّن في النّاس بالحجّ فقال : أيّها الناس إنّي إبراهيم خليل الله إنّ الله يأمركم أن تحجّوا هذا البيت فحجّوه فأجابه من يحجّ إلى يوم القيامة وكان أوّل من أجابه من أهل اليمن ، قال: وحجّ إبراهيم عليه السلام هو وأهله وولده فمن زعم أنّ الذّبيح هو إسحاق فمن ههنا كان ذبحه .

و ذكر عن أبي بصير أنّه سمع أبا جعفر و أبا عبدالله عليهما السلام يزعمان أنّه إسحاق فأمّا زرارة فزعم أنّه إسماعيل .

۵ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن فضّال قال : قال أبو الحسن عليه السلام ـ يعني الرّضا ـ للحسن بن الجهم : أيّ شيء السّكينة عندكم ؟ فقال : لا أدري جعلت فداك وأيّ شيء هي ، قال : ريح تخرج من الجنّة طيّبة لها صورة كصورة وجه الإنسان فتكون مع الأنبياء وهي الّتي نزلت على إبراهيم عليه السلام حيث بني الكعبة فجعلت تأخذ كذا وكذا فبنى الأساس عليها .

۷ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن عليّ بن أسباط قال : سألت أبا الحسن عليه السلام عن السّكينة فذكر مثله .

۸ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن فضّال ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لمّا أمر إبراهيم وإسماعيل عليهما السلام ببناء البيت وتمّ بناؤه قعد إبراهيم على ركن ثمّ نادى هلّم الحجّ هلمّ الحجّ فلو نادى هلّموا إلى الحجّ لم يحجّ إلّا من كان يومئذ إنسياً مخلوقاً ولكنّه نادى هلّم الحجّ فلبّى النّاس في أصلاب الرّجال لبّيك داعي الله لبّيك داعي الله عزّ وجلّ ، فمن لبّى عشراً يحجّ عشراً ومن لبّى خمساً يحجّ خمساً ومن لبّى أكثر من ذلك فبعدد ذلك ومن لبّى واحداً حجّ واحداً ومن لم يلبّ لم يحجّ .

۹ ـ عنه ، عن سعيد بن جناح ، عن عدّة من أصحابنا ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كانت الكعبة على عهد إبراهيم عليه السلام تسعة أذرع وكان لها بابان فبناها عبد الله بن الزّبير فرفعها ثمانية عشر ذراعاً فهدمها الحجّاج فبناها سبعة وعشرين ذراعاً .

۱۰ ـ وروي عن ابن أبي نصر ، عن أبان بن عثمان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كان طول الكعبة يومئذ تسعة أذرع ولم يكن لها سقف فسقّفها قريش ثمانية عشر ذراعاً فلم تزل ثمّ كسرها الحجّاج على ابن الزّبير فبناها و جعلها سبعة و عشرين ذراعاً .

۱۰ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، والحسين بن محمّد ، عن عبدويه بن عامر جميعاً ، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر ، عن أبان بن عثمان ، عن أبي بصير أنّه سمع أبا جعفر و أبا عبدالله عليهما السلام يذكران أنّه لمّا كان يوم التّروية

قال جبرئيل لإبراهيم عليه السلام : تروّه من الماء فسمّيت التّروية ثمّ أتى منى فأباته بها ثمّ غدابه إلى عرفات فضرب خباه بنمرة دون عرفة فبنى مسجداً بأحجار بيض و كان يعرف أثر مسجد إبراهيم حتّى أدخل في هذا المسجد الّذي بنمرة حيث يصلّي الإمام يوم عرفة فصلّى بها الظهر والعصر ، ثمّ مد به إلى عرفات فقال : هذه عرفات فاعرف بها مناسكك واعترف بذنبك فسمّي عرفات ثمّ أفاض إلى المزدلفة فسمّيت المزدلفة لأنّه ازدلف إليها ، ثمّ قام على المشعر الحرام فأمره الله أن يذبح ابنه وقد رأى فيه شمائله وخلائقه وأنس ما كان إليه فلمّا أصبح أفاض من المشعر إلى منى فقال لأمّه: زوري البيت أنت واحتبس الغلام ؛ فقال : يا بنيّ هات الحمار والسكّين حتّى أقرّب القربان. فقال : أبان : فقلت لأبي بصير: ما أراد بالحمار والسكّين ؟ قال : أراد أن يذبحه ثمّ يحمله فيجهّزه ويدفنه قال : فجاء الغلام بالحمار والسكّين فقال : يا أبت أين القربان؟ قال : ربّك يعلم أين هو . يابنيّ أنت والله هو إنّ الله قد أمرني بذبحك فانظر ماذا ترى قال : يا أبت افعل ما تؤمر ستجدني إن شاء الله من الصّابرين ؛ قال : فلمّا عزم على الذّبح قال : يا أبت، خمّر وجهي وشدّ وثاقي قال : يا بنيّ الوثاق مع الذّبح والله لا أجمعهما عليك اليوم!

١١- قال أبوجعفر عليه السلام : فطرح له قرطان الحمار ثمّ اضجعه عليه و أخذ المدية فوضعها على حلقه قال : فأقبل شيخ فقال : ما تريد من هذا الغلام؟ قال: أريد أن أذبحه ، فقال : سبحان الله غلام لم يعص الله طرفة عين تذبحه ؟ فقال : نعم إنّ الله قد أمرني بذبحه ، فقال : بل ربّك نهاك عن ذبحه وإنّما أمرك بهذا الشّيطان في منامك قال : ويلك الكلام الّذي سمعت هو الّذي بلغ بي ما ترى لا والله لا أكلّمك ثمّ عزم على الذّبح فقال الشّيخ: يا إبراهيم إنّك إمام يقتدى بك فإن ذبحت ولدك ذبح النّاس أولادهم فمهلاً فأبى أن يكلّمه!

١٢- قال : أبو بصير سمعت أباجعفر عليه السلام يقول : فأضجعه عند الجمرة الوسطى ثمّ أخذ المدية فوضعها على حلقه ثمّ رفع رأسه إلى السّماء ثمّ انتحى عليه فقلّبها جبرئيل عليه السلام عن حلقه فنظر إبراهيم فإذا هي مقلوبة فقلّبها إبراهيم على خدّها و

قلّبها جبرئيل على قفاها ففعل ذلك مرارا ثمّ نودي من ميسرة مسجد الخيف : يا إبراهيم قد صدّقت الرّؤيا و اجترّ الغلام من تحته وتناول جبرئيل الكبش من قلّة ثبير فوضعه تحته و خرج الشّيخ الخبيث حتّى لحق بالعجوز حين نظرت إلى البيت والبيت في وسط الوادي فقال : ماشيخ رأيته بمنى ؟ فنعت نعت إبراهيم قالت : ذاك بعلي قال : فماوصيف رأيته معه ونعت نعته قالت : ذاك ابني قال : فإنّي رأيته أضجعه وأخذ المدية ليذبحه ، قالت : كلاّ ما رأيت إبراهيم إلّا أرحم النّاس و كيف رأيته يذبح ابنه قال : و ربّ السّماء والأرض وربّ هذه البنية لقد رأيته أضجعه و أخذ المدية ليذبحه ، قالت : لم؟ قال : زعم أنّ ربّه أمره بذبحه ، قالت ، فحقّ له أن يطيع ربّه قال : فلمّا قضت مناسكها فرقّت أن يكون قد نزل في ابنها شيء فكانّي أنظر إليها مسرعة في الوادي واضعة يدها على رأسها وهي تقول : ربّ لا تؤاخذني بما عملت بامّ إسماعيل قال : فلمّا جاءت سارة فأخبرت الخبر قامت إلى ابنها تنظر فإذا أثر السكّين خدوشاً في حلقه ففزعت واشتكت وكان بدو مرضها الّذي هلكت فيه .

وذكر أبان ، عن أبي بصير ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : أراد أن يذبحه في الموضع الّذي حملت أمّ رسول الله صلى الله عليه وآله عند الجمرة الوسطى فلم يزل مضربهم يتوارثون به كابر عن كابر حتّى كان آخر من ارتحل منه عليّ بن الحسين عليهما السلام في شيء كان بين بني هاشم وبين بني أميّة فارتحل فضرب بالعرين .

١٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن أحمد بن محمّد ؛ والحسن بن محبوب ، عن العلاء بن رزين ، عن محمّد بن مسلم قال : سألت أبا جعفر عليه السلام أين أراد إبراهيم عليه السلام أن يذبح ابنه ؟ قال : على الجمرة الوسطى ؛ وسألته عن كبش إبراهيم عليه السلام ما كان لونه وأين نزل ؟ فقال : أملح وكان أقرن ونزل من السماء على الجبل الأيمن من مسجد منى وكان يمشي في سواد ويأكل في سواد وينظر ويبعر ويبول في سواد .

١٤ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن الوشّاء ، عن حمّاد بن عثمان ، عن الحسن بن نعمان قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عمّا زادوا في المسجد الحرام ، فقال : إنّ إبراهيم وإسماعيل عليهما السلام حدّا المسجد الحرام بين الصّفا والمروة .

۱۵ - وفي رواية أُخرى، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: خطّ إبراهيم بمكّة ما بين الحزورة إلى المسعى فذلك الّذي خطّ إبراهيم عليه السلام - يعني المسجد - .

۱۶ - محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن عليّ بن النعمان، عن سيف بن عميرة عن أبي بكر الحضرميّ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: إنّ إسماعيل دفن أُمّه في الحجر وحجر عليها لئلّا يوطأ قبر أُمّ إسماعيل في الحجر.

۱۷ - بعض أصحابنا، عن ابن جمهور، عن أبيه، عن محمّد بن سنان، عن المفضّل ابن عمر، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: الحجر بيت إسماعيل و فيه قبر هاجر و قبر إسماعيل.

۱۶ - محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن الحسين بن سعيد، عن فضالة بن أيّوب، عن معاوية بن عمّار قال: سألت أبا عبدالله عليه السلام عن الحجر أ من البيت هو أو فيه شيء من البيت؟ فقال: لا ولا قلامة ظفر ولكن إسماعيل دفن أُمّه فيه فكره أن توطأ فحجر عليه حجراً وفيه قبور أنبياء.

۱۷ - عدّةٌ من أصحابنا، عن سهل بن زياد، عن محمّد بن الوليد شباب الصيرفيّ، عن معاوية بن عمّار قال: قال أبو عبدالله عليه السلام: دفن في الحجر ممّا يلي الركن الثالث عذارى بنات إسماعيل.

۱۸ - عليٌّ بن إبراهيم، عن أبيه؛ ومحمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد جميعاً، عن أحمد ابن محمّد بن أبي نصر، عن أبان، عن أبي بصير، عن أبي جعفر عليه السلام قال: لم يزل بنو إسماعيل ولاة البيت [و] يقيمون للنّاس حجّهم وأمر دينهم يتوارثونه كابر عن كابر حتّى كان زمن عدنان بن أُدد فطال عليهم الأمد فقست قلوبهم وأفسدوا وأحدثوا في دينهم وأخرج بعضهم بعضاً فمنهم من خرج في طلب المعيشة و منهم من خرج كراهية القتال و في أيديهم أشياء كثيرة من الحنيفيّة من تحريم الأُمّهات والبنات وما حرّم الله في النكاح إلّا أنهم كانوا يستحلّون امرأة الأب وابنة الأخت والجمع بين الأختين وكان في أيديهم الحجّ والتلبية والغسل من الجنابة إلّا ما أحدثوا في تلبيتهم وفي حجّهم من الشرك وكان فيما بين إسماعيل وعدنان بن أُدد موسى عليه السلام.

- وروي أنّ معد بن عدنان خاف أن يدرس الحرم فوضع أنصابه و كان أوّل من وضعها ثمّ غلبت جُرهُم على ولاية البيت فكان يلي منهم كابر عن كابر حتّى بغت جرهم بمكّة واستحلّوا حرمتها وأكلوا مال الكعبة وظلموا من دخل مكّة وعتوا وبغوا و كانت مكّة في الجاهليّة لا يظلم ولا يبغي فيها ولا يستحلّ حرمتها ملك إلّا هلك مكانه و كانت تسمّى بكّة لأنّها تبكّ أعناق الباغين إذا بغوا فيها وتسمّى بساسة كانوا إذا ظلموا فيها بستهم وأهلكتهم وتسمّى أمّ رُحم كانوا إذا لزموها رحموا فلمّا بغت جرهم واستحلّوا فيها بعث الله عزّ وجلّ عليهم الرعاف والنمل وأفناهم فغلبت خزاعة و اجتمعت ليجلوا من بقي من جرهم عن الحرم ورئيس خزاعة عمرو بن ربيعة بن حارثة بن عمرو ورئيس جرهم عمرو بن الحارث بن مضاض الجرهمي فهزمت خزاعة جرهم وخرج من بقي من جرهم إلى أرض من أرض جهينة فجاءهم سيل أتيّ فذهب بهم وولیت خزاعة البيت فلم يزل في أيديهم حتّى جاء قصيّ بن كلاب وأخرج خزاعة من الحرم وولى البيت و غلب عليه.

١٩ - أبو عليّ الأشعريّ، عن محمد بن عبد الجبّار قال: أخبرني محمد بن إسماعيل عن عليّ بن النعمان، عن سعيد الأعرج، عن أبي عبد الله عليه السلام قال: إنّ العرب لم يزالوا على شيء من الحنيفيّة يصلون الرحم ويقرون الضيف ويحجّون البيت ويقولون: اتّقوا مال اليتيم فإنّ مال اليتيم عقال ويكفّون عن أشياء من المحارم مخافة العقوبة و كانوا لا يملى لهم إذا انتهكوا المحارم و كانوا يأخذون من لحاء شجر الحرم فيعلّقونه في أعناق الإبل فلا يجترىء أحد أن يأخذ من تلك الإبل حيثما ذهبت ولا يجترىء أحد أن يعلّق من غير لحاء شجر الحرم، أيّهم فعل ذلك عوقب وأمّا اليوم فأملى لهم ولقد جاء أهل الشام فنصبوا المنجنيق على أبي قبيس فبعث الله عليهم سحابة كجناح الطير فأمطرت عليهم صاعقة فأحرقت سبعين رجلاً حول المنجنيق.

باب

حج ابراہیم و اسمٰعیل

۱۔ فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے جب اسمٰعیل پیدا ہوئے تو ابراہیم ان کو اور ان کی ماں کو گدھے پر بٹھا کر چلے اور ان کے ساتھ جبرئیل تھے جب وہ حجر کے پاس اترے تو ان کے پاس تھوڑا سا کھانا پانی بچا تھا اور خانہ کعبہ اس وقت ریت کا ایک ٹیلہ تھا ابراہیم نے جبرئیل علیہ السلام سے کہا کیا یہاں کے لئے مجھے حکم دیا گیا ہے کہا ہاں اور مکہ اس وقت سلم و سمر کے درختوں کے سوا کچھ نہ تھا اور اس کے آس پاس قوم عمالقہ آباد تھی (حسن)

۲۔ ایک دوسری حدیث میں حضرت سے منقول ہے کہ جب ابراہیم بی بی اور بچہ کو چھوڑ کر چلنے لگے تو حاجرہ نے کہا آپ ہمیں کس پر چھوڑتے ہیں۔ فرمایا ان بنیادوں کے مالک پر، حضرت نے فرمایا جب پانی ختم ہو گیا اور اسمٰعیل کو پیاس لگی تو حاجرہ تلاش آب کو نکلیں اور کوہ صفا پر چڑھیں اور ندا دی، کوئی آدمی یہاں ہے پھر وہاں سے اتر کر کوہ مروہ پر آئیں اور اسی طرح پکاریں۔ پھر اپنے بیٹے کے پاس لوٹ آئیں تو ان کے پیروں تلے پانی دیکھا، پس ایک جگہ جمع کیا ورنہ بہہ نکلتا۔ (حسن)

۳ فرمایا حضرت نے جب ابراہیم مکہ میں اسمٰعیل کو چھوڑ گئے کہ اسمٰعیل پر پیاس کا غلبہ ہوا اور صفا و مروہ کے درمیان ایک درخت تھا (جس کے سایہ میں اسمٰعیل تھے) ان کی والدہ تلاش آب میں کوہ صفا پر چڑھیں اور پکاریں ان وادیوں میں کوئی انیس ہے کسی نے کوئی جواب نہ دیا وہاں سے اتر کر مروہ پر پہنچیں اور اسی طرح پکاریں کسی نے جواب نہ دیا اس کے بعد پھر صفا پر گئیں اور سات بار ایسا ہی ہوا پس یہ سنت قرار پا گیا۔ جبرئیل حاجرہ کے پاس آئے اور کہا۔ تو کون ہے۔ کہا میں ابراہیم کے اس بیٹے کی ماں ہوں۔ جبرئیل نے کہا تمہیں کس پر چھوڑا ہے انھوں نے کہا جب وہ واپس جانے لگے تھے تو میں نے کہا تھا ہمیں کس پر چھوڑ چلے۔ انھوں نے جواب دیا۔ اللہ پر، جبرئیل نے کہا۔ پس وہ تمہاری حفاظت کے لئے کافی ہے اور لوگ مکہ کی طرف سے گزرنے میں اجتناب کرتے تھے تا یا بی آب کی وجہ سے، پس اسماعیل نے زمین پر ایڑیاں رگڑیں تو وہاں سے زمزم کا سوتا پھوٹ نکلا حاجرہ مروہ سے لوٹیں تو پانی لڑکے کے پاس بہتا دیکھا انھوں نے اس پانی کے گرد مٹی جمع کی اس خوف سے کہ پانی ضائع نہ ہو اگر چھوڑ دیتیں تو بہہ نکلتا۔ جب پرندوں نے پانی دیکھا تو اس پر حلقہ باندھنے لگے یمن کا ایک قافلہ ادھر سے گزر رہا تھا انھوں نے چڑیوں کو دیکھا تو کہا پرندے تو بغیر پانی کے جمع نہیں ہو سکتے وہ وہاں آئے اور پانی پیا اور انھوں نے حاجرہ کو کھانے کی پیش کش کی اور اس طرح اللہ نے ان کے رزق کا سامان کیا، اب یہ معمول ہوا کہ جو لوگ مکہ کی طرف سے گزرتے وہ وہاں سے پانی لیتے اور غلہ دے جاتے۔ (مجہول)

۴۔ فرمایا حضرت نے اللہ نے حکم دیا ابراہیم علیہ السلام کو کہ حج کریں اور ان کے ساتھ اسمٰعیل کو بھی اور ان کو حرم کا ساکن بنائیں پس دونوں نے سرخ موا اونٹ پر قصد حج کیا اور ان کے ساتھ سوائے جبرئیل کوئی نہ تھا۔ جب وہ دونوں داخل حرم ہوئے تو جبرئیل نے کہا کہ اے ابراہیم اب تم دونوں اُترو اور غسل کرو اور ان کو احرام باندھنے کا طریقہ بتایا انھوں نے احرام باندھا پھر ان کو تہلیل بتائی اور انھوں نے ایسا کیا۔ پھر تلبیہ بتایا جس طرح انبیا کرتے تھے پھر جبرئیل ان دونوں کے ساتھ کوہ صفا پر گئے دونوں وہاں پر ٹھہرے، جبرئیل ان دونوں کے درمیان تھے پس کعبہ کی طرف رخ کر کے جبرئیل نے تکبیر کہی اور ان دونوں نے بھی، پھر خدا کی حمد کی تو انھوں نے بھی کی، تہلیل و تمجید و ثنا کی تو انھوں نے بھی کی یہاں تک کہ مقام حجر تک پہنچے، جبرئیل نے بوسہ دیا اور ان سے بھی بوسہ دینے کو کہا اور کئی ہفتے طواف کرایا، پھر دونوں کو لے کر مقام ابراہیم پر آئے اور وہاں دو رکعت نماز پڑھی پھر ان کو مناسک حج بتائے اور عمل کی تعلیم دی، جب مناسک بجا لا چکے تو ابراہیم سے کہا اب آپ واپس جائیے اس لئے اسمٰعیل اور ان کی والدہ جبرئیل کے ساتھ رہ گئے۔

جب دوسرا سال آیا تو اللہ نے ابراہیم کو حج کی اجازت دی اور کعبہ بنانے کا حکم دیا۔ عرب حج کرتے تھے اور وہ اس وقت شکستہ حالت میں تھا مگر اس کی بنیادیں جانی ہوئی تھیں جب لوگ جمع کیا اسمٰعیل نے پتھروں کو اور ڈال دیا کعبہ کے بیچ میں، جب تعمیر کی اجازت ملی تو ابراہیم علیہ السلام بھی آگئے۔ فرمایا اے فرزند اللہ نے ہم کو کعبہ بنانے کا حکم دیا ہے پس دونوں نے اس جگہ کو کھودا وہاں ایک سرخ پتھر نکلا اللہ نے وحی کی کہ اسے بنیاد قرار دو، اللہ نے چار فرشتے بھیجے جو پتھروں کو ان کے پاس جمع کرتے تھے اور ابراہیم اور اسمٰعیل ان کو رکھتے جاتے تھے اور ملائکہ اٹھا کر دیتے جاتے تھے یہاں تک بارہ ہاتھ لمبی چوڑی عمارت بن گئی جس میں دو دروازے تھے ایک آنے کے لئے اور ایک جانے کے لئے اور اس میں لوہے کی چوکھٹ لگائی گئی اور کواڑ لگائے گئے اور کعبہ اس وقت عریاں تھا ابراہیم تو بنانے کے بعد چلے گئے اور اسمٰعیل وہاں رہ گئے جب وہاں لوگ آنے لگے تو اسمٰعیل کی نظر بنی جرہم کی ایک عورت پر پڑی خدا سے دعا کی کہ اس عورت کو ان کی زوجیت میں دے دے وہ شوہر دار تھی بہ قضائے الٰہی اس کا شوہر مر گیا خدا نے اس کے صدمہ میں اُسے صبر عطا فرمایا اور اسمٰعیل سے اس کی شادی ہو گئی۔ ابراہیم علیہ السلام حج کے لئے آئے تو اسمٰعیل طلب معاش میں طائف گئے ہوئے تھے صرف بی بی گھر میں تھی اس نے ایک پریشان حال بوڑھے کو دیکھا، حضرت ابراہیم نے گھر کا حال پوچھا۔ اس نے کہا اچھا حال ہے حضرت اسمٰعیل کے متعلق پوچھا، کہا از روئے دین اچھے ہیں پوچھا تو کون ہے کہا میں بنی جرہم سے ہوں۔ ابراہیمؑ حضرت اسمٰعیل سے ملے بغیر چلے گئے اور ایک پرچہ لکھ کر دیا کہ یہ اپنے شوہر کو دے دینا، جب اسمٰعیل آئے تو بی بی نے وہ پرچہ ان کو دیا، پڑھ کر پوچھا، یہ بزرگ کون تھے اس نے کہا ایک شاندار آدمی تھے اور آپ سے مشابہ تھے نہ مایا وہ ابراہیم علیہ السلام تھے اس نے کہا افسوس ہے میں نے نہ پہچانا، فرمایا انھوں نے تیرے محاسن کی طرف تو نظر نہیں کی کہا نہیں۔ لیکن مجھے خوف ہے اس بات کا کہ مجھ سے ان کی خدمت میں تقصیر ہوئی، عورت عاقلہ تھی کہنے لگی ان دونوں

دروازوں پر ہمیں دو پردے لٹکانے چاہییں ایک یہاں اور ایک یہاں، انھوں نے کہا ہاں ہونا تو چاہیئے پس دونوں نے مل کر بارہ ہاتھ کے دو پردے بنا کر لٹکا دیئے اور اس سے خوش ہو کے ان کی بی بی نے کہا کہ کعبہ کے اوپر بھی پردہ ہونا چاہیئے کیونکہ یہ پتھر کھردرے ہیں حضرت اسمٰعیل نے کہا ٹھیک ہے۔ پس ان کی بی بی نے اپنی قوم کو پیغام بھیجا کہ بہت سی اون جمع کر کے کاتیں، فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے کہ ان عورتوں نے اون کو آپس میں تقسیم کر کے کاتا اور اس میں مدد کی زوجہ اسمٰعیل نے جب ایک حصہ تیار کر چکیں تو اسے لٹکا دیا جب موسم حج آیا تو کعبہ کی پوشش ابھی باقی تھی۔ زوجہ اسمٰعیل نے کہا کیا کریں لباس تو پورا نہیں ہوا اور حج کا زمانہ آگیا پس کھجور کے ریشوں سے بُن کر بقیہ پوشش بنائی گئی جب عرب آئے اور یہ صورت دیکھی تو تعجب کیا اور کہنے لگے اس گھر کے خدمتگار کے لیے کچھ تحفہ دیا جائے پس اس بناء پر حج میں ہدی کی رسم ہوئی۔ پس عرب کا ہر قبیلہ کوئی شے بطور ہدیہ لاتا تھا، روپیہ اور دیگر چیزیں۔ یہاں تک کہ بکثرت چیزیں جمع ہو گئیں پس یہ کھجور کے ریشوں والی پوشش اتار دی گئی اور کعبہ کی بقیہ پوشش پوری ہو گئی۔

اور کعبہ کی اس وقت تک چھت نہ تھی پس حضرت اسماعیل نے ایسے ستون کھڑے کئے جیسے اب تم لکڑی کے دیکھتے ہو پھر اسے کھجور کی شاخوں سے پاٹ کر اوپر سے مٹی کے گارے کی لپس کر دی، آس پاس کے عرب آتے تھے اور کعبہ میں داخل ہوتے تھے پس انھوں نے کہا اس گھر کے کارپردازوں کے تحفوں میں کچھ زیادتی کی جائے

اگلے سال جب عرب آئے تو اپنے ساتھ ہدی (اونٹ وغیرہ) لائے اسمٰعیل کو فکر ہوئی، ان کا کیا کریں وحی ہوئی ان کو نحر کر کے کھلاؤ۔ اسماعیل نے ابراہیم علیہ السلام سے کئی آب کی شکایت کی وحی ہوئی اے ابراہیم کنواں کھودو جو حاجیوں کے پانی پینے کے کام آئے۔ جبرئیل نازل ہوئے اور ان کے لئے کنواں کھودا یعنی زمزم یہاں تک کہ پانی نکل آیا، انھوں نے کہا اے ابراہیم اس کنویں میں اترو پھر جبرئیل بھی اترے اور کہا اسے چاروں طرف سے کھودو اور بسم اللہ کہہ کر کھودو، ابراہیم نے پہلے اس گوشہ کو کھودا جو بیت اللہ سے متصل تھا وہاں سے چشمہ پھوٹ نکلا، پھر اسی طرح دوسرا تیسرا اور چوتھا گوشہ، بسم اللہ کہہ کر کھودا تو پانی نکلا، جبرئیل نے کہا اے ابراہیم یہ پانی پیو اور برکت کے لئے اپنی اولاد کے واسطے چھوڑ دو، ابراہیم اور جبرئیل کنویں سے نکل آئے پھر جبرئیل نے کہا۔ اے ابراہیم اس پانی کو اپنے اوپر ڈالو اور بیت کے چاروں طرف طواف کرو یہ وہ سرابی ہے جسے اللہ نے اولاد کے لئے قرار دیا ہے اس کے بعد ابراہیم چلے گئے اسمٰعیل نے ان کی متابعت کی جب وہ حرم سے آگے بڑھے تو اسمٰعیل لوٹ آئے۔ (مجہول)

۵۔ فرمایا ابوجعفر علیہ السلام نے کہ اللہ نے ابراہیم کو کعبہ بنانے کا حکم دیا اور بیت کی بنیادیں اٹھانے کا اور لوگوں کو مقامات حج دکھانے کا، پس ابراہیم اور اسمٰعیل دونوں نے گھر بنایا، ہر روز پنڈلی کے برابر بناتے تھے یہاں تک کہ مقام حجر تک پہنچے، امام نے فرمایا کہ کوہ ابوقبیس نے ندا دی اے ابراہیم تمہاری ایک امانت میرے پاس

ہے یعنی حجر، پس ابراہیم نے اسے اٹھا کر اس کی جگہ پر رکھ دیا، پھر ابراہیم نے لوگوں کو حج کے لئے پکارا اور کہا میں ابراہیم خلیل الرحمٰن ہوں خدا تم کو حکم دیتا ہے کہ اس گھر کا حج قیامت تک کرو، پس سب سے پہلے جس نے جواب دیا وہ اہل یمن تھے۔

ابراہیم علیہ السلام نے مع اپنے اہل وعیال کے حج کیا۔ بعض کا گمان ہے کہ جن کو ذبیح کہا جاتا ہے وہ اسحاق ہیں اور ابوبصیر سے مروی ہے کہ میں نے حضرت ابوجعفر اور ابوعبداللہ سے سنا کہ ذبیح اسحاق ہیں اور زرارہ سے مروی ہے کہ وہ اسمٰعیل کو ذبیح جانتے ہیں۔ (موثق)

علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے مراۃ العقول میں لکھا ہے کہ علمائے اسلام کے درمیان اس امر میں اختلاف ہے کہ ذبیح اسمٰعیل ہیں یا اسحاق، علمائے شیعہ کی اکثریت اس امر پر متفق ہے کہ وہ اسمٰعیل ہیں اس حدیث میں اسحاق کا نام راوی نے ازراہ تقیہ ذکر کیا ہے یہ تو مسلّم ہے کہ یہ واقعۂ ذبح ارض حجاز پر ہوا اور یہ بھی مسلم ہے کہ اسحاق شام ہی میں رہے حجاز میں آئے ہی نہیں، دوسرے اگر یہ واقعہ اسحاق سے متعلق ہوتا تو آنحضرت صلعم یہ نہ فرماتے۔ انا ابن الذبیحین، اس قسم کی روایات کا سلسلہ یوں چلا کہ حاکمان وقت معتقدات کے خلاف کوئی روایت نقل کرنے میں جان کا خوف تھا۔

۶۔ حسن بن جہم سے امام رضا علیہ السلام نے کہا تمہارے نزدیک سکینہ کیا ہے اس نے کہا میں نہیں جانتا آپ بتائیے وہ کیا ہے فرمایا وہ ایک خوشبودار ہوا ہے جو جنت سے نکلتی ہے اس کی صورت آدمی کے چہرے جیسی ہوتی ہے کعبہ کی تعمیر کے وقت وہی ابراہیم پر نازل ہوئی اور بتایا کہ ایسا ایسا کرو چنانچہ اس طرح خانۂ کعبہ کی بنیاد رکھی (موثق)

۷۔ میں نے ابوالحسن علیہ السلام سے سکینہ کے متعلق پوچھا تو یہی جواب دیا۔

۸۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے جب ابراہیم و اسمٰعیل کو بنائے کعبہ کا حکم ہوا اور تعمیر مکمل ہوگئی تو ابراہیم رکن پر آئے اور آواز دی حج کے لئے آؤ، حج کے لئے آؤ، اور اگر کہتے حج کے لئے آؤ، تو یہ خطاب صرف انہی لوگوں سے ہوتا جو اس وقت وہاں موجود تھے۔ لیکن انھوں نے کہا حج کے لئے آؤ، پس لبیک کہا ان نطفوں نے جو اصلاب رجال میں تھے پس جس نے دس بار کہا وہ دس بار حج کرے گا اور جس نے پانچ بار کہا وہ پانچ بار کرے گا اور جس نے زیادہ کہا وہ زیادہ بار اور جس نے ایک بار کہا وہ ایک بار حج کرے گا اور جس نے نہیں کہا اسے حج نصیب نہ ہوگا۔ (موثق)

۹۔ فرمایا کعبہ عہد ابراہیم میں سات ہاتھ تھا اور دو دروازے تھے عبداللہ بن زبیر نے اسے اٹھارہ ہاتھ بلند کیا حجاج نے اسے منہدم کرا کے سترہ ہاتھ لمبا بنایا۔ (موثق)

فرمایا حضرت ابوعبداللہ نے کہ زمانہ ابراہیم میں کعبہ کا طول نو ہاتھ تھا اور چھت نہ تھی قریش نے اس کو اٹھارہ ہاتھ لمبا کر دیا پھر اس کو منہدم کرا کے حجاج نے سترہ ہاتھ لمبا بنوایا۔ (موثق)

۱۰۔ روز ترویہ جبرئیل نے کہا اے ابراہیم یہ روز ترویہ ہے پس ترویہ کرو پانی سے، اسی لئے ترویہ نام ہوا پھر منیٰ میں آئے وہاں شب باشی کی، صبح کو عرفات پہنچے، جبرئیل نے بتایا یہ عرفات ہے یہاں خیمہ عرفہ کے قریب لگایا اور سفید پتھروں سے ایک مسجد بنائی اور وہ مسجد ابراہیم کے نام سے مشہور ہوئی۔ اس کا اثر باقی تھا تا اینکہ میں اس مسجد میں داخل ہوا جو چند کچے پتھروں سے بنی ہوئی تھی تاکہ امام روز عرفہ ظہر و عصر کی نماز پڑھے پھر جبرئیل عرفات میں لے گئے اور کہا یہ عرفات ہے یہاں اپنے مناسک کی معرفت حاصل کرو اور اپنے گناہ کا اقرار کرو اسی لئے عرفات نام ہوا۔ پھر وہاں سے مزدلفہ آئے پھر مشعر الحرام میں قیام کیا۔ پھر خدا نے بیٹے کو ذبح کرنے کا حکم دیا اور اس میں اپنی عادات و خصائل کو دیکھا اور ان سے انس حاصل کیا۔ صبح کو مشعر سے منیٰ آئے، مادر اسمٰعیل سے کہا تم بھی خانہ کعبہ کی زیارت کو جاؤ اور لڑکے کو روک لیا اور فرمایا اے فرزند گدھا اور چاقو لاؤ تاکہ میں قربانی کروں ایان نے ابوبصیر سے کہا گدھا اور چاقو کس لئے درکار تھا کہا اس لئے کہ ذبح کریں اور لاش کو تجہیز و تکفین کے لئے اٹھا کر لے جائیں، پس اسمٰعیل گدھا اور چاقو لے آئے اور کہنے لگے بابا قربانی کہاں ہے فرمایا تمہارا رب جانتا ہے کہ وہ کہاں ہے۔ اے بیٹا خدا کی قسم وہ تو ہی ہے اللہ نے مجھے تم کو ذبح کرنے کا حکم دیا ہے پس بتاؤ تمہاری کیا رائے ہے فرمایا بابا جان آپ کو جو حکم دیا گیا ہے بجا لائیے آپ انشاء اللہ مجھے صبر کرنے والوں میں پائیں گے۔

امام نے فرمایا جب ذبح کا ارادہ کیا تو حضرت اسمٰعیل نے کہا بابا جان میرے منہ پر کپڑا لپیٹ دیجئے اور ہاتھ پاؤں باندھ دیجئے۔ فرمایا بیٹا ذبیح کے ہاتھ پاؤں باندھے جاتے تھیں واللہ میں ان دونوں کو تمہارے لئے جمع نہ کرونگا (حسن)

۱۱۔ فرمایا ابوجعفر علیہ السلام نے کہ گدھے کا کمدہ بچھا کر اس پر ان کو لٹایا گیا اور چھری ان کی حلق پر رکھ دی ایک بوڑھا یعنی شیطان آیا اور کہنے لگا اس لڑکے کے ساتھ کیا کرنا چاہتے ہو فرمایا میں اسے ذبح کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں اس نے کہا واہ جس لڑکے نے ایک آن کے لئے بھی گناہ نہ کیا ہو آپ اس بے قصور کو کیوں ذبح کرتے ہیں فرمایا اللہ نے مجھے اس کے ذبح کرنے کا حکم دیا ہے اس نے کہا نہیں بلکہ اس نے منع کیا ہے ذبح سے، یہ حکم تو شیطان نے تم کو خواب میں دیا ہے فرمایا دائے ہو تیرے اوپر، جو کچھ میں نے سنا ہے وہ وہی ہے جو مجھے دیا گیا ہے خدا کی قسم میں تجھ سے کلام نہ کروں گا۔ پھر ذبح کا ارادہ کیا۔ اس بڈھے نے کہا اے ابراہیم آپ امام ہیں آپ کی اقتدا کی جاتی ہے اگر آپ نے ذبح کیا تو لوگ اپنی اولاد کو ذبح کیا کریں گے۔ پس ٹھہر جائیے حضرت ابراہیمؑ نے اس کا کلام سننے سے انکار کر دیا۔ (ض)

۱۲۔ میں نے ابوجعفر علیہ السلام سے سنا کہ حضرت ابراہیم نے جمرۂ وسطیٰ کے قریب بیٹے کو لٹایا اور چھری کو ان کی حلق پر رکھا پھر آسمان کی طرف سر اٹھایا پھر اسمٰعیل پر جھکے، جبرئیل نے چھری کو پلٹا دیا حلق پر سے، حضرت ابراہیم نے دیکھا تو اسے الٹا ہوا پایا، آپ نے پھر سیدھا کیا جبرئیل نے پھر پلٹ دیا۔ چند بار ایسا ہی ہوا پھر مسجد

خیف کے بائیں طرف سے آواز آئی کہ اے ابراہیم تم نے اپنے خواب کو سچا کر دکھایا۔
اسمٰعیل حضرت ابراہیم کے نیچے سے نکل گئے اور جبرئیل نے جلد ایک مینڈھے کو اٹھا کر ابراہیم کے نیچے رکھ دیا وہ شیخ خلیث ہاجرہ وہاں ہے کے پاس پہنچا ان کا گھر وسط وادی میں تھا اس نے ان سے کہا کہ میں نے منیٰ میں ایک بزرگ کو دیکھا، پھر حضرت ابراہیم کا حلیہ بیان کیا۔ انھوں نے کہا کہ یہ تو میرے شوہر ہیں اس نے کہا میں نے ایک لڑکے کو دیکھا اور اسمٰعیل کا حلیہ بیان کیا انھوں نے کہا یہ میرا لڑکا ہے۔ اس نے کہا میں نے دیکھا کہ اس لڑکے کو زمین پر لٹایا اور ذبح کرنے کو چھری ہاتھ میں لی، ہاجرہ نے کہا ایسا کیسے ہو سکتا ہے ابراہیم تو بڑے رحمدل آدمی ہیں یہ کیسے ممکن ہے کہ وہ اپنے فرزند کو ذبح کر دیں، شیطان نے آسمان و زمین کو پیدا کرنے والے اور اس گھر کے مالک کی قسم کھائی میں نے ان کو اسی طرح دیکھا ہے انھوں نے کہا ایسا کیوں کر رہے ہیں اس نے کہا انھوں نے خواب میں دیکھا ہے کہ ان کے خدا نے ان کو ایسا حکم دیا ہے انھوں نے کہا اگر خدا کا حکم ہے تو ان کو بجا لانا چاہیئے۔ جب وہ عبادت سے فارغ ہوئیں تو ان کے دل میں رقت پیدا ہوئی اور سوچیں کہ ممکن ہے ان کے فرزند پر کوئی مصیبت آئی ہو، میں جلدی سے دیکھوں تو، وہ وادی میں آئیں سر کو ہاتھوں سے پکڑے ہوئے کہتی جاتی تھیں یا اللہ اُم اسمٰعیل سے اگر کوئی عمل ہوا ہے تو اس کا مواخذہ نہ کر؛ جب چل رہی تھیں تو ان کو خبر ملی، جب وہ اپنے بیٹے کے پاس آئیں اور گردن پر چھری کا نشان دیکھا تو ایسا سخت صدمہ ہوا کہ بیمار پڑ گئیں اور اسی مرض میں انتقال کر گئیں اور فرمایا ابو جعفر علیہ السلام نے کہ حضرت ابراہیم نے ذبح کا ارادہ کیا ان مقامات پر جہاں حضرت رسول خدا کی والدہ ماجدہ حاملہ ہوئیں جمرۂ وسطیٰ کے پاس، اور یہ مقام نسلاً بعد نسل ان کے شجر اگانے کی جگہ قرار پایا آخر میں اس سے ارحال کرنے والے علی بن الحسین تھے بنی ہاشم اور بنی امیہ کے درمیان کسی بات پر نزع ہونے سے آپ نے بجائے وہاں کے عرنہ میں خیمہ لگایا۔

۱۳۔ میں نے ابو جعفر علیہ السلام سے پوچھا ابراہیم علیہ السلام نے اپنے بیٹے کو کہاں ذبح کرنا چاہا تھا فرمایا جمرۂ وسطیٰ پر میں نے اس مینڈھے کے متعلق پوچھا کہ اس کا رنگ کیا تھا اور کہاں اترا تھا فرمایا اس میں سیاہی سے زیادہ سفیدی تھی اور سینگ والا تھا آسمان سے جبل ایمن پر جہاں مسجد منیٰ ہے اترا تھا اور وہ سایہ میں چلتا اور سایہ میں کھاتا تھا اور سایہ ہی میں دیکھتا، مینگنیاں کرتا اور پیشاب کرتا تھا۔ (حسن)

۱۴۔ میں نے ابو عبد اللہ علیہ السلام سے کہ مسجد الحرام کو لوگوں نے کہاں تک بڑھایا۔ فرمایا ابراہیم اور اسمٰعیل نے مسجد الحرام کی حد صفا و مروہ کے درمیان رکھی تھی۔ (ف)

۱۵۔ فرمایا ابو نعیم نے خط کھینچا خورہ سے مسعیٰ تک اور کہا کہ یہ وہ جگہ ہے جہاں ابراہیم نے مسجد کے لئے خط کھینچا تھا اور حضرت نے فرمایا کہ اسمٰعیل نے اپنی والدہ کو پتھروں میں دفن کیا تا کہ لوگ اس پر چلیں پھریں نہیں۔ (م)

۱۶۔ میں نے پوچھا کہ جن پتھروں میں دفن کیا وہ مقام بیت میں ہے یا اس کا کوئی حصہ ہے فرمایا نہیں ایک

ناخن کے تراشہ کی برابر بھی نہیں بلکہ اسمٰعیل نے اس لئے اپنی ماں کو وہاں دفن کیا کہ قبر یا مال نہ ہو ان پتھروں میں انبیاء کی قبریں بھی ہیں۔ (صفی)

فرمایا حجر بیت اسمٰعیل ہے اسی میں قبر ہاجرہ و اسمٰعیل ہے۔

۱۷۔ فرمایا پہاڑی علاقہ میں جورکن ثالث سے متصل ہے کنواری لڑکیاں اولاد اسمٰعیل سے مدفون ہیں (موثق)

۱۸۔ فرمایا بیت اللہ کی تولیت بنو اسمٰعیل میں چلی آرہی تھی وہی حج کا انتظام کرتے تھے اور امر دین کو قائم رکھتے تھے یہ وراثت نسلاً بعد نسل چلی آرہی تھی یہاں تک کہ عدنان کا زمانہ آیا اور ایک مدت دراز تک اس کے متولی رہے پھر وہ سیاہ قلب ہو گئے اور فسادات کرنے لگے اور انھوں نے اپنے دین میں احداث کیا اور بعض نے بعض کو نکال دیا ان میں سے کچھ تو طلب معاش کے لئے نکلے اور کچھ قتل کو ناپسند کرنے کی وجہ سے اور دین حنیف میں انھوں نے بہت سی تبدیلیاں کیں مائیں اور بیٹیاں اپنے اوپر حلال کیں جن سے نکاح اللہ نے حرام کیا تھا انھوں نے حلال کر لیا تھا اپنے اوپر باپ کی جورو اور بہن کی لڑکی کو اور دو بہنوں کو بیک وقت اپنی زوجیت میں رکھتے تھے اور حج کا اہتمام انہی کے ہاتھ میں تھا اور تلبیہ اور غسل جنابت وہی بتاتے تھے انھوں نے تلبیہ کو بدل دیا تھا اور مناسک حج میں شرک کو داخل کر دیا تھا اور یہ لوگ تھے مابین اسمٰعیل، عدنان اور موسیٰ کے درمیان اور مروی ہے کہ معد بن عدنان نے اس خوف سے کہ کعبہ منہدم نہ ہو جائے۔ سب سے پہلے اس نے ستون قائم کئے پھر جرہم کے قبیلہ نے غلبہ کر کے کعبہ کی تولیت لے لی اور اس کا تعلق ان سے نسلاً بعد نسل رہا یہاں تک کہ جرہم مکہ پہنچے اور انھوں نے حرمت کعبہ کو برباد کیا اور مال کعبہ کو کھایا اڈایا اور جو مکہ میں آیا اس پر ظلم کیا اور سرکشی اختیار کی اور جاہلیت کے زمانہ میں کوئی مکہ کے اندر بغاوت نہیں کرتا تھا اور نہ اس کی ہتک حرمت کرتا تھا جس بادشاہ نے ایسا کیا وہ ہلاک ہو گیا اس کا نام بکہ اس لئے ہوا کہ وہ باغیوں کی سرکوبی کرتا ہے اور بسا سہ اس لئے ہوا کہ وہ گناہ کو دور کرتا ہے اور ام رحم اس لئے نام ہوا کہ وہ رحم کرتا ہے جب بنی جرہم نے بغاوت کی تو نکسیر اور چیونٹیوں کی بلا میں مبتلا ہوئے اور فنا ہوئے۔ خزاعہ غالب آئے اور جمع ہوئے تاہم حرم سے بغاوت کرنے والوں کو نکال دیں خزاعہ کا سردار عمرو تھا اور جرہم کا عمرو بن حرث خزاعہ نے جرہم کو ہرا دیا اور وہ سرزمین جہنہ کی طرف چلے گئے وہاں سیلاب آیا اور ان کو بہا لے گیا اور قصی بن کلاب کے وقت تک انہی کے پاس رہا اور وہ اس پر غالب رہے۔ (مرسل)

۱۹۔ فرمایا حضرت نے عرب کے لوگ دین حنیف کی بعض باتوں پر عمل کرتے تھے مثلاً صلہ رحم کرتے تھے، مہمان نواز تھے۔ بیت اللہ کا حج کرتے تھے اور کہتے تھے مال یتیم سے بچو کہ یہ پیروں کے لئے بندش ہے یعنی مانع رزق ہے اور سزا کے خوف سے محرمات سے بچتے تھے اور جب وہ ہتک حرمت کرتے تھے تو ان کو مہلت نہیں دی جاتی تھی اور حرم کے درخت کی چھال لے کر اسے اونٹ کی گردنوں میں لٹکا دیتے تھے پھر وہ اونٹ کہیں جائے کسی کی طاقت نہ تھی کہ اسے پکڑ لے اور یہ بھی کسی

کی مجال نہ تھی کہ شجر حرم کے علاوہ کسی اور درخت کی چھال لٹکائے جو ایسا کرتا اسے سزا دی جاتی صرف ایک دن کی مہلت دی جاتی۔ اہل شام (حجاج کی فوج) نے کوہ ابوقبیس پر منجنیقیں نصب کیں خدا نے ان پر ایک بادل بھیجا پرندہ کے پر کی طرح اور اس سے ان پر بجلیاں گریں اور ستر آدمی جو منجنیق کے گرد تھے جل گئے۔ (م)

﴿باب ۸﴾

☆(حج الانبياء عليهم السلام)☆

١ ـ محمد بن يحيى، عن بعض أصحابه، عن الوشّاء، عن عليّ بن أبي حمزة قال: قال لي أبو الحسن عليه السلام: إنّ سفينة نوح كانت مأمورة طافت بالبيت حيث غرقت الأرض ثمّ أتت منى في أيّامها ثمّ رجعت السفينة و كانت مأمورة وطافت بالبيت طواف النساء.

٢ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن محبوب، عن الحسن بن صالح، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: سمعت أبا جعفر عليه السلام يحدّث عطاء قال: كان طول سفينة نوح ألف ذراع ومائتي ذراع وعرضها ثمانمائة ذراع وطولها في السماء مائتين ذراعا وطافت بالبيت وسعت بين الصفا و المروة سبعة أشواط ثمّ استوت على الجوديّ.

٣ ـ عليّ، عن أبيه، عن حمّاد بن عيسى، عن الحسين بن المختار، عن أبي بصير قال: سمعت أبا جعفر عليه السلام يقول: مرّ موسى بن عمران في سبعين نبيّاً على فجاج الرّوحاء عليهم العباء القطوانيّة يقول: لبيك عبدك ابن عبدك.

٤ ـ عليّ، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن هشام بن الحكم، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: مرّ موسى النبيّ عليه السلام بصفاح الرّوحاء على جمل أحمر خطامه من ليف عليه عباءتان قطوانيّتان وهو يقول: لبّيك يا كريم لبّيك؛ قال: ومرّ يونس بن متى بصفاح الروحاء وهو يقول: لبّيك كشّاف الكرب العظام لبّيك؛ قال: ومرّ عيسى ابن مريم بصفاح الروحاء و هو يقول: لبّيك عبدك ابن أمتك [لبّيك] و مرّ محمد صلى الله عليه وآله بصفاح الروحاء وهو يقول: لبّيك ذا المعارج لبّيك.

٥ ـ محمّد بن يحيى ، عن عليّ بن إسماعيل ، عن عليّ بن الحكم ، عن المفضّل بن صالح ، عن جابر ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : أحرم موسى عليه السلام من رملة مصر قال: ومرّ بصفاح الرّوحاء محرماً يقود ناقته بخطام من ليف عليه عباءتان قطوانيّتان يلبّي وتجيبه الجبال .

٦ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن فضّال ، عن عليّ بن عقبة ، عن أبيه ، عن زرارة ، عن أبي جعفر عليه السلام أنّ سليمان بن داود حجّ البيت في الجنّ والأنس والطير والرّياح وكسا البيت القباطيّ .

٧ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن أبي نجران ، عن المفضّل ، عن جابر ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : صلّى في مسجد الخيف سبعمائة نبيّ وإنّ مابين الرّكن والمقام ملشحون من قبور الأنبياء وإنّ آدم لفي حرم الله عزّ وجلّ .

٨ ـ أحمد بن محمّد ، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر ، عن أبان بن عثمان ، عن زيد الشحّام ، عمّن رواه ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : حجّ موسى بن عمران عليه السلام ومعه سبعون نبيّاً من بني إسرائيل خطم إبلهم من ليف يلبّون و تجيبهم الجبال وعلى موسى عباءتان قطوانيّتان يقول : لبّيك عبدك ابن عبدك .

٩ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن إبراهيم ابن أبي البلاد ، عن أبي بلال المكّيّ قال : رأيت أباعبدالله عليه السلام دخل الحجر من ناحية الباب فقام يصلّي على قدر ذراعين من البيت فقلت له : ما رأيت أحداً من أهل بيتك يصلّي بحيال الميزاب ؟ فقال : هذا مصلّى شبر وشبير ابني هارون .

١٠ ـ عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن محمّد بن الوليد شباب الصيرفيّ عن معاوية بن عمّار الدّهني ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : دفن ما بين الرّكن اليمانيّ والحجر الأسود سبعون نبيّاً أماتهم الله جوعاً و ضرّاً .

١١ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن الحسن بن عليّ الكوفيّ ، عن عليّ بن مهزيار ، عن عثمان بن عيسى ، عن ابن مسكان ، عمّن رواه ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إنّ داود لمّا وقف الموقف بعرفة نظر إلى الناس وكثرتهم فصعد الجبل فأقبل يدعو فلمّا قضى

نسكه أتاه جبرئيل عليه السلام فقال له : يا داود يقول لك ربّك : لم صعدت الجبل ظننت أنّه يخفى عليّ صوت من صوّت ثمّ مضى به إلى البحر إلى جدّة فرسب به في الماء مسيرة أربعين صباحاً في البرّ فإذا صخرة ففلقها فإذا فيها دودة فقال له : ياداود يقول لك ربّك : أنا أسمع صوت هذه في بطن هذه الصخرة في قعر هذا البحر فظننت أنّه يخفى عليّ صوت من صوّت .

باب ۸

حج انبیاء علیہم السلام

۱۔ فرمایا ابوالحسن علیہ السلام نے کشتیٔ نوحؑ کو حکم تھا کہ وہ بیت اللہ کا طواف کرے جبکہ زمین پانی میں ڈوب چکی تھی پس وہ موسم حج میں مقام منیٰ میں آئی پھر وہ پلٹی اور مطابق حکم الٰہی اس نے بیت اللہ کا طواف نہ کیا۔ (ض)

۲۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے کہ کشتیٔ نوح کا طول ایک ہزار دو سو ہاتھ اور عرض آٹھ سو ہاتھ اور بلندی دو سو ہاتھ تھی اس نے بیت اللہ کا طواف کیا اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کی سات بار اس کے بعد جودی پر ٹھہر گئی (مجہول)

۳۔ فرمایا حضرت نے کہ موسیٰ علیہ السلام ستّر نبیوں کے ساتھ روجا پہاڑ کی گھاٹیوں سے آئے قطرانی (قطران کوفہ کے پاس ایک مقام) عبا پہنے ہوئے اور یہ کہتے ہوئے حاضر ہے تیرا بندہ اور بندہ کا بیٹا۔ (موثق)

۴۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے موسیٰ علیہ السلام گزرے روجا کے پتھریلے راستوں سے کہتے جاتے تھے لبیک اے بڑی بڑی مصیبتوں کو آسان کرنے والے اور اسی راستہ سے عیسیٰ علیہ السلام آئے یہ کہتے ہوئے حاضر ہے تیرا بندہ اور تیری کنیز کا بندہ اور اسی راستہ سے محمد مصطفیٰؐ یہ کہتے ہوئے آئے۔ اے ہر قسم کی بلندیوں والے میں حاضر ہوں (حسن)

۵۔ فرمایا موسیٰ نے احرام باندھا رملہ مصر سے اور گزرے روجا کے راستوں سے بحالت احرام کھینچتے تھے اپنے ناقہ کو کھجور کی چھال کی رسّی سے اور آپ قطرانی کپڑے کی دو عبائیں پہنے ہوئے تھے آپ کے تلبیہ کی آواز کا جواب پہاڑ دیتے تھے۔ (ض)

۶۔ فرمایا ابوجعفر علیہ السلام نے کہ سلیمانؑ نے معہ جن و انس و طیور و ہوا کے بیت اللہ کا حج کیا اور قیاطی کپڑے کا لباس کعبہ کو پہنایا۔ (موثق)

۷۔ فرمایا کہ مسجد خیف میں سات سو انبیاء نے نماز پڑھی ہے اور رکن و مقام کے درمیان انبیاء کی قبریں ہیں اور آدم بھی حرم خدا کے اندر ہیں۔ (ض)

۸۔ فرمایا موسیٰ نے بنی اسرائیل کے ستر نبیوں کے ساتھ حج کیا ان کے اونٹوں کی نکیل لیف خرما کی تھی وہ جب لبیک کہتے تھے تو پہاڑ اس کا جواب دیتے تھے اور موسیٰ کی دو عبائیں قطرانی پرنے کی تھیں کہتے تھے حاضر ہے تیرا بندہ تیرے بندہ کا بیٹا۔ (مرسل)

۹۔ میں نے دیکھا کہ ابو عبداللہ علیہ السلام دروازہ کی طرف سے حجر کے پاس آئے اور بیت سے دو ہاتھ ہٹ کر نماز پڑھی، میں نے کہا آپ کے اہل بیت میں سے کسی کو نہیں دیکھا میزاب کے مقابل نماز پڑھتے۔ فرمایا یہ حضرت ہارون کے دونوں بیٹوں شبر و شبیر کا مصلّٰی ہے۔ (مجہول)

۱۰۔ فرمایا رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان ستر نبی دفن ہیں جو مرے ہیں یا تو بھوک سے یا کوئی تکلیف اٹھا کر۔ (ض)

۸ ـ محمد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن حمّاد بن عيسى ، عن ربعي ابن عبدالله ، عن الفضيل بن يسار قال : سمعت أباجعفر عليه السلام يقول : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : لايحالف الفقر والحمّى مدمن الحجّ والعمرة .

۹ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمد ، عن عليّ بن الحكم ، عن أبي أيّوب ، عن سعد الأسكاف قال : سمعت أباجعفر عليه السلام يقول : إنّ الحاجّ إذا أخذ في جهازه لم يحظ خطوة في شيء من جهازه إلّا كتب الله عزّ و جلّ له عشر حسنات و محى عنه عشر سيّئات ورفع له عشر درجات حتّى يفرغ من جهازه متى ما فرغ فإذا استقبلت به راحلته لم تضع خفّاً ولم ترفعه إلّا كتب الله عزّ وجلّ له مثل ذلك حتّى يقضي نسكه فإذا قضى نسكه غفر الله له ذنوبه ، وكان ذا الحجّة والمحرّم وصفر وشهر ربيع الأوّل أربعة أشهر تكتب له الحسنات ولا تكتب عليه السّيئات إلّا أن يأتي بموجبة فإذا مضت الأربعة الأشهر خلط بالنّاس .

۱۰ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمد ، عن أحمد بن محمد بن أبي نصر ، عن حسين بن خالد قال : قلت لأبي الحسن عليه السلام : لأيّ شيء صار الحاجّ لا يكتب عليه الذّنب أربعة أشهر ؟ قال : إنّ الله عزّ وجلّ أباح المشركين الحرم في أربعة أشهر إذ يقول : « فسيحوا في الأرض أربعة أشهر » ثمّ وهب لمن يحجّ من المؤمنين البيت الذّنوب أربعة أشهر .

۱۱ ـ أحمد ، عن أبي محمد الحجّال ، عن داود بن أبي يزيد ، عمّن ذكره ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الحاجّ لايزال عليه نور الحجّ ما لم يلمّ بذنب .

۱۲ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن أبي محمد الفرّاء قال : سمعت جعفر بن محمد عليهما السلام يقول : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : تابعوا بين الحجّ والعمرة فإنّهما ينفيان الفقر والذّنوب كما ينفي الكير خبث الحديد .

۱۳ ـ محمد بن يحيى ، عن عليّ بن إسماعيل ، عن عليّ بن الحكم ، عن جعفر ابن عمران ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الحجّ والعمرة سوقان من أسواق الآخرة ، اللازم لهما في ضمان الله إن أبقاه أدّاه إلى عياله وإن أماته أدخله الجنّة .

١٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن أحمد ، عن محمّد بن عيسى ، عن زكريّا المؤمن ، عن إبراهيم بن صالح ، عن رجل من أصحابنا ، عن أبي عبد الله عليه السلام قال : الحاجّ والمعتمر وفد الله إن سألوه أعطاهم وإن دعوه أجابهم وإن شفعوا شفّعهم و إن سكتوا إبتدءهم ويعوّضون بالدّرهم ألف [ألف] درهم .

١٥ ـ وعنه ، عن عبدالمؤمن ، عن عليّ بن أبي حمزة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : درهم تنفقه في الحجّ أفضل من عشرين ألف درهم تنفقها في حقّ .

١٦ ـ وعنه ، عن عبدالمؤمن ، عن داود بن أبي سليمان الجصّاص ، عن عذافر قال قال أبو عبدالله عليه السلام : ما يمنعك من الحجّ في كلّ سنة ؟ قلت : جعلت فداك العيال قال : فقال : إذا متّ فمن لعيالك ؟ أطعم عيالك الخلّ والزّيت وحجّ بهم كلّ سنة .

١٧ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن عليّ بن أسباط ، عن سليمان الجعفريّ عمّن رواه ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كان عليّ بن الحسين عليهما السلام يقول : بادروا بالسّلام على الحاجّ والمعتمر ومصافحتهم من قبل أن تخالطهم الذّنوب .

١٨ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن عيسى ، عن زكريّا المؤمن ، عن شعيب العقر قوفيّ ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الحاجّ والمعتمر في ضمان الله ، فإن مات متوجّهاً غفر الله له ذنوبه وإن مات محرماً بعثه الله ملبّياً و إن مات بأحد الحرمين بعثه الله من الآمنين وإن مات منصرفاً غفر الله له جميع ذنوبه .

١٩ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن فضّال ، عن الرّضا عليه السلام قال : سمعته يقول : ما وقف أحد في تلك الجبال إلّا استجيب له فأمّا المؤمنون فيستجاب لهم في آخرتهم وأمّا الكفّار فيستجاب لهم في دنياهم .

٢٠ ـ وعنه ، عن أبيه ، عن عليّ بن أسباط ، عن بعض أصحابنا قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : إذا أخذ النّاس منازلهم بمنى نادى مناد : يامنى قد جاء أهلك فاتّسعي في فجاجك و اترعي في مثابك و مناد ينادي : لو تدرون بمن حللتم لأيقنتم بالخلف بعد المغفرة .

٢١ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن سنان ، عن أبي الجارود ،

عن أبي جعفر عليه السلام قال : « ففرّوا إلى الله إنّي لكم منه نذيرٌ مبين » قال : حجّوا إلى الله عزّ وجلّ .

٢٢ـ عليٌّ ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان جميعاً ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا أخذ النّاس منازلهم بمنى نادى مناد : لو تعلمون بفناء من حللتم لأيقنتم بالخلف بعد المغفرة .

٢٣ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن فضّال ، عن يونس بن يعقوب ، عن خاله عبدالله بن عبدالرحمن ، عن سعيد السمّان قال : كنت أحجّ في كلّ سنة فلمّا كان في سنة شديدة أصاب الناس فيها جهد فقال لي أصحابي : لو نظرت إلى ما تريد أن تحجّ العام به فتصدّقت به كان أفضل قال : فقلت لهم : وترون ذلك ؟ قالوا : نعم ، قال : فتصدّقت تلك السنة بما أريد أن أحجّ به وأقمت قال : فرأيت رؤيا ليلة عرفة و قلت : والله لأعودنّ ولا أدع الحجّ قال : فلمّا كان من قابل حججت فلمّا أتيت منى رأيت أبا عبدالله عليه السلام وعنده النّاس مجتمعون فأتيته فقلت له : أخبرني عن الرجل وقصصت عليه قصّتي وقلت : أيّهما أفضل الحجّ أو الصدقة ؟ فقال : ما أحسن الصدقة ـ ثلاث مرّات ـ قال : قلت : أجل فأيّهما أفضل ؟ قال : ما يمنع أحدكم من أن يحجّ ويتصدّق قال : قلت : ما يبلغ ماله ذلك ولا يتّسع قال : إذا أراد أن ينفق عشرة دراهم في شيء من سبب الحجّ أنفق خمسة وتصدّق بخمسة أو قصّر في شيء من نفقته في الحجّ فيجعل ما يحبس في الصدقة فإنّ له في ذلك أجراً قال : قلت : هذا لو فعلناه استقام قال : ثمّ قال : وأنّى له مثل الحجّ ـ فقالها ثلث مرّات ـ إنّ العبد ليخرج من بيته فيعطي قسماً حتّى إذا أتى المسجد الحرام طاف طواف الفريضة ثمّ عدل إلى مقام إبراهيم فصلّى ركعتين فيأتيه ملك فيقوم عن يساره فإذا انصرف ضرب بيده على كتفيه فيقول : ياهذا أمّا ما مضى فقد غفر لك وأمّا ما يستقبل فجدّ

٢٤ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن أبي أيّوب ، عن أبي حمزة الثمالي قال : قال رجل لعليّ بن الحسين عليهما السلام : تركت الجهاد وخشونته ولزمت الحجّ ولينه قال : وكان متّكئاً فجلس وقال : ويحك أما بلغك ما قال رسول الله صلى الله عليه وآله في حجّة الوداع إنّه لمّا وقف بعرفة وهمّت الشمس أن تغيب قال رسول الله صلى الله عليه وآله : يا بلال قل للناس

فلينصتوا فلمّا نصتو قال رسول الله ﷺ : إنّ ربّكم تطوّل عليكم في هذا اليوم ففغر لمحسنكم وشفّع محسنكم في مسيئكم فأفيضو مغفوراً لكم ؛ قال : ـ و زاد غير الثمالي أنّه قال : إلّا أهل التبعات ـ فإنّ الله عدل يأخذ للضعيف من القويّ فلمّا كانت ليلة جمع لم يزل يناجي ربّه ويسأله لأهل التبعات فلمّا وقف بجمع قال لبلال : قل للنّاس فلينصتوا فلمّا نصتوا قال : إنّ ربّكم تطوّل عليكم في هذا اليوم ففغر لمحسنكم وشفّع محسنكم في مسيئكم فأفيضوا مغفوراً لكم وضمن لأهل التبعات من عنده الرّضا .

٢٥ ـ عليٌّ ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار قال : لمّا أفاض رسول الله ﷺ تلقّاه أعرابيٌّ بالأبطح فقال : يارسول الله إنّي خرجت أريد الحجّ فعاقني وأنا رجل مبّل ـ يعني كثير المال ـ فمرني أصنع في مالي ما أبلغ به مايبلغ به الحاجّ قال : فالتفت رسول الله ﷺ إلى إبي قبيس فقال : لو أنّ أباقبيس لك زنته ذهبة حمراء أنفقته في سبيل الله مابلغت مابلغ الحاجّ .

٢٦ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد بن عيسى ، عن محمّد بن إسماعيل ، عن أبي إسماعيل السرّاج ، عن هارون بن خارجة قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : من دفن في الحرم أمن من الفزع الأكبر ، فقلت له : من برّ الناس و فاجرهم ؟ قال : من برّ الناس وفاجرهم .

٢٧ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن فضالة بن أيّوب ، عن العلاء ، عن رجل ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إنّ أدنى مايرجع به الحاجّ الّذي لا يقبل منه أن يحفظ في أهله وماله ؛ قال : فقلت : بأيّ شيء يحفظ فيهم ؟ قال : لا يحدث فيهم إلّا ما كان يحدث فيهم وهو مقيم معهم .

٢٨ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن جندب ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال رسول الله ﷺ : الحجّ جهاد الضعيف ثمّ وضع أبو عبدالله عليه السلام يده في صدر نفسه وقال : نحن الضعفاء ونحن [ال] ضعفاء .

۲۹ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمدبن محمّدبن عيسى ، عن الحسين بن سعيد ، عن القاسم بن محمّد ، عن عليّ بن أبي حمزة ، عن إبراهيم بن ميمون قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : إنّي أحجّ سنة و شريكي سنة ، قال : ما يمنعك من الحجّ يا إبراهيم ؟ قلت : لا أتفرّغ لذلك جعلت فداك أتصدّق بخمسمائة مكان ذلك ؟ قال : الحجّ أفضل ، قلت: ألف ؟ قال : الحجّ أفضل ، قلت : فألف وخمسمائة ؟ قال : الحجّ أفضل ، قلت : ألفين ؟ قال : أفي ألفيك طواف البيت ؟ قلت : لا ، قال : أفي ألفيك سعي بين الصفا والمروة ؟ قلت : لا ، قال : أفي ألفيك وقوف بعرفة ؟ قلت : لا ، قال : أفي ألفيك رمي الجمار ؟ قلت : لا ، قال : أفي ألفيك المناسك ؟ قلت : لا ، قال : الحجّ أفضل .

۳۰ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمدبن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن النضر بن سويد ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال لي أبوعبدالله : قال لي إبراهيم ابن ميمون كنت جالساً عند أبي حنيفة فجاءه رجلٌ فسأله فقال : ماترى في رجل قد حجّ حجّة الإسلام ، الحجّ أفضل أم يعتق رقبة ؟ فقال : لا بل عتق رقبة ، فقال أبو عبدالله عليه السلام : كذب والله وأثم لحجّة أفضل من عتق رقبة ورقبة ورقبة حتّى عدّ عشراً ثمّ قال: ويحه في أيّ رقبة طواف بالبيت وسعي بين الصفا والمروة والوقوف بعرفة وحلق الرأس ورمي الجمار لو كان كما قال لعطّل الناس الحجّ ولوفعلوا كان ينبغي للإمام أن يجبرهم على الحجّ إن شاؤوا وإن أبوا فإنّ هذا البيت إنّما وضع للحجّ .

۳۱ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن بعض أصحابه ، عن عمر ابن يزيد قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : حجّة أفضل من [عتق] سبعين رقبة ، فقلت: ما يعدل الحجّ شيء ، قال : ما يعدله شيء ولدرهم واحدٌ في الحجّ أفضل من ألفي ألف درهم فيما سواه من سبيل الله ثمّ قال له : خرجت على نيّف وسبعين بعيراً وبضع عشرة دابّة ولقد اشتريت سوداً أكثربها العدد ولقد آذاني أكل الخلّ والزيت حتّى أنّ حيدة أمرت بدجاجة فشويت فرجعت إليّ نفسي .

۳۲ ـ عليّ ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حسين الأحمسيّ ، عن أبي بصير قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : حجّة خير من بيت مملوء ذهباً يتصدّق به حتّى يفنى .

۳۳ ـ عليٌّ ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن ربعيٍّ بن عبدالله ، عن الفضيل قال : سمعت أبا جعفر عليه السلام يقول : لا و ربِّ هذه البنية لا يخالف مد من الحجّ بهذا البيت حتّى ولا فقر أبداً .

۳٤ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ؛ وأحمدبن محمد جميعاً ، عن أحمدبن محمدبن أبي نصر ، عن محمدبن عبدالله قال : قلت للرّضا عليه السلام : جعلت فداك إنّ أبي حدّثني عن آبائك عليهم السلام أنّه قيل لبعضهم : إنّ في بلادنا موضع رباط يقال له : قزوين و عدوّاً يقال له : الدّيلم فهل من جهاد أو هل من رباط ؟ فقال : عليكم بهذا البيت فحجّوه ، ثمّ قال : فأعاد عليه الحديث ثلاث مرّات كلّ ذلك يقول : عليكم بهذا البيت فحجّوه ثمّ قال في الثالثة : أما يرضى أحدكم أن يكون في بيته ينفق على عياله ينتظر أمرنا فإن أدركه كان كمن شهد مع رسول الله صلى الله عليه وآله بدراً وإن لم يدركه كان كمن كان مع قائمنا في فسطاطه هكذا و هكذا ـ و جمع بين سبّابتيه ـ فقال أبو الحسن عليه السلام : صدق هو على ماذكر .

۳۵ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمد ، عن الحجّال ، عن غالب ، عمّن ذكره عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الحجّ والعمرة سوقان من أسواق الآخرة والعامل بهما في جوار الله إن أدرك ما يأمل غفرالله له وإن قصر به أجله وقع أجره على الله .

۳٦ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمدبن محمد ، عن محمدبن الحسن زعلان ، عن عبدالله ابن المغيرة ، عن ابن الطيّار قال : قال أبوعبدالله عليه السلام : حجج تترى وعمر تسعى يدفعن عيلة الفقر وميتة السوء .

۳۷ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمدبن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : أتى النبيّ صلى الله عليه وآله رجلان رجلٌ من الأنصار ورجلٌ من ثقيف فقال الثقفيّ : يا رسول الله حاجتي ، فقال : سبقك أخوك الأنصاريّ فقال : يارسول الله إنّي على ظهر سفر وإنّي عجلان وقال الأنصاريّ : إنّي قد أذنت له فقال : إن شئت سالتني وإن شئت نبّأتك فقال : نبّئني يا رسول الله ، فقال : جئت تسألني عن الصلاة وعن الوضوء وعن السجود فقال الرّجل : إي و الّذي بعثك بالحقّ ، فقال : أسبغ الوضوء واملأ يديك من ركبتيك وعفّر جبينك في التراب

وصلّ صلاة مودّع ، وقال الأنصاريّ : يارسول الله حاجتي ، فقال : إن شئت سألتني و إن شئت نبّأتك ، فقال : يارسول الله نبّئني ، قال جئت تسألني عن الحجّ وعن الطواف بالبيت والسعي بين الصفا والمروة ورمي الجمار وحلق الرّأس ويوم عرفة فقال الرجل : إي و الّذي بعثك بالحقّ ، قال : لا ترفع ناقتك خفّاً إلّا كتب الله به لك حسنة ، و لا تضع خفّاً إلّا حطّ به عنك سيئة و طواف بالبيت و سعي بين الصفا والمروة تنفتل كما و لدتك أمّك من الذّنوب و رمي الجمار ذخر يوم القيامة و حلق الرأس لك بكلّ شعرة نور يوم القيامة ويوم عرفة يوم يباهي الله عزّ و جلّ به الملائكة فلو حضرت ذلك اليوم برمل عالج وقطر السماء و أيّام العالم ذنوباً فإنّه تبتّ ذلك اليوم .

وفي حديث آخر له بكلّ خطوة يخطوا إليها يكتب له حسنة و يمحى عنه سيّئة ويرفع له بها درجة .

٣٨ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن الحسن بن عليّ ، عن الحسن بن الجهم عن أبي الحسن الرّضا عليه السلام قال : قال أبو جعفر عليه السلام : مايقف أحدٌ على تلك الجبال برٌّ ولا فاجر إلّا استجاب الله له فأمّا البرّ فيستجاب له في آخرته ودنياه وأمّا الفاجر فيستجاب له في دنياه .

٣٩ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمد بن أبي نصر ، عن المفضّل بن صالح ، عن جابر ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : الحاجّ ثلاثة فأفضلهم نصيباً رجلٌ غفر له ذنبه ماتقدّم منه وماتأخّر ووقاه الله عذاب القبر و أمّا الّذي يليه فرجلٌ غفر له ذنبه ماتقدّم منه ويستأنف العمل فيما بقي من عمره وأمّا الّذي يليه فرجل حفظ في أهله و ماله .

٤١ ـ ابن أبي عمير ، عن هشام بن الحكم ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : ما من سفر أبلغ في لحم ولادم و لاجلد ولا شعر من سفر مكّة ، وما أحد يبلغه حتّى تناله المشقة .

٤٠ ـ محمد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ؛ و عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه جميعاً ، عن ابن أبي عمير ، عن هشام بن الحكم ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الحاجّ على ثلاثة أصناف : صنف يعتق من النّار و صنف يخرج من ذنوبه كهيئة يوم و لدته أمّه وصنف يحفظ في أهله وماله وهو أدنى ما يرجع به الحاجّ .

٤٢ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحجّال ، عن داود بن أبي يزيد عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا أخذ الناس مواطنهم بمنى نادى مناد من قبل الله عزّ و جلّ : إن أردتم أن أرضى فقد رضيت .

٤٣ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن عمر بن حفص ، عن سعيد بن يسار قال : قال أبو عبد الله عليه السلام ـ عشيّة من العشيّات و نحن بمنى و هو يحثّني على الحجّ و يرغبني فيه ـ : يا سعيد أيّما عبد رزقه الله رزقاً من رزقه فأخذ ذلك الرّزق فأنفقه على نفسه و على عياله ثمّ أخرجهم قد ضحاهم بالشّمس حتّى يقدم بهم عشيّة عرفة إلى الموقف فيقيل ، ألم تر فرجاً تكون هناك فيها خلل وليس فيها أحدٌ ؟ فقلت : بلى جعلت فداك ؟ فقال : يجيء بهم قد ضحاهم حتّى يشعب بهم تلك الفرج فيقول الله تبارك و تعالى لا شريك له : عبدي رزقته من رزقي فأخذ ذلك الرّزق فأنفقه فضحى به نفسه و عياله ثمّ جاء بهم حتّى شعب بهم هذه الفرجة التماس مغفرتي أغفر له ذنبه وأكفيه ماأهمّه وأرزقه . قال : سعيد مع أشياء قالها نحواً من عشرة .

٤٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال : إذا أخذ الناس منازلهم بمنى نادى مناد : لو تعلمون بفناء من حللتم لأبقتم بالخلف بعد المغفرة .

٤٥ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن ابن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من مات في طريق مكّة ذاهباً أو جائياً أمن من الفزع الأكبر يوم القيامة .

٤٦ ـ أبو عليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان ، عن أبي المغرا ، عن سلمة بن محرز قال : كنت عند أبي عبدالله عليه السلام إذجاءه رجلٌ يقال له : أبوالورد فقال لأبي عبدالله عليه السلام : رحمك الله إنّك لو كنت أرحت بدنك من المحمل ، فقال أبو عبدالله عليه السلام : يا أبا الورد ، إنّي أحبّ أن أشهد المنافع الّتي قال الله تبارك وتعالى: «ليشهدوا منافع لهم» إنّه لايشهدها أحدٌ إلّا نفعه الله أمّا أنتم فترجعون مغفوراً

لكم وأمّا غيركم فيحفظون في أهاليهم وأموالهم .

٤٧ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد بن خالد ، عن محمّد بن عبد الحميد ، عن عبدالله بن جندب ، عن بعض رجاله ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا كان الرّجل من شأنه الحجّ كلّ سنة ثمّ تخلّف سنة فلم يخرج قالت الملائكة الّذين على الأرض للّذين على الجبال : لقد فقدنا صوت فلان ، فيقولون : اطلبوه فيطلبونه فلا يصيبونه فيقولون : اللّهم إن كان حبسه دين فأدّ عنه أو مرض فاشفه أو فقر فأغنه أو حبس ففرّج عنه أو فعل فافعل به والنّاس يدعون لأنفسهم وهم يدعون لمن تخلّف .

٤٨ ـ أحمد ، عن عمرو بن عثمان ، عن عليّ بن عبدالله ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كان عليّ بن الحسين صلوات الله عليهما يقول : يامعشر من لم يحجّ استبشروا بالحاجّ وصافحوهم وعظّموهم فإنّ ذلك يجب عليكم ، تشاركوهم في الأجر .

باب ۲۸

حج و عمرہ کی فضیلت اور اُنکا ثواب

۱۔ فرمایا علی بن الحسین علیہ السلام نے کہ حج و عمرہ کرو کہ ان سے تمہارے بدن تندرست رہیں گے اور رزق وسیع ہوں گے اور تمہارے اہل و عیال کے خرچ میں کفایت ہوگی اور فرمایا حاجی کے گناہ بخش دیئے جائیں گے جنت اس پر واجب ہوگی اور عمل کا نئے سرے سے آغاز ہوگا اور اس کے اہل و مال حفاظت میں رہیں گے ۔ (مجہول)

۲۔ فرمایا حضرت نے میرے والد ماجد نے فرمایا جو خانۂ کعبہ کے حج کا یا عمرہ کا ارادہ کرے درآنحالیکہ وہ کبر سے بری ہو اور گناہوں سے باز آئے تو وہ ایسا گناہ سے پاک ہو جائے گا گویا آج ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہے پھر یہ آیت پڑھی ۔ میں نے پوچھا کبر کیا ہے فرمایا کہ رسول اللہ نے فرمایا کہ سب سے بڑا گناہ یہ ہے کہ دوسرے لوگوں کو عیب لگائے اور حق بات کو جہالت سمجھے اور حق سے جاہل ہو اور حق پرستوں کو طعنے دے جو ایسا کرے گا اللہ سے جھگڑا کرے گا اس کی رداء میں ۔ (خدا نے فرمایا ہے الکبریاء ردائی)

۳۔ فرمایا حضرت نے اللہ کی ضمانت ہے کہ حج و عمرہ کرنے والے کو باقی رکھے اور اس کے اہل تک پہنچا دے اور اگر اسے موت دے تو جنت میں داخل کرے ۔ (ض)

۴۔ فرمایا حضرت رسول خدا نے حج کا ثواب جنت ہے اور عمرہ اس کا کفارہ ہے (ض)

۵۔ میں نے کہا میں نے یہ قرار دیا ہے کہ ہر سال یا تو خود حج کروں یا اپنے خاندان والوں میں سے کسی سے اپنا مال دے کر نیابتہ حج کراؤں فرمایا کیا تو نے ایسا ارادہ کیا ہے، میں نے کہا ہاں، فرمایا تو یقین کر تیرے مال میں زیادتی ہوگی۔ (مجہول)

۶۔ فرمایا حضرت نے حاجی تین قسم کے ہیں ایک وہ جو نار دوزخ سے آزاد ہوں گے دوسرے وہ جو اپنے گناہوں کے بخشے جانے کے بعد ایسے ہوں گے جیسے آج ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوئے ہیں۔ حاجی کے لیے یہ کم سے کم ثواب ہے۔ (حسن)

۷۔ فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے حج کا ذکر کرتے ہوئے کہ رسولؐ اللہ نے فرمایا ہے کہ حج دو جہادوں میں سے ایک جہاد ہے یہ جہاد کمزوروں کا اور ہم کمزور ہیں سوائے نماز کوئی عبادت حج سے افضل نہیں اور حج میں نماز ہے اور نماز میں حج نہیں، حج کو ترک نہ کرو در آنحالیکہ تم قادر ہو کیا تم نہیں دیکھتے کہ اس میں تمہارے سر کے بالوں کی پراگندگی ہوتی ہے تمہاری جلد بدن کو سختی برداشت کرنا ہوتی ہے، عورتوں پر نظر کرنا ممنوع ہوتا ہے۔ ہم تو یہاں ہیں ہم تو قریب رہنے والے ہیں ہمیں برابر پانی ملتا رہتا ہے اور پھر بھی حج میں نفس کو بڑی تکلیف ہوتی ہے تمہارا تو ذکر ہی کیا۔ جو دور دراز شہروں میں رہتے ہیں پردیس، پھر راہوں کی تکلیف اٹھا کر حج کے لئے آتے ہیں، نہ مزیدار کھانا ملتا ہے نہ پانی پھر سرد و گرم ہوائیں اور سخت دھوپ، ان کے رو پر تمہیں قدرت نہیں، جیسا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وہ مویشی تمہارا بوجھ اٹھا کر ایک شہر سے دوسرے شہر لے جاتے ہیں اگر تم خود لے جاتے تو بڑی تکلیف اٹھانے کے بعد۔ (حسن)

۸۔ فرمایا رسول خدا نے فقر اور گرفتاری حج و عمرہ سے نہ روکے یعنی ان چیزوں کے خوف سے ترک نہ کرو (مجہول)

۹۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے جب حج کا ارادہ کرنے والا اپنا سامان سفر درست کرنے لگتا ہے تو اس مدت میں اس کے ہر قدم پر دس حسنات لکھے جاتے ہیں اور دس گناہ محو ہو جاتے ہیں اور سامان سفر کی درستی تک دس درجہ اس کے بلند ہوتے ہیں اور جب سواری تیار ہوتی ہے تو سوار ہونے سے پہلے تک اسی طرح ہوتا ہے اور جب وہ اپنے مناسک حج پورے کر لیتا ہے تو اس کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں اور ذی الحجہ، محرم، صفر، ربیع الاوّل یہ چار ماہ اس کے لئے حسنات لکھے جاتے ہیں اور گناہ نہیں لکھے جاتے مگر ہاں اگر کوئی خاص سبب پیدا ہو جب یہ چار ماہ گزر جاتے ہیں تو وہ عام آدمیوں میں شامل ہو جاتا ہے۔ (مختلف فیہ)

۱۰۔ میں نے پوچھا حاجی کے لئے چار ماہ گناہ کیوں نہیں لکھے جاتے۔ فرمایا مشرکوں کے لئے چار ماہ خدا نے یہ رعایت کی ہے کہ ان سے جنگ نہ کی جائے جیسا کہ فرماتا ہے چار ماہ زمین پر چلو پھرو، پس مومنین کے لئے یہ رعایت کی ہے کہ چار ماہ ان کے گناہ نہ لکھے جائیں۔ (مجہول)

۱۱۔ فرمایا جب تک حاجی گناہ نہیں کرتا اس سے نور حج زائل نہیں ہوتا۔ (مجہول)

۱۲۔ فرمایا حضرت رسول خدا نے حج کے بعد عمرہ اور عمرہ کے بعد حج کرو کہ یہ دونوں فقر اور گناہ کو اس طرح دور کر

دیتے تھیں جیسے ریتی رگڑ کر لوہے کا زنگ دور کر دیتی ہے۔ (مرسل)

۱۳۔ فرمایا حج و عمرہ آخرت کے بازاروں میں سے دو بازار ہیں اور خدا کی یہ ضمانت ہے کہ حج و عمرہ کرنے والے کو باقی رکھے اور اسے اس کے اہل و عیال تک پہنچا دے اور اگر اس کو مارے تو داخل جنت کرے۔

۱۴۔ فرمایا حج اور عمرہ کرنے والے اللہ کی فرستادہ جماعت ہیں اگر وہ اس سے سوال کریں گے تو وہ ان کو دے گا اور اگر وہ اس سے دعا کریں گے تو قبول کرے گا اور اگر وہ سفارش کریں گے تو وہ منظور کرے گا اور اگر چپ رہیں گے تو ابتدا کرے گا اور ایک درہم کے بدلے ہزار درہم دے گا۔ (مجہول)

۱۵۔ فرمایا ایک درہم حج میں خرچ کرنا افضل ہے راہ حق میں دس ہزار درہم خرچ کرنے سے۔ (ض)

۱۶۔ فرمایا تجھے حج سے ہر سال کیا چیز روکتی ہے اس نے کہا اہل و عیال، فرمایا اگر تو مر جائے تو اہل و عیال کا کیا ہو گا اہل و عیال کو سہ کر اور زیتون کھلا اور ہر سال حج کر و (ض)

۱۷۔ فرمایا علی بن الحسین نے کہ حج اور عمرہ کرنے والوں پر سلام کی ابتدا کرو ان سے مصافحہ کرو، قبل اس کے کہ گناہوں سے آغشتہ ہو کر ملو۔ (مجہول)

۱۸۔ فرمایا حاجی اور معتمر، اللہ کی ضمانت میں ہے اگر مناسک ادا کرتا ہوا مرے گا تو اللہ اس کے گناہ بخش دے گا اگر بحالت احرام مرے گا تو اللہ اس کو تلبیہ کرنے والوں کی صورت میں مبعوث کرے گا اور اگر وہ حرم میں مرے گا تو اللہ اسے امن والوں میں مبعوث کرے گا اور اگر حج سے نمٹ کر مرے گا تو اللہ اس کے سب گناہ بخش دے گا۔ (ض)

۱۹۔ فرمایا امام رضا علیہ السلام نے نہیں ٹھہرا ان پہاڑوں میں کوئی مگر یہ کہ اس کی دعا قبول کی گئی اور دیگر مومنین، تو ان کی قبولیت کا تعلق آخرت سے ہو گا اور کفار کی دعائیں ان کی دنیا میں قبول ہوں گی۔ (ض)

۲۰۔ فرمایا جب منیٰ میں لوگ پہنچتے ہیں تو منیٰ میں ایک منادی ندا کرتا ہے تیرے اہل آ گئے پس اپنی تنگیوں میں کشادگی پیدا کر اور اپنے ثواب میں رعایت کر اور ایک منادی ندا کرے گا کاش تم جانتے کہ تم کس کے یہاں اترے ہو تو تم یقین کرتے بدلہ مغفرت کے بعد۔ (حسن)

۲۱۔ فرمایا اللہ کی طرف چلو، میں کھلم کھلا ڈرانے والا ہوں اللہ کی طرف حج کرو۔ (مرسل)

۲۲۔ ترجمہ نمبر ۲۰ میں دیکھو۔

۲۳۔ راوی کہتا ہے میں ہر سال حج کرتا تھا ایک سال سخت قحط پڑا اور لوگوں کو سخت تکلیف کا سامنا ہوا میرے دوستوں نے کہا کہ اس سال حج کا ارادہ ملتوی کر دو اور یہ رقم صدقہ میں دو تو یہ تمہارے لئے بہتر ہو گا میں نے کہا کیا تم نے اس پر غور کیا ہے انھوں نے کہا ہاں میں نے تصدق کرنے کا ارادہ کیا، عرفہ کی رات کو پھر غور کیا تو یہ طے کیا کہ میں حج کو ترک نہ کروں گا اگلے سال میں حج کو گیا مقام منیٰ میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے ملاقات ہوئی بہت سے لوگ

حضرت کے پاس جمع تھے میں نے یہ واقعہ بیان کیا اور پوچھا حج افضل ہے یا صدقہ، آپؑ نے تین بار فرمایا صدقہ کا کیا کہنا میں نے کہا لیکن ان میں زیادہ بہتر کون ہے۔ فرمایا تمہیں کیا چیز حج اور صدقہ سے روکتی ہے میں نے کہا مال کی کمی ان دونوں کو بجالانے کی اجازت نہیں دیتی۔ فرمایا اگر کوئی بسلسلہ حج کسی امر میں دس درہم خرچ کرنے کا ارادہ رکھتا ہو تو اس میں پانچ درہم خرچ کرے اور پانچ درہم صدقہ دے یا حج کے زمانہ میں اپنے کھانے پینے میں کمی کرے اور جو بچایا ہے وہ صدقہ دے۔ میں نے کہا ہم اگر ایسا کریں تو ٹھیک ہے پھر آپؑ نے تین بار فرمایا حج کے برابر کیا چیز ہو سکتی ہے جب کوئی حج کے لئے گھر سے نکلتا ہے تو نیکی کا ایک حصہ اسے مل جاتا ہے اور جب مسجد الحرام میں آتا ہے اور طواف فریضہ کرتا ہے اور وہاں سے آکر مقام ابراہیم نماز پڑھتا ہے تو ایک فرشتہ بائیں جانب آتا ہے اور جب وہ نماز پڑھ کر بیٹھتا ہے تو اس کے شانہ کو ہلا کر کہتا ہے پچھلے گناہ معاف اب آگے نیکی کر۔

۲۴۔ ابو حمزہ ثمالی سے روایت ہے کہ حضرت علی بن الحسین علیہ السلام سے ایک شخص نے کہا میں نے جہاد اور اس کی سختی کو چھوڑ کر حج اور اس کی آسانی کو لے لیا ہے امام علیہ السلام تکیہ لگائے ہوئے تھے یہ سن کر اٹھ بیٹھے اور فرمایا وائے ہو تیرے اوپر، کیا تجھ تک یہ حدیث نہیں پہنچی جو حجۃ الوداع میں فرمائی تھی۔ جبکہ عرفہ میں قیام کیا تھا اور سورج غروب ہونے والا تھا۔ حضرت نے بلال کو حکم دیا کہ لوگوں کو کہو خاموش ہو جائیں جب سب ہمہ تن گوش ہوئے تو حضرت نے فرمایا اس دن اللہ نے بخش دیا تمہارے نکوکاروں کو اور شفاعت قبول کی تمہارے نیکوں کی، تمہارے بدی کرنے والوں کے متعلق پس فائدہ حاصل کر اس مغفرت کا جو تمہارے لئے ہے اور ابو حمزہ ثمالی راوی حدیث کے علاوہ ایک اور راوی نے اس حدیث میں اتنے الفاظ اور زیادہ بیان کئے۔

اے پہاڑوں کی گھاٹیوں میں رہنے والو اللہ نے عدل کیا ہے کہ وہ قوی سے ضعیف کے بارے میں مواخذہ کرتا ہے جب رات ہوئی تو آپ اہل شعاب کے متعلق اللہ سے مناجات کرتے رہے رحمت کا سوال کرتے رہے پھر بلال سے فرمایا لوگوں کو خاموش کر وجب سب خموش ہوئے تو فرمایا اللہ نے آج کے دن تم پر بخشش کی ہے تمہارے نیکوں کو بخش دیا اور بدوں کے بارے میں تمہارے نیکوں کی سفارش قبول کی، پس خدا کی بخشش لے کر اٹھو اہل شعاب کے لئے خدا کی طرف سے رضا ہے۔ (حسن)

۲۵۔ جب حضرت چلے تو مقام ابطح میں ایک اعرابی ملا اور کہنے لگا میں حج کو نکلا ہوں آپ مجھے معاف کر دیں میں مالدار آدمی ہوں آپ حکم دیں کہ اتنا مال لے دوں جو ایک حاجی کے ثواب کے لئے کافی ہو، حضرت نے فرمایا اگر یہ کوہ ابو قبیس سونا ہو جائے اور تو اس کو راہ خدا میں خرچ کرے تب بھی وہ ثواب نہ پا سکے گا جو ایک حاجی کا ہوتا ہے۔ (حسن)

۲۶۔ فرمایا جو حرم میں دفن ہوگا قیامت کے خوف سے امن میں رہے گا۔ میں نے کہا ہر نیک و بد فرمایا ہاں ہر نیک و بد (۱۲)

۲۷۔ ادنیٰ بات اس حاجی کے لئے جس کا حج قبول ہو یہ ہے کہ اس کا اہل اور مال محفوظ ہوگا۔ میں نے کہا کس طرح حفاظت

ہو گی ان میں فرمایا ان میں کوئی حادثہ واقع نہ ہو گا مگر جبکہ وہ ان میں مقیم ہو اور کسی حادثہ کا سبب بنے۔

۲۸۔ فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے کہ رسول اللہ نے فرمایا حج کمزوروں کا جہاد ہے پھر اپنے سینہ پر ہاتھ رکھ کر فرمایا ہم ہیں کمزور ہم ہیں کمزور۔ (مجہول)

۲۹۔ میں نے حضرت ابو عبداللہ سے کہا میں خود ایک سال حج کرتا ہوں اور ایک سال میرا شریک حج کرتا ہے فرمایا تمہیں چیز مانع ہوتی ہے۔ میں نے کہا فراغت حاصل نہیں، میں اس کے بدلے پانچ سو درہم صدقہ دیتا ہوں فرمایا حج افضل ہے میں نے کہا ایک ہزار دے دوں گا فرمایا حج افضل ہے میں نے کہا دو ہزار دے دوں گا فرمایا حج افضل ہے میں نے کہا دو ہزار دے دونگا کیا تیرے دو ہزار طواف کے برابر ہو جائینگے میں نے کہا نہیں تو کیا سعی صفا و مروہ کے برابر ہوں گے میں نے کہا نہیں فرمایا تو کیا وقوف عرفہ کے برابر ہو جائیں گے میں نے کہا نہیں فرمایا کیا رمی جمرات کے برابر ہوں گے میں نے کہا نہیں فرمایا کیا اور مناسک کے برابر ہوں گے میں نے کہا نہیں۔ فرمایا تو حج افضل ہے۔ (صحیح)

۳۰۔ راوی کہتا ہے میں ابو حنیفہ کے پاس بیٹھا تھا کہ ایک شخص آیا اور سوال کیا کہ ایک شخص کے لئے حج افضل ہے یا غلام آزاد کرنا انھوں نے کہا۔ غلام آزاد کرنا، امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا جھوٹا ہے وہ اور وہ یہ کہہ کر گھبرا گیا بے شک حج افضل ہے غلام آزاد کرنے سے، غلام آزاد کرنے سے۔ یہاں تک کہ آپ نے دس تک گنا پھر فرمایا دائے ہو اس پر کونسا غلام برابر ہے طواف بیت کے صفا و مروہ کے درمیان سعی کے عرفہ اور حلق راس کے اگر ایسا ہوتا جیسا اس نے کہا اگر لوگ ایسا ہی کریں تو لوگ حج کرنا ہی چھوڑ دیں اس صورت میں امام کو لازم ہے ان سے جبراً حج کرائے اگر وہ انکار کریں تو کہے کہ یہ گھر تو حج کے لئے ہی بنایا گیا ہے۔ (صحیح)

۳۱۔ میں نے ابو عبداللہ سے سنا حج افضل ہے ستر غلام آزاد کرنے سے، میں نے کہا حج کے بدلہ کی بھی کوئی چیز ہے فرمایا کوئی چیز اس کا عوض نہیں، ایک درہم جو حج میں خرچ کیا جائے وہ لاکھوں ان درہموں سے جو حج کے علاوہ راہ خدا میں خرچ کئے جائیں، پھر فرمایا حج کے لئے چلا تو ستر سے زیادہ کچھ اونٹ تھے اور تقریباً دس گھوڑے اور میں نے بہت سے غلام خریدے تھے ایسی حالت میں کہ سرکہ اور زیتون کا تیل مجھے نقصان دیتا تھا میں کھا رہا تھا (تاکہ حج کے خرچ میں کمی نہ ہو) میری تکلیف دیکھ کر حمیدہ نے مرغی پکائی جس سے میری حالت درست ہو گئی۔ (حسن)

۳۲۔ فرمایا ایک حج کرنا بہتر ہے اس سے کہ سونے سے بھرا ہوا ایک گھر کل کا کل خرچ کر دیا جائے۔ (حسن)

۳۳۔ فرمایا ابو جعفر علیہ السلام نے قسم خدا کی جب تک اس گھر کا حج ہے حاجیوں کی محابت ہو گی اور ان کے لئے فقر نہ ہو گا۔

۳۴۔ میں نے امام رضا علیہ السلام سے کہا میرے باپ نے آپ کے آبائے طاہرین سے یہ حدیث نقل کی کہ کسی نے ان سے کہا کہ ہمارے شہروں میں ایک موضع ہے رباط نامے جس کو قزوین کہا جاتا ہے اور ایک دشمن ہے جس کو دیلم کہتے ہیں پس

ہم اس سے جہاد کریں یا رباط میں مقیم رہیں فرمایا تم اس گھر کا حج کرو پھر حضرت نے تین مرتبہ اس بات کو دہرایا اور دوسری بار کہا، کیا تم میں سے کوئی اس بات پر راضی نہیں کہ اپنے گھر میں اپنے عیال پر خرچ کرے اور ہمارے امر کا انتظار کرے اگر اس نے پالیا تو ایسا ہے جیسے اس نے جنگ بدر میں رسول اللہ کے ساتھ شہادت پائی اور اگر نہ پایا تو وہ اس شخص کی طرح ہوگا جو ہمارے قائم کے ساتھ اس طرح ہو اپنی دو انگلیوں کو ملا کر بتایا امام رضاؑ نے فرمایا جو کچھ اس نے بیان کیا ٹھیک ہے (مجہول)

۳۵۔ فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے کہ حج و عمرہ دو بازار ہیں آخرت کے بازاروں میں سے اور ان کو بجالانے والا اللہ کے جوار رحمت میں ہوگا اگر اس نے اپنی امید کو پالیا تو اللہ اس کے گناہ بخش دے گا اور اگر موت آگئی تو اس کا اجر اللہ پر ہے۔ (مجہول)

۳۶۔ فرمایا حضرت نے حج میں تواتر ہے یعنی ایک کے بعد دوسرا اور عمرہ میں فصل ہو سکتا ہے یہ دونوں فقر کو دور کرتے ہیں اور بری موت سے بچاتے ہیں۔ (مجہول)

۳۷۔ فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے کہ حضرت رسول خدا کے پاس دو شخص آئے ایک انصاری اور دوسرا ثقیفی ثقیفی نے کہا یا رسول اللہ میری ایک حاجت ہے فرمایا تم سے پہلے تمہارے بھائی انصاری اپنی ضرورت بیان کرنا چاہتا ہے ثقیفی نے کہا یا رسول اللہ میں حالت سفر میں ہوں اور مجھے جلدی ہے انصاری نے کہا میں نے اجازت دی۔ حضرت نے ثقیفی سے فرمایا چاہے تو اپنی حاجت بیان کر چاہے تو میں بیان کر دوں۔ میں نے کہا حضور ہی بیان فرمادیں فرمایا تو پوچھتے آیا ہے نماز، وضو اور مسجد کے متعلق، اس نے کہا بے شک ایسا ہی ہے وضو میں اعضا پر پانی جاری کرو، اپنے دونوں ہاتھ نماز میں گھٹنوں پر رکھو اور سجدہ میں اپنا ماتھا خاک پر رکھو اور ایسی پڑھو جیسی وداع کرنے والا پڑھے۔ انصاری نے کہا میری بھی حاجت ہے تم بیان کر دیا میں، اس نے کہا آپ ہی بیان فرمادیں فرمایا تم پوچھنا چاہتے ہو حج، طواف، سعی صفا و مروہ کے متعلق اور رمی جمرات اور سر منڈوانے والے اور یوم عرفہ کے متعلق اس نے کہا واللہ ایسا ہی ہے فرمایا جب تم اونٹ کو حج کو جانے کے لیے پرمی موزہ پہناؤ گے تو اللہ ایک حسنہ لکھے گا اور جب ان کو اتارو گے تو ایک گناہ محو کیا جائے گا اور جب طواف کرو گے اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کرو گے تو گناہوں سے اس طرح آزاد ہو جاؤ گے گویا آج ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوئے ہو اور جب رمی جمرات کرو گے تو نیکیوں کا ذخیرہ ہوگا روز قیامت کے لیے اور حلق راس کراؤ گے تو روز قیامت ہر بال نورانی ہوگا اور روز عرفہ وہ دن ہے کہ اللہ ملائکہ پر مباہات کرتا ہے اگر اس دن تم وہاں موجود ہو تو اگر گناہ بقدر ریگ صحرا، بارش کے قطرات اور دنیا کے ایام کے برابر ہوں گے تو معاف ہو جائیں گے۔ (مجہول)

۳۸۔ فرمایا حضرت نے جو کوئی ان پہاڑوں پر ٹھہرے گا نیک ہو یا بد خدا اس کی دعا قبول کرے گا نیک کی آخرت اور دنیا کے

متعلق اور بد کی صرف دنیا کے متعلق۔ (موثق)

۳۹۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے کہ رسول اللہ نے فرمایا حاجی تین ہیں ان میں بلحاظ فضیلت افضل وہ ہے جس کے پہلے اور بعد کے سب گناہ بخش دیئے گئے ہوں اور عذاب قبر سے اللہ اسے بچالے اور اس کے بعد وہ ہے جس کے پہلے گناہ اللہ بخش دے اور وہ اپنی باقی زندگی میں عمل شروع کرے اس کے بعد وہ ہے جو اپنے اہل و عیال میں بحفاظت پہنچ جائے۔ (صحیح)

۴۰۔ حضرت نے فرمایا کوئی سفر بلحاظ گوشت و خون و جلد اور بال سفر مکہ سے زیادہ سخت نہیں، بغیر سخت مشقت کے کوئی وہاں نہیں پہنچ سکتا۔ (موثق)

۴۱۔ فرمایا ابو عبداللہ نے حاجی تین قسم کے ہیں جو نار جہنم سے آزاد ہیں دوسرے وہ جو گناہ بخشے جانے کے بعد ایسے ہو جائیں گے جیسے بے گناہ ماں کے پیٹ سے پیدا ہوتے ہیں تیسرے وہ جن کا لوٹنا بحفاظت جان و مال موجب ادنیٰ صلہ حج کا ہے (حسن)

۴۲۔ فرمایا جب لوگ منیٰ کو اپنا وطن بناتے ہیں تو ایک منادی اللہ کی طرف سے ندا کرتا ہے اگر تم میرا راضی ہونا چاہتے ہو تو میں راضی ہوں۔ (صحیح)

۴۳۔ ایک رات جب ہم منیٰ میں تھے حضرت ابو عبداللہ ہم کو حج کے لئے آمادہ کرتے رہے اور رغبت دلاتے رہے فرمایا اے سعید! اللہ بندہ کو اپنے پاس سے رزق دیتا ہے بندہ کو چاہیئے کہ اس رزق کو لے اور اپنے عیال پر خرچ کرے پھر ان کو چاشت کے وقت لے کر چلے اور رات کو ان کے ساتھ عرفہ پہنچے۔ موقف تک تو یہ عبادت مقبول ہوگی کیا تم نے اس کشادگی کو نہیں دیکھا جو یہاں ہے کہیں کوئی شے بھی نہیں۔ میں نے کہا بے شک، فرمایا ان کو دھوپ چڑھتے وقت وقت لے آؤ تاکہ یہ کشادگی اس شے پر ہو جائے خدائے وحدہٗ لاشریک فرماتا ہے اے میرے بندے میں نے اسے رزق دیا اس نے اسے لیا۔ اس نے اسے اپنے اور اپنے عیال پر خرچ کیا پھر وہ ان کو حج کے لئے لایا تاکہ دست رزق ان پر پر تقسیم ہو اس نے میری بخشش کا سوال کیا۔ میں نے اس کے گناہ بخش دیئے اور اس کی مہم کو آسان کیا میں اس کو رزق دیتا ہوں میں نے کما مع تمام اشیاء کے فرمایا تقریباً دس چیزیں (صحیح)

۴۴۔ فرمایا جب لوگ منیٰ میں جاتے ہیں تو ایک منادی ندا کرتا ہے کاش تم جانتے کہ کس کے ضمن میں اترے ہو تو مغفرت کے بعد اس کی رحمت سے مایوس نہ ہوتے۔ (حسن)

۴۵۔ فرمایا جو مکہ کی راہ میں آتے جاتے مر جائے گا وہ روز قیامت کے عظیم اشان خوف سے امن میں رہے گا (حسن)

۴۶۔ میں حضرت کی خدمت میں حاضر تھا کہ ابو الورد نامے ایک شخص آیا اور کہنے لگا اے ابو عبداللہ اللہ کی رحمت آپ پر نازل ہو آپ محمل میں اپنے بدن کو کچھ دیر آرام دے لیں فرمایا اے ابو الورد، میں پسند کرتا ہوں کہ گواہ بنوں ان منافع کا جن کے لئے اللہ نے کہا ہے کہ وہ گواہی دیں ان منافع کی۔ جو گواہی دے گا اللہ اسے نفع پہنچائے گا تم

حج سے لوٹو گے اس حال میں کہ اللہ تمہارے گناہ بخش دے گا لیکن تمہارے غیر تو محفوظ رہیں گے اپنے اہل اور مال میں۔ (مجہول)

۴۷۔ فرمایا جب کوئی شخص پوری شرائط کے ساتھ حج کرتا ہے ہر سال، اور ایک سال نہیں جاتا تو ملائکہ ارض و جبال کہتے ہیں ہمیں فلاں کی آواز سنائی نہیں دیتی، باہم کہتے ہیں اسے تلاش کرو تلاش کرنے پر نہیں پاتے تو کہتے ہیں یا اللہ اگر وہ قرض کی وجہ سے رکا ہے تو اس کا قرض ادا کر، اگر مرض نے روکا ہے تو شفا دے، اگر فقیر ہو گیا ہے تو غنی کر دے، اگر قید میں ہے تو اسے رہا کر، اگر کسی کام میں ہے تو اسے پورا کر دے، لوگ دعا کرتے ہیں اپنے نفسوں کے لئے اور فرشتے دعا کرتے ہیں اس کے لئے جو اپنے نفس کے خلاف کرے۔ (مرسل)

۴۸۔ فرمایا حضرت نے اے معشر جس نے حج نہیں کیا ہے اسے بشارت دو حاجی بننے کی، ایسے لوگوں سے مصافحہ کرو، ان کی تعظیم کرو یہ تمہارے اوپر واجب ہے ان سے کہو اور اس کو اس اجر میں شریک کرو۔ (مجہول)

﴿باب ۲۹﴾

☼(فرض الحج والعمرة)☼

١ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن عمر بن أذينة قال: كتبت إلى أبي عبدالله عليه السلام بمسائل بعضها مع ابن بكير وبعضها مع أبي العبّاس فجاء الجواب بإملائه: سألت عن قول الله عزّ وجلّ: «ولله على النّاس حجّ البيت من استطاع إليه سبيلاً» يعني به الحجّ والعمرة جميعاً لأنّهما مفروضان وسألته عن قول الله عزّ وجلّ: «وأتمّوا الحجّ والعمرة لله» قال: يعني بتمامهما أدائهما واتّقاء ما يتّقي المحرم فيهما وسألته عن قوله تعالى: «الحجّ الأكبر» ما يعني بالحجّ الأكبر؟ فقال: الحجّ الأكبر الوقوف بعرفة ورمي الجمار والحجّ الأصغر العمرة.

٢ ـ الحسين بن محمّد، عن معلّى بن محمّد، عن الحسن بن عليّ، عن أبان بن عثمان، عن الفضل أبي العبّاس، عن أبي عبدالله عليه السلام «وأتمّوا الحجّ والعمرة لله» قال: هما مفروضان.

٣ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه؛ ومحمّد بن إسماعيل، عن الفضل بن شاذان جميعاً عن ابن أبي عمير، عن عبدالرّحمن بن الحجّاج قال: قلت لأبي عبد الله عليه السلام: الحجّ

على الغنيّ والفقير ؛ فقال : الحجّ على النّاس جميعاً كبارهم وصغارهم فمن كان له عذر عذره الله .

٤ ـ ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : العمرة واجبة على الخلق بمنزلة الحجّ على من استطاع لأنّ الله تعالى يقول : «وأتمّوا الحجّ والعمرة لله» وإنّما نزلت العمرة بالمدينة قال : قلت له: «فمن تمتّع بالعمرة إلى الحج» أيجزى، ذلك عنه ؛ قال : نعم .

٥ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن موسى بن القاسم البجليّ ، و محمّد بن يحيى، عن العمركيّ بن عليّ جميعاً ، عن عليّ بن جعفر، عن أخيه موسى عليه السلام قال : إنّ الله عزّ وجلّ فرض الحجّ على أهل الجدة في كلّ عام و ذلك قوله عزّ وجلّ : «ولله على النّاس حجّ البيت من استطاع اليه سبيلاً ☆ ومن كفر فإنّ الله غنيّ عن العالمين» قال : قلت فمن لم يحجّ منّا فقد كفر ؛ قال : لا ولكن من قال : ليس هذا هكذا فقد كفر .

٦ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن سنان ، عن حذيفة بن منصور، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إنّ الله عزّ و جلّ فرض الحجّ على أهل الجدة في كلّ عام (٢) .

٧ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، ، عن سهل بن زياد ، عن ابن محبوب ، عن الفضل بن يونس ، عن أبي الحسن موسى عليه السلام قال : ليس على المملوك حجّ ولا عمرة حتّى يعتق .

٨ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن أحمد ، عن يعقوب بن يزيد ، عن ابن أبي عمير ، عن أبي جرير القميّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الحجّ فرض على أهل الجدة في كلّ عام .

٩ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن الحسن بن الحسين ، عن محمّد بن سنان ، عن حذيفة بن منصور ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إنّ الله عزّ وجلّ فرض الحجّ على أهل الجدة في كلّ عام .

باب ۲۹

فرض حج وعمرہ

۱۔ میں نے چند مسائل حضرت کو لکھے ان میں سے بعض میں ابن بکیر سے بحث تھی اور بعض میں ابوالعباس سے پس حضرت کے قلم سے لکھا ہوا جواب آیا۔ تم نے اس کے متعلق پوچھا ہے۔ لوگوں پر اللہ کی طرف سے حج بیت اللہ ہے اس کے لئے جسے راستہ کی سہولت ہو یعنی حج وعمرہ دونوں کے لئے یہ حکم ہے کیونکہ یہ دونوں فرض ہیں اور یہ سوال کیا کہ حج وعمرہ کو تمام کرو تو اس سے مراد ہے دونوں کو پوری طرح ادا کرنا اور بچنا ان باتوں سے دونوں میں جن سے محرم بچتا ہے اور سوال کیا تو نے حج اکبر سے تو حج اکبر نام ہے عرفات میں ٹھہرنا ری جمرات کرنا اور حج اصغر یعنی عمرہ بجالانا۔ (حسن)

۲۔ فرمایا حج وعمرہ دونوں فرض ہیں۔ (ض)

۳۔ میں نے کہا کیا حج غنی وفقیر دونوں پر ہے فرمایا حج تو سب آدمیوں پر ہے بڑے ہوں یا چھوٹے لیکن اگر کوئی عذر ہے تو اللہ اس کا قبول کرنے والا ہے۔ (حسن)

۴۔ فرمایا عمرہ واجب ہے مخلوق پر مثل حج جو استطاعت رکھتا ہو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے حج وعمرہ کو تمام کرو، عمرہ کا حکم مدینہ میں نازل ہوا میں نے کہا جو حج تمتع کے ساتھ عمرہ بجالائے تو یہ اس کے لئے کافی ہوگا۔ فرمایا ہاں۔ (حسن)

۵۔ فرمایا اللہ نے فرض کیا ہے حج کو مالداروں پر ہر سال (اگر ایک سال بجا نہ لائے تو دوسرے سال نہ یہ کہ ہر سال یعنی وجوب ساقط نہ ہوگا جب تک کسی نہ کسی سال بجا نہ لائے) اللہ فرماتا ہے اللہ کی طرف سے لوگوں پر بیت اللہ کا حج ہے جو وہاں تک جا سکتا ہو اور جو انکار کرے تو اللہ تمام عالموں کی عبادت سے بے پروا ہے میں نے کہا ہم میں سے جو کوئی حج نہ کرے تو کیا وہ کافر ہے فرمایا نہیں، ہاں جو یہ کہے کہ یہ کچھ نہیں تو وہ کافر ہے (ض)

۶۔ اللہ نے ہر سال اہل دولت پر حج فرض کیا یعنی اگر ایک سال نہ کرے تو دوسرے سال، دوسرے سال نہ کرے تو تیسرے سال فرض وجوب ہٹتا نہیں۔ (ض)

۷۔ غلام پر نہ حج ہے نہ عمرہ جب تک وہ آزاد نہ ہو (ض)

۸۔ ترجمہ نمبر ۶ میں گزرا۔

۹۔ 〃 〃

﴿باب ۳﴾

﴿استطاعة الحج﴾

١ ـ علي بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد بن عثمان ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام في قول الله عزّ وجلّ : «ولله على النّاس حجّ البيت من استطاع إليه سبيلاً» قال : ما السّبيل ؟ قال : أن يكون له ما يحجّ به ، قال : قلت : من عرض عليه ما يحجّ به فاستحيى من ذلك أهو ممّن يستطيع إليه سبيلاً ؟ قال : نعم ما شأنه أن يستحيي ولو يحجّ على حمار أجدع أبتر فإن كان يطيق أن يمشي بعضاً ويركب بعضاً فليحجّ .

٢ ـ عليّ ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن محمّد بن يحيى الخثعميّ قال : سأل حفص الكناسيّ أبا عبدالله عليه السلام وأنا عنده عن قول الله عزّ وجلّ : «ولله على النّاس حجّ البيت من استطاع إليه سبيلاً» ما يعني بذلك ؟ قال : من كان صحيحاً في بدنه مخلّى سربه له زاد وراحلة فهو ممّن يستطيع الحجّ ـ أو قال : ممّن كان له مال ـ فقال له حفص الكناسيّ : فإذا كان صحيحاً في بدنه مخلّى سربه له زاد وراحلة فلم يحجّ فهو ممّن يستطيع الحجّ ؟ قال : نعم .

٣ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن محبوب ، عن خالد بن جرير ، عن أبي الرّبيع الشاميّ قال : سئل أبو عبدالله عليه السلام عن قول الله عزّ وجلّ : «من استطاع إليه سبيلاً» فقال : ما يقول النّاس ؟ قال : فقيل له : الزّاد والرّاحلة ، قال : فقال أبو عبدالله عليه السلام : قد سئل أبو جعفر عليه السلام عن هذا فقال : هلك النّاس إذاً ، لئن كان من كان له زادٌ وراحلة قدر ما يقوت عياله ويستغني به عن النّاس ينطلق إليه فيسلبهم إيّاه لقد هلكوا ، فقيل له : فما السّبيل ؟ قال : فقال : السّعة في المال إذا كان يحجّ ببعض ويبقي بعضاً يقوت به عياله أليس قد فرض الله الزّكاة فلم يجعلها إلّا على من يملك مائتي درهم .

٤ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن سيف بن

عميرة ، عن أبي بكر الحضرميّ قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : إنّي شيّعت أصحابي إلى القادسيّة فقالوا لي : انطلق معنا ونقيم عليك ثلاثاً فرجعت وليس عندي نفقة فيسّر الله ولحقتهم قال : إنّه من كتب عليه في الوفد لم يستطع أن لا يحجّ وإن كان فقيراً ومن لم يكتب لم يستطع أن يحجّ وإن كان غنيّاً صحيحاً .

٥ ـ محمّد بن أبي عبدالله ، عن موسى بن عمران ، عن الحسين بن يزيد النّوفليّ ، عن السكونيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سأله رجل من أهل القدر فقال: يا ابن رسول الله أخبرني عن قول الله عزّ وجلّ : «ولله على النّاس حجّ البيت من استطاع إليه سبيلاً» أليس قد جعل الله لهم الاستطاعة ؟ فقال :ويحك إنّما يعني بالاستطاعة الزّاد والرّاحلة ليس استطاعة البدن ، فقال الرّجل : أفليس إذا كان الزّاد والرّاحلة فهو مستطيع للحجّ فقال :ويحك ليس كما تظنّ قد ترى الرّجل عنده المال الكثير أكثر من الزّاد والرّاحلة فهو لا يحجّ حتّى يأذن الله تعالى في ذلك .

باب ۳۰

استطاعت حج

۱۔ آیہ واللہ علی الناس کے متعلق فرمایا حج اس پر ہے جسے راستہ کی سہولت ہو، کسی نے پوچھا سبیل سے کیا مراد ہے فرمایا اس کے لئے وہ سب چیزیں مہیا ہوں جن سے حج کیا جا سکتا ہے میں نے کہا جس کے لئے سب سامان مہیا ہو اس پر بھی وہ بازر ہے حالانکہ وہ صاحب استطاعت ہے فرمایا وہ کیوں بازر ہتا ہے اگر لنگڑے کٹے دم کٹے گدھے پر بھی سفر ممکن ہو یا کچھ پیدل یا کچھ سواری تو بھی حج کرے۔ (ض)

۲۔ حفص کناسی نے حضرت ابوعبداللہ سے پوچھا من استطاع الیہ سبیلا سے کیا مراد ہے فرمایا جو شخص تندرست ہو اور راستے صاف ہوں زاد و راحلہ موجود ہو تو وہ مستطیع ہے یا یہ کہ اس کے پاس مال ہو۔ (جس سے وہ تمام ضروریات پوری کر سکے) حفص نے کہا۔ اگر ان سب باتوں کے باوجود وہ حج نہ کرے تو وہ حج کے لئے مستطیع مانا جائے گا۔ فرمایا ہاں۔ (حسن)

۳۔ حضرت سے من استطاع الیہ سبیلا کے متعلق پوچھا گیا۔ فرمایا لوگ کیا کہتے ہیں جس کے پاس زاد راحلہ ہو فرمایا

حضرت نے ایسا ہی سوال امام محمد باقر علیہ السلام سے کیا گیا تھا فرمایا اس صورت میں لوگ ہلاک ہو جائیں گے کیونکہ اگر کسی کے پاس زاد و راحلہ اتنا ہی ہو کہ اپنے عیال کے خرچ کے لئے کافی ہو اور انھیں کسی سے مانگنے کی ضرورت پیش نہ آئے اور ان سے اس کے حج کے لئے لے لیا جائے تو وہ ہلاک ہو جائیں گے پوچھا پھر سبیل سے کیا مراد ہے فرمایا مال میں وسعت تاکہ کچھ مال سے حج کرلے اور کچھ اپنے عیال کے لئے چھوڑے کیا ایسا نہیں ہے کہ اللہ نے زکوٰۃ اس پر فرض کی ہے جو دو سو روپیہ کا مالک ہو۔ (مجہول)

۴۔ میں نے حضرت سے کہا میں اپنے ساتھیوں کے پیچھے چلا قادسیہ کی طرف، انھوں نے کہا تم ہمارے ساتھ چلو، ہم تمہیں ایک تہائی خرچ دیں گے۔ میں واپس آگیا میرے پاس نفقہ سے کچھ نہ تھا پھر خدا نے مجھے آسانی پیدا کی اور میں ان سے جا ملا۔ فرمایا اگر وہ ایک جماعت میں شامل ہو گیا ہے تو اسے حج کرنا ہوگا چاہے غریب ہی ہو اور اگر شامل وفد نہیں تو حج ساقط اگرچہ غنی ہو۔ (کیونکہ بغیر قافلہ کے سفر نہیں کر سکتا (حسن)

۵۔ فرمایا ایک قدریہ (مفوضہ) نے جن کا عقیدہ ہے کہ اعمال میں تقدیر الٰہی کو دخل نہیں) رسول اللہ سے آیہ للہ علی الناس الخ کے متعلق پوچھا۔ کیا ایسا نہیں ہے کہ اللہ نے سب کو استطاعت دی ہے۔ فرمایا وائے ہو تجھ پر استطاعت سے مراد زاد اور راحلہ ہے بدن کی استطاعت مراد نہیں اس نے کہا تو کیا ایسا نہیں کہ جب زاد و راحلہ ہو تو حج کے لئے مستطیع سمجھا جائے فرمایا وائے ہو تجھ پر ایسا نہیں ہے جیسا تو گمان کرتا ہے ہم دیکھتے ہیں کہ ایک شخص کے پاس کثیر مال ہے اور زاد و راحلہ بھی کافی ہے لیکن وہ حج نہیں کرتا جب تک اللہ کا اذن اس کے لئے نہ ہو (ف)

﴿باب ۳۱﴾

﴿من سوّف الحج وهو مستطيع﴾

۱ ـ أبو عليّ الأشعريّ، عن محمّد بن عبد الجبّار، عن صفوان بن يحيى، عن ذريح المحاربيّ، عن أبي عبد الله عليه السلام قال: من مات ولم يحجّ حجّة الإسلام لم يمنعه من ذلك حاجة تجحف به أو مرض لا يطيق فيه الحجّ أو سلطان يمنعه فليمت يهوديّاً أو نصرانيّاً.

۲ ـ محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن الحسين بن سعيد، عن القاسم بن محمّد، عن عليّ بن أبي حمزة، عن أبي بصير قال: سألت أبا عبد الله عليه السلام عن قول الله عزّ وجلّ: «ومن كان في هذه أعمى فهو في الآخرة أعمى وأضلّ سبيلاً» فقال: ذلك الّذي يسوّف نفسه الحجّ يعني حجّة الإسلام حتّى يأتيه الموت.

۳ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن عبدالرّحمن بن أبي نجران ، عن أبي جميلة ، عن زيدالشّحام قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : التاجر يسوّف نفسه الحجّ ؟ قال : ليس له عذر وإن مات فقد ترك شريعة من شرائع الإسلام .

٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن إسماعيل ، عن محمّد بن الفضيل ، عن أبي الصّباح الكنانيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قلت له : أرأيت الرّجل التّاجر ذاالمال حين يسوّف الحجّ كلّ عام و ليس يشغله عنه إلّا التّجارة أو الدّين فقال : لا عذرله يسوّف الحجّ إن مات وقد ترك الحجّ فقد ترك شريعة من شرائع الإسلام .

عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام مثله .

٥ ـ أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن أحمد النّهديّ ، عن محمّد بن الوليد ، عن أبان بن عثمان ، عن ذريح المحاربيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من مات ولم يحجّ حجّة الإسلام لم تمنعه من ذلك حاجة تجحف به أو مرض لايطيق فيه الحجّ أو سلطان يمنعه فليمت يهوديّاً أو نصرانيّاً .

٦ ـ حميد بن زياد ، عن الحسن بن محمّد بن سماعة ، عن أحمد بن الحسن الميثميّ ، عن أبان بن عثمان ، عن أبي بصير قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : من مات وهو صحيح موسر لم يحجّ فهو ممّن قال الله عزّ وجلّ : « ونحشره يوم القيمة أعمى » قال : قلت : سبحان الله أعمى ! قال : نعم إنّ الله عزّ وجلّ أعماه عن طريق الحقّ .

باب ۳۱

باوجود استطاعت حج میں ٹال مٹول کرنا

۱۔ فرمایا جو بغیر حج کئے مرجائے اور کوئی ضرورت ایسی نہ ہو جو اسے حج کرنے سے روکے یا ایسی بیماری جس کی وجہ سے حج کی طاقت نہ رکھتا ہو یا کوئی بادشاہ اسے روکنے والا بھی نہ ہو تو وہ یہودی یا نصرانی کی موت مرے گا۔

۲۔ میں نے حضرت سے اس آیت کے متعلق پوچھا جو اس دنیا میں اندھا ہے وہ آخرت میں بھی اندھا ہے اور گم کردہ راہ ہے فرمایا اس سے مراد وہ ہے جو حج میں ٹال مٹول کرتا ہے یہاں تک کہ موت اسے آجاتی ہے (ض)

۴۔ میں نے کہا ایک تاجر حج میں ٹال مٹول کرتا ہے فرمایا اگر کوئی عذر نہیں ہے اور اس حالت میں وہ مرجائے گا تو شریعت اسلام کے ایک حکم کو چھوڑ دیا۔ (ض)

دوسری روایت میں بھی یہی مضمون ہے۔

میں نے کہا آپ نے غور کیا اس مالدار تاجر پر جو ہر سال حج کو ٹالتا ہے اور کوئی امر سوائے تجارت اور قرض کے مانع نہیں، فرمایا ان میں سے کوئی امر مانع حج نہیں، اگر بغیر حج کئے وہ مرجائے گا تو احکام شریعت میں سے ایک حکم کو اس نے ترک کیا۔ (مجہول)

۵۔ ترجمہ نمبر ایک میں دیکھئے۔ (موثق)

۶۔ فرمایا جو بغیر حج کئے بحالت صحت و مالداری مرجائے گا تو اس کو روز قیامت طریق سے اندھا اٹھائے گا۔

﴿باب ۳۲﴾

﴿من يخرج من مكة لا يريد العود اليها﴾

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حسين الأحمسيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من خرج من مكة وهو لا يريد العود إليها فقد اقترب أجله و دنا عذابه .

٢ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن عليٍّ بن الحكم ، عن حسين بن عثمان عن رجل ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من خرج من مكة و هو لا يريد العود إليها فقد اقترب أجله ودنا عذابه .

٣ ـ أحمد بن محمد ، عن الحجّال ، عن حمّاد ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كان عليٌّ صلوات الله عليه يقول لولده : يا بنيّ انظروا بيت ربّكم فلا يخلونّ منكم فلا تناظروا .

باب ۳۲

جو مکہ سے نکل جائے اور پھر نہ لوٹے

۱۔ فرمایا جو مکہ سے اس ارادہ سے نکلے کہ واپسی کا ارادہ نہ ہو تو سمجھو اس کی موت قریب ہے اور عذاب نزدیک

ہے۔ (حسن)

۲۔ ترجمہ اوپر ہے۔

۳۔ فرمایا حضرت علی علیہ السلام نے اپنے فرزندوں سے، اے بیٹو اپنے رب کے گھر کی طرف نظر رکھو تم میں سے کوئی اس سے خالی نہ رہے اور نہ ڈھیل ڈالے۔ (م)

﴿باب ۳۳﴾

✿(أنه ليس في ترك الحج خيرة وان من حبس عنه فبذنب)✿

۱ - محمد بن يحيى، عن محمد بن الحسين، عن النضر بن شعيب، عن يونس بن عمران ابن هيثم، عن سماعة، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: قال لي: مالك لا تحج في العام؟ فقلت: معاملة كانت بيني وبين قوم وأشغال وعسى أن يكون ذلك خيرة، فقال: لا والله ما فعل الله لك في ذلك من خيرة، ثم قال: ما حبس عبد عن هذا البيت إلا بذنب وما يعفو أكثر.

باب ۳۳

ترک حج میں بہتری نہیں

۱۔ راوی کہتا ہے مجھ سے حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام نے فرمایا اس سال تم نے حج کیوں نہ کیا۔ میں نے کہا میرے اور قوم کے درمیان کچھ معاملات تھے اور کچھ مصروفیت تھی شاید وہ نیکی میں شمار ہو فرمایا جو کوئی اس گھر کے آنے سے رکا رہے گا وہ گنہگار ہوگا اس کے اکثر گناہ بخشے نہ جائیں گے۔ (ف)

﴿باب ۳۴﴾

✿(انه لو ترك الناس الحج لجاءهم العذاب)✿

۱ - علي بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن حسين الأحمسي، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: لو ترك الناس الحج لما نوظروا العذاب - أو قال: أنزل عليهم العذاب -.

۲ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن محمد بن إسماعيل ، عن حنان بن سدير ، عن أبيه قال : ذكرت لأبي جعفر عليه السلام البيت ، فقال : لو عطّلوه سنة واحدة لم يناظروا

۳ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن الحجّال ، عن حمّاد ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كان عليٌّ صلوات الله عليه يقول لولده : يا بنيّ انظروا ابيت ربّكم فلا يخلون منكم فلا تناظروا .

باب ۳۴

ترک حج پر عذاب آئے گا

۱۔ اگر لوگ حج کو ترک کریں گے ان کو عذاب کی مہلت نہ دی جائے گی یا یہ فرمایا کہ ان پر عذاب نازل کیا جائے گا۔ (م)

۲۔ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے خانۂ کعبہ کا ذکر کیا، فرمایا اگر لوگ ایک سال کے لئے معطل چھوڑ دیں گے تو ان عذاب سے مہلت نہ ملے گی۔ (موثق)

۳۔ فرمایا حضرت نے کہ علی علیہ السلام نے اپنے فرزندوں سے فرمایا کہ اے فرزندو اپنے رب کے گھر پر نظر رکھو تم میں سے کوئی اس معاملہ میں بخل سے کام نہ لے ورنہ عذاب سے مہلت نہ ملے گی۔ (م)

﴿باب ۳۵ نادر﴾

۱ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن رجل ، عن إسحاق بن عمّار قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام إنّ رجلاً استشارني في الحجّ وكان ضعيف الحال فأشرت إليه إن لا يحجّ ، فقال : ما أخلقك أن تمرض سنة ، قال : فمرضت سنة .

باب ۳۵

نادر

۱۔ میں نے ابو عبداللہ سے کہا کہ ایک شخص نے مجھ سے حج کے بارے میں مشورہ کیا وہ مرد ضعیف الحال تھا میں نے کہا تم حج کو نہ جاؤ، فرمایا اگر سال بھر بیمار رہے اس نے کہا میں سال بھر بیمار رہا۔ (حسن)

﴿باب ۳۶﴾

✡(الاجبار على الحج)✡

۱ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حفص بن البختريّ ؛ و هشام بن سالم ؛ ومعاوية بن عمّار ؛ وغيرهم ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لو أنّ الناس تركوا الحجّ لكان على الوالي أن يجبرهم على ذلك وعلى المقام عنده ولو تركوا زيارة النبيّ صلى الله عليه وآله لكان على الوالي أن يجبرهم على ذلك وعلى المقام عنده ، فإن لم يكن لهم أموال أنفق عليهم من بيت مال المسلمين .

۲ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن النضر بن سويد ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لو عطّل الناس الحجّ لوجب على الإمام أن يجبرهم على الحجّ إن شاؤوا و إن أبوا فانّ هذا البيت إنّما وضع للحجّ .

باب ۳۶

حج پر مجبور کیا جائے

۱۔ فرمایا اگر لوگ حج کو ترک کر دیں تو حاکم انھیں مجبور کرے اس مقام پر جہاں وہ ہے اور جو زیارت نبی ترک کریں، حاکم ان کو بھی مجبور کرے، (تاکہ ان مقامات مقدسہ کی توہین نہ ہو) اور اگر ان کے پاس خرچ نہ ہو تو بیت المال سے ان کو خرچ دیا جائے۔ (حسن)

﴿باب ۳۷﴾

﴿ان من لم یطق الحج ببدنه جهز غیره﴾

۱ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زیاد ، عن جعفر بن محمد الأشعريّ ، عن عبدالله بن میمون القدّاح ، عن جعفر ، عن أبیه علیه السلام أنّ علیّاً صلوات الله علیه قال لرجل کبیر لم یحجّ قطّ : إن شئت أن تجهّز رجلاً ثمّ ابعثه أن یحجّ عنك .

۲ ـ علیّ بن إبراهیم ، عن أبیه ، عن عبدالله بن المغیرة ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله علیه السلام قال : إنّ أمیر المؤمنین سلام الله علیه أمر شیخاً کبیراً لم یحجّ قطّ ولم یطق الحجّ لکبره أن یجهّز رجلاً [أن] یحجّ عنه .

۳ ـ محمد بن یحیی ، عن أحمد بن محمد ، عن الحسین بن سعید ، عن القاسم بن محمد عن علیّ بن أبي حمزة قال : سألته عن رجل مسلم حال بینه وبین الحجّ مرض أو أمر یعذره الله فیه ، فقال : علیه أن یحجّ عنه من ماله صرورة لامال له .

٤ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمد ، عن الحسین بن سعید ، عن فضالة بن أیّوب ، عن القاسم بن برید ، عن محمد بن مسلم ، عن أبي جعفر علیه السلام قال : کان علیّ صلوات الله علیه یقول : لو أنّ رجلاً أراد الحجّ فعرض له مرض أو خالطه سقم فلم یستطع الخروج فلیجهّز رجلاً من ماله ثمّ لیبعثه مکانه .

٥ ـ علیّ بن إبراهیم ، عن أبیه ، عن ابن أبي عمیر ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله علیه السلام قال : إن کان رجلٌ موسر حال بینه وبین الحجّ مرض أو أمر یعذره الله عزّ وجلّ فیه فإنّ علیه أن یحجّ عنه صرورة لامال له .

باب ۳۷

اگر کوئی کمزور آدمی خود حج نہ کر سکے تو دوسرا کرے

۱۔ فرمایا حضرت نے کہ حضرت علیؑ نے فرمایا ایک بوڑھے آدمی سے جس نے ابھی تک حج نہیں کیا تھا اگر تم چاہو تو کسی دوسرے کو تیار کر دو کہ وہ تمہاری طرف سے حج کر آئے (م)

۲۔ حضرت علیؑ نے ایک بہت بوڑھے سے فرمایا جس نے کبھی حج نہیں کیا تھا اور بڑھاپے کی وجہ سے حج کرنے کی طاقت بھی نہ تھی کہ اپنے بدلے کسی دوسرے سے حج کرا۔ (حسن)

۳۔ میں نے اس مرد مسلم کے متعلق پوچھا جس کے اور حج کے درمیان مرض حائل ہو گیا ہو یا کوئی ایسا عذر ہو جسے اللہ قبول کرلے۔ فرمایا اسے اپنے مال سے اپنے بدلے ایسے شخص سے حج کرانا چاہیے جس کے پاس مال نہ ہو (ضرورہ وہ شخص جو مال جمع نہیں کرتا)۔ (ح)

۴۔ حضرت علیؑ نے فرمایا اگر کوئی حج کا ارادہ کرے اور اسے کوئی بیماری عارض ہو جائے یا کوئی سقم پیدا ہو جائے اور خروج کی طاقت نہ رکھتا ہو تو اپنے بدلے کسی دوسرے سے حج کرائے اور اس کو اس کے مکان تک پہنچائے۔

۵۔ فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے جو کوئی مالدار ہو اور اسے حج کے موقع پر اسے کوئی مرض لاحق ہو جائے یا کوئی ایسا عذر ہو جس سے عنداللہ معذور ہو تو اسے چاہیے اپنے بدلے حج کرائے ایسے شخص سے جس نے مال جمع نہ کیا ہو غریب ہو۔

﴿باب ۳۸﴾

✡(مایجزیء من حجة الاسلام ومالایجزیء)✡

۱ ۔ عدةٌ من أصحابنا ، عن أحمدبن محمد ؛ و سهل بن زياد جميعاً ، عن أحمدبن محمدبن أبي نصر ، عن عليّ بن أبي حمزة ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لو أنّ رجلاً معسراً أحجّه رجلٌ كانت له حجّة فإن أيسر بعد كان عليه الحجّ و كذلك النّاصب إذا عرف فعليه الحجّ وإن كان قد حجّ

۲ ۔ حميدبن زياد ، عن ابن سماعة ، عن عدةٌ من أصحابنا ، عن أبان بن عثمان عن الفضل بن عبدالملك ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته عن رجل لم يكن له مال فحجّ به أُناس من أصحابه أقضى حجّة الإسلام ؟ قال : نعم فإذا أيسر بعدذلك فعليه أن يحجّ ، قلت : وهل تكون حجّته تلك تامّة أو ناقصة إذا لم يكن حجّ من ماله ؟ قال : نعم يقضي عنه حجّة الإسلام وتكون تامّة وليست بناقصة وإن أيسر فليحجّ

۳ ۔ ۳۔ وسئل عن الرّجل يكون له الإبل يكريها فيصيب عليها فيحجّ وهو كريّ تغني عنه حجّته أو يكون يحمل التجارة إلى مكة فيحجّ فيصيب المال في تجارته أو

يضع اتكون حجّته تامّة أوناقصة أولا تكون حتّى يذهب به إلى الحجّ ولا ينوي غيره أويكون ينويهما جميعاً أيقضي ذلك حجّته ؟ قال : نعم حجّته تامّة .

۳ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن رجل حجّ عن غيره أيجزئه ذلك من حجّة الإسلام ؟ قال : نعم ، قلت : حجّة الجمّال تامّة أوناقصة ؟ قال : تامّة : قلت : حجّة الأجير تامّة أم ناقصة ؟ قال : تامّة .

۴ ـ عليّ ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن عمر بن أذينة قال : كتبت إلى أبي عبدالله عليه السلام أسأله عن رجل حجّ ولا يدري ولا يعرف هذا الأمر ثمّ منّ الله عليه بمعرفته والدّيونة به أعليه حجّة الإسلام أم قد قضى ؟ قال : قد قضى فريضة الله و الحجّ أحبّ إليّ ؛ وعن رجل هو في بعض هذه الأصناف من أهل القبلة ناصب متديّن ثمّ منّ الله عليه فعرف هذا الأمر أيقضي عنه حجّة الإسلام أوعليه أن يحجّ من قابل ؟ قال : الحجّ أحبّ إليّ .

۵ ـ عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن عليّ بن مهزيار : قال : كتب إبراهيم بن محمد بن عمران الهمدانيّ إلى أبي جعفر عليه السلام : أنّي حججت و أنا مخالف و كنت صرورة فدخلت متمتّعاً بالعمرة إلى الحجّ ؟ قال : فكتب إليه أعد حجّك .

۶ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي نجران ، عن عاصم بن حميد ، عن معاوية بن عمّار قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : الرّجل يمرّ مجتازاً يريد اليمن أو غيرها من البلدان وطريقه بمكّة فيدرك الناس وهم يخرجون إلى الحجّ فيخرج معهم إلى المشاهد أيجزئه ذلك من حجّة الإسلام ؟ قال : نعم .

۷ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن الحسين بن سعيد ، عن فضالة بن أيّوب عن معاوية بن عمّار قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : الرّجل يخرج في تجارة إلى مكّة أويكون له إبل فيكريها حجّته ناقصة أم تامّة ؟ قال : لا ، بل حجّته تامّة .

۸ ـ عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن ابن محبوب ، عن شهاب ، عن أبي عبدالله عليه السلام في رجل أعتق عشيّة عرفة عبداً له أيجزئ عن العبد حجّة الإسلام ؟

قال : نعم قلت : فأمّ ولد أحجّها مولاها أيجزىء عنها ؟ قال : لا ، قلت : أله أجر في حجّتها ؟ قال : نعم ؛ قال : وسألته عن ابن عشر سنين يحجّ ؟ قال : عليه حجّة الإسلام إذا احتلم وكذلك الجارية عليها الحجّ إذا طمثت .

١٠ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ؛ وعدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد جميعاً ، عن عليّ بن مهزياد ، عن محمّد بن الفضيل قال : سألت أباجعفر الثاني عليه السلام عن الصبيّ متى يحرم به ؟ قال : إذا اتّغر .

١١ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن محبوب ، عن ابن رئاب ، عن ضريس ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : في رجل خرج حاجّاً حجّة الإسلام فمات في الطريق ، فقال : إن مات في الحرم فقد أجزت عنه حجّة الإسلام وإن [كان] مات دون الحرم فليقض عنه وليّه حجّة الاسلام .

١٢ ـ أحمد بن محمّد ، عن ابن محبوب ، عن ابن رئاب ، عن بريد العجليّ قال : سألت أباجعفر عليه السلام عن رجل خرج حاجّاً ومعه جمل له ونفقة وزاد فمات في الطريق قال : إن كان صرورة ثمّ مات في الحرم فقد أجزء عنه حجّة الإسلام وإن كان مات و هو صرورة قبل أن يحرم جعل جمله و زاده و نفقته وما معه في حجّة الإسلام فإن فضل من ذلك شيء فهو للورثة إن لم يكن عليه دين ؛ قلت : أرأيت إن كانت الحجّة تطوّعاً ثمّ مات في الطريق قبل أن يحرم لمن يكون جمله ونفقته وما معه ؟ قال : يكون جميع مامعه وما ترك للورثة إلّا أن يكون عليه دين فيقضي عنه أو يكون أوصى بوصيّة فينفذ ذلك لمن أوصى له ويجعل ذلك من ثلثه .

١٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن رفاعة قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن رجل نذر أن يمشي إلى بيت الله الحرام أيجزئه ذلك عن حجّة الإسلام ؟ قال : نعم ، قلت : وإن حج عن غيره ولم يكن له مال و قد نذر أن يحجّ ماشياً أيجزىء ذلك عنه ؟ قال : نعم .

١٤ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن ابن مسكان ، عن عامر بن عميرة قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : بلغني عنك أنّك قلت : لو أنّ رجلاً مات ولم يحجّ حجّة الإسلام فحجّ عنه بعض أهله أجزء ذلك عنه ؟ فقال :

نعم أشهد بها عن أبي أنّه حدّثني أنّ رسول الله ﷺ أتاه رجل فقال : يا رسول الله إنّ أبي مات ولم يحجّ ؟ فقال له رسول الله ﷺ : حجّ عنه فإنّ ذلك يجزىء عنه .

١٥ ـ عنه ، عن صفوان ، عن حكم بن حكيم قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : إنسان هلك ولم يحجّ ولم يوص بالحجّ فأحجّ عنه بعض أهله رجلاً أو امرأة هل يجزىء ذلك ويكون قضاء عنه و يكون الحجّ لمن حجّ ويوجر من أحجّ عنه ؟ فقال : إن كان الحاجّ غير مرورة أجزء عنهما جميعاً وأجر الّذي أحجّه .

١٦ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن فضالة ، عن رفاعة قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن رجل يموت ولم يحجّ حجّة الإسلام ولم يوص بها أيقضى عنه ؟ قال : نعم .

١٧ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسن بن عليّ ، عن رفاعة قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن الرّجل و المرأة يموتان ولم يحجّا أيقضى عنهما حجّة الاسلام ؟ قال : نعم .

١٨ ـ محمّد بن يحيى رفعه ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سئل عن رجل مات وله ابن لم يدر أحجّ أبوه أم لا ؟ قال يحجّ عنه فإن كان أبوه قد حجّ كتب لأبيه نافلة و للابن فريضة وإن كان أبوه لم يحجّ كتب لأبيه فريضة و للابن نافلة .

١٩ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن محمّد بن الحسن بن شمّون ، عن عبدالله بن عبدالرّحمن الأصمّ ، عن مسمع بن عبدالملك ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لو أنّ عبداً حجّ عشر حجج كانت عليه حجّة الإسلام أيضاً إذا استطاع إلى ذلك سبيلاً ولو أنّ غلاماً حجّ عشر حجج ثمّ احتلم كانت عليه فريضة الإسلام ولو أنّ مملوكاً حجّ عشر حجج ثمّ أعتق كانت عليه فريضة الإسلام إذا استطاع إليه سبيلاً .

باب ۳۸

حج سے کیا کافی ہے کیا نہیں

۱۔ فرمایا اگر کوئی غریب ہو اور اس کی طرف سے کوئی دوسرا جس پر حج واجب ہو حج کردے اور شخص اوّل مالدار ہو

جائے تو اس کو پھر حج کرنا ہوگا ایسے ہی ناصبی کو جب معرفت حاصل ہو تو حج کرنا ہوگا اگرچہ وہ حج کر چکا ہو۔ (ض)

۲۔ میں نے حضرت سے پوچھا اس شخص کے بارے میں جو مالدار نہ ہو اور اس کے اصحاب میں سے کوئی اس کی طرف سے حج کرے تو یہ حج صحیح ہوگا فرمایا ہاں لیکن جب مالدار ہو جائے تو اس پر حج کرنا لازم ہوگا میں نے کہا وہ پہلا حج تام ہوگا یا ناقص جو اپنے مال سے نہیں کیا۔ فرمایا ہاں وہ اس کے لئے پورا ہوگا ناقص نہ ہوگا لیکن جب مالدار ہو جائے تو حج خود کرے۔ (مرسل)

۳۔ اس کے بارے میں پوچھا گیا جو اونٹ کرایہ پر چلاتا ہو اور مکہ پہنچ کر حج کرے تو کیا اس کا یہ حج ہو جائے گا یا وہ مال تجارت مکہ لے جاتا ہے اور حج بھی کر لیتا ہے۔ وہ تجارت میں مال بھی حاصل کرتا ہے اور نقصان بھی تو اس صورت میں اس کا حج تام ہوگا یا ناقص یا نہ ہوگا جب تک خود بقصد حج خود نہ جائے اور حج کے سوا دوسری نیت نہ ہو یا دونوں باتوں کی نیت ہو تو اس صورت میں وہ فریضۂ حج سے ادا ہو جائے گا۔ فرمایا ہاں اس کا حج پورا ہوگا۔ (حسن)

۴۔ میں نے پوچھا جو کوئی غیر کی طرف سے حج کرے تو اس کے حج کے لئے کافی ہوگا فرمایا ہاں، میں نے کہا سارا ان کا حج ناقص ہے یا تام فرمایا تام ہے میں نے کہا اجیر کا حج تام ہے یا ناقص، فرمایا تام ہے۔ (حسن)

۵۔ میں ابو عبد اللہ علیہ السلام کو لکھا۔ میں نے سوال کیا اس شخص کے متعلق، جس نے حج تو کیا لیکن وہ اس کے متعلق جانتا کچھ نہیں۔ پھر خدا نے اس پر احسان کیا اور اسے معرفت و دینداری حاصل ہو تو کیا وہ دوبارہ حج کرے یا اس فریضہ سے ادا ہوگا فرمایا ادا ہو گیا لیکن میرے نزدیک اصناف اہل قبلہ میں حج کرنا زیادہ محبوب ہے میں نے کہا اگر کوئی ناصبی مستبصر ہو اور پھر اللہ کا اس پر احسان ہو اور اس کو امر دین کی معرفت حاصل ہو جائے تو اس کا پہلا حج کافی ہوگا یا پھر حج کرے فرمایا حج میرے نزدیک زیادہ محبوب ہے۔ (ض)

۶۔ میں نے حضرت کو لکھا، میں نے حج کیا اور میں مخالف تھا اور صرورہ یعنی بے مال والا تھا میں نے حج تمتع کا صرف عمرہ کیا حضرت نے جواب دیا کہ اپنے حج کا اعادہ کرو۔ (حسن)

۷۔ میں نے ابو عبد اللہ علیہ السلام سے کہا۔ ایک شخص راہ سے گزر رہا ہے یمن یا کسی اور شہر میں جانے کا ارادہ رکھتا ہے مکہ کے راستے میں ہے کچھ لوگ اس کو جاتے ہوئے ملتے ہیں جو حج کا ارادہ رکھتے ہیں وہ اس کے ساتھ حج کر لیتا ہے آیا یہ اس کے لئے کافی ہے۔ فرمایا ہاں۔ (ض)

۸۔ میں نے کہا ایک شخص تجارت کے لئے مکہ کی طرف جاتا ہے یا اپنے اونٹ کرایہ پر لے جاتا ہے کیا اس کا یہ حج کافی ہے یا ناقص ہے۔ فرمایا کافی ہے۔ (ض)

۹۔ میں نے کہا اگر ایک شخص شب عرفہ اپنے غلام کو آزاد کر دے اور غلام حج کرے تو کیا یہ اس کا حج کافی ہوگا فرمایا ہاں میں

نے کہا اگر کنیز کا آقا اس کی طرف سے حج کرے تو کیا یہ کافی ہوگا۔ فرمایا نہیں، میں نے کہا اس حج میں کچھ اجر اس کنیز کو ملے گا۔ فرمایا ہاں، میں نے کہا اگر دس برس کا لڑکا حج کرے تو کافی ہوگا فرمایا اگر اسے احتلام ہونے لگا ہے اسی طرح لڑکی جب اسے حیض آنے لگے۔ (م)

۱۰۔ میں نے امام علیہ السلام سے پوچھا کہ بچہ کے لئے کیا احرام باندھا جائے۔ فرمایا جب اس کے دانت نکل آئیں۔

۱۱۔ میں نے پوچھا اس شخص کے بارے میں جو حج کے لئے نکلے اور راستہ میں مرجائے۔ فرمایا اگر حرم میں مرا ہے تو اس کا حج ہوگیا اور اگر حرم سے باہر مرا ہے تو اس کے ولی کو اس کی طرف سے حج کرنا چاہیئے (م)

۱۲۔ میں نے ابوجعفر علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں پوچھا کہ حج کو نکلے اور اس کے ساتھ اس کا اونٹ نفقہ اور زاد راہ ہو وہ راہ میں مرجائے۔ فرمایا اگر وہ صرورہ ہے پھر حرم میں مرگیا تو اس کا حج ہوگیا اور اگر وہ حرم سے باہر مرا ہے درآنحالیکہ وہ صرورہ یعنی غریب تھا قبل احرام باندھنے کے، تو اس کا اونٹ اور نفقہ اور زاد راہ اور جو اس کے پاس ہے حج کے معاملہ میں صرف کیا جائے گا اور جو بچے گا وہ اس کے ورثاء کو ملے گا اگر اس پر قرض نہیں ہے۔ میں نے کہا اگر سنتی حج ہو اور احرام باندھنے سے پہلے مرجائے راستہ میں تو اس کا اونٹ نفقہ اور زاد راہ کس کو دیا جائے گا فرمایا جو کچھ اس کے پاس ہوگا اور جو اس کا ترکہ ہوگا وہ وارثوں کا حق ہوگا اگر اس پر قرض ہوگا تو اس کے مال سے ادا کیا جائے گا اور اگر اس نے کوئی وصیت کی ہے تو جو وصی ہے وہ اس کے ثلث مال سے پوری کرے گا۔ (حسن)

۱۳۔ میں نے اس شخص کے متعلق پوچھا جس نے یہ نذر کی ہو کہ وہ پاپیادہ حج کرے گا کیا حج کے لئے یہ صورت درست ہوگی فرمایا ہاں۔ میں نے کہا اگر اسی طرح شخص غیر سرحج کے لئے نذر کرے اور اس کے پاس مال نہ ہو، تو یہ صورت بھی صحیح ہوگی؟ فرمایا ہاں۔ (مجہول)

۱۴۔ میں نے کہا مجھے پتہ چلا ہے کہ آپ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی اس حالت میں مرجائے کہ اس نے حج نہیں کیا اس کی طرف سے گھر والوں میں سے کوئی حج کرے تو کیا یہ کافی ہوجائے گا حضرت نے فرمایا میرے والد نے یہ بیان کیا کہ ایک شخص رسول اللہ کے پاس آیا اور کہنے لگا میرا باپ مرگیا اور اس نے حج نہیں کیا فرمایا اس کی طرف سے حج کرادیا جائے تیرے لئے یہ خدمت کافی ہے۔ (م)

۱۵۔ میں نے ابوعبداللہ علیہ السلام سے کہا ایک شخص ہلاک ہوگیا اس نے حج نہیں کیا اور اس نے حج کے لئے وصیت بھی نہیں کی، پس اس کے ایک رشتہ دار نے اس کی طرف سے حج کرلیا تو یہ کافی ہوجائے اور مرنے والے کی طرف ادائیگی ہو جائے گی اور حج کرنے والے کو اجرت ملے گی۔ فرمایا اگر حج کرنے والا غریب دیہاتی ہے تو دونوں کو کافی ہوگا اور حج کرنے والے کو اجر ملے گا اور حج کرنے والے کو اجرت دی جائے گی۔ (م)

۱۶۔ میں نے پوچھا اس شخص کے بارے میں جو مرجائے اور حج نہ کیا ہو اور وصیت بھی نہ کی ہو تو اس کی طرف سے حج کیا جائے۔ فرمایا ہاں۔ (مرفوع)

۱۷۔ میں نے پوچھا اگر مرد عورت دونوں مرجائیں اور انھوں نے حج نہ کیا ہو تو آیا ان دونوں کی طرف سے حج کیا جائے فرمایا ہاں (مرفوع)

۱۸۔ میں نے پوچھا ایک شخص مرگیا اور اس کے بیٹے کو پتہ نہیں کہ اس کے باپ نے حج کیا یا نہیں۔ فرمایا اس کی طرف سے حج کیا جائے اگر باپ نے حج کرلیا ہوگا تو یہ حج اس کے لئے نافلہ ہوگا اور بیٹے کے لئے فریضہ اور اگر نہ کیا ہوگا تو باپ کے لئے فریضہ ہوگا اور بیٹے کے لئے نافلہ۔ (ض)

۱۹۔ فرمایا اگر کوئی دس حج کرچکا ہو پھر مستطیع ہو جائے تو اس پر حج واجب ہوگا اسی طرح اگر کوئی لڑکا دس حج کرے تو بالغ ہو جانے پر اسے حج کا فریضہ ادا کرنا ہوگا اور اگر کوئی غلام دس حج کرے اور مستطیع ہو جائے تو اسے بھی پھر حج کرنا ہوگا۔

﴿باب ۲۸﴾

﴿من لم يحج بين خمس سنين﴾

۱ ـ أحمد بن محمد، عن محمد بن أحمد النهديّ، عن محمد بن الوليد، عن أبان، عن ذريح عن أبي عبدالله عليه السلام قال من: مضت له خمس سنين فلم يفد إلى ربّه وهو موسر أنّه لمحروم.

۲ ـ عليّ بن محمد بن بندار، عن إبراهيم بن إسحاق، عن عبدالله بن حمّاد، عن عبدالله بن سنان، عن حمران، عن أبي جعفر عليه السلام قال: إنّ لله منادياً ينادي: أيّ عبد أحسن الله إليه و أوسع عليه في رزقه فلم يفد إليه في كلّ خمسة أعوام مرّة ليطلب نوافله إنّ ذلك لمحروم.

باب ۲۹

جس نے پانچ برس تک حج نہ کیا

۱۔ فرمایا حضرت نے جس نے مالدار ہو کر پانچ برس تک حج مستحب نہ کیا تو وہ رحمت رب سے محروم ہوا۔ (موثق)

۲۔ فرمایا اللہ کی طرف سے ایک منادی ندا کرتا ہے کہ کون بندہ ہے کہ اللہ اس پر احسان کرے اور اس کے

رزق میں وسعت دے پس ہر پانچ برس کے اندر جو اپنے نوافل کو بہتر بنانے کے لئے حج نہیں کرتا وہ محروم رہتا ہے۔ (رض)

﴿باب۴﴾

☆(الرجل يستدين ويحج)☆

١ ـ عدّةٌ من أصحابنا، عن أحمدبن أبي عبدالله، عن أبيه، عن أبي طالب، عن يعقوب بن شعيب قال: سألت أبا عبدالله عليه السلام عن رجل يحجّ بدين وقد حجّ حجّة الإسلام، قال: نعم إنّ الله سيقضي عنه إن شاء الله.

٢ ـ أحمدبن أبي عبدالله، عن محمدبن عليّ، عن محمد بن الفضيل، عن موسى بن بكر، عن أبي الحسن الأوّل عليه السلام قال: قلت له: هل يستقرض الرّجل ويحجّ إذا كان خلف ظهره ما يؤدّي عنه إذا حدث به حدث؟ قال: نعم.

٣ ـ عدّةٌ من أصحابنا، عن أحمدبن محمدبن عيسى، عن عليّ بن الحكم، عن عبدالملك ابن عتبة قال: سألت أباالحسن عليه السلام عن الرّجل عليه دين يستقرض و يحجّ؟ قال: إن كان له وجه في مال فلا بأس.

٤ ـ أحمدبن محمدبن عيسى، عن أبي همّام قال: قلت للرّضا عليه السلام: الرّجل يكون عليه الدّين ويحضره الشيء أيقضي دينه أويحجّ؟ قال: يقضي ببعض ويحجّ ببعض قلت: فإنّه لايكون إلّا بقدر نفقة الحجّ، فقال: يقضي سنة ويحجّ سنة، فقلت: أعطي المال من ناحية السلطان؟ قال: لابأس عليكم.

٥ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن معاوية بن وهب، عن غيرواحد قال: قلت لأبي عبدالله عليه السلام: يكون عليّ الدّين فيقع في يدي الدّراهم فإن وزّعتها بينهم لم يبق شيء أفأحجّ بها أو أوزّعها بين الغرام فقال: تحجّ بها وادع الله أن يقضي عنك دينك.

٦ ـ أحمدبن محمدبن عيسى، عن البرقيّ، عن جعفربن بشير، عن موسى بن بكر الواسطيّ قال: سألت أبا الحسن عليه السلام عن الرّجل يستقرض و يحجّ فقال: إن كان خلف ظهره مال إن حدث به حدث أدّى عنه فلابأس.

باب ۴۰

مقروض کا حج

۱۔ میں نے پوچھا ایک شخص نے قرض سے حج کیا۔ کیا یہ صحیح ہوگا فرمایا اللہ اسے پورا کرے گا۔ انشاء اللہ۔ (م)

۲۔ میں نے کہا کیا قرض لے کر حج کیا جا سکتا ہے جبکہ اس کے لئے کوئی ایسا سہارا ہو کہ اگر کوئی حادثہ پیش آئے تو اسے دفع کر سکے۔ فرمایا ہاں۔ (م)

۳۔ میں نے پوچھا اگر ایک شخص مقروض ہے اور وہ اور قرضہ لیکر حج کو جائے تو فرمایا اگر اس کے پاس کوئی چیز از قسم مال ایسی ہے کہ وہ قرضہ ادا کر سکے گا تو کیا مضائقہ ہے (م)

۴۔ میں نے پوچھا ایک شخص پر قرضہ ہے اور اس کے پاس اتنا اثاثہ ہے کہ وہ قرضہ ادا کرے یا حج کرے فرمایا کچھ قرضہ ادا کر کے حج کرے۔ میں نے کہا اگر بقدر نفقہ ہی ہو۔ فرمایا ایک سال قرضہ ادا کرے اور ایک سال حج کرے۔ میں نے کہا اگر بادشاہ کی طرف سے کچھ عطیہ ملے فرمایا اس میں کچھ حرج نہیں۔ (م)

۵۔ میں نے کہا اگر میرے اوپر قرضہ ہو اور میرے ہاتھ میں کچھ روپیہ آئے جو اتنا ہو کہ اگر قرضہ چکاؤں تو حج کے لئے کچھ نہ بچے تو میں حج کروں یا قرضداروں کو نمٹاؤں، فرمایا اس سے حج کر اور اللہ سے دعا کر کہ وہ تیرا قرضہ ادا کر دے (مرسل)

۶۔ میں نے پوچھا اس شخص کے متعلق جو قرضہ لے کر حج کرے۔ فرمایا اگر اس کے پاس اتنا اثاثہ ہے کہ اگر کوئی حادثہ ہو جائے تو وہ اسے سنبھال لے۔ تو کوئی مضائقہ نہیں۔ (م)

﴿ باب ۴۱ ﴾

✡(الفضل فی نفقة الحج)✡

۱ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن إسحاق ابن عمّار قال : سمعت أبا عبدالله عليه السلام يقول : لو أنّ أحدكم إذا ربح الربح أخذ منه الشيء فعزله فقال : هذا للحجّ وإذا ربح أخذ منه وقال : هذا للحجّ ، جاء إبّان الحجّ وقد اجتمعت له نفقة عزم الله فخرج ولكن أحدكم يربح الربح فينفقه فإذا جاء إبّان الحجّ أراد أن يخرج ذلك من رأس ماله فيشقّ عليه .

۲ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمدبن محمد ، عن البرقيّ ، عن شيخ رفع الحديث إلى أبي عبدالله عليه السلام قال : قال له : يافلان أقلل النّفقة في الحجّ تنشط للحجّ ولاتكثر النفقة في الحجّ فتملّ الحجّ .

۳ ـ أحمدبن محمد ، عن الحسن بن عليّ ، عن ربعيّ بن عبد الله قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : كان عليٌّ صلوات الله عليه لينقطع ركابه في طريق مكّة فيشدّه بخوصة ليهوّن الحجّ على نفسه .

٤ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد رفعه ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الهديّة من نفقة الحجّ .

٥ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن يحيى بن المبارك ، عن عبدالله بن جبلة ، عن إسحاق بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّه قال : هديّة الحجّ من الحجّ .

باب ۴۱

حج میں خرچ کی فضیلت

۱۔ حضرت نے فرمایا جب تم کو تجارت وغیرہ میں نفع ہو تو اس کا ایک حصہ الگ کر لو کہ یہ حج کے لئے ہے اور جب دوبارہ نفع ہو تو اسے بھی حج کے لئے مخصوص کر لو اور جب حج کا وقت آئے تو تمہارے پاس زادِ راہ جمع ہو جائے گا پس اس سے حج کو جاؤ اگر تم نفع کو خرچ کرتے رہو گے تو وقت حج راس المال سے خرچ کرنا تمہارے لئے شاق ہوگا ۔ (موثق)

۲۔ فرمایا اے فلاں حج کے لئے کم سے کم خرچ کرو اگر زیادہ خرچ کر بیٹھے گے تو حج تمہارے لئے باعث ملال ہوگا ۔ (مرفوع)

۳۔ فرمایا حضرت نے اگر حضرت علی علیہ السلام کی رکاب راہ مکہ میں قطع ہو جاتی تھی تو اسے کھجور کی چھال سے باندھ لیتے تھے تاکہ حج ان کے نفس پر بار نہ ڈالے ۔ (موثق)

۴۔ فرمایا تحفہ کا شمار نفقۂ حج میں ہے ۔ (ض)

۵۔ فرمایا ہدیہ حج شامل حج ہے (مجہول)

﴿ باب ۴۲ ﴾

☆(أنه يستحب للرجل أن يكون متهيئاً للحج في كل وقت)☆

١ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن الحسن زعلان ، عن عبدالله ابن المغيرة ، عن حمّاد بن طلحة ، عن عيسى بن أبي منصور قال : قال لي جعفر بن محمّد عليه السلام : ياعيسى إنّي أحبّ أن يراك الله عزّ وجلّ فيما بين الحجّ إلى الحجّ وأنت تتهيّأ للحجّ .

٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حسين بن عثمان ؛ ومحمّد بن أبي حمزة ؛ وغيرهما ، عن إسحاق بن عمّار قال : قال أبوعبدالله عليه السلام : من اتّخذ محملاً للحجّ كان كمن ربط فرساً في سبيل الله عزّ وجلّ .

٣ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن أحمد ، عن حمزة بن يعلى ، عن بعض الكوفيّين ، عن أحمد بن عائذ ، عن عبدالله بن سنان قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : من رجع من مكّة وهو ينوي الحجّ من قابل زيد في عمره .

باب ۴۲

مستحب ہے کہ حج کے لئے ہر وقت تیار رہے

۱۔ حضرت نے فرمایا اے عیسیٰ میں اس بات کو دوست رکھتا ہوں کہ تم ایک حج کے بعد اپنے کو دوسرے حج کے لئے تیار رکھو۔ (مجہول)

۲۔ فرمایا جو کوئی حج کے جانے کے لئے محمل باندھے ایسا ہے جیسے فی سبیل اللہ حج کے لئے گھوڑا تیار کیا۔ (مجہول)

۳۔ جو مکہ سے اس نیت سے لوٹے کہ اگلے سال پھر حج کو آئے گا تو اس کی عمر بڑھ جاتی ہے۔

﴿ باب ۴۳ ﴾

☆(الرجل يسلم فيحج قبل أن يختتن)☆

١ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبد الجبّار ، عن صفوان ، عن إبراهيم بن ميمون ، عن أبي عبدالله عليه السلام في الرّجل يسلم فيريد أن يحجّ وقد حضر الحجّ أيحجّ أو

يختتن ؟ قال : لا يحجّ حتّى يختتن .

٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ، عن حريز ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لا بأس أن تطوف المرأة غير المخفوضة فأمّا الرّجل فلا يطوف إلّا وهو مختتن .

باب ۴۳

ایک شخص مسلمان ہو اور ختنہ سے قبل حج کرے

۱۔ جو شخص مسلمان ہو جائے اور حج کا ارادہ کرے اور حج کا وقت آجائے تو وہ حج کرے یا ختنہ کرائے۔ فرمایا بغیر ختنہ کرائے حج نہ کرے۔ (مجہول)

۲۔ عورت غیر ختنہ شدہ طواف کر سکتی ہے مگر مرد غیر مختون طواف نہیں کر سکتا۔ (حسن)

﴿ باب ۴۴ ﴾

☆(المرأة يمنعها زوجها من حجة الاسلام)☆

١ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن عليّ بن أبي حمزة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته عن امرأة لها زوج أبى أن يأذن لها أن تحجّ ولم تحجّ حجّة الإسلام فغاب زوجها عنها وقد نهاها أن تحجّ ؟ قال : لا طاعة له عليها في حجّة الإسلام فلتحجّ إن شاءت .

٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته عن المرأة تخرج مع غير وليّ ؟ قال : لا بأس فإن كان لها زوج أو ابن [أو] أخ قادرين على أن يخرجا معها وليس لها سعة فلا ينبغي لها أن تقعد ولا ينبغي لهم أن يمنعوها .

٣ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن الوشّاء ، عن أبان ، عن زرارة ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : سألته عن امرأة لها زوج وهي صرورة لا يأذن لها في الحجّ قال : تحجّ وإن لم يأذن لها .

٤ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمدبن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن النضر بن سويد ، عن هشام بن سالم ، عن سليمان بن خالد ، عن أبي عبدالله عليه السلام في المرأة تريد الحجّ ليس معها محرم هل يصلح لها الحجّ ؟ فقال : نعم إذا كانت مأمونة .

٥ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ، عن معاوية قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن المرأة الحرّة تحجّ إلى مكّة بغير وليّ ، فقال : لا بأس تخرج مع قوم ثقات .

باب ۴۲

وہ عورت جس کا شوہر حج سے روکے

۱۔ میں نے پوچھا ایک عورت کے شوہر نے اس کو حج کرنے سے منع کر دیا اور اس عورت نے حج نہ کیا اس کا شوہر غائب ہو گیا اور حج کرنے سے اسے منع کر گیا۔ فرمایا اس عورت کو اس امر میں شوہر کی اطاعت لازم نہیں، اگر حج کرنا چاہتی ہے تو کرے۔ (ض)

۲۔ میں نے پوچھا ایک عورت حج کرنے غیر ولی کے ساتھ نکلی، فرمایا کوئی حرج نہیں، اگر اس کا شوہر بیٹا یا بھائی ہو اور اس کو حج کرنے کی قدرت ہو تو اس کے ساتھ حج کرنے کو جائیں درآنحالیکہ عورت مالدار نہ ہو، عورت کو حج سے رکنا نہ چاہیے اور لوگوں کو اسے منع نہیں کرنا چاہیے۔ (حسن)

۳۔ میں نے پوچھا اس شوہردار عورت کے متعلق جو جمع کیا ہوا مال نہیں رکھتی اور شوہر اسے حج کی اجازت نہیں دیتا فرمایا وہ بے اجازت شوہر حج کو چلی جائے (حسن)

۴۔ اس عورت کے بارے میں پوچھا گیا جو حج کرنا چاہتی ہے لیکن کوئی محرم اس کے ساتھ نہیں، کیا حج کو جانا اس کے لئے درست ہے۔ فرمایا ہاں اگر وہ امن و امان کے ساتھ جا سکے۔ (ض)

۵۔ پوچھا گیا اس آزاد عورت کے متعلق جو مکہ کا سفر بغیر اپنے کسی سرپرست کے کرے۔ فرمایا کوئی حرج نہیں اگر وہ معتمد اور معتبر لوگوں کے ساتھ چلی جائے۔ (حسن)

﴿باب ۴۳﴾

﴿القول اذا خرج الرجل من بيته﴾

۱ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمدبن محمّد ، عن موسى بن القاسم قال : حدّثنا

صباح الحذّاء قال : سمعت موسى بن جعفر عليه السلام يقول : لو كان الرّجل منكم إذا أراد السفر قام على باب داره تلقاء وجهه الّذي يتوجّه له فقرء فاتحة الكتاب أمامه و عن يمينه وعن شماله وآية الكرسيّ أمامه وعن يمينه وعن شماله ثمّ قال : «اللّهمّ احفظني واحفظ مامعي وسلّمني وسلّم مامعي وبلّغني وبلّغ مامعي ببلاغك الحسن » لحفظه الله وحفظ مامعه وسلّمه وسلّم مامعه وبلّغه وبلّغ مامعه ، قال : ثمّ قال : ياصباح أمارأيت الرّجل يحفظ ولايحفظ مامعه ويسلم ولايسلم مامعه ويبلغ ولا يبلغ مامعه قلت : بلى جعلت فداك .

٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ؛ ومحمد بن إسماعيل ، عن الفضل ابن شاذان ، عن ابن أبي عمير ؛ وصفوان بن يحيى جميعاً ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا خرجت من بيتك تريد الحجّ و العمرة إن شاء الله فادع دعاء الفرج وهو «لاإله إلّاالله الحليم الكريم لاإله إلّاالله العليّ العظيم سبحان الله ربّ السماوات السبع و ربّ الأرضين السبع و ربّ العرش العظيم و الحمدلله ربّ العالمين » ثمّ قل : «اللّهمّ كن لي جاراً من كلّ جبّار عنيد ومن كلّ شيطان مريد » ثمّ قل : « بسم الله دخلت وبسم الله خرجت وفي سبيل الله ، اللّهمّ إنّي أقدّم بين يدي نسياني وعجلتي بسم الله وماشاء الله في سفري هذا ذكرته أونسيته ، اللّهمّ أنت المستعان على الأمور كلّها وأنت الصاحب في السفر والخليفة في الأهل ، اللّهمّ هوّن علينا سفرنا واطو لنا الأرض وسيّرنا فيها بطاعتك وطاعة رسولك ، اللّهم أصلح لنا ظهرنا و بارك لنا فيما رزقتنا وقنا عذاب النار ، اللّهمّ إنّي أعوذبك من وعثاء السفر وكآبة المنقلب و سوء المنظر في الأهل والمال والولد ، اللّهمّ أنت عضدي وناصري بك أحلّ و بك أسير اللّهمّ إنّي أسألك في سفري هذا السرور والعمل بما يرضيك عنّي ، اللّهمّ اقطع عنّي بعده و مشقّته وأصحبني فيه واخلفني في أهلي بخير ولاحول ولا قوّة إلّا بالله ، اللّهمّ إني عبدك وهذا حملانك والوجه وجهك والسفر إليك وقد اطّلعت على مالم يطّلع عليه أحدٌ فاجعل سفري هذا كفّارة لما قبله من ذنوبي وكن عوناً لي عليه واكفني وعثه و مشقّته ولقّني من القول والعمل رضاك ، فإنّما أنا عبدك وبك ولك » فاذا جعلت رجلك

في الرّكاب فقل : « بسم الله الرّحمن الرّحيم ، بسم الله والله أكبر » فإذا استويت على راحلتك واستوى بك مملك فقل : « الحمدلله الّذي هدانا للإسلام و علّمنا القرآن و منّ علينا بمحمّد ﷺ ، سبحان الله سبحان الّذي سخّر لنا هذا وما كنّا له مقرنين وإنّا إلى ربّنا لمنقلبون والحمدلله ربّ العالمين ، اللّهمّ أنت الحامل على الظهر والمستعان على الأمر ، اللّهمّ بلّغنا بلاغاً يبلغ إلى خير ، بلاغاً يبلغ إلى مغفرتك ورضوانك اللّهمّ لا طير إلّا طيرك ولا خير إلّا خيرك ولا حافظ غيرك » .

باب ۴۵

گھر سے نکلتے وقت کیا کہنا چاہیئے

۱۔ فرمایا حضرت نے کہ حضرت رسول خدا نے فرمایا جب کوئی تم میں سے حج کا ارادہ کرکے گھر سے نکلے تو اس کے گھر کے دروازہ پر ایک شخص اس کی طرف رُخ کرکے سورۂ فاتحہ اس کے آگے پڑھے، داہنے بائیں پڑھے اسی طرح آیت الکرسی ہر تین طرف پڑھے، پھر کہے یا اللہ اس کی حفاظت کر اور ہر اس چیز کی جو اس کے ساتھ ہے اور صحیح سلامت رکھ اس کو اور جو اس کے ساتھ ہے اور منزل پر پہنچا دے اس کو جو اس کے ساتھ ہے پھر فرمایا اے صباح (راوی) کیا تم نے نہیں دیکھا کہ کبھی ایسا نہیں ہوا کہ حج کرنے والا محفوظ رہا ہو اور اس کے ساتھ کی چیز غیر محفوظ رہی ہو یا وہ سلامت رہا ہو اور ساتھ کی چیز سلامت نہ رہی ہو یا خود پہنچ گیا ہو اور ساتھ والی چیز نہ پہنچی ہو، میں نے کہا ضرور پہنچی ہے میں آپ پر فدا ہوں۔ (ص)

۲۔ فرمایا جب ارادہ حج و عمرہ کرنے کا ہو تو گھر سے نکلتے وقت یہ دعا پڑھو۔

وهو « لا إله إلّا الله الحليم الكريم لا إله إلّا الله العليّ العظيم سبحان الله ربّ السماوات السبع و ربّ الأرضين السبع و ربّ العرش العظيم و الحمدلله ربّ العالمين

پھر کہو

« اللّهمّ كن لي جاراً من كلّ جبّار عنيد ومن كلّ شيطان مريد » ثمّ قل : « بسم الله دخلت وبسم الله خرجت وفي سبيل الله ، اللّهمّ إنّي أقدّم بين يدي نسياني وعجلتي بسم الله وماشاء الله في سفري هذا ذكرته أونسيته ، اللّهمّ أنت المستعان على الأمور كلّها وأنت الصاحب في السفر والخليفة في الأهل ، اللّهمّ هوّن علينا سفرنا واطو لنا الأرض

وسيّرنا فيها بطاعتك وطاعة رسولك ، اللّهم أصلح لنا ظهرنا و بارك لنا فيما رزقتنا وقنا عذاب النار ، اللّهمّ إنّي أعوذبك من وعثاء السفر وكآبة المنقلب و سوء المنظر في الأهل والمال والولد ، اللّهمّ أنت عضدي وناصري بك أحلّ و بك أسير اللّهمّ إنّي أسألك في سفري هذا السرور والعمل بما يرضيك عنّي ، اللّهمّ اقطع عنّي بعده و مشقّته وأصحبني فيه واخلفني في أهلي بخير ولاحول ولا قوّة إلّا بالله ، اللّهمّ إني عبدك وهذا حملانك والوجه وجهك والسفر إليك وقد اطّلعت على مالم يطّلع عليه أحد فاجعل سفري هذا كفّارة لما قبله من ذنوبي وكن عوناً لي عليه واكفني وعثه و مشقّته ولقّني من القول والعمل رضاك ، فإنّما أنا عبدك وبك ولك

یا اللہ مجھے پناہ دے ہر سخت گیر ظالم سے اور ہر شیطان رجیم سے ، پھر کہو میں اللہ کا نام لے کر داخل ہوا اور راہِ خدا میں چلنے کو نکلا ہوں یا اللہ میں بھول چوک والا ہوں اور تجھ میں جلدی ہے اللہ کے نام سے یہ سفر شروع کرتا ہوں ، میں نے اس کا ذکر بھی کیا اور بھولا بھی یا اللہ تجھ ہی سے مدد چاہتا ہوں کل امور میں تو ہی میرا ساتھی ہے سفر میں میرا قائم مقام ہے میرے اہل میں ، اس سفر کو مجھ پر آسان کر ، طی الارض کر اور اپنی اور اپنے رسول کی اطاعت میں لے چل ، یا اللہ ہمارے حال کی اصلاح کر اور ہمارے رزق میں برکت دے اور عذاب نار سے ہمیں بچالے یا اللہ میں پناہ مانگتا ہوں مشقت سفر سے اور رنج و آلام سے اور اپنے اہل و مال و اولاد میں کسی بُرے منظر سے یا اللہ تو ہی میرا مددگار اور ناصر ہے میں تیری ہی مدد سے منزل پر اُترتا اور راہ میں چلتا ہوں یا اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اپنے اس سفر میں سرور کا اور ایسے عمل کا جو تجھے مجھ سے راضی رکھے یا اللہ بُعد سفر اور اس کی مشقت کو میرے اوپر آسان کر اور اس سفر میں میرے ساتھ ہو اور میرے اہل میں میرا قائم مقام ہو ، نہیں ہے مدد اور قوت مگر اللہ سے ، یا اللہ میں تیرا بندہ ہوں اور ان چوپاؤں کا رزق دینے والا تو ہی ہے . ذات تیری ہی ذات ہے یہ سفر میرا تیری ہی طرف ہے تو واقف ہے اس چیز سے جس سے کوئی واقف نہیں ، بس میرے اس سفر کو میرے گذشتہ گناہوں کا کفارہ قرار دے اور اس میں میری مدد کر اور سفر کی تعب و تکلیف سے بچالے اور میرے اور عمل کو اپنی مرضی کے مطابق بنانے میں تیرا ہی بندہ ہوں ، تجھی سے میری لو لگی اور تیری ہی خوشنودی کے لئے میرا عمل ہے ۔

جب رکاب پر پیر رکھیں تو کہیں ۔

بسم الله الرّحمن الرّحيم ، بسم الله والله أكبر ، فإذا استويت على راحلتك واستوى بك محملك فقل : « الحمدلله الّذي هدانا للإسلام و علّمنا القرآن و

منّ علينا بمحمّد صلى الله عليه وآله ، سبحان الله سبحان الّذي سخّر لنا هذا وما كنّا له مقرنين وإنّا إلى ربّنا لمنقلبون والحمد لله ربّ العالمين ، اللّهمّ أنت الحامل على الظهر والمستعان على الأمر ، اللّهمّ بلّغنا بلاغاً يبلغ إلى خير ، بلاغاً يبلغ إلى مغفرتك ورضوانك اللّهمّ لا طير إلّا طيرك ولا خير إلّا خيرك ولا حافظ غيرك » .

بسم الله الرحمن الرحيم، بسم الله والله اكبر، جب سواری درست ہو جائے اور محمل میں بیٹھنے لگو تو کہو شکر ہے اس خدا کا جس نے ہدایت کی اسلام کی طرف اور قرآن کی تعلیم دی اور محمدؐ جیسے رسولؐ کو بھیج کر احسان کیا، پاک ہے وہ ذات جس نے چوپاؤں کو ہمارے لیے مسخر کیا اور ہم سے ان کو تابعدار بنانا ناممکن نہ تھا اور ہماری گشت اپنے رب کی طرف ہونے والی ہے اور حمد ہے رب العالمین کے لئے، یا اللہ سواریوں کی پشتوں پر تو ہی بٹھانے والا ہے ہر امر میں تجھی سے مدد ہے یا اللہ خیر سے پہنچا دے اپنی بخشش اور رضا کے ساتھ، نہیں ہے پرواز مگر تیری مدد سے اور نہیں ہے مگر تجھ سے اور تیرے سوا کوئی حافظ نہیں۔ (حسن)

﴿باب الوصية﴾

١ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر ، عن صفوان الجمّال عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كان أبي يقول : ما يعبؤ من يؤمّ هذا البيت إذا لم يكن فيه ثلاث خصال : خلق يخالق به من صحبه أو حلم يملك به من غضبه أو ورع يحجزه عن محارم الله .

٢ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد بن عيسى ، عن عليّ بن الحكم ، عن أبي أيّوب الخزّاز . عن محمّد بن مسلم ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : ما يعبؤ من يسلك هذا الطريق إذا لم يكن فيه ثلاث خصال : ورع يحجزه عن معاصي الله وحلم يملك به غضبه وحسن الصحبة لمن صحبه .

٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار قال : قال أبوعبدالله عليه السلام : وطّن نفسك على حسن الصحابة لمن صحبت في حسن خلقك ، وكفّ لسانك واكظم غيظك وأقلّ لغوك وتفرش عفوك وتسخو نفسك .

٤ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمدبن أبي عبدالله ، عن إسماعيل بن مهران ، عن محمّدبن حفص ، عن أبي الرّبيع الشاميّ قال : كنّا عند أبي عبدالله عليه السلام و البيت غاصّ بأهله فقال : ليس منّا من لم يحسن صحبة من صحبه ومرافقة من رافقه و ممالحة من مالحه ومخالقة من خالقه .

٥ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ عن النوفليّ ، عن السكونيّ ، عن جعفر ، عن آبائه عليهم السلام قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : «الرّفيق ثمّ السفر» ؛ وقال أمير المؤمنين صلوات الله عليه : «لا تصحبنّ في سفرك من لا يرى لك من الفضل عليه كما ترى له عليك» .

٦ ـ عليٌّ ، عن أبيه ، عن حمّادبن عثمان ، عن حريز ، عمّن ذكره ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : إذا صحبت فاصحب نحوك ولا تصحبنّ من يكفيك فإنّ ذلك مذلّة للمؤمن .

٧ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمدبن أبي عبدالله ، عن الحسن بن الحسين اللّؤلؤيّ عن محمّدبن سنان عن حذيفة بن منصور ، عن شهاب بن عبد ربّه قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : قد غرفت حالي وسعة يدي وتوسّعي على إخواني فأصحب [ا]لنفر منهم في طريق مكّة فأتوسّع عليهم ، قال : لا تفعل يا شهاب إن بسطت وبسطوا أجحفت بهم وإن أمسكوا أذللتهم فأصحب نظراءك .

٨ ـ أحمد ، عن عليٍّ بن الحكم ، عن عليٍّ بن أبي حمزة ، عن أبي بصير قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : يخرج الرّجل مع قوم مياسير وهو أقلّهم شيئاً فيخرج القوم النفقة ولا يقدر هو أن يخرج مثل ما أخرجوا ، فقال : ما اُحبّ أن يذلّ نفسه ليخرج مع من هو مثله .

باب ۴۶

وصیّت

۱ ـ فرمایا حضرت نے میرے والد ماجد نے فرمایا جس شخص میں تین خصلتیں نہ ہوں اس نے حج بیت اللہ سے کیا پایا اول خوش خلقی ، جس کا اثر اپنے دوستوں پر ڈالے ، دوسرے حلم جس سے اپنے غضب پر قابو پائے ، تیسرے

پرہیزگاری جس سے محارم الٰہیہ سے بچے۔ (ض)

۲۔ مضمون وہی ہے جو اوپر گزرا۔ (ض)

۳۔ فرمایا حسن صحبت کو اپنے نفس میں جگہ دو خوش خلقی سے ملو، اپنی زبان کو روکو، اپنے غصّہ کو پیو، لغوبات کم کرو عفو کو زیادہ کرو، اپنے نفس پر قابو حاصل کرو (حسن)

۴۔ فرمایا درآنحالیکہ گھر لوگوں سے بھرا ہوا تھا۔ ہم میں سے نہیں ہے وہ جو اپنے مصاحبوں سے اچھی صحبت نہ رکھے، نرمی کا برتاؤ کرنے والوں سے نرمی نہ کرے اور جو کھانا کھلائے اسے کھانا نہ کھلائے اور اپنے خلاف والے کی مخالفت نہ کرے (مجہول)

۵۔ فرمایا رسول اللہ نے سفر سے پہلے اپنا رفیق تلاش کرو اور امیر المومنین نے فرمایا ایسے شخص کے ساتھ سفر نہ کرو جو تمہاری کوئی فضیلت اپنے اوپر نہیں سمجھتا جیسی کہ تم اپنے لئے اس کی فضیلت جانتے ہو۔ (ض)

۶۔ فرمایا جب مصاحب بناؤ تو اپنے جیسے کو اور مت صحبت رکھو اس سے جو تم سے بے پرواہ ہو کہ اس میں مومنین کے لئے ذلت ہے۔ (مرسل)

۷۔ میں نے کہا آپ کو معلوم ہے میرا حال اور میری کشادہ دستی اپنے بھائیوں پر تو کیا میں سفر مکہ میں ان میں سے کسی کو اپنے ساتھ لے لوں اور ان پر اچھی طرح روپیہ صرف کروں۔ فرمایا اے شہاب ایسا نہ کرو اگر تم نے اور انھوں نے پورا ہاتھ کھول دیا تو تمہیں اور ان کو باز رکھنا پڑے گا اور جب وہ رک جائیں گے تو گویا تم نے ان کو ذلیل کیا۔ پس بہتر یہ ہے کہ اپنے ہی جیسے لوگوں کو اپنے ساتھ رکھو (ض)

۸۔ میں نے کہا ایک شخص جو قلیل البضاعت ہے ایسے لوگوں کے ساتھ سفر حج کرتا ہے جو مالدار ہیں وہ لوگ دل کھول کر خرچ کرتے ہیں اور یہ ان کی طرح نہیں کر سکتا فرمایا وہ اپنے نفس کو ذلیل کرنا کیوں پسند کرتا ہے اس کو چاہیئے کہ وہ اپنے ہی جیسے لوگوں کے ساتھ سفر کرے (ض)

﴿باب ۴۷﴾

☼(الدعاء في الطريق)☼

۱ ـ عدّةٌ من أصحابنا، عن أحمد بن أبي عبدالله، عن أبيه، عن محمّد بن سنان، عن حذيفة بن منصور قال: صحبت أباعبدالله عليه السلام وهو متوجّه إلى مكّة فلمّا صلّى قال: «اللّهمّ خلّ سبيلنا و أحسن تسييرنا و أحسن عافيتنا» وكلّما صعد أكمة قال: «اللّهمّ لك الشرف على كلّ شرف».

۲ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن معاوية بن عمّار، عن أبي

عبدالله عليه السلام قال : كان رسول الله صلى الله عليه وآله في سفره إذا هبط سبّح وإذا صعد كبّر .

٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن قاسم الصيرفيّ ، عن حفص ابن القاسم قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : إنّ على ذروة كلّ جسر شيطان فإذا انتهيت إليه فقل : «بسم الله يرحل عنك» .

٤ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن أبان بن عثمان عن عيسى بن عبدالله القميّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قل : «اللّهمّ إنّي أسألك لنفسي اليقين والعفو والعافية في الدّنيا والآخرة ، اللّهمّ أنت ثقتي وأنت رجائي وأنت عضدي وأنت ناصري بك أحلّ وبك أسير» قال : ومن يخرج في سفر وحده فليقل : «ماشاء الله لا قوّة إلّا بالله ، اللّهمّ آنس وحشتي وأعنّي على وحدتي وأدّ غيبتي» .

٥ ـ أحمد بن أبي عبدالله ، عن محمّد بن عليّ ، عن عليّ بن حمّاد ، عن رجل ، عن أبي سعيد المكاريّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا خرجت في سفر فقل : «اللّهمّ إنّي خرجت في وجهي هذا بلا نقة منّي بغيرك ولا رجاء آوي إليه إلّا إليك ولا قوّة أتّكل عليها ولا حيلة ألجأ إليها إلّا طلب فضلك و ابتغاء رزقك وتعرّضاً لرحمتك و سكوناً إلى حسن عادتك وأنت أعلم بما سبق لي في علمك في سفري هذا ممّا أحبّ أو أكره فإنّما أوقعت عليه يا ربّ من قدرك فمحمود فيه بلاؤك ومنتصح عندي فيه قضاؤك وأنت تمحو ماتشاء وتثبت وعندك أمّ الكتاب ، اللّهمّ فاصرف عنّي مقادير كلّ بلاء و مقضيّ كلّ لأواء وابسط عليّ كنفاً من رحمتك و لطفاً من عفوك وسعة من رزقك وتماماً من نعمتك وجماعاً من معافاتك وأوقع عليّ فيه جميع قضائك على موافقة جميع هواي في حقيقة أحسن أملي وادفع ما أحذر فيه ومالا أحذر على نفسي و ديني و مالي ممّا أنت أعلم به منّي واجعل ذلك خيراً لآخرتي ودنياي مع ما أسألك يا ربّ أن تحفظني فيمن خلّفت ورائي من ولدي و أهلي و مالي و معيشتي و حزانتي و قرابتي وإخواني بأحسن ما خلّفت به غائباً من المؤمنين في تحصين كلّ عورة و حفظ من كلّ مضيعة وتمام كلّ نعمة وكفاية كلّ مكروه وستر كلّ سيّئة وصرف كلّ محذور وكمال كلّ ما يجمع لي الرّضا والسرور في جميع أموري وافعل ذلك بي بحقّ

محمد و آل محمد وصلّ علی محمد و آل محمد والسلام علیه وعلیهم و رحمة الله وبرکاته .

باب ۴۷

راستہ میں دعا

۱۔ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کے ساتھ سفر مکہ میں تھا آپ نے بعد نماز فرمایا یا اللہ راستہ خالی بنا دے اور ہمارا سفر اچھا بنا دے، ہم کو عافیت کے ساتھ پہنچا اور پہاڑوں کی چڑھائی کو آسان کر، تیرے لئے ہر قسم کی بلندی ہے۔ (فقیہ)

۲۔ فرمایا حضرت رسول خدا جب سفر میں سواری سے اترتے تو تسبیح کرتے ہوئے اور جب چڑھتے تو تکبیر کہتے ہوئے۔ (حسن)

۳۔ فرمایا ابو عبد اللہ علیہ السلام نے ہر پل کی چوٹی پر شیطان ہوتا ہے پس جب تم آخری حد پر پہنچو تو کہو شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جس نے مجھے تجھ کو پار کرایا۔ (مجول)

۴۔ فرمایا کہو یا اللہ میں تجھ سے اپنے لئے سوال کرتا ہوں یقین کا، عفو کا اور دنیا و آخرت میں عافیت کا یا اللہ تجھی پر میرا اعتماد ہے تو ہی میری امید ہے تجھی پر میرا بھروسہ ہے تو ہی میرا ناصر ہے تیری مدد ہی سے میں منزل پر اترتا ہوں، راستوں پر چلتا ہوں فرمایا جو سفر کرے تو یہ کہے۔ (دعائمں میں ہے حسن)

۵۔ فرمایا جب سفر کے لئے گھر سے نکلو تو یہ دعا پڑھو۔

:«اللّهم إنّي خرجت

في وجهي هذا بلا نقمة منّي بغيرك ولا رجاء آوي إليه إلّا إليك ولا قوّة أتّكل عليها ولا حيلة ألجأ إليها إلّا بك فلك فضلك و ابتغاء رزقك وتعرّضاً لرحمتك و سكوناً إلى حسن عادتك وأنت أعلم بما سبق لي في علمك في سفري هذا ممّا أحبّ أو أكره فإنّما أوقعت عليه يارب من قدرك فمحمود فيه بلاؤك ومنتصح عندي فيه قضاؤك وأنت تمحو ماتشاء وتثبت وعندك أمّ الكتاب ، اللّهمّ فاصرف عنّي مقادير كلّ بلاء و مقضيّ كلّ لأواء وابسط عليّ كنفاً من رحمتك و لطفاً من عفوك وسعة من رزقك وتماماً من نعمتك وجماعاً من معافاتك وأوقع عليّ فيه جميع قضائك على موافقة جميع هواي في حقيقة أحسن أملي وادفع ما أحذر فيه ومالا أحذر على نفسي و ديني و مالي ممّا أنت أعلم ، منّي واجعل ذلك خيراً لآخرتي ودنياي مع ما أسألك يا ربّ

أن تحفظني فيمن خلّفت ورائي من ولدي و أهلي و مالي و معيشتي و حزانتي و قرابتي وإخواني بأحسن ما خلّفت به غائباً من المؤمنين في تحصين كلّ عورة و حفظ من كلّ مضيعة وتمام كلّ نعمة وكفاية كلّ مكروه وستر كلّ سيّئة وصرف كلّ محذور وكمال كلّ ما يجمع لي الرّضا والسرور في جميع أموري وافعل ذلك بي بحقّ محمد و آل محمد وصلّ على محمد و آل محمد والسلام عليه وعليهم و رحمة الله وبركاته .

﴿ باب ۴۸ ﴾

✡(اشهر الحج)✡

۱ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمد بن أبي نصر ، عن مثنّى الحنّاط ، عن زرارة ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : « الحجّ أشهرٌ معلومات شوّال وذوالقعدة وذوالحجّة ليس لأحد أن يحجّ فيما سواهنّ .

۲ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان جميعاً عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام في قول الله عزّ و جلّ : «الحجّ أشهر معلومات فمن فرض فيهنّ الحجّ» و الفرض التلبية و الإشعار و التقليد فأيّ ذلك فعل فقد فرض الحجّ ولا يفرض الحجّ إلّا في هذه الشهور الّتي قال الله عزّ وجلّ «الحجّ أشهر معلومات» وهو شوّال وذوالقعدة وذوالحجة .

۳ ـ عليّ بن إبراهيم بإسناده قال : أشهر الحجّ شوّال و ذوالقعدة و عشر من ذي الحجّة وأشهر السياحة عشرون من ذي الحجّة والمحرّم و صفر و شهر ربيع الأوّل وعشر من شهر ربيع الآخر

باب ۴۸

ماہ حج

۱۔ فرمایا حج کے معلوم مہینے ہیں شوال، ذی قعدہ اور ذی الحجہ ان کے سوا کسی اور مہینے میں حج نہیں۔ (ض)

۲۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے آیہ الحج اشہر معلومات کے متعلق یہ اس کے لئے ہے جس پر ان ماہ میں حج فرض ہے اور فرض تلبیہ و اشعار اور تقلید ہے (یعنی احکام حج تلبیہ، احرام، طواف اور قربانی وغیرہ) اور جس نے ان افعال کو کیا اس نے فرض حج ادا کیا اور حج فرض نہیں ہوتا مگر ان مہینوں میں شوال، ذی قعدہ ذی الحجہ (حسن)

۳۔ فرمایا حج کے مہینے شوال، ذی قعدہ و ذی الحجہ ہیں اور ذی الحجہ کے ابتدائی دس دن حج کے ہیں اور آخری بیس دن اور محرم و صفر اور ربیع الاول اور ربیع الآخر کے بیس دن سیر و سیاحت کے ہیں (مرسل)

﴿باب ۴۹﴾

✡ الحج الاكبر والاصغر ✡

١ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن يوم الحجّ الأكبر ، فقال : هو يوم النّحر والحجّ الأصغر العمرة .

٢ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان ، عن ذريح ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الحجّ الأكبر يوم النّحر .

٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ و عليّ بن محمّد القاسانيّ جميعاً ، عن القاسم بن محمّد ، عن سليمان بن داود المنقريّ ، عن فضيل بن عياض قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن الحجّ الأكبر فإنّ ابن عبّاس كان يقول : يوم عرفة ، فقال أبوعبدالله عليه السلام : قال أمير المؤمنين صلوات الله عليه : الحجّ الأكبر يوم النحر ويحتجّ بقوله عزّ وجلّ : «فسيحوا في الارض أربعة أشهر» وهي عشرون من ذي الحجّة والمحرّم وصفر وشهر ربيع الأوّل وعشر من ربيع الآخر ولو كان الحجّ الأكبر يوم عرفة لكان أربعة أشهر و يوماً .

باب ۴۹

حج اکبر و اصغر

۱۔ میں نے حضرت سے روز حج کے متعلق پوچھا فرمایا حج اکبر روز قربانی ہے اور عمرہ حج اصغر ہے (حسن)

۲۔ فرمایا حج اکبر یوم قربانی ہے۔ (مجہول)

۳۔ فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے کہ ابن عباس نے بتایا تھا کہ حج اکبر یوم عرفہ ہے لیکن ایسا نہیں بلکہ وہ روز قربانی ہے اور دلیل بیان کی اس آیت سے کہ چلو پھرو زمین پر چار ماہ اور یہ چار ماہ ہوتے ہیں اس طرح ذی الحجہ کے بیس روز ایک مہینہ محرم کا، دوسرا صفر کا، تیسرا ربیع الاوّل کا اور دس دن ربیع الآخر کے اگر یوم عرفہ شامل ہو تو یہ چار ماہ ایک دن ہو جاتے ہیں۔ (رض)

﴿باب ۵﴾

☆(أصناف الحج)☆

۱۔ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : الحجّ ثلاثة أصناف حجّ مفرد و قران وتمتّع بالعمرة إلى الحجّ وبها أمر رسول الله صلى الله عليه وآله والفضل فيها ولا نأمر الناس إلّا بها .

۲ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان ، عن إسحاق بن عمّار ، عن منصور الصّيقل قال : قال أبوعبدالله عليه السلام : الحجّ عندنا على ثلاثة أوجه حاجٌّ متمتّع وحاجٌّ مفرد سائق للهدي وحاجٌّ مفرد للحجّ .

۳ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن أبي أيّوب الخزّاز قال : سألت أباعبدالله عليه السلام أيُّ أنواع الحجّ أفضل؟ فقال: التّمتّع وكيف يكون شيء أفضل منه و رسول الله صلى الله عليه وآله يقول : «لو استقبلت من أمري ما استدبرت لفعلت مثل مافعل النّاس » .

٤ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن محمّد بن عيسى ، عن يونس بن عبد الرحمن ، عن معاوية ابن عمّار قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : مانعلم حجّاً لله غير المتعة إنّا إذا لقينا ربّنا قلنا ربّنا عملنا بكتابك وسنّة نبيّك ويقول القوم : عملنا برأينا فيجعلنا الله وإيّاهم حيث يشاء .

٥ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر ، عن أبي جعفر الثّاني عليه السلام قال : كان أبوجعفر عليه السلام يقول : المتمتّع بالعمرة إلى الحجّ أفضل من المفرد السّائق للهدي وكان يقول : ليس يدخل الحاجّ بشيء أفضل من المتعة .

٦ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن إسماعيل بن مرّار ، عن يونس ، عن معاوية ،

عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من حجّ فليتمتّع إنّا لا نعدل بكتاب الله عزّ وجلّ و سنّة نبيّه صلى الله عليه و آله

۷ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمدبن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ؛ وابن أبي نجران ، عن صفوان الجمّال قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : إنّ بعض الناس يقول : جرّد الحجّ و بعض الناس يقول : أقرن وسق وبعض الناس يقول : تمتّع بالعمرة إلى الحجّ فقال : لو حججت ألف عام لم أقرنها إلّا متمتّعاً

۸ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن الحجّ فقال : تمتّع ثمّ قال : إنّا إذا وقفنا بين يدي الله عزّ و جلّ قلنا : يارب أخذنا بكتابك وسنّة نبيّك ، وقال : الناس رأينا برأينا .

۹ ـ أحمدبن محمّد ، عن عليّ بن حديد قال : كتب إليه عليّ بن ميسّر يسأله عن رجل اعتمر في شهر رمضان ثمّ حضر له الموسم أيحجّ مفرداً للحجّ أو يتمتّع ، أيّهما أفضل ؟ فكتب إليه يتمتّع أفضل .

۱۰ ـ محمّدبن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن ابن أبي عمير ، عن حفص بن البختريّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : المتعة والله أفضل وبها نزل القرآن و جرت السنّة .

۱۱ ـ محمّدبن يحيى ، عن أحمدبن محمّد ، عن أحمدبن محمّد بن أبي نصر قال : سألت أبا جعفر عليه السلام في السنة الّتي حجّ فيها وذلك في سنة اثنتى عشرة ومائتين فقلت : جعلت فداك بأيّ شيء دخلت مكّة مفرداً أو متمتّعاً ؟ فقال : متمتّعاً ، فقلت له : أيّما أفضل المتمتّع بالعمرة إلى الحجّ أو من أفرد وساق الهدي ؟ فقال : كان أبو جعفر عليه السلام يقول : المتمتّع بالعمرة إلى الحجّ أفضل من المفرد السائق للهدي و كان يقول : ليس يدخل الحاجّ بشيء أفضل من المتعة .

۱۲ ـ محمّدبن يحيى ، عن أحمدبن محمّد ، عن محمّدبن سنان ، عن ابن مسكان ، عن عبدالملك بن عمرو أنّه سأل أباعبدالله عليه السلام عن التمتّع بالعمرة إلى الحجّ فقال : تمتّع قال : فقضى أنّه أفرد الحجّ في ذلك العام أو بعده فقلت : أصلحك الله سألتك فأمرتني بالتمتّع

وأراك قد أفردت الحجّ العام فقال: أما والله إنّ الفضل لفي الّذي أمرتك به ولكنّي ضعيف فشقّ عليّ طوافان بين الصفا والمروة فلذلك أفردت الحجّ.

١٣ ـ عدّةٌ من أصحابنا، عن أحمد بن محمّد، عن الحسين بن سعيد، عن النضر بن سويد، عن يحيى الحلبيّ، عن عمّه عبيدالله [أنّه] قال: سأل رجل أباعبدالله عليه السلام وأنا حاضر فقال: إنّي اعتمرت في الحرم وقدمت الآن متمتّعاً فسمعت أباعبدالله عليه السلام يقول: نعم ماصنعت إنّا لانعدل بكتاب الله عزّ وجلّ و سنّة رسول الله صلى الله عليه وآله فإذا بعثنا ربّنا أوردنا على ربّنا قلنا: يا ربّ أخذنا بكتابك و سنّة نبيّك صلى الله عليه وآله و قال الناس: رأينا رأينا فصنع الله عزّ وجلّ بنا وبهم ماشاء.

١٤ ـ أحمد بن محمّد عن الحسين بن سعيد، عن النّضر بن سويد، عن درست، عن محمّد بن الفضل الهاشميّ قال: دخلت مع إخوتي على أبي عبدالله عليه السلام فقلنا: إنّا نريد الحجّ وبعضنا صرورة، فقال: عليكم بالتمتّع فإنّا لانتّقي في التمتّع بالعمرة إلى الحجّ سلطاناً واجتناب المسكر والمسح على الخفّين.

١٥ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن معاوية بن عمّار قال: قلت لأبي عبدالله عليه السلام: إنّي اعتمرت في رجب وأنا أريد الحجّ أفأسوق الهدي وأفرد الحجّ أو أتمتّع؟ فقال: في كلّ فضلٌ و كلّ حسن، قلت: فأيّ ذلك أفضل؟ فقال: تمتّع هو والله أفضل، ثمّ قال: إنّ أهل مكّة يقولون: إنّ عمرته عراقيّة وحجّته مكّيّة، كذبوا أو ليس هو مرتبطاً بحجّه لايخرج حتّى يقضيه، ثمّ قال: إنّي كنت أخرج لليلة أو لليلتين تبقيان من رجب فتقول: أمّ فروة أي أبه! إنّ عمرتنا شعبانيّة و أقول لها: أي بنيّة إنّها فيما أهللت و ليست فيما أحللت.

١٦ ـ عدّة من أصحابنا، عن سهل بن زياد، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر، عن صفوان الجمّال، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: من لم يكن معه هديٌ وأفرد رغبة عن المتعة فقد رغب عن دين الله عزّ وجلّ.

١٧ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن معاوية قال: قلت لأبي

عبدالله عليه السلام : إنّهم يقولون في حجة المتمتّع : حجّه مكيّة وعمرته عراقيّة ، فقال : كذبوا أو ليس هو مرتبطاً بحجّته لايخرج منها حتّى يقضي حجّته .

۱۸ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ، عن حريز ، عن عبدالملك ابن أعين قال : حجّ جماعة من أصحابنا فلمّا قدموا المدينة دخلوا على أبي جعفر عليه السلام فقالوا : إنّ زرارة أمرنا أن نهلّ بالحجّ إذا أحرمنا ، فقال لهم : تمتّعوا ، فلمّا خرجوا من عنده دخلت عليه فقلت : جعلت فداك إن لم تخبرهم بما أخبرت زرارة لنأتين الكوفة ولنصبحنّ به كذّاباً فقال : ردّهم فدخلوا عليه فقال : صدق زرارة ثمّ قال : أما والله لايسمع هذا بعد هذا اليوم أحدٌ منّي

باب ۵

اصناف حج

۱۔ فرمایا حج کی تین قسمیں ہیں حج مفرد، حج قران، حج تمتع، عمرہ حج کے ساتھ ہے اور رسول اللہ نے اسی کا حکم دیا ہے اور حضرت نے فرمایا لوگوں کو تم اسی کا حکم دو۔ (حسن)

۲۔ فرمایا ہمارے نزدیک حج تین قسم کا ہے حج تمتع، حج مفرد جس میں حاجی ہدی کو چلاتا ہے اور وہ جو مفرد الحج ہے۔ (مجہول)

۳۔ میں نے پوچھا کون سی قسم حج کی افضل ہے فرمایا حج تمتع اور کیونکہ کوئی شے اس سے افضل ہو سکتی ہے جس کے رسول اللہ نے فرمایا۔ اگر تو میرے حکم کا استقبال کرتا تو پیچھے کی طرف نہ ہٹتا اور اسی طرح کرتا جیسے لوگ کرتے ہیں (حسن)

۴۔ فرمایا حضرت نے ہم حج تمتع کے سوا اور کوئی حج نہیں جانتے، ہم خدا سے ملاقات کرتے ہیں یہ کہتے ہوئے، اے ہمارے رب ہم نے عمل کیا موافق کتاب خدا اور سنت نبی کے اور ہماری قوم کہتی ہے ہم نے عمل کیا اپنی رائے پر، پس خدا ہمارے اور ان کے درمیان جو چاہے فیصلہ کرے گا۔ (ح)

۵۔ فرمایا حضرت نے حج تمتع افضل ہے حج مفرد سے اور یہ بھی فرمایا حاجی کے لئے حج تمتع سے بہتر کوئی اور طریقہ نہیں۔ (ح)

۶۔ فرمایا ابو عبد اللہ علیہ السلام نے جو حج بیت اللہ کرے اسے چاہیے حج تمتع کرے۔ ہم کتاب خدا اور سنت رسول سے عدول نہیں کرتے۔ (مجہول)

۷۔ میں نے کہا کچھ لوگ کہتے ہیں حج مفرد کرو، کچھ کہتے ہیں حج قران کرو اور ہدی لے جاؤ، کچھ کہتے ہیں عمرہ کے ساتھ حج تمتع کرو فرمایا اگر تم ہزار برس تک حج کرو گے تو حج تمتع کی مثل نہ ہوں گے۔

۸۔ میں نے حضرت سے حج کے متعلق پوچھا۔ فرمایا حج تمتع کرو پھر فرمایا ہم جب پیش خدا حاضر ہوں گے تو کہیں گے پروردگارا ہم نے تیری کتاب اور تیرے نبی کی سنت سے اخذ کیا اور لوگ کہیں گے ہم نے اپنی رائے سے کیا۔ (حسن)

۹۔ پوچھا گیا کہ ایک شخص نے ماہ رمضان میں عمرہ کیا اس کے بعد جب موسم حج آئے تو حج مفرد کرے یا حج تمتع فرمایا حج تمتع افضل ہے (ض)

۱۰۔ فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے واللہ متعہ افضل ہے وہ مطابق قرآن و سنت ہے۔

۱۱۔ ۲۱۲ھ میں امام علیہ السلام نے حج کیا۔ میں نے اس کے بارے میں پوچھا آپ نے حج مفرد کیا تھا یا حج تمتع فرمایا حج تمتع، میں نے کہا آیا حج تمتع افضل ہے یا حج مفرد، فرمایا حج تمتع جو عمرہ کے ساتھ ہو حج مفرد سے بہتر ہے حاجی کے لئے اس سے بہتر صورت نہیں (ض)

۱۲۔ ابو عبداللہ علیہ السلام سے پوچھا حج تمتع کے متعلق فرمایا حج تمتع ہی کرنا چاہیئے اور فرمایا میں نے اس سال حج افراد کا ارادہ کیا ہے میں نے کہا اللہ آپ کی حفاظت کرے، جب میں نے سوال کیا تو آپ نے تمتع کا حکم دیا اور آپ خود حج مفرد کا ارادہ رکھتے ہیں فرمایا واللہ فضیلت اسی میں ہے جس کا میں نے حکم دیا ہے لیکن میں مکرر ہوں صفا و مروہ کے درمیان دو بار طواف کرنا میرے لئے دشوار ہے اس لئے میں حج افراد کرنا چاہتا ہوں۔ (ض)

۱۳۔ ایک شخص نے پوچھا میں نے حرم میں عمرہ کر لیا ہے اور اب حج تمتع کے لئے آیا ہوں فرمایا ہاں تم نے ایسا کر لیا ہم تو کتاب خدا اور سنت رسول سے ہٹنے والے نہیں، جب روز قیامت پیش خدا جائیں گے تو کہیں گے پروردگارا ہم نے تیری کتاب اور سنت کے مطابق عمل کیا اور وہ لوگ کہیں گے کہ ہم نے اپنی رائے سے عمل کیا پس اللہ ہمارے اور ان کے ساتھ جو چاہے گا کرے گا۔ (ض)

۱۴۔ ہم نے کہا ہمارا ارادہ حج کا ہے اور ہم میں سے مفلس ہیں فرمایا تم حج تمتع کرو، ہم تقیہ نہیں کرتے عمرہ حج میں سلطان کے ڈر سے اور اجتناب لازم ہے مسکرات سے اور موزوں پر مسح کرنے سے۔ (ض)

۱۵۔ میں نے کہا میں رجب میں عمرہ کر چکا ہوں اور اب حج کا ارادہ ہے پس میں ہدی لے جاؤں اور حج مفرد کروں فرمایا ہر ایک صورت افضل و بہتر ہے۔ میں نے کہا زیادہ بہتر کون سا طریقہ ہے۔ فرمایا تمتع، پھر فرمایا اہل مکہ کہتے ہیں کہ عمرہ عراقیہ ہے اور حج مکیہ ہے وہ جھوٹے ہیں کیا عمرہ حج سے ربط نہیں رکھتا جب اسے بجا لایا جائے پھر فرمایا ایک یا دو رات ماہ رجب کی باقی تھیں کہ میں گھر سے نکلا اُم فروہ نے کہا بابا ہمارا عمرہ تو شعبان میں ہوگا۔ میں نے کہا بیٹی میں احرام باندھ چکا ہوں اور میں محل نہیں ہوا۔ (ض)

۱۶۔ فرمایا جس کے ساتھ قربانی نہ ہو اور حج تمتع سے نفرت کرے حج افراد بجالائے تو اس نے دین خدا سے نفرت کی۔ (م)

۱۷۔ میں نے کہا لوگ کہتے ہیں حج مکی ہے اور عمرہ عراقی، فرمایا وہ جھوٹے ہیں کیا وہ مرتبط حج سے نہیں ہے۔ حج بغیر اس کے پورا نہیں ہوتا۔ (حسن)

۱۸۔ عبدالملک بن اعین نے بیان کیا۔ ہمارے اصحاب میں سے کچھ لوگوں نے حج کیا جب مدینہ آئے تو ابوجعفر علیہ السلام کی خدمت میں آئے اور کہا زرارہ نے ہمیں حکم دیا ہے کہ احرام کھول دیں۔ فرمایا فائدہ حاصل کرو، جب وہ لوگ چلے گئے تو راوی کہتا ہے میں حضرت کے پاس آیا اور میں نے کہا کیا آپ نے ان کو بتا دیا ہے جو زرارہ نے بتایا تھا تاکہ جب وہ کوفہ آئیں تو جھوٹ کو آگاہ کریں فرمایا ان کو واپس بلاؤ جب آئے تو فرمایا زرارہ نے سچ کہا ہے پھر فرمایا واللہ آج کے بعد پھر کوئی مجھ سے نہ سنے گا۔ (حسن)

نوٹ:۔ شیعہ عموماً حج تمتع کرتے ہیں اس حج میں پہلے عمرہ کے لئے احرام باندھا جاتا ہے اعمال عمرہ بجالانے کے بعد احرام کھول دیا جاتا ہے اور چونکہ جو چیزیں محرم پر حرام ہو جاتی ہیں ان سے فائدہ اٹھانے کا موقع مل جاتا ہے اس لئے اس کو حج تمتع کہتے ہیں عمرہ کے بجالانے کے بعد حج کے لئے دوبارہ احرام باندھا جاتا ہے سنی حضرات حج تمتع نہیں کرتے اور ایک ہی احرام سے حج و عمرہ دونوں کر لیتے ہیں رسول اللہ نے اسی قسم کا حج کیا تھا مگر حضرت عمر نے حج تمتع کو حرام کر دیا ان کا یہ قول مشہور ہے (متعتان کانتا فی عہد رسول اللہ و انا احرمہما (متعہ اور حج تمتع رسول اللہ کے زمانہ میں دونوں رائج تھے میں ان دونوں کو حرام کرتا ہوں۔

﴿باب ۵۱﴾

﴿ماعلی المتمتع من الطواف والسعی﴾

۱ ـ علیٌّ بن إبراهيم، عن أبيه؛ و محمّد بن إسماعيل، عن الفضل بن شاذان، عن ابن أبي عمير، وصفوان جميعاً، عن معاوية بن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: على المتمتّع بالعمرة إلى الحجّ ثلاثة أطواف بالبيت وسعيان بين الصّفا والمروة وعليه إذا قدم مكّة طواف بالبيت وركعتان عند مقام إبراهيم عليه السلام وسعي بين الصّفا والمروة ثم يقصّر وقد أحلّ هذا للعمرة وعليه للحجّ طوافان وسعي بين الصّفا والمروة ويصلّي عند كلّ طواف بالبيت ركعتين عند مقام إبراهيم عليه السلام.

۲ ـ عدّة من أصحابنا، عن أحمد بن محمّد، عن محمّد بن سنان، عن ابن مسكان، عن أبي بصير، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: المتمتّع عليه ثلاثة أطواف بالبيت وطوافان بين الصّفا

والمروة وقطع التلبية من متعته إذا نظر إلى بيوت مكّة و يحرم بالحجّ يوم التروية و يقطع التلبية يوم عرفة حين تزول الشمس.

٣ - عليّ بن إبراهيم، عن أبيه؛ ومحمّد بن إسماعيل، عن الفضل بن شاذان جميعاً، عن ابن أبي عمير، عن حفص بن البختريّ، عن منصور بن حازم، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: على المتمتّع بالعمرة إلى الحجّ ثلاثة أطواف بالبيت ويصلّي لكلّ طواف ركعتين وسعيان بين الصفا والمروة.

باب ۵۱

حج تمتع کا طواف اور سعی

۱۔ فرمایا حج تمتع کے عمرہ میں تین طواف بیت ہیں اور صفا و مروہ کے درمیان دو بار سعی اور یہ کہ جب وارد مکہ ہو تو خانۂ کعبہ کا طواف کرے اور مقام ابراہیم پر دو رکعت نماز پڑھے اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کرے حج کے عمرہ میں پس یہی ہے اور حج کے لئے دو طواف ہیں اور صفا و مروہ کے درمیان سعی اور ہر طواف بیت کے ساتھ نماز پڑھنا اور دو رکعت نماز مقام ابراہیم پر پڑھنا۔ (حسن)

۲۔ فرمایا تمتع کرنے والے پر تین طواف ہیں خانۂ کعبہ کے اور دو طواف ہیں صفا و مروہ کے درمیان اور جب مکہ کے مکانات نظر آئیں تو تلبیہ کو قطع کر دے اور حج کا احرام باندھے یوم ترویہ اور روز عرفہ وقت زوال آفتاب تلبیہ قطع کر دے۔ (حسن)

۳۔ فرمایا حج تمتع کا عمرہ کرنے والے پر تین طواف ہیں اور ہر طواف پر دو رکعت نماز اور صفا و مروہ کے درمیان سعی (حسن)

باب ۵۲

(صفة الاقران ومايجب على القارن)

١ - عليّ بن إبراهيم، عن أبيه؛ ومحمّد بن إسماعيل، عن الفضل بن شاذان، عن ابن أبي عمير، عن حفص بن البختريّ، عن منصور بن حازم، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: لايكون القارن إلّا بسياق الهدي وعليه طوافان بالبيت وسعي بين الصّفا والمروة كما يفعل المفرد ليس بأفضل من المفرد إلّا بسياق الهدي.

۲ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : القارن لايكون إلّا بسياق الهدي وعليه طواف بالبيت وركعتان عند مقام إبراهيم عليه السلام وسعي بين الصّفا والمروة وطواف بعد الحجّ وهوطواف النساء .

۳ ـ عليٌّ ، عن أبيه ، عن عبدالله بن المغيرة ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قلت له : إنّي سقت الهدي وقرنت ، قال : ولم فعلت ذلك التمتّع أفضل ، ثمّ قال : يجزئك فيه طواف بالبيت وسعي بين الصّفا والمروة واحد . وقال : طف بالكعبة يوم النحر .

باب ۵۲

حج قران اور قارن پر کیا واجب ہے

۱۔ فرمایا حضرت نے حج قران کرنے والے پر قربانی کرنا اور بیت اللہ کے دو طواف کرنا اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کرنا ہے۔ جیسا کہ حج مفرد والا کرتا ہے مفرد والے سوائے قربانی لے جانے کے اور کوئی فضیلت نہیں۔ (حسن)

۲۔ فرمایا حج قران کرنے والے پر ہدی کا لے جانا ہے اور بیت اللہ کا طواف اور دو رکعت نماز مقام ابراہیم پر اور صفا و مروہ کے درمیان سعی اور طواف النساء بعد الحج۔

۳۔ میں نے کہا میں حج قران کے لئے ہدی لے گیا فرمایا تو نے ایسا کیوں کیا۔ فرمایا تمتع افضل ہے پھر فرمایا کافی ہے تیرے لئے طواف بیت اور صفا و مروہ کے درمیان سعی ایک بار اور فرمایا روز قربانی کعبہ کا طواف کر۔ (حسن)

باب ۵۳

(صفة الاشعار والتقليد)

۱ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسن بن عليٍّ ، عن يونس بن يعقوب قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : إنّي قد اشتريت بدنة فكيف أصنع بها ؟ فقال : انطلق حتّى تأتي مسجد الشجرة فأفض عليك من الماء والبس ثوبيك ثمّ أنخها مستقبل القبلة ثمّ أدخل المسجد فصلّ ثمّ افرض بعد صلاتك ثمّ اخرج إليها فأشعرها من الجانب

الأيمن من سنامها ثمّ قل : « بسم الله اللّهمّ منك و لك اللّهمّ تقبّل منّي » ثمّ انطلق حتّى تأتي البيداء فلبّه .

٢ ـ الحسين بن محمد الأشعريّ ، عن معلّى بن محمد ، عن الحسن بن عليّ ، عن أبان ، عن محمد الحلبيّ قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن تجليل الهدي وتقليدها فقال : لاتبالي أيّ ذلك فعلت ، وسألته عن إشعار الهدي ، فقال : نعم من الشقّ الأيمن ، فقلت : متى نشعرها ؟ قال : حين تريد أن تحرم .

٣ ـ أبان ، عن عبدالرّحمن بن أبي عبدالله ؛ وزرارة قالا : سألنا أبا عبدالله عليه السلام عن البدن كيف تشعر ومتى يحرم صاحبها ومن أيّ جانب تشعر ومعقولة تنحر أو باركه ؟ فقال : تنحر معقولة وتشعر من الجانب الأيمن .

٤ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن ابن أبي نجران ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته ، عن البدن كيف تشعر ؟ قال : تشعر وهي معقولة وتنحر وهي قائمة ، تشعر من جانبها الأيمن ويحرم صاحبها إذا قلّدت وأشعرت .

٥ ـ عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمد بن أبي نصر ، عن جميل بن درّاج ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا كانت البدن كثيرة قام فيما بين ثنتين ثمّ أشعر اليمنى ثمّ اليسرى ولايشعر أبداً حتّى يتهيّأ للاحرام لأنّه إذا أشعر وقلّد و جلّل وجب عليه الإحرام وهي بمنزلة التلبية

٦ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : البدن تشعر من الجانب الأيمن و يقوم الرّجل في جانب الأيسر ثمّ يقلّدها بنعل خلق قد صلّى فيها .

باب ۵۳

صفت اشعار و تقلید

۱۔ میں نے کہا میں نے قربانی کا اونٹ خریدا ہے تو اب کیا کروں فرمایا اسے لے کر مسجد شجرہ تک جاؤ اور اپنے اوپر پانی

ڈالو اور اپنے دونوں کپڑے پہنو، پھر اپنی قربانی رو بقبلہ بٹھاؤ پھر مسجد میں جاؤ اور نماز پڑھو نماز کے بعد اپنا فرض پورا کرو، پھر قربانی کے پاس جاؤ اور پھر کہو یا اللہ یہ تیری طرف سے ہے اور تیرے لئے ہے یا اللہ میری طرف سے اسے قبول کر پھر چل کر بیدار میں آؤ (نام ہے جگہ کا) پھر تلبیہ کرو۔

۲۔ میں نے پوچھا ہدی کے ذبح کرنے اور قلادہ ڈالنے کے متعلق فرمایا اس کے متعلق زیادہ غور نہ کرو جس طرح چاہو کرو میں نے قربانی کے لٹانے کے متعلق پوچھا۔ فرمایا داہنی جانب کی طرف، میں نے کہا ایسا کب کیا جائے فرمایا جب احرام باندھنے کا ارادہ ہو۔ (ض)

۳۔ ہم دونوں نے حضرت سے بدنہ کے متعلق سوال کیا کیونکر لٹایا جائے اور اس کا مالک کب احرام باندھے اور کس جانب لٹائے ہاتھ پاؤں باندھ کر نحر کرے یا بٹھا کر، فرمایا باندھ کر نحر کیا جائے اور داہنی طرف لٹایا جائے۔ (ض)

۴۔ میں نے قربانی کے اونٹ کے متعلق پوچھا کیوں کر ذبح کیا جائے۔ فرمایا لٹا کر اور ہاتھ پاؤں باندھ کر اور کھڑا کر کے بھی نحر کر سکتے ہو اور لٹاؤ تو داہنی جانب لٹاؤ اور اس کا مالک احرام باندھے ہو جب کہ قلادہ باندھے اور نحر کرے۔ (ض)

۵۔ فرمایا حضرت نے جب بہت سی قربانیاں ہوں تو ابتدا کرو اس سے جس کے دو دانت ہوں اور پھر اسے داہنی طرف لٹاؤ پھر بائیں طرف بعد نحر لوٹا دو اور اس وقت تک نحر نہ کرو جب تک احرام نہ باندھو اور یہ بمنزلہ تلبیہ کے ہے۔ (ض)

۶۔ فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے بدنہ کو داہنی طرف لٹایا جائے اور نحر کرنے والا بائیں طرف ہو پھر اپنی پرانی جوتی کا جس میں نماز پڑھی ہو قلادہ ڈالے۔ (حسن)

﴿باب الافراد﴾

۱ ـ علیٌّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن معاوية بن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: المفرد بالحجّ عليه طواف بالبيت وركعتان عند مقام إبراهيم عليه السلام وسعي بين الصّفا والمروة وطواف الزيارة وهو طواف النساء وليس عليه هدي ولا أضحية قال: وسألته عن المفرد للحجّ هل يطوف بالبيت بعد طواف الفريضة قال: نعم ماشاء ويجدّد التلبية بعد الرّكعتين والقارن بتلك المنزلة يعقدان ما أحلّا من الطّواف بالتلبية.

باب ۵۴

حج افراد

۱۔ فرمایا حج افراد والے پر بیت اللہ کا طواف ہے اور مقام ابراہیم پر دو رکعت نماز اور صفا و مروہ کے درمیان سعی اور طواف الزیارت یعنی طواف النساء اس پر ہدی اور قربانی نہیں ہے۔ میں نے پوچھا کیا وہ طواف فریضہ کے بعد طواف بیت کرے۔ فرمایا ہاں اگر چاہے اور تجدید تلبیہ کرے بعد دو رکعتوں کے اور حج قران کرنے والا اس منزلت پر بیٹھے تو طواف اور تلبیہ سے محل نہ ہوگا۔

باب ۵۵

(فیمن لم ینو المتعة)

۱ ـ علي بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن رجل لبّى بالحجّ مفرداً فقدم مكة وطاف بالبيت وصلّى ركعتين عند مقام إبراهيم عليه السلام وسعى بين الصّفا والمروة قال : فليحل وليجعلها متعة إلّا أن يكون ساق الهدي .

مرسل ۲ ـ أحمد ، عن الحسن بن عليّ ، عن يونس بن يعقوب ، عمّن أخبره ، عن أبي الحسن عليه السلام قال : ماطاف بين هذين الحجرين الصّفا والمروة أحد إلّا أحلّ إلّا سائق الهدي .

باب ۵۵

جو نیت تمتع نہ کرے

۱۔ فرمایا جو حج مفرد کرنے کے لئے تلبیہ کرے اور مکہ آئے اور طواف بیت کرے اور مقام ابراہیم پر دو رکعت نماز پڑھے اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کرے فرمایا وہ محل ہو کر اب نیت تمتع کر کے قربانی لے جائے۔ (حسن)

۲۔ فرمایا حضرت نے جو طواف دو پتھروں یعنی صفا و مروہ کے درمیان کرے وہ نہیں محل ہوگا بغیر ہدی کے لے جائے (مرسل)

﴿ باب ٥٦ ﴾

✡(حج المجاورين وقطان مكة)✡

١ ـ عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمد بن أبي نصر ، عن عبد الكريم بن عمرو ، عن سعيد الأعرج ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : ليس لأهل سرف ولا لأهل مرّ ولا لأهل مكة متعة يقول الله عزّ وجلّ : « ذلك لمن لم يكن أهله حاضري المسجد الحرام » .

٢ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن عليّ بن الحكم ، عن عليّ بن أبي حمزة ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قلت : لأهل مكة متعة ؟ قال : لا ، ولا لأهل بستان ولا لأهل ذات عرق ولا لأهل عسفان و نحوها .

٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ، عن حريز ، عن أبي عبدالله عليه السلام في قول الله عزّ وجلّ : « ذلك لمن لم يكن أهله حاضري المسجد الحرام » قال : من كان منزله على ثمانية عشر ميلاً من بين يديها و ثمانية عشر ميلاً من خلفها وثمانية عشر ميلاً عن يمينها وثمانية عشر ميلاً عن يسارها فلامتعة له مثل مرّ و أشباهها .

٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن داود ، عن حمّاد قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن أهل مكة أيتمتّعون ؟ قال : ليس لهم متعةٌ ، قلت : فالقاطن بها قال : إذا أقام بها سنة أو سنتين صنع صُنع أهل مكة ، قلت : فإن مكث الشهر ؟ قال : يتمتّع ، قلت : من أين ؟ قال : يخرج من الحرم ، قلت : أين يهلّ بالحجّ ؟ قال : من مكة نحواً ممّا يقول الناس .

٥ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمد بن عبدالجبّار ، عن صفوان ، عن عبدالرّحمن بن الحجّاج قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : إنّي أريد الجوار فكيف أصنع ؟ قال : إذا رأيت الهلال هلال ذي الحجّة فاخرج إلى العقيق فأحرم منها بالحجّ ، فقلت له : كيف أصنع إذا دخلت مكة أقيم إلى يوم التّروية لأطوف بالبيت ؟ قال : تقيم عشراً لاتأتي الكعبة إنّ عشراً لكثير إنّ البيت ليس بمهجور ولكن إذا دخلت فطف بالبيت واسع بين الصّفا والمروة ، فقلت له : أليس كلّ من طاف بالبيت وسعى بين الصّفا والمروة

فقد أحلّ؟ قال: إنّك تعقد بالتلبية ثمّ قال: كلّما طفت طوافاً وصلّيت ركعتين فاعقد بالتلبية، ثمّ قال: إنّ سفيان فقيهكم أتاني فقال: ما يحملك على أن تأمر أصحابك يأتون الجعرانه فيحرمون منها؟ فقلت له: هو وقت من مواقيت رسول الله عليه السلام فقال: وأيّ وقت من مواقيت رسول الله عليه السلام هو؟ فقلت له: أحرم منها حين قسّم غنائم حنين ومرجعه من الطائف، فقال: إنّما هذا شيء أخذته من عبدالله بن عمر كان إذا رأى الهلال صاح بالحجّ، فقلت: أليس قد كان عندكم مرضيّاً قال: بلى و لكن أما علمت أنّ أصحاب رسول الله عليه السلام إنّما أحرموا من المسجد فقلت: إنّ أولئك كانوا متمتّعين في أعناقهم الدّماء وإنّ هؤلاء قطنوا بمكّة فصاروا كأنّهم من أهل مكّة وأهل مكّة لا متعة لهم فأحببت أن يخرجوا من مكّة إلى بعض المواقيت و أن يستغبّوا به أيّاماً فقال لي و أنا أخبره أنّها وقت من مواقيت رسول الله عليه السلام يا أباعبدالله فإنّي أرى لك أن لاتفعل فضحكت وقلت: ولكنّي أرى لهم أن يفعلوا، فسأل عبدالرّحمن عمّن معنا من النساء كيف يصنعن؟ فقال: لولا أنّ خروج النساء شهرة لأمرت الصّرورة منهنّ أن تخرج ولكن مر من كان منهنّ صرورة أن تهلّ بالحجّ في هلال ذي الحجة فأمّا اللّواتي قد حججن فإن شئن ففي خمس من الشهر وإن شئن فيوم التّروية فخرج و أقمنا فاعتلّ بعض من كان معنا من النساء الصرورة منهنّ فقدم في خمس من ذي الحجّة فأرسلت إليه أنّ بعض من معنا من صرورة النساء قد اعتللن فكيف تصنع؟ فقال: فلتنظر ما بينها و بين التروية فإن طهرت فلتهلّ بالحجّ و إلّا فلايدخل عليها يوم التروية إلّا وهي محرمة، و أمّا الأواخر فيوم التروية، فقلت: إنّ معنا صبيّاً مولوداً فكيف نصنع به؟ فقال: مر أمّه تلقي حميدة فتسألها كيف تصنع بصبيانها، فأتتها فسألتها كيف تصنع، فقالت: إذا كان يوم التروية فأحرموا عنه وجرّدوه وغسّلوه كما يجرّد المحرم وقفوا به المواقف فإذا كان يوم النّحر فارموا عنه وأحلقوا عنه رأسه ومري الجارية أن تطوف به بين الصفا و المروة، قال: و سألته عن رجل من أهل مكّة يخرج إلى بعض الأمصار ثمّ يرجع إلى مكّة فيمرّ ببعض المواقيت أله أن يتمتّع؟ قال: ما أزعم أنّ ذلك ليس له لوفعل وكان الإهلال أحبّ إليّ.

٦ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن إسماعيل بن مرّار ، عن يونس ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سمعته يقول : المجاور بمكّة سنة يعمل عمل أهل مكّة يعني يفرد الحجّ مع أهل مكّة وما كان دون السّنة فله أن يتمتّع .

٧ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن الحسن بن عليّ ، عن أبان بن عثمان ، عن سماعة ، عن أبي الحسن عليه السلام قال : سألته عن المجاور أله أن يتمتّع بالعمرة إلى الحجّ ؟ قال : نعم يخرج إلى مهلّ أرضه فيلبّي إن شاء .

٨ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ، عن حريز ، عمّن أخبره ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : من دخل مكّة بحجّة عن غيره ثمّ أقام سنة فهو مكّيٌّ فإذا أراد أن يحجّ عن نفسه أو أراد أن يعتمر بعد ما انصرف من عرفة فليس له أن يحرم بمكّة ولكن يخرج إلى الوقت وكلّما حوّل رجع إلى الوقت .

٩ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن صفوان ، عن أبي الفضل قال : كنت مجاوراً بمكّة فسألت أباعبدالله عليه السلام من أين أحرم بالحجّ ؟ فقال : من حيث أحرم رسول الله صلى الله عليه وآله من الجعرانة أتاه في ذلك المكان فتوح فتح الطائف وفتح خيبر و الفتح فقلت : متى أخرج ؟ قال : إن كنت صرورة فإذا مضى من ذي الحجّة يوم وإن كنت قد حججت قبل ذلك فإذا مضى من الشهر خمس .

١٠ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن إسماعيل بن مرّار ، عن يونس ، عن سماعة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : المجاور بمكّة إذا دخلها بعمرة في غير أشهر الحجّ في رجب أو شعبان أو شهر رمضان أو غير ذلك من الشهور إلّا أشهر الحجّ فإنّ أشهر الحجّ شوّال وذوالقعدة و ذوالحجّة من دخلها بعمرة في غير أشهر الحجّ ثمّ أراد أن يحرم فليخرج إلى الجعرانة فيحرم منها ثمّ يأتي مكّة ولا يقطع التّلبية حتّى ينظر إلى البيت ثمّ يطوف بالبيت ويصلّي الركعتين عند مقام إبراهيم عليه السلام ثمّ يخرج إلى الصّفا و المروة فيطوف بينهما ثمّ يقصّر و يحلّ ثمّ يعقد التلبية يوم التروية .

باب ۵۶

مجاوروں اور خادموں کا حج

۱۔ فرمایا مقام سرف (مکہ سے دس میل پر ایک گاؤں) کے رہنے والے، مرو کے رہنے والے اور مکہ والے حج تمتع نہ کریں گے جیسا کہ خدا فرماتا ہے یہ حکم ان کے لئے جو مسجد الحرام کے آس پاس رہنے والے نہیں۔ (ض)

۲۔ میں نے کہا کیا اہل مکہ کے لئے حج تمتع ہے فرمایا نہیں، نہ اہل بستان کے لئے نہ اہل ذات العرق کے لئے اور نہ اہل عسفان جیسوں کے لئے۔ (ض)

۳۔ میں نے اس آیت کا مطلب پوچھا۔ یہ حکم اس کے لئے نہیں ہے جس کے اہل مسجد الحرام میں موجود ہوں فرمایا مراد ہے وہ جس کا مکان ۸۰ میل مکہ کے سامنے ہو اتنا ہی اس کے پیچھے اور اٹھارہ میل داہنی طرف، اتنے ہی بائیں طرف ان کے لئے تمتع نہیں۔ (ض)

۴۔ میں نے پوچھا اہل مکہ حج تمتع کریں۔ فرمایا ان کے لئے تمتع نہیں ہے میں نے کہا خدام کے لئے کیا صورت ہے فرمایا اگر وہ سال دو سال رہیں تو ان کے لئے یہی صورت ہے جو اہل مکہ کے لئے ہے میں نے کہا اگر ایک ماہ قیام رہا ہو تو فرمایا ان کو حج تمتع کرنا چاہیئے۔ میں نے کہا یہ کیوں فرمایا وہ حرم سے خارج ہیں میں نے کہا وہ تلبیہ کہاں سے کریں فرمایا جس کو لوگ کنارہ شہر کہتے ہیں۔ (حسن)۔

۵۔ میں نے حضرت سے کہا میں جوار مکہ میں رہنے کا ارادہ رکھتا ہوں تو مجھے کیا کرنا چاہیئے فرمایا جب تم ذی الحجہ کا چاند دیکھو تو جعرانہ کی طرف جاؤ اور وہاں سے حج کا احرام باندھو، میں نے کہا جب میں مکہ میں داخل ہوں تو کیا کروں یوم ترویہ تک وہاں قیام کروں، خانۂ کعبہ کا طواف نہ کروں فرمایا دس دن رہ کر تم خانۂ کعبہ میں نہ آؤ گے دس دن تو بہت ہوتے ہیں خانۂ کعبہ کو چھوڑا نہیں جا سکتا بلکہ جب تم مکہ میں داخل ہو تو خانۂ کعبہ کا طواف کرو اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کرو۔ میں نے کہا میں وہ کل لباس پہنوں جو طواف اور سعی کے لئے پہنا جاتا ہے اور محل ہو جاؤں فرمایا تم ٹھہرو تلبیہ کے لئے، پھر فرمایا جب بھی تم کوئی طواف کرو دو رکعت نماز پڑھو تو تلبیہ کرو پھر فرمایا سفیان تمہارا فقیہہ میرے پاس آیا اور کہا آپ کس وجہ سے اپنے اصحاب کو جعرانہ جانے اور وہاں سے احرام باندھنے کا حکم دیتے ہیں، میں نے کہا یہ وقت مواقیت رسول اللہ سے۔ اس نے کہا یہ کیسے میں نے کہا رسول اللہ نے یہیں سے احرام باندھا تھا جب آپ نے غنائم حنین کی تقسیم کی تھی اور طائف سے لوٹے تھے اس نے کہا میں نے اس کو عبداللہ بن عمر سے لیا ہے کہ جب وہ چاند دیکھتے تھے حج کے لئے پکارتے تھے

میں نے کہا تو کیا تمہاری مرضی پر منحصر ہے اس نے کہا کیا آپ کو معلوم نہیں ہے کہ اصحاب رسولؐ مسجد سے احرام باندھتے تھے میں نے کہا وہ تمتع کرنے والے تھے اور ان کو قربانی دینی ہوتی تھی اور یہ لوگ مکہ میں خدمت گزار ہیں پس یہ مثل اہالی مکہ ہیں اور اہل مکہ کے لئے حج تمتع نہیں، پس میں نے ان کو خبردار کرنا چاہا کہ وہ مکہ سے نکل کر کسی میقات تک جائیں اور چند روز مکہ سے غائب رہیں اس نے کہا اور میں بتاؤں گا کہ میقات رسولؐ یہ ہے اے ابو عبداللہ مناسب یہ ہے کہ آپ ایسا نہ کریں میں نے ہنس کر کہا میں یہی مناسب سمجھتا ہوں کہ وہ ایسا کریں۔

عبدالرحمن نے کہا ہمارے ساتھ کچھ عورتیں ہیں ان کو کیا کرنا چاہیئے فرمایا اگر عورتوں کا میقات پر جانے کے لئے نکلنا باعث بدنامی نہ ہوتا تو میں حکم دیتا کہ بے پردہ غریب عورتیں نکلیں لیکن تم حکم دو کہ جوان میں ضرورہ ہیں وہ حج کا قصد کریں ذی الحجہ کا چاند دیکھ کر لیکن حج کر چکیں اگر وہ چاہیں تو پانچویں تاریخ اور چاہیں تو روز ترویہ ایسا کریں یہ فرما کر آپ چلے گئے اور ہم بھی اٹھ کھڑے ہوئے جو بے پردہ عورتیں (خدمتگارنیاں) ہمارے ساتھ تھیں ان میں سے بعض کو حیض آنے لگا جب حضرت پانچویں ذی الحجہ کو تشریف لائے تو میں نے کہلا کر بھیجا کہ بعض ضرورہ عورتیں حائض ہو گئی ہیں تو ہم کیا کریں فرمایا وہ یوم ترویہ تک انتظار کریں اور اگر طاہر ہو جائیں تو حج کی تیاری کریں ورنہ یوم ترویہ سے ان کا تعلق نہ ہوگا رہیں دوسری عورتیں وہ یوم ترویہ سے مناسک ادا کریں۔

میں نے کہا ہمارے ساتھ ایک نوزائیدہ بچہ بھی ہے اس کے لئے کیا کریں فرمایا اس کی ماں سے کہو کہ وہ حمیدہ سے ملے اور دریافت کرے۔ وہ آئی اور پوچھا انھوں نے کہا یوم ترویہ اس کی طرف سے احرام باندھو اور اسے نہلاؤ اور مواقف حج میں لے جاؤ جب روز قربانی آئے تو اس کی طرف سے رمی جمرات کرو اس کا سر منڈواؤ اور کنیز کو حکم دو کہ صفا و مروہ کے درمیان اس کی طرف سے سعی کرے۔

میں نے کہا ایک شخص گھر سے نکل کر بعض شہروں میں گیا پھر مکہ کی طرف لوٹا اور بعض مقامات حج کی طرف سے گزرا تو کیا وہ حج تمتع کر سکتا ہے فرمایا تو کیا اس کا گمان ہے کہ اگر وہ ایسا کرے گا تو اس کا ثواب نہ ملے گا میں پسند کرتا ہوں اس کو کہ وہ اس کا تہیہ کرے۔ (۴)

۶۔ فرمایا مکہ میں جو ایک سال رہے اس کو اہل مکہ کی طرح حج افراد کرنا چاہیئے اور جو اس سے کم رہے اسے حج تمتع کرنا ہوگا۔ (مجہول)

۷۔ میں نے پوچھا مکہ میں عارضی رہنے والوں کے متعلق کہ کیا وہ حج تمتع کرے فرمایا۔ ہاں وہ میقات پر جائے اور اگر چاہے تو تلبیہ کرے۔ (ض)

۸۔ فرمایا جو مکہ میں داخل ہوا اور وہ اپنے غیر کی طرف سے حج کرے پھر ایک سال مکہ میں رہے تو وہ مکی ہے اب اگر اپنی طرف سے حج کا ارادہ کرے یا عرفہ سے لوٹتے ہوئے عمرہ بجالائے تو اس کے لئے مکہ سے احرام باندھنا ضروری

لیکن وقت پر نکلے اور جب لوٹے تو وقت پر (مرسل)

۹۔ میں نے کہا میں مکہ میں مجاورین مکہ سے ہوں تو میں کہاں سے احرام باندھوں فرمایا جہاں سے رسول اللہ نے باندھا یعنی جعرانہ سے، وہ فتح طائف و مکہ کے بعد اس مقام پر پہنچے تھے۔ میں نے کہا میں مکہ سے باہر جاؤں فرمایا اگر تم مالدار نہیں ہو تو جب ذی الحجہ کا ایک دن گزر جائے تو نکلو اور اگر اس سے پہلے حج کر چکے ہو تو ذی الحجہ کے پانچ دن گزرنے کے بعد نکلو۔ (م)

۱۰۔ فرمایا مکہ کا مجاور جب عمرہ کرے حج کے مہینوں کے علاوہ رجب، شعبان یا رمضان میں کہ یہ مہینے حج کے مہینوں کے علاوہ ہیں حج کے مہینے شوال، ذیقعدہ اور ذی الحجہ ہیں

علاوہ حج کے مہینوں کے اگر احرام کا ارادہ کرے تو اسے چاہیے کہ جعرانہ جائے اور وہاں سے احرام باندھے پھر مکہ آئے اور جب تک بیت اللہ نظر نہ آئے تلبیہ کو قطع نہ کرے پھر خانہ کعبہ کا طواف کرے پھر صفا و مروہ کے درمیان سعی کرے اور تقصیر کے بعد محل ہو جائے پھر یوم ترویہ تلبیہ کرے۔ (مجہول)

﴿باب ۵۷﴾

✿(حج الصبيان والمماليك)✿

۱۔ عدّةٌ من أصحابنا، عن سهل بن زياد، عن أحمد بن محمد بن أبي نصر، عن مثنّى الحنّاط، عن زرارة، عن أحدهما عليهما السلام قال: إذا حجّ الرّجل بابنه وهو صغير فإنّه يأمره أن يلبّي ويفرض الحجّ فإن لم يحسن أن يلبّي لبّى عنه ويطاف به ويصلّي عنه قلت: ليس لهم ما يذبحون، قال: يذبح عن الصّغار ويصوم الكبار ويتّقى عليهم ما يتّقى على المحرم من الثّياب والطّيب فإن قتل صيداً فعلى أبيه.

۲۔ أحمد بن محمد بن أبي نصر، عن عبدالكريم، عن أيّوب أخي أديم قال: سئل أبوعبدالله عليه السلام من أين يجرّد الصّبيان؟ فقال: كان أبي يجرّدهم من فخّ.

۳۔ محمد بن يحيى، عن الحسن بن عليّ، عن يونس بن يعقوب، عن أبيه، قال: قلت لأبي عبدالله عليه السلام: إنّ معي صبية صغاراً وأنا أخاف عليهم البرد فمن أين يحرمون؟ قال: ائت بهم العرج فيحرموا منها فإنّك إذا أتيت العرج وقعت في تهامة ثمّ قال: فإن خفت عليهم فأت بهم الجحفة.

۴۔ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن معاوية بن عمّار، عن أبي

عبدالله عليه السلام قال : انظروا من كان معكم من الصّبيان فقدّموه إلى الجحفة أو إلى بطن مرّ ويصنع بهم مايصنع بالمحرم و يطاف بهم ويرمى عنهم ومن لايجد منهم هدياً فليصم عنه وليّه وكان عليّ بن الحسين عليهما السلام يضع السكّين في يد الصّبيّ ثمّ يقبض على يديه الرّجل فيذبح .

٥ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن محبوب ، عن الفضل بن يونس ، عن أبي الحسن عليه السلام قال : ليس على المملوك حجّ ولا عمرة حتّى يعتق .

٦ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان ، عن إسحاق بن عمّار قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن غلمان لنا دخلوا معنا مكّة بعمرة و خرجوا معنا إلى عرفات بغير إحرام قال : قل لهم يغتسلون ثمّ يحرمون و اذبحوا عنهم كما تذبحون عن أنفسكم .

٧ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد ، عن حريز ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كلّ ما أصاب العبد وهو محرم في إحرامه فهو على السيّد إذا أذن له في الإحرام .

٨ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن القاسم بن محمّد ، عن عليّ بن أبي حمزة ، عن أبي إبراهيم عليه السلام قال : سألته عن غلام لنا خرجت به معي وامرته فتمتّع و أهلّ بالحجّ يوم التروية ولم أذبح عنه ، أله أن يصوم بعد النفر وقد ذهبت الأيّام الّتي قال الله عزّ وجلّ ؟ فقال : ألاكنت أمرته أن يفرد الحجّ ؟ قلت : طلبت الخير ، فقال : كما طلبت الخير فاذبح شاة سمينة وكان ذلك يوم النّفر الأخير .

٩ ـ عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر ، عن سماعة أنّه سئل عن رجل أمر غلمانه أن يتمتّعوا ، قال : عليه أن يضحي عنهم ، قلت : فإنّه أعطاهم دراهم فبعضهم ضحى وبعضهم أمسك الدّراهم وصام ؟ قال : قد أجزء عنهم وهو بالخيار إن شاء تركها ، قال : ولو أنّه أمرهم وصاموا كان قد أجزء عنهم .

باب ۵

بچّوں اور غلاموں کا حج

۱۔ فرمایا جب کوئی اپنے بیٹوں کے ساتھ حج کرے اور وہ بچہ ہو تو اسے "تلبیہ" کرنے کو کہے اور اگر وہ نہ کہہ سکے تو کوئی اس کی طرف سے کہے اور اس کی طرف سے طواف کرے اور نماز پڑھے۔ میں نے کہا کیا یہ نہیں کہ وہ ذبح کریں فرمایا چھوٹوں کی طرف سے ذبح کریں اور ان کے لئے وہی ہے کپڑوں اور خوشبو کے متعلق جو محرم کے لئے ہے اگر وہ کوئی شکار کرے گا تو کفارہ باپ پر ہوگا۔

۲۔ کسی نے پوچھا لڑکے کہاں سے احرام کے لئے کپڑے اتاریں فرمایا میرے والد مقام نخ سے کپڑے اتروا تے تھے۔

۳۔ میں نے کہا میرے ساتھ چھوٹی بچیاں ہیں میں ان کو ٹھنڈ لگنے سے ڈرتا ہوں پس کہاں سے احرام بندھواؤں فرمایا ان کو مقام عرج میں لاؤ اور وہاں سے احرام باندھو جب تم عرج تک پہنچو گے تو تم سے پہنچ گئے۔ پھر فرمایا اگر بچوں کے بیمار ہونے کا خوف ہو تو انھیں حجفہ لے آؤ۔ (مجہول)

۴۔ فرمایا ابو عبداللہؑ نے جو بچے تمہارے ساتھ ہوں ان کو مہلت دو اور حجفہ تک یا بطن مرو تک لاؤ اور ان کے لئے وہی ہے جو ایک محرم کے لئے ہوتا ہے ان کی طرف سے رمی جمرات کی جائے اور جو قربانی نہ کر سکے تو روزہ رکھے اس کی طرف سے اس کا ولی، حضرت علی بن الحسینؑ بچہ کے ہاتھ میں چاقو دے دیتے تھے اور کوئی اس کے قبضہ کو پکڑ کر ذبح کر دیتا تھا۔

۵۔ فرمایا حضرت نے غلام جب تک آزاد نہ ہو نہ اس پر حج ہے نہ عمرہ (موثق)

۶۔ میں نے کہا چند لڑکے ہمارے ساتھ مکہ میں داخل ہوئے اور ہمارے ساتھ بغیر احرام عرفات میں آگئے۔ فرمایا ان سے کہو نہائیں پھر احرام باندھیں اور ان کی طرف سے تم اسی طرح قربانی کرو جیسے اپنی طرف سے کرتے ہو (موثق)

۷۔ فرمایا بحالت احرام غلام کو جو ضرورت پیش آئے گی وہ اس کے آقا کو پیش آئے گی بشرطیکہ اس کے اذن سے احرام باندھا ہو۔ (حسن)

۸۔ میں نے کہا میرا ایک لڑکا ہے میں اس کے ساتھ حج کو نکلا، میں نے اس کو تمتع کا حکم دیا اس نے ہلہلہ حج کیا روز ترویہ لیکن میں نے اس کی طرف سے ذبح نہیں کیا، تو کیا وہ روزہ رکھے منیٰ سے چلے آنے کے بعد، حالانکہ وہ وقت گزر چکا جس کا حکم خدا نے دیا ہے فرمایا اگر تم نے حکم دیا ہے حج مفرد کا۔ میں نے کہا میں نے طلب خیر کیا ہے فرمایا طلب خیر کیا ہے تو ایک موٹی تازی بکری ذبح کرو یہ منیٰ کا آخری دن ہوگا۔ (ض)

۹- میں نے کہا ایک شخص نے اپنے چند لڑکوں کو تمتع کرنے کا حکم دیا۔ فرمایا اس پر لازم ہے کہ ان کی طرف سے قربانی کرے۔ میں نے کہا اس نے ان کو روپے دے دیئے تھے ان میں سے بعض نے قربانی کی بعض نے روپے روک لئے اور روزہ رکھ لیا فرمایا یہ ان کے لئے کافی ہے انھیں اختیار ہے قربانی ترک کرنے کا اگر اس نے ان کو روزہ رکھنے کا حکم دیا ہے تو یہ ان کے لئے کافی ہے۔ (ض)

﴿ باب ۵ ﴾

☆(الرجل يموت صرورة أو يوصي بالحج)☆

۱ - عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام في رجل توفّي و أوصى أن يحجّ عنه قال : إن كان صرورة فمن جميع المال إنّه بمنزلة الدّين الواجب و إن كان قد حجّ فمن ثلثه و من مات ولم يحجّ حجّة الإسلام ولم يترك إلّا قدر نفقة الحمولة وله ورثة فهم أحقّ بماتركه فإن شاؤوا أكلوا وإن شاؤوا [أ]حجّوا عنه .

۲ - عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن سعد بن أبي خلف قال : سألت أباالحسن موسى عليه السلام عن الرّجل الصّرورة يحجّ عن الميّت ؟ قال : نعم إذا لم يجد الصرورة ما يحجّ به عن نفسه فإن كان له ما يحجّ به عن نفسه فليس يجزى، عنه حتّى يحجّ من ماله وهي تجزى، عن الميّت إن كان للصّرورة مال و إن لم يكن له مال .

۳ - أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن إسحاق بن عمّار قال : سألته عن الرّجل يموت ويوصي بحجّة فيعطى رجلٌ دراهم يحجّ بها عنه فيموت قبل أن يحجّ ثمّ أعطى الدّراهم غيره قال : إن مات في الطريق أو بمكّة قبل أن يقضي مناسكه فإنّه يجزى، عن الأوّل ؟ قلت : فإن ابتلي بشيء يفسد عليه حجّه حتّى يصير عليه الحجّ من قابل أيجزى، عن الأوّل ؟ قال : نعم ، قلت : لأنّ الأجير ضامن للحجّ ؟ قال : نعم .

۴ - عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن الحسين بن عثمان ، عمّن ذكره ، عن أبي عبدالله عليه السلام في رجل أعطى رجلاً ما يحجّه فحدث بالرّجل حدث ؛

فقال : إن كان خرج فأصابه في بعض الطريق فقد أجزت عن الأوّل و إلّا فلا .

۵ - محمد بن يحيى ، عن محمد بن الحسين ، عن علي بن النعمان ، عن سويد القلاء ، عن أيّوب ، عن بريد العجليّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته عن رجل استود عني مالاً فهلك و ليس لولده شيء و لم يحجّ حجّة الإسلام قال : حجّ عنه و ما فضل فأعطهم .

باب ۵۲

ایک شخص بغیر حج کئے مرجاتا ہے اور وصیت حج کرجاتا ہے

۱- فرمایا اس شخص کے متعلق جو مرجاتا ہے اور حج کی وصیت کرجائے تو اگر اس نے اب تک حج نہیں کیا ہے تو اس کے تمام مال سے خرچ حج بطور قرض واجب دینا ہوگا اور اگر حج کرلیا ہے تو ثلث مال سے دینا ہوگا اور جو بغیر حج کئے مرجائے اور اس نے بقدر نفقہ چھوڑا ہو اور اس کے وارث بھی ہوں تو انھیں اختیار ہوگا چاہے کھالیں چاہے اس کے بدلے کا حج کرادیں۔ (حسن)

۲- میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا جو ضرورہ ہو (یعنی جس نے حج نہ کیا ہو) وہ میت کی طرف سے حج کرے فرمایا ہاں جب تک اس کو اتنا مال نہ ملے کہ وہ اپنی طرف سے حج کرے اگر اس کے پاس اتنا مال ہو کہ اپنے لئے حج کرسکے تو دوسرے کے لئے حج کرنا اس کے لئے کافی نہ ہوگا ہاں میت کے لئے کافی ہوجائے گا چاہے حج کرنے والے کے پاس مال ہو یا نہ ہو۔ (صحیح)

۳- میں نے کہا ایک شخص مرتے وقت حج کی وصیت کرتا ہے پس ایک شخص کو حج کے لئے پیسے دیئے جاتے ہیں وہ حج کرنے سے پہلے مرجاتا ہے پھر وہ پیسے دوسرے کو دیتا ہے فرمایا اگر وہ راستہ میں مرا یا مکہ میں مناسک حج ادا کرنے سے پہلے مرا ہے تو یہ شخص اوّل کے حج کے لئے کافی ہوگا۔ میں نے کہا اگر وہ کسی مصیبت میں مبتلا ہو اور اس سال حج کو نہ جاسکے اور اگلے سال حج کرے تو یہ شخص اوّل کے لئے کافی ہوجائے گا فرمایا ہاں، میں نے کہا اس لئے کہ اجیر ضامن ہوتا ہے فرمایا ہاں۔ (موثق)

۴- میں نے کہا ایک شخص نے کسی کو حج کے لئے پیسے دیئے اسے کوئی حادثہ پیش آگیا فرمایا اگر حج کے راستہ میں پیش آیا ہے تو شخص اوّل کے حج کے لئے کافی ہے۔ ورنہ نہیں (مرسل)

۵- میں نے کہا ایک شخص نے مجھے کچھ مال سونپا اور اس کی اولاد کے پاس کچھ نہیں اور مرنے والے نے حج نہیں کیا تھا

فرمایا اس کی طرف سے حج کرادیا جائے اور جو بچے اس کی اولاد کو دے دیا جائے۔ (م)

﴿باب ۵۹﴾

☆(المرأة تحج عن الرجل)☆

١ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن الحسن بن محبوب ، عن ابن رئاب ، عن مصادف ، عن أبي عبدالله عليه السلام في المرأة تحجّ عن الرّجل الصّرورة فقال : إن كانت قد حجّت وكانت مسلمة فقيهة فربّ امرأة أفقه من رجل .

٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام الرّجل يحجّ عن المرأة والمرأة تحجّ عن الرّجل ؟ قال : لا بأس .

٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن أبي أيّوب قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : امرأة من أهلنا مات أخوها فأوصى بحجّة وقد حجّت المرأة ، فقالت: إن صلح حججت أنا عن أخي و كنت أنا أحقّ بها من غيري ؟ فقال أبوعبدالله عليه السلام : لا بأس بأن تحجّ عن أخيها و إن كان لها مال ، فلتحجّ من مالها فإنّه أعظم لأجرها .

٤ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن فضالة بن أيّوب ، عن رفاعة ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّه قال : تحجّ المرأة عن أخيها وعن أختها . وقال : تحجّ المرأة عن ابنها .

باب ۵۹

عورت کا مرد کی طرف سے حج کرنا

۱۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے عورت اس مرد کی طرف سے جس نے حج نہیں کیا، کرسکتی ہے فرمایا اگر اس عورت نے حج نہ کیا ہو اور وہ مسلمان جو مسائل دین سے واقف ہو، بعض عورتیں مرد سے زیادہ فقیہہ ہوتی ہیں (م)

۲۔ فرمایا کوئی حرج نہیں اگر مرد عورت کے بدلے اور عورت مرد کے بدلے حج کرے۔ (حسن)

۳۔ میں نے کہا ہمارے خاندان میں ایک عورت کا بھائی مرگیا۔ اس نے حج کی وصیت کی اور عورت حج کرچکی ہے اس نے

کہا اگر حالات درست ہوئے تو میں اپنے بھائی کی طرف سے حج کروں گی۔ میں بہ نسبت دوسرے کے زیادہ حقدار ہوں حضرت نے فرمایا کیا حرج ہے وہ اپنے بھائی کی طرف سے حج کرے اور اگر مالدار ہو تو اپنے مال سے کرے کہ اس کا بڑا اجر ہے۔ (صحیح)

۴۔ فرمایا عورت حج کر سکتی ہے اپنے بھائی بہن اور بیٹے کی طرف سے۔ (موثق)

﴿باب﴾

﴿من يعطى حجة مفردة فيتمتع أو يخرج من غير الموضع الذي يشترط﴾

۱ - محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن ابن محبوب ، عن هشام بن سالم ، عن أبي بصير ، عن أحدهما عليهما السلام في رجل أعطى رجلاً دراهم يحجّ بها عنه حجّة مفردة أيجوز له أن يتمتّع بالعمرة إلى الحجّ ؟ فقال : نعم ، إنّما خالفه إلى الفضل .

۲ - عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن ابن محبوب ، عن علي بن رئاب ، عن حريز قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن رجل أعطى رجلاً حجّة يحجّ بها عنه من الكوفة فحجّ عنه من البصرة ، قال : لا بأس إذا قضى جميع مناسكه فقد تمّ حجّه .

باب ۶۷

کیا جس کو حج مفرد کے لئے روپیہ دیا گیا ہے حج تمتع کر سکتا ہے

۱۔ پوچھا گیا کہ ایک شخص نے حج تمتع کے کسی کو روپے دیئے آیا اس کے لئے جائز ہے کہ حج تمتع کرے فرمایا ہاں لیکن یہ فضیلت کے خلاف ہے (جس حج کو کہا تھا وہی کرنا چاہیئے تھا۔) (صحیح)

۲ میں نے پوچھا اس شخص کے بارے میں جس نے ایک شخص کو اپنا حج ادا کرنے پر اس شرط پر مقرر کیا کہ وہ کوفہ سے جائے مگر وہ بصرہ سے گیا۔ فرمایا کوئی حرج نہیں اگر اس نے پورے مناسک ادا کر لئے تو اس کا حج پورا ہو گیا۔ (موثق)

﴿باب﴾

﴿من يوصى بحجة فيحج عنه من غير موضعه او يوصى﴾

﴿بشيء قليل في الحج﴾

۱ - عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمد بن أبي نصر ، عن

زكريّا بن آدم قال : سألت أبا الحسن عليه السلام عن رجل مات و أوصى بحجّة أيجوز أن يحجّ عنه من غير البلد الّذي مات فيه ؟ فقال : ما كان دون الميقات فلابأس .

٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن صالح بن السنديّ ، عن جعفر بن بشير ، عن أبان بن عثمان ، عن عمر بن يزيد قال : قال أبوعبدالله عليه السلام في رجل أوصى بحجّة فلم تكفه من الكوفة : إنّها تجزىء حجّته من دون الوقت .

٣ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمدبن محمّد ، عن أحمدبن محمّدبن أبي نصر ، عن محمّدبن عبدالله قال : سألت أباالحسن الرّضا عليه السلام عن الرّجل يموت فيوصي بالحجّ من أين يحجّ عنه ؟ قال : على قدر ماله إن وسعه ماله فمن منزله و إن لم يسعه ماله من منزله فمن الكوفة فإن لم يسعه من الكوفة فمن المدينة .

٤ ـ أحمدبن محمّد ، عن ابن محبوب ، عن ابن رئاب ، عن أبي عبدالله عليه السلام في رجل أوصى أن يحجّ عنه حجّة الإسلام فلم يبلغ جميع ماترك إلّا خمسين درهماً قال : يحجّ عنه من بعض الأوقات الّتي وقّتها رسول الله صلى الله عليه وآله من قرب .

٥ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن محمّد بن سنان ـ أوعن رجل عن محمّد بن سنان ـ عن ابن مسكان ، عن أبي سعيد ، عمّن سأل أباعبدالله عليه السلام عن رجل أوصى بعشرين درهماً في حجّة ؟ قال : يحجّ بها رجل من موضع بلغه .

باب ٦٢

جو حج کے لئے وصیّت کرے

۱۔ میں نے کہا ایک شخص مرگیا اور حج کی وصیت کی علاوہ اس شہر سے چلنے کے جس میں مرا ہے فرمایا اگر میقات کے پاس ہو تو کوئی حرج نہیں۔ (ف)

۲۔ فرمایا اس شخص کے بارے میں جو وصیت کرے حج کی لیکن جو خرچ کو دے وہ کوفہ سے پورا نہ ہو فرمایا قریب کے میقات سے اگر احرام باندھے گا تو حج پورا ہو جائے گا۔ (مجہول)

۳۔ امام علیہ السلام سے پوچھا اس شخص کے بارے میں جو مرتے وقت حج کی وصیت کرے تو کہاں سے حج کے لئے چلنا

چاہیئے فرمایا جتنی اس کے مال میں گنجائش ہو اگر نہ ہو تو کوفہ سے سفر کرے ورنہ مدینہ سے۔ (مجہول)

۴۔ حضرت سے اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا جس نے حج کرنے کی وصیت کی لیکن اس کا کل ترکہ پچاس درہم سے زیادہ نہیں ہوتا فرمایا میقاتوں میں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بتائے ہیں جو سب سے زیادہ قریب ہو اس سے حج کرے۔ (م)

۵۔ میں نے کہا ایک شخص نے حج کے لئے بیسل درہم کی وصیت کی۔ فرمایا اس مقام سے حج کو جائے جو اس سفر کے لئے رقم کافی ہو (ض)

﴿باب ۶۲﴾

﴿الرجل يأخذ الحجة فلاتكفيه اويأخذها فيدفعها الي غيره﴾

۱ ـ محمد بن يحيى، عن أحمد بن محمد، عن محمد بن إسماعيل قال: أمرت رجلاً يسأل أباالحسن عليه السلام عن الرّجل يأخذ من رجل حجّة فلاتكفيه أله أن يأخذ من رجل أخرى ويتّسع بها و يجزيه عنهما جميعاً أويشركهما جميعاًإن لم تكفه إحديهما؟ فذكر أنّه قال: أحبّ إليّ أن تكون خالصة لواحد فإن كانت لاتكفيه فلايأخذها.

۲ ـ عدّة من أصحابنا، عن سهل بن زياد، عن يعقوب بن يزيد، عن جعفر الأحول، عن عثمان بن عيسى قال: قلت لأبي الحسن الرّضا عليه السلام: ماتقول في الرّجل يعطي الحجّة فيدفعها إلي غيره، قال: لا بأس به.

۳ ـ أبوعليّ الأشعريّ، عن أحمد بن محمد، عن حسن بن أحمد، عن أبان، عن عمر ابن يزيد قال: قلت لأبي عبدالله عليه السلام: رجلٌ أوصى بحجّة فلم تكفه، قال: فيقدّمها حتّى يحجّ دون الوقت.

باب ۶۳

اگر سفر حج کے لئے جو رقم لی ہے وہ کافی نہ ہو

میں نے اس شخص کے متعلق پوچھا جو حج بدل کا سفر خرچ کسی سے لے مگر وہ پورا نہ ہو تو یقیہ دوسرے سے لے اور خرچ پورا کرے تو یہ دونوں کے لئے کافی ہو گا یا درصورت کافی نہ ہونے کے دونوں کو شریک کرے فرمایا میں تو

اسی کو دوست رکھتا ہوں کہ ایک ہی کے لئے ہو اگر خرچ پورا نہ دے تو لے ہی نہیں۔ (مرسل)

۲۔ میں نے امام رضا علیہ السلام سے پوچھا آپ کیا کہتے ہیں اس کے لئے جو کسی کا حج لیتا ہے اور پھر دوسرے کو دے دیتا ہے فرمایا کیا حرج ہے۔ (ض)

۳۔ میں نے کہا ایک شخص نے وصیت کی حج کی لیکن خرچ کے لئے مال کافی نہیں، فرمایا دوسرے وقت کے لئے رکھا جائے۔ (مجہول)

﴿باب ۶۳﴾

﴿الحج عن المخالف﴾

۱ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن وهب بن عبد ربّه قال: قلت لأبي عبدالله عليه السلام: أيحجّ الرّجل عن النّاصب فقال: لا، فقلت: فإن كان؟ أبي قال: [فإن كان أباك فنعم.

۲ ـ عدّة من أصحابنا، عن سهل بن زياد، عن عليّ بن مهزيار قال: كتبت إليه: الرّجل يحجّ عن الناصب هل عليه إثم إذا حجّ عن الناصب وهل ينفع ذلك الناصب أم لا؟ فكتب لايحجّ عن الناصب ولا يحجّ به.

باب ۶۳

مخالف کی طرف سے حج

۱۔ میں نے کہا کیا ناصبی کی طرف سے حج کیا جا سکتا ہے، فرمایا نہیں، میں نے کہا اگرچہ میرا باپ ہو، فرمایا اگر تمہارا باپ ہے تو خیر (حسن)

۲۔ میں نے لکھا کیا ناصبی کی طرف سے حج کیا جائے کیا اس کی طرف سے حج کرنے والے پر گناہ ہوگا اور کیا ناصبی کے لئے مفید ہوگا فرمایا ناصبی کی طرف سے حج نہ کرو اور نہ کیا جائے۔ (ض)

﴿باب ۶۴﴾

۱ ـ محمد بن يحيى، عمّن حدّثه، عن إبراهيم بن مهزيار قال: كتبت إلى أبي محمد عليه السلام: أنّ مولاك عليّ بن مهزيار أوصى أن يحجّ عنه من ضيعة صيّر ربعها لك في كلّ

سنة حجّة إلى عشرين ديناراً وأنّه قد انقطع طريق البصرة فتضاعف المؤونة على الناس فليس يكتفون بعشرين ديناراً وكذلك أوصى عدّة من مواليك في حججهم ؟ فكتب : يجعل ثلاث حجج حجّتين إن شاء الله .

۲ـ إبراهيم قال : وكتب إليه عليّ بن محمد الحصيني : أنّ ابن عمّي أوصى أن يحجّ عنه بخمسة عشر ديناراً في كلّ سنة فليس يكفي فما تأمر في ذلك ؟ فكتب يجعل حجّتين في حجّة إنّ الله عالم بذلك .

باب ۶۴

خرچ کی کمی کی صورت میں

۱۔ میں نے ابو محمد علیہ السلام کو لکھا کہ آپ کے غلام علی بن مہزیار نے وصیت کی کہ اس کی طرف سے حج کیا جائے محصول زمین سے جو ملے اس کا ایک چوتھائی تیرا ہو ہر سال حج کے لیے بیس دینار اس نے بصرہ کا راستہ منقطع کیا تاکہ لوگوں پر خرچ بڑھ جائے اور وہ بیس دینار پر بس نہ کریں ایسے ہی وصیت کی اس نے چند غلاموں کو ان کے حج میں آپ نے جواب میں لکھا اس صورت میں تین حج کی بجائے دو حج کئے جائیں ۔ (مرسل)

۲۔ میں نے لکھا میرے چچا زاد بھائی نے وصیت کی کہ اس کی طرف سے پندرہ دینار میں ہر سال حج کیا جائے لیکن یہ رقم کفایت نہیں کرتی ۔ آپ نے لکھا دو حجوں کی بجائے ایک حج کیا جائے ۔ اللہ تعالیٰ اس مجبوری کو جانتا ہے (مرسل)

﴿باب ۶۵﴾

﴿ ماينبغي للرجل أن يقول اذا حج عن غيره ﴾

۱ ـ عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمد بن أبي نصر ، عن عبدالكريم ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قلت : له الرّجل يحجّ عن أخيه أوعن أبيه أو عن رجل من الناس هل ينبغي له أن يتكلّم بشيء ؟ قال : نعم يقول بعد

ما يحرم : « اللّهمّ ما أصابني في سفري هذا من تعب أو شدّة أو بلاء أو شعث فأجر فلاناً فيه وأجرني في قضائي عنه » .

باب ۶۵

دوسرے کی طرف سے حج کرنیوالا کیا کہے

۱- میں نے کہا ایک شخص اپنے بھائی باپ یا کسی اور کی طرف سے حج کرے تو کیا اسے کہنا چاہیئے فرمایا ہاں وہ کہے۔ احرام کے بعد کہے یا اللہ اس سفر میں جو تکلیف مجھے پہنچی ہے اس تکان، سختی، مصیبت و پریشانی و زحمت کا اجر فلاں کو دے اور اس کا ثواب مجھے عطا کر۔ (ض)

﴿باب ۶۶﴾

﴿ الرجل يحج عن غيره فحج عن غير ذلك أو يطوف عن غيره ﴾

۱ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن يحيى الأزرق قال : قلت لأبي الحسن عليه السلام : الرّجل يحجّ عن الرّجل يصلح له أن يطوف عن أقاربه ؟ فقال : إذا قضى مناسك الحجّ فليصنع ماشاء .

۲ ـ محمّد بن يحيى رفعه قال : سئل أبوعبدالله عليه السلام عن رجل أعطى رجلاً مالاً يحجّ عنه فحجّ عن نفسه فقال : هي عن صاحب المال .

۳ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن بعض رجاله ، عن أبي عبدالله عليه السلام في رجل أخذ من رجل مالاً ولم يحجّ عنه ومات لم يخلف شيئاً ، قال : إن كان حجّ الأجير أخذت حجّته و دفعت إلى صاحب المال وإن لم يكن حجّ كتب لصاحب المال ثواب الحجّ .

باب ۶۶

کوئی شخص کسی کے لئے حج و طواف کرے

۱۔ میں نے کہا ایک شخص کسی کے لئے حج کرتا ہے اور اپنے اقارب کے لئے طواف کرتا ہے فرمایا مناسک حج ادا کرنے کے بعد جو چاہے کرے (صحیح)

۲۔ کسی نے پوچھا کہ کسی نے ایک شخص کو حج کرنے کے لئے مال دیا اس نے اپنے لئے حج کیا فرمایا وہ حج صاحب مال کی طرف سے ہوگا۔ (مرفوع)

۳۔ پوچھا گیا اس شخص کے بارے میں جس نے کسی سے حج کے لئے مال لیا لیکن حج کرنے سے پہلے مرگیا اور مال سے کچھ نہ چھوڑا فرمایا اگر وہ اجیر تھا تو اس سے مال واپس لے کر صاحب مال کو دیا جائے گا اور اگر اس نے حج نہیں کیا (اور مرگیا) تو صاحب مال کو حج کا ثواب مل جائے گا۔ (حسن)

﴿ باب ٦٧ ﴾

✿(من حج عن غيره ان له فيها شركة)✿

١ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن منصور بن العبّاس ، عن عليّ بن أسباط ، عن رجل من أصحابنا يقال له : عبدالرحمن بن سنان قال : كنت عند أبي عبدالله عليه السلام إذ دخل عليه رجلٌ فأعطاه ثلاثين ديناراً يحجّ بها عن إسماعيل ولم يترك شيئاً من العمرة إلى الحجّ إلّا اشترطه عليه حتّى اشترط عليه أن يسعى عن وادي محسّر ثمّ قال : يا هذا إذا أنت فعلت هذا كان لإسماعيل حجّة بما أنفق من ماله وكان لك تسع بما أتعبت من بدنك .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسن ، عن علي بن يوسف ، عن أبي عبدالله المؤمن عن ابن مسكان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قلت له : الرّجل يحجّ عن آخر ماله من الأجر والثواب ؟ قال : للّذي يحجّ عن رجل أجر وثواب عشر حجج .

باب ۶۷

جو غیر کی طرف سے حج کرے اسمیں شرکت

۱۔ میں حضرت کے پاس تھا کہ ایک شخص آیا آپ نے اسے ۳۰ دینار دیئے کہ ان سے اسماعیل کے لئے حج کرے اور عمرہ سے حج تک کوئی شرط ایسی نہ تھی جو آپ نے نہ کی ہو۔ یہاں تک کہ یہ شرط بھی کر لی کہ وادی محسر سے سعی کرے۔ پھر اے شخص جب تو یہ کرے تو یہ حج اسماعیل کی طرف سے ہوگا اور اس کے مال سے خرچ ہوگا اس کا نواں حصہ تو لے لینا بدلے میں اس تکلیف کے جو تیرے بدن کو پہنچی (ض)

۲۔ میں نے کہا جو کوئی دوسرے کی طرف سے حج کرتا ہے تو اس کا اجر و ثواب ہے فرمایا ایسے شخص کے لئے دس حج کا ثواب ہے۔ (ض)

﴿باب ۶۸ نادر﴾

۱ ۔ عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عمّن ذكره ، عن ابن أبي عمير ، عن علي بن يقطين قال : قلت لأبي الحسن عليه السلام : رجل دفع إلى خمسة نفر حجّة واحدة فقال : يحجّ بها بعضهم فسوّغها رجل منهم ، فقال لي : كلّهم شركاء في الأجر ، فقلت لمن الحجّ ؟ قال : لمن صلّى في الحرّ والبرد .

باب ۶۸

نادر

۱۔ میں نے کہا ایک شخص نے ایک حج کے لئے پانچ آدمیوں کو پیسے دیئے کہ ان میں سے کوئی اس کی طرف سے حج کرے ان میں سے ایک نے کر لیا۔ فرمایا کل شرکا اجر میں شریک ہوں گے میں نے کہا لیکن حج کس سے منسوب ہوگا فرمایا جس نے گرمی و سردی میں نماز پڑھی ہوگی۔ (ض)

﴿ باب ۶۹ ﴾

✡(الرجل يعطى الحج فيصرف ما اخذ في غير الحج او تفضل)✡
✡(الفضلة مما اعطى)✡

۱ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ؛ وسهل بن زياد جميعاً ، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر ، عن محمّد بن عبدالله القميّ قال : سألت أبا الحسن الرّضا عليه السلام عن الرّجل يعطي الحجّة يحجّ بها و يوسّع على نفسه فيفضل منها أيردّها عليه ؟ قال : لاهي له .

۲ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن أحمد ، عن أحمد بن الحسن ، عن عمرو بن سعيد ، عن مصدّق بن صدقة ، عن عمّار بن موسى السّاباطيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته عن الرّجل يأخذ الدّراهم ليحجّ بها عن رجل هل يجوز له أن ينفق منها في غير الحجّ ؟ قال : إذا ضمن الحجّ فالدّراهم له يصنع بها ما أحبّ وعليه حجّة .

۳ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد بن عثمان قال : بعثني عمر بن يزيد إلى أبي جعفر الأحول بدراهم وقال : قل له : إن أراد أن يحجّ بها فليحجّ و إن أراد أن ينفقها فلينفقها ؛ قال : فأنفقها ولم يحجّ ، قال حمّاد : فذكر ذلك أصحابنا لأبي عبدالله عليه السلام فقال : وجدتم الشيخ فقيهاً .

باب ۶۹

حج کے لئے جو روپیہ دیا جائے وہ اور کام میں صرف ہو تو؟

۱۔ میں نے پوچھا ایک شخص نے حج کرانے کے لئے روپے دیئے اجیر نے اپنے نفس پر تنگی کر کے کچھ پیسے بچالئے کیا وہ انھیں واپس کرے فرمایا نہیں وہ اسی کا مال ہے (مجہول)

۲۔ میں نے کہا ایک شخص نے ایک آدمی کو کسی کی طرف سے حج کرنے کے لئے پیسے دیئے آیا وہ رقم حج کے سوا دوسرے کام میں صرف کر سکتا ہے فرمایا جب وہ حج کا ضامن ہو چکا پس روپیہ کو جیسے چاہے صرف کرے حج کرنا اس پر فرض ہے حماد نے کہا عمر بن یزید نے مجھے ابو جعفر احول کے پاس کچھ درہم دے کر بھیجا اور کہا ان سے کہنا چاہے اس

رقم سے حج کرلیں چاہے اپنے خرچ میں لائیں پس انھوں نے وہ رقم خرچ کرلی اور حج نہ کیا۔ ہمارے اصحاب نے اس کا ذکر امام جعفر صادق علیہ السلام سے کیا فرمایا تمہارا شیخ فقیہہ ہے یعنی ان کے لئے ایسا کرنا جائز ہے (حسن)

﴿باب﴾

✡(الطواف والحج عن الائمة عليهم السلام)✡

١ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن موسى بن القاسم البجليّ قال : قلت لأبي جعفر عليه السلام : ياسيّدي إنّي أرجو أن أصوم في المدينة شهر رمضان ، فقال : تصوم بها إن شاء الله ، قلت : وأرجو أن يكون خروجنا في عشر من شوّال وقد عوّد الله زيارة رسول الله صلى الله عليه وآله وأهل بيته و زيارتك فربّما حججت عن أبيك وربّما حججت ، عن أبي وربّما حججت عن الرّجل من إخواني وربّما حججت عن نفسي فكيف أصنع ؟ فقال : تمتّع ، فقلت : إنّي مقيم بمكّة منذ عشر سنين ؟ فقال : تمتّع .

٢ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن الحسن بن عليّ الكوفيّ ، عن عليّ بن مهزيار ، عن موسى بن القاسم قال : قلت لأبي جعفر الثاني عليه السلام : قد أردت أن أطوف عنك وعن أبيك فقيل لي : إنّ الأوصياء لا يطاف عنهم ، فقال لي : بل طف ما أمكنك فإنّه جائز . ثمّ قلت له بعد ذلك بثلاث سنين : إنّي كنت استأذنتك في الطواف عنك وعن أبيك فأذنت لي في ذلك فطفت عنكما ما شاء الله ثمّ وقع في قلبي شيء فعملت به قال : وما هو قلت : طفت يوماً عن رسول الله صلى الله عليه وآله فقال : ثلاث مرّات صلّى الله على رسول الله ، ثمّ اليوم الثاني عن أمير المؤمنين ثم طفت اليوم الثالث عن الحسن عليه السلام والرابع عن الحسين عليه السلام والخامس عن عليّ ابن الحسين عليهما السلام والسادس عن أبي جعفر محمّد بن عليّ عليهما السلام واليوم السابع عن جعفر بن محمّد عليهما السلام واليوم الثامن عن أبيك موسى عليه السلام واليوم التاسع عن أبيك عليّ عليه السلام واليوم العاشر عنك ياسيّدي وهؤلاء الّذين أدين الله بولايتهم فقال : إذن والله تدين الله بالدّين الّذي لا يقبل من العباد غيره ، قلت : وربّما طفت عن أمّك فاطمة عليها السلام وربّما لم أطف ، فقال : استكثر من هذا فإنّه أفضل ، ما أنت عامله إن شاء الله .

باب ۷

حج اور طواف آئمہ کی طرف سے

۱۔ میں نے ابوجعفر علیہ السلام سے کہا، اے میرے سردار میں امید کرتا ہوں کہ ماہ رمضان کے روزے مدینہ میں رکھوں فرمایا انشاء اللہ رکھوگے۔ میں نے کہا میں چاہتا ہوں کہ میرا یہاں سے نکلنا ۲۰ شوال کو ہو اور اللہ مجھے زیارت رسولؐ اور اہلبیت رسولؐ اور آپ کی زیارت نصیب کرے، اکثر میں نے حج کئے ہیں آپؑ کے والد کی طرف سے، اپنے باپ کی طرف سے اور اپنے بھائیوں اور اپنی ذات کی طرف سے، پس اب میں کیا کروں فرمایا حج تمتع کرو۔ میں نے کہا میں تو مکہ میں مقیم ہوں دس سال سے، فرمایا حج تمتع کرو۔ (۴)

۲۔ میں نے کہا میں نے ارادہ کیا ہے کہ طواف کروں آپ کی اور آپ کے والد کی طرف سے لوگ کہتے ہیں کہ اولیاؑ کی طرف سے طواف نہیں ہوتا۔ فرمایا ہاں طواف کرو جتنا تم سے ممکن ہو کیونکہ یہ جائز ہے اس کے بعد میں نے کہا تین سال ہوئے کہ میں نے آپ کی اور آپ کے والد کی طرف سے طواف کی اجازت چاہی تھی پس آپ نے اس کی اجازت دی تھی اپنی اور اپنے والد کی طرف سے طواف کرنے کی پھر میرے دل میں ایک بات آئی جس پر میں نے عمل کیا۔ فرمایا وہ کیا ہے میں نے کہا ایک دن میں نے رسول اللہ کی طرف سے طواف کیا دوسرے روز امیرالمومنینؑ کی طرف سے تیسرے روز امام حسنؑ کی طرف سے چوتھے روز امام حسینؑ کی طرف سے پانچویں روز علی بن الحسینؑ کی طرف سے چھٹے روز امام محمد باقرؑ کی طرف سے ساتویں دن امام جعفر صادقؑ کی طرف سے آٹھویں دن آپ کے والد امام موسیٰ کاظمؑ کی طرف سے نویں روز آپؑ کے والد امام رضا کی طرف سے، دسویں روز آپؑ کی طرف سے، یہ وہ لوگ ہیں جن کی ولایت پر اللہ نے ہمارا دین قائم کیا ہے فرمایا اجازت ہے واللہ خدا نے مجھے وہ دین عطا کیا ہے جس کے سوا کوئی دین قبول نہ کیا جائے گا میں نے کہا گاہ گاہ میں آپ کی جدماجدہ حضرت فاطمہؑ کی طرف سے کرتا ہوں اور کبھی طواف بھی نہیں کرتا۔ فرمایا زیادہ کیا کرو یہ افضل ہے اس عمل سے جو تم کرو، انشاء اللہ (۴)

﴿باب ۸﴾

(من يشرك قرابته واخوته في حجته او يصلهم بحجة)

۱ ـ علي بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قلت له : أشرك أبويّ في حجّتي ، قال : نعم ، قلت : أشرك إخوتي

في حجّتي ؟ قال : نعم إنّ الله عزّ وجلّ جاعل لك حجّاً ولهم حجّاً ولك أجر لصلتك إيّاهم ، قلت : فأطوف ، عن الرّجل والمرأة وهم بالكوفة ؟ فقال : نعم تقول حين تفتتح الطواف : « اللّهم تقبّل من فلان » الّذي تطوف عنه .

٢ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن فضّال ، عن بعض أصحابنا ، عن عمرو بن إلياس قال : حججت مع أبي وأنا صرورة فقلت : إنّي أحبّ أن أجعل حجّتي عن أمّي فإنّها قدماتت ؟ قال : فقال لي : حتّى أسأل لك أباعبدالله عليه السلام فقال : إلياس لأبي عبدالله عليه السلام وأنا أسمع : جعلت فداك إنّ ابني هذا صرورة وقدماتت أمّه فأحبّ أن يجعل حجّته لها أفيجوز ذلك له ؟ فقال أبوعبدالله عليه السلام : يكتب له ولها ويكتب له أجر البرّ .

٣ ـ عدّة ، من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن ابن أبي نصر ، عن صفوان الجمّال قال : دخلت على أبي عبدالله عليه السلام فدخل عليه الحارث بن المغيرة فقال : بأبي أنت وأمّي لي ابنة قيّمة لي على كلّ شيء وهي عاتق أفأجعل لها حجّتي ؟ قال : أما إنّه يكون لها أجرها ويكون لك مثل ذلك ولاينقص من أجرها شيء .

٤ ـ أبو عليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان ، عن إسحاق بن عمّار ، عن أبي إبراهيم عليه السلام قال : سألته عن الرّجل يحجّ فيجعل حجّته و عمرته أو بعض طوافه لبعض أهله و هو عنه غائب ببلد آخر ، قال : قلت : فينقص ذلك من أجره ؟ قال : لاهي له ولصاحبه وله أجر سوى ذلك بما وصل ، قلت : وهو ميّت هل يدخل ذلك عليه ؟ قال : نعم حتّى يكون مسخوطاً عليه فيغفر له أو يكون مضيّقاً عليه فيوسّع عليه ، قلت : فيعلم هو في مكانه إن عمل ذلك لحقه ، قال : نعم ، قلت : وإن كان ناصباً ينفعه ذلك ؟ قال : نعم يخفّف عنه .

٥ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن الحسن بن عليّ ، عن حمّاد بن عثمان ، عن الحارث بن المغيرة قال : قلت لأبي عبد الله عليه السلام وأنا بالمدينة بعد مارجعت من مكّة : إنّي أردت أن أحجّ عن ابنتي ، قال : فاجعل ذلك لها الآن .

٦ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن

ابن أبي عمير ، عن هشام بن الحكم ، عن أبي عبدالله عليه السلام في الرّجل يشرك أباه وأخاه وقرابته في حجّه ؛ فقال : إذاً يكتب لك حجٌّ مثل حجّهم وتزداد أجراً بما وصلت .

٧ ـ عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمد بن أبي نصر ، عن ابن أبي حمزة ، عن أبي بصير قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : من وصل أباه أو ذا قرابة له فطاف عنه كان له أجره كاملاً وللّذي طاف عنه مثل أجره ويفضل هو بصلته إيّاه بطواف آخر . وقال : من حجّ فجعل حجّته عن ذي قرابته يصله بها كانت حجّته كاملة وكان للّذي حجّ عنه مثل أجره ، إنّ الله عزّ وجلّ واسع لذلك .

٨ ـ محمد بن يحيى ، عن محمد بن أحمد ، عن بعض أصحابنا ، عن عليّ بن محمد الأشعث عن عليّ بن إبراهيم الحضرميّ ، عن أبيه قال : رجعت من مكّة فلقيت أبا الحسن موسى عليه السلام في المسجد وهو قاعد فيما بين القبر و المنبر ، فقلت : يا ابن رسول الله إنّي إذا خرجت إلى مكّة ربّما قال لي الرّجل : طف عنّي أسبوعاً وصلّ ركعتين فأشتغل عن ذلك فإذا رجعت لم أدر ما أقول له ، قال : إذا أتيت مكّة فقضيت نسكك فطف أسبوعاً وصلّ ركعتين ثمّ قل : « اللّهمّ إنّ هذا الطواف و هاتين الرّكعتين عن أبي وأمّي و عن زوجتي وعن ولدي وعن حامّتي وعن جميع أهل بلدي حرّهم وعبدهم وأبيضهم وأسودهم » فلا تشاء أن قلت للرّجل : إنّي قد طفت عنك وصلّيت عنك ركعتين . إلّا كنت صادقاً ، فإذا أتيت قبر النبيّ صلى الله عليه وآله فقضيت ما يجب عليك فصلّ ركعتين ثمّ قف عند رأس النبيّ صلى الله عليه وآله ثمّ قل : « السلام عليك يا نبيّ الله من أبي وأمّي و زوجتي و ولدي وجميع حامّتي ومن جميع أهل بلدي حرّهم وعبدهم و أبيضهم وأسودهم » فلا تشاء أن تقول للرّجل : إنّي أقرأت رسول الله صلى الله عليه وآله عنك السلام إلّا كنت صادقاً .

٩ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن محمد بن إسماعيل قال : سألت أبا الحسن عليه السلام كم أشرك في حجّتي ؟ قال : كم شئت .

١٠ ـ أحمد بن عبدالله ، عن أحمد بن أبي عبدالله ، عن أبي عمران الأرمنيّ ، عن عليّ ابن الحسين ، عن محمد بن الحسن ، عن أبي الحسن عليه السلام قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : لو أشركت ألفاً في حجّتك لكان لكلّ واحد حجّة من غير أن تنقص حجّتك شيئاً .

باب ۷۲

حج میں شرکت

۱۔ میں نے کہا میں اپنے والدین کو حج میں شریک کر لوں فرمایا ہاں میں نے کہا اور بھائی کو بھی شریک کر سکتا ہوں فرمایا ہاں اللہ تعالیٰ تیرے لئے بھی حج کا ثواب دے گا اور ان کے لئے بھی اور تیرے لئے زیادہ اجر ہوگا ان کو شامل کرنے کی وجہ سے، میں نے کہا مرد و عورت دونوں کی طرف سے طواف کروں درآنحالیکہ وہ کوئی نہیں ہوں فرمایا ہاں جب طواف شروع کرو تو کہو یا اللہ قبول کر فلاں کی طرف سے جس کے بدلے طواف کیا گیا ہے۔ (حسن)

۲۔ میں نے اپنے باپ کے ساتھ پہلی بار حج کیا، میں نے کہا میں چاہتا ہوں کہ میں اپنی ماں کی طرف سے حج کروں جو مر چکی ہے۔ میں حضرت سے پوچھ رہا تھا کہ الیاس نے کہا درآنحالیکہ میں سن رہا تھا میں آپ پر فدا ہوں میرا یہ بیٹا پہلی بار حج کر رہا ہے اس کی ماں مر گئی ہے میں چاہتا ہوں کہ یہ اپنا حج اس کے لئے کرے کیا یہ جائز ہے فرمایا اس کے نام بھی لکھا جائے گا اور اس کی ماں کے نام بھی اور اس نیکی کا اجر اسے علیحدہ ملے گا (حسن)

۳۔ حارث بن مغیرہ حضرت کے پاس آیا اور کہا میرے پاس ایک لڑکی ہے جو سب کام کاج کرتی ہے اور وہ کنیز آزاد شدہ ہے کیا میں اس کے لئے حج کروں فرمایا اس کو بھی اجر ملے گا اور اتنا ہی تمہیں، اس کے اجر میں سے کچھ کم نہ ہوگا۔ (ضعیف)

۴۔ میں نے کہا ایک شخص نے حج کیا پس وہ اس کا اور اپنے عمرہ کا اور بعض طواف کا ثواب اپنے کسی رشتہ دار کو دینا چاہتا ہے اور وہ موجود نہیں دوسرے شہر میں ہے تو کیا اس کے اجر میں کچھ کمی ہو جائے گی فرمایا نہیں اس کے لئے بھی ہوگا اور اس کے رشتہ دار کے لئے بھی اور اس صلہ رحم کا اجر اور ملے گا میں نے کہا اگر وہ مر جائے تو بھی ہوگا فرمایا ہاں جب تک اس پر ناراض نہ ہو، میں نے کہا کیا اسے بتا دیا جائے اس کے مقام پر کہ فلاں عمل اس کے لئے کیا گیا ہے فرمایا ہاں میں نے کہا اگرچہ وہ ناصبی ہو فرمایا اس صورت میں اس کے ثواب میں کمی آجائے گی (موثق)

۵۔ میں مکہ سے واپسی میں مدینہ آیا، میں نے حضرت سے کہا میں اپنی بیٹی کی طرف سے حج کرنا چاہتا ہوں فرمایا ابھی کر لو۔ (حسن)

۶۔ فرمایا اس شخص کے بارے میں جو اپنے حج میں اپنے باپ بھائی اور قرابتداروں کو شریک کرے تو اس کو وہی ثواب ملے گا جو ان دوسروں کو ملے گا اور اس کے ماسوا صلہ رحم کا ملے گا۔ (حسن)

۷۔ فرمایا حضرت نے جو صلۂ رحم کرے اور وہ اس کا قرابتدار اس کی طرف سے طواف کرے تو اس کو پورا اجر ملے گا اور طواف کرنے والے کو اتنا ہی اجر اور اس کے علاوہ صلۂ رحم کا اجر جو دوسرے طواف کی برابر ہوگا اور فرمایا جو حج کرے اور اسے اپنے رشتہ دار کے لئے قرار دے تو جس نے کسی کے بدلے حج کیا ہے اسے پورا اجر ملے گا بے شک اللہ اس کے اجر میں اضافہ کردے گا۔ (مجہول)

۸۔ میں مکہ سے واپس ہوا تو امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے ملا آپ مسجد میں قبر رسولؐ اور منبر کے درمیان بیٹھے تھے میں نے کہا یا بن رسولؐ اللہ جب میں مکہ کی طرف جاتا ہوں تو بسا اوقات ایک شخص مجھ سے کہتا ہے میری طرف سے ایک ہفتہ طواف کر اور دو رکعت نماز پڑھ میں اس سے بے پرواہ ہو جاتا ہوں جب لوٹتا ہوں تو سمجھ میں نہیں آتا اس سے کیا کہوں فرمایا جب تو مکہ جائے اور مناسک حج ادا کرے تو ایک ہفتہ تک طواف کر اور دو رکعت نماز پڑھ اور کہو یا اللہ یہ طواف اور دونوں رکعتیں میرے باپ ماں اور تمام میرے اہل شہر کی طرف سے ہیں آزاد یا غلام کالے ہوں یا گورے اور میں پسند نہیں کرتا کہ تو کسی سے کہے کہ میں نے تیری طرف سے طواف کیا ہے اور دو رکعت نماز پڑھی ہے پھر قبر نبی کے سرہانے کھڑا ہو اور کہو سلام آپ پر اے نبی میرے ماں باپ، میری زوجہ اور اولاد اور تمام خاندان والے اور اہل شہر، آزاد و غلام، کالے اور گورے سب کا سلام اور کسی سے یہ نہ کہو کہ میں نے تیری طرف سے نبی پر سلام پڑھا مگر تو سچا ہوگا (مجہول)

۹۔ میں نے کہا میں حج میں کتنے شریک کروں فرمایا جتنے چاہو (ص)

۱۰۔ فرمایا اگر تم ایکہزار کو حج میں شامل کرلو تو ہر ایک کو حج کا پورا ثواب ملے گا بغیر تمہارے اجر میں کسی کمی کے۔ (ض)

﴿باب ۷۲﴾

﴿توفير الشعر لمن اراد الحج والعمرة﴾

۱۔ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن معاوية بن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: الحجّ أشهر معلومات شوّال و ذوالقعدة و ذوالحجّة فمن أراد الحجّ وفّر شعره إذا نظر إلى هلال ذي القعدة ومن أراد العمرة وفّر شعره شهراً.

۲۔ عدّةٌ من أصحابنا، عن أحمد بن محمّد، عن عليّ بن الحكم، عن الحسين بن أبي العلاء قال: سألت أباعبدالله عليه السلام عن الرّجل يريد الحجّ أيأخذ من رأسه في شوال كلّه مالم ير الهلال؟ قال: لابأس مالم ير الهلال.

۳۔ أحمد بن محمّد، عن الحسن بن عليّ، عن بعض أصحابنا، عن سعيد الأعرج، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: لايأخذ الرّجل إذا رأى هلال ذي القعدة و أراد الخروج من رأسه

ولامن لحيته .

۴ - علي بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : أعف شعرك للحجّ إذا رأيت هلال ذي القعدة و للعمرة شهراً .

باب ۱۲

حج وعمرہ کے لئے بال بڑھانا

۱- فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے حج کے چند معلوم مہینے ہیں شوال، ذی قعدہ، ذی الحجہ، جو کوئی حج کا ارادہ کرے تو ذی قعدہ کا چاند دیکھ کر اپنے بال بڑھانے لگے اور اگر عمرہ کا ارادہ کرے تو ایک ماہ پہلے سے بڑھائے۔ (حسن)

۹ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمدبن محمّد ، عن ابن محبوب ؛ وعدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن الحسن بن محبوب ، عن عليّ بن رئاب ، عن أبي عبيدة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا أصاب المحرم الصيد ولم يجد ما يكفّر من موضعه الّذي أصاب فيه الصيد قوّم جزاؤه من النعم دراهم ثمّ قوّمت الدّراهم طعاماً لكلّ مسكين نصف صاع فإن لم يقدر على الطعام صام لكلّ نصف صاع يوماً .

۱۰ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمدبن محمّد ، عن عليّ بن أبي حمزة ، عن أبي الحسن عليه السلام قال : سألته عن رجل أصاب بيض نعامة وهو محرم ، قال : يرسل الفحل في الإبل على عدد البيض ؛ قلت : فإنّ البيض يفسد كلّه و يصلح كلّه ، قال : ماينتج من الهدي فهو هدي بالغ الكعبة وإن لم ينتج فليس عليه شيء فإن لم يجد إبلاً فعليه لكلّ بيضة شاة فإن لم يجد فالصدقة على عشرة مساكين لكلّ مسكين مدّ فإن لم يقدر فصيام ثلاثة أيّام .

۱۱ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمدبن محمّد ، عن ابن أبي عمير ، عن عليّ بن رئاب ، عن أبي عبيدة ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : سألته عن رجل اشترى لرجل محرم ، بيض نعامة فأكله المحرم قال : على الّذي اشتراه للمحرم فداء وعلى المحرم فداء ، قلت : وماعليهما ؟ قال : على المحلّ جزاء قيمة البيض لكلّ بيضة درهم و على المحرم الجزاء لكلّ بيضة شاة .

۱۲ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن الحسن بن محبوب ، عن عليّ بن رئاب

عن أبي عبيدة مثله .

١٣ - محمد بن يحيى ، عن محمد بن الحسين ، عن محمد بن إسماعيل بن بزيع ، عن صالح بن عقبة ، عن يزيد بن عبدالملك ، عن أبي عبدالله عليه السلام في رجل مرّ وهو محرم فأخذ ظبية فاحتلبها وشرب لبنها قال : عليه دم وجزاء في الحرم .

١٤ - علي بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن يحيى بن المبارك ، عن عبدالله بن جبلة ، عن سماعة بن مهران ، عن أبي بصير قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن محرم كسر قرن ظبي ، قال . يجب عليه الفداء ، قال : قلت : فإن كسريده ؟ قال : إن كسريده ولم يرع فعليه دم شاة .

باب ۱۱۱

وحشی جانور کے شکار کا کفّارہ

۱۔ میں نے کہا اگر کسی محرم نے شتر مرغ یا وحشی گدھا شکار کیا ہو، فرمایا اس پر بدنہ ہے میں نے کہا اگر وہ بدنہ کی طاقت نہ رکھتا ہو تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا دے، میں نے کہا اگر اس پر قادر نہ ہو تو فرمایا اٹھارہ دن روزے رکھے اور صدقہ ہر مسکین کے لئے ایک مُد ہے میں نے کہا اگر گائے ماری ہے تو اس کا کفارہ گائے ہے میں نے کہا اگر اس پر قادر نہ ہو تو فرمایا تیس مسکینوں کو کھانا کھلائے، میں نے کہا اگر اس پر قادر نہ ہو تو ۹ دن روزہ رکھے اور اگر ہرن مارے تو اس کا کفارہ ایک بکری ہے اگر یہ نہ کر سکے تو دس مسکینوں کو کھانا کھلائے اور اگر اس پر قادر نہ ہو تو تین روزے رکھے ۔ (ض)

۲۔ فرمایا اگر کسی پر ایک بدنہ دینا واجب ہو فدیہ میں تو اگر بدنہ نہ ملے تو سات بکریاں ذبح کرے اور اگر اس پر قادر نہ ہو تو تین روزے رکھے (مختلف فیہ)

۳۔ فرمایا حضرت نے اس قول خدا کے متعلق ، أوعدل ذلك صياماً یا اس کے برابر روزے فرمایا ہدی کی قیمت کے برابر طعام دیا جائے اور ہر روزہ ایک دن کا ایک مُد کے بدلے میں رکھا جائے گا اور اگر مُد کی تعداد دو ماہ کے روزوں سے زیادہ ہو جائے تو اس سے زیادہ روزے نہ رکھے گا۔

۴۔ فرمایا محرم اگر شتر مرغ کو قتل کرے تو کفارہ اونٹ کا بدنہ ہے اگر جنگلی گدھا مارے تو اس پر ایک بدنہ ہے اور اگر مارے تو کفارہ گائے ہے (م)

۵۔ فرمایا جو کوئی شتر مرغ کو مار ڈالے تو اس پر ایک بدنہ ہے اگر بدنہ نہ ملے تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے اگر بدنہ کی قیمت ساٹھ مسکینوں کے کھانے سے زیادہ ہو تو ساٹھ آدمیوں سے زیادہ نہ کھلائے اور اگر بدنہ کی قیمت ساٹھ مسکینوں کے کھلانے سے کم ہو تو اس پر بدنہ ہی قیمت ہوگی۔ (مرسل)

۶۔ فرمایا اگر کوئی محرم ہرن کو تیر مارے اور اس کی ٹانگ زخمی ہو جائے اور لنگڑانے لگے فرمایا اگر وہ زمین پر چلتا اور چرتا ہے تو شکاری پر ہرن کی چوتھائی قیمت ہے اگر وہ غائب ہو اور پتہ نہ چلے کہ اس کا کیا حشر ہوا تو اس کو فدیہ دینا لازم ہوگا کیونکہ وہ نہیں جانتا شاید وہ مر ہی گیا ہو۔ (ض)

۷۔ اگر کوئی محرم لومڑی کو مار ڈالے تو اسے قربانی دینا ہوگی اور خرگوش کا کفارہ لومڑی کا سا کفارہ ہے۔ (ض)

۸۔ فرمایا سیہی اور گوہ کو اگر محرم زخمی کر دے تو کفارہ ایک بھیڑ ہے اور یہ اس لئے ہے کہ وہ ان کے علاوہ اور جانوروں کے شکار سے باز رہے۔ (ض)

۹۔ اگر محرم شکار کرے اور اس مقام پر کوئی چیز کفارہ دینے کے لئے نہ ہو تو درہموں میں اس کی قیمت کا تخمینہ کرے اور پھر درہموں کے لحاظ سے اتنے مساکین کو کھانا دے کہ ہر مسکین کو نصف صاع مل جائے اگر کھانا دینے کی استطاعت نہ ہو تو ہر نصف صاع کے بدلے ایک دن کا روزہ رکھے۔ (ض)

۱۰۔ میں نے کہا اگر ایک شخص شتر مرغ کے انڈے توڑ دے درآنحالیکہ محرم ہو فرمایا جتنے انڈے توڑے ہوں اتنی ہی بار اونٹ کو اونٹنی پر چھوڑے۔ میں نے کہا انڈے سب کے سب گندے بھی ہو جاتے ہیں اور اچھے بھی رہتے ہیں فرمایا جو ہوا سے بچے پیدا ہوں وہ قربانی کے لئے کعبہ پہنچائے جائیں گے اور اگر اونٹ نہ ملے تو اس کو ہر انڈے کے بدلے ایک بکری کی قربانی دینی ہوگی اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو صدقہ دے دس مسکینوں کو، ہر مسکین کو ایک مُدّ، اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو تین دن روزہ رکھے۔ (ض)

۱۱۔ میں نے کہا ایک شخص نے مرد محرم کے لئے شتر مرغ کے انڈے خریدے اور محرم ان کو کھائے۔ فرمایا دونوں پر فدیہ ہے خریدنے والے پر، ہر انڈے کی قیمت ایک درہم ہے اور محرم پر ہر انڈے کے بدلے ایک بکری۔ (ض)

۱۲۔ ابو عبیدہ نے بھی یہ حدیث نقل کی ہے۔

۱۳۔ اگر ایک شخص بحالت احرام کسی طرف سے گزرے اور ہرنی کو پکڑ کر اسے دودھ ہے اور اس کا دودھ پی لے تو اس کو قربانی کرنا ہوگی اور یہ بدلہ حرم میں دیا جائے گا۔ (ض)

۱۴۔ اگر کوئی محرم ہرن کا سینگ توڑ لے تو اسے فدیہ دینا ہوگا اور ٹانگ توڑ دے اور وہ چرے نہیں تو ایک بکری کی قربانی ہے (مجہول)

﴿ باب ﴾

☆(كفارة ماأصاب المحرم من الطير والبيض)☆

١ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ، عن حريز بن عبدالله ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : المحرم إذا أصاب حمامة ففيها شاة وإن قتل فراخة ففيه حمل و إن وطىء البيض فعليه درهم .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن إسماعيل ، عن محمّد بن الفضيل ، عن أبي الصباح الكناني ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : في الحمامة وأشباهها إذا قتلها المحرم شاة وإن كان فراخاً فعدلها من الحملان وقال في رجل وطىء بيض نعامة ففدغها وهو محرم ، فقال : قضى فيه عليّ عليه السلام أن يرسل الفحل على مثل عدد البيض من الإبل فما لقح وسلم حتّى ينتج كان النّتاج هدياً بالغ الكعبة .

٣ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ؛ وسهل بن زياد جميعاً ، عن أحمد بن محمّد ابن أبي نصر ، عن المفضّل بن صالح ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا قتل المحرم قطاة فعليه حمل قد فطم من اللّبن ورعى من الشجر .

٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن سنان ، عن ابن مسكان ، عن منصور ابن حازم ، عن سليمان بن خالد قال : سألته عن محرم وطىء بيض قطاة فشدخه قال : يرسل الفحل في عدد البيض من الغنم كما يرسل الفحل في عدد البيض من النعام في الإبل .

٥ ـ أبو عليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن عبد الرّحمن بن الحجّاج ، عن سليمان بن خالد ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : في كتاب عليّ صلوات الله عليه في بيض القطاة بكارة من الغنم إذا أصابه المحرم مثل ما في بيض النعام بكارة من الإبل .

٦ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن عليّ بن أبي حمزة ، عن أبي بصير قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن رجل قتل فرخاً وهو محرم في غير الحرم ، فقال : عليه حمل وليس عليه قيمة لأنّه ليس في الحرم .

۷ ۔ محمد بن یحیی ، عن أحمد بن محمد بن عیسی ، عن یاسین الضریر ، عن حریز ، عمّن حدّثه ، عن سلیمان بن خالد قال: سألت أباعبدالله علیه السلام عن قیمة ما في القمري والدُّبسي والسّماني والعصفور والبلبل فقال : قیمته فإن أصابه و هو محرم بالحرم فقیمتان لیس علیه فیه دمٌ .

۸ ۔ أبوعليٌّ الأشعريُّ ، عن محمد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن یحیی ، عن بعض أصحابنا ، عن أبي عبدالله علیه السلام في القبّرة والعصفور والصعوة یقتلهم المحرم قال : علیه مدٌّ من طعام لكلّ واحد .

۹ ۔ محمد بن جعفر ، عن محمد بن عبدالحمید ، عن سیف بن عمیرة ، عن منصور بن حازم ، عن سلیمان بن خالد ، عن أبي جعفر علیه السلام قال : في كتاب أمیر المؤمنین علیه السلام من أصاب قطاة أو حجلة أو درّاجة أو نظیرهنّ فعلیه دم .

۱۰ ۔ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زیاد ، عن أحمد بن محمد بن أبي نصر ، عن حمّاد بن عثمان قال : قلت لأبي عبدالله علیه السلام : رجلٌ أصاب طیرین واحد من حمام الحرم والآخر من حمام غیرالحرم ؟ قال : یشتري بقیمة الّذي من حمام الحرم قمحاً فیطعمه حمام الحرم ویتصدّق بجزاء الآخر .

باب ۱۰۹

پرندوں اور انڈوں کا کفارہ

۱ ۔ فرمایا اگر محرم کبوتری کو مارے تو کفارہ ایک بکری ہے اور اگر چوزہ کو قتل کرے تو بھیڑ کا بچہ جو چار ماہ سے کم نہ ہو اور اگر انڈے کچل ڈالے تو ایک درہم ہے ۔

۲ ۔ فرمایا کبوتر اور اس کی مثل کے مار ڈالنے کا کفارہ محرم پر ایک بکری ہے اور اگر بچے مار ڈالے ہیں تو ان کے برابر دو بھیڑ کے بچے ہوں گے اگر شتر مرغ کے انڈے کچل کر بحالت احرام توڑ دے تو حضرت علی نے فرمایا کہ انڈوں کی تعداد کے مطابق نر اونٹ کو اونٹنی پر چھوڑے تاکہ وہ گابھن ہو پس اس سے جو بچہ پیدا ہوگا وہ ہدی کی صورت میں کعبہ لے جایا جائے گا ۔ (مجہول)

۳۔ فرمایا مجرم اگر تیتر مار ڈالے تو اس پر بھیڑ کا اتنا بڑا بچہ ہے جس کا دودھ چھوٹ گیا ہو اور پیڑ چرنے لگا ہو (ض)

۴۔ میں نے کہا اگر مجرم تیتر کے انڈے کچل ڈالے فرمایا انڈوں کی تعداد کے مطابق بکری پر اس طرح چھوڑے جیسے شتر مرغ کے انڈوں کے کفارہ میں اونٹ کو چھوڑتا۔ (ض)

۵۔ مضمون وہی ہے جو اوپر ہے (ض)

۶۔ اگر مجرم حرم کے علاوہ پرندہ کا بچہ مار ڈالے تو اس پر ایک بھیڑ کا کفارہ ہے قیمت اس کی نہیں کیونکہ وہ حرم میں نہیں۔ (ض)

۷۔ میں نے پوچھا قمری، ہٹیر، تیتر، چڑیا اور بلبل کی قیمت کے متعلق فرمایا اگر مجرم نے حرم میں مارا ہے تو درگنی قیمت دینی ہوگی قربانی نہیں۔ (مجہول)

۸۔ فرمایا اگر کوئی چنڈول، چڑیا یا حمولا مار ڈالے تو ہر ایک کے بدلے ایک مُد طعام دے (مرسل)

۹۔ کتاب امیر المومنین میں ہے جو کوئی قطاۃ (تیتر کی ایک قسم) حجلہ (ایک پرندہ) اور بڑا تیتر اور ان کی مثل اور پرندے مارنے پر قربانی کرنی ہوگی۔ (مجہول)

۱۰۔ میں نے کہا ایک شخص نے دو پرندے مارے ایک کبوتر حرم کا اور دوسرا غیر حرم کا، فرمایا حرم کے کبوتر کی قیمت کا گیہوں خریدے اور وہ حرم کے کبوتروں کی قیمت کا صدقہ دے۔ (ض)

﴿باب ۱۱﴾

﴿القوم يجتمعون على الصيد وهم محرمون﴾

۱ ـ علي بن إبراهيم، عن أبيه؛ ومحمد بن إسماعيل، عن الفضل بن شاذان جميعاً عن ابن أبي عمير؛ وصفوان بن يحيى جميعاً، عن عبدالرحمن بن الحجّاج قال: سألت أباالحسن عليه السلام عن رجلين أصابا صيداً وهما محرمان الجزاء بينهما أو على كلّ واحد منهما جزاء؟ فقال: لا بل عليهما أن يجزي كلّ واحد منهما الصّيد، قلت: إنّ بعض أصحابنا سألني عن ذلك فلم أدر ما عليه، فقال: إذا أصبتم مثل هذا فلم تدروا فعليكم بالاحتياط حتّى تسألوا عنه فتعلموا.

۲ ـ علي بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن معاوية بن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: إذا اجتمع قومٌ على صيد وهم محرمون في صيده أو أكلوا منه فعلى كلّ واحد منهم قيمته.

۳ ـ أبو عليّ الأشعريّ، عن محمد بن عبدالجبّار، عن صفوان بن يحيى، عن الحكم

ابن أيمن ، عن يوسف الطاطري قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام صيد أكله قوم محرمون ؟ قال : عليهم شاة و ليس على الذي ذبحه إلّا شاة .

٤ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمد بن أبي نصر ، عن عليّ بن أبي حمزة ، عن أبي بصير قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن قوم اشتروا صيداً فقالت : رفيقة لهم اجعلوا لي فيه بدرهم فجعلوا لها ، فقال : على كلّ إنسان منهم فداء .

٥ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمد ، عن الحسن بن محبوب ، عن أبي ولّاد الحنّاط قال : خرجنا ستّة نفر من أصحابنا إلى مكّة فأوقدنا ناراً عظيمة في بعض المنازل أردنا أن نطرح عليها لحماً ذكيّاً وكنّا محرمين فمرّ بنا طائرٌ صافّ ـ قال : حمامة أو شبهها ـ فأحرقت جناحه فسقط في النار فمات فاغتممنا لذلك فدخلت على أبي عبدالله عليه السلام بمكّة فأخبرته وسألته فقال : عليكم فداء واحد دم شاة تشتركون فيه جميعاً لأنّ ذلك كان منكم على غير تعمّد ولو كان ذلك منكم تعمّداً ليقع فيها الصيد فوقع ألزمت كلّ رجل منكم دم شاة ؛ قال أبو ولّاد وكان ذلك منّا قبل أن ندخل الحرم .

٦ ـ أحمد بن محمد ، عن الحسن بن محبوب ، عن شهاب ، عن زرارة ، عن أحدهما عليهما السلام في محرمين أصابا صيداً ، فقال : على كلّ واحد منهما الفداء .

باب ۱۱

چند آدمیوں کا مل کر شکار کرنا

۱۔ میں نے کہا اگر دو شخص مل کر شکار کریں تو کفارہ دونوں کو دینا ہوگا یا ایک کو، فرمایا دونوں میں سے ہر ایک کو دینا ہوگا میں نے کہا بعض لوگ ایسے مسائل پوچھا کرتے ہیں اور ہم جواب نہیں جانتے، فرمایا احتیاط سے کام لو اور بے پوچھے نہ بتاؤ۔ (حسن)

۲۔ فرمایا اگر چند آدمی بحالت احرام مل کر شکار کریں یا اس کا گوشت کھائیں تو ان میں سے ہر ایک کو اس کی قیمت دینا ہوگی۔ (حسن)

۳۔ اگر چند محرم ایک شکار کو کھائیں تو ان سب پر ایک ایک بکری ہے اور ذبح کرنے والے پر ایک سے زیادہ نہیں (مجہول)

۴۔ میں نے کہا ایک شکار کو بہت سے لوگوں نے کھایا ہے ان کی ایک ساتھی عورت نے کہا، اس میں سے ایک درہم کا مجھے

دے دو) ان میں سے ہر ایک کو ایک بکری کی قربانی کرنا ہوگی۔ (ض)

۵۔ اولاد حناط نے بیان کیا کہ ہم چھ آدمی مکہ کو چلے راستہ میں ایک جگہ ہم نے آگ روشن کی تاکہ اس پر پاک گوشت ڈالیں اور ہم سب محرم تھے ایک پرندہ اڑتا ہوا آیا کبوتر یا اس جیسا، اس کے دونوں بازو جل گئے اور وہ آگ میں گر کر مر گیا ہم کو صدمہ ہوا۔ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا۔ فرمایا تم سب پر صرف ایک فدیہ ہے۔ ایک بکری سب کے اشتراک سے، یہ اس لئے ہے کہ بغیر ارادہ ایسا ہوا اور اگر ارادۃً ایسا ہوتا تو تم سے ہر ایک کو ایک بکری دینا ہوتی۔ ابو ولاد نے کہا یہ واقعہ ہمارے حرم میں داخل ہونے سے پہلے ہوا تھا۔ (ض)

۶۔ میں نے کہا دو حرام والوں نے شکار کیا۔ فرمایا ان میں سے ہر ایک پر فدیہ ہے۔ (ض)

﴿باب﴾

☆(فصل ما بين صيد البر والبحر وما يحل للمحرم من ذلك)☆

١ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد ، عن حريز ، عمّن أخبره ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لا بأس بأن يصيد المحرم السمك ويأكل مالحه وطريّه ويتزوّد. وقال : «أُحلّ لكم صيد البحر وطعامه متاعاً لكم» ، قال : مالحه الّذي يأكلون وفصل ما بينهما كلّ طير يكون في الآجام يبيض في البرّ ويفرخ في البرّ فهو من صيد البرّ وما كان من صيد البرّ يكون في البرّ ويبيض في البحر ويفرخ في البحر فهو من صيد البحر .

٢ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كلّ شيء يكون أصله في البحر و يكون في البرّ و البحر فلا ينبغي للمحرم أن يقتله فإن قتله فعليه الجزاء كما قال الله عزّ وجلّ .

٣ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمد بن أبي نصر ، عن العلاء ابن رزين ، عن محمد بن مسلم ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : سألته من محرم قتل جرادة قال : كفّ من طعام وإن كان كثيراً فعليه دم شاة .

٤ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد ، عن حريز ، عمّن أخبره ، عن أبي عبدالله عليه السلام في محرم قتل جرادة ، قال : يطعم تمرة والتمرة خير من جرادة .

٥ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّه قال : اعلم أنّ ما وطئت من الدّبا أو وطئته بعيرك فعليك فداؤه .

۶ ۔ محمد بن یحیی ، عن أحمد بن محمد ، عن علیّ بن الحکم ، عن العلاء بن رزین ، عن محمد بن مسلم ، عن أبي جعفر علیہ السلام قال : مرّ علیّ صلوات اللہ علیہ علی قوم یأکلون جراداً فقال : سبحان اللہ و أنتم محرمون ؟ ! فقالوا : إنّما هو من صید البحر ، فقال لهم : ارموه في الماء إذاً .

۷ ۔ علیّ بن إبراهیم ، عن أبیه ، عن حمّاد ، عن حریز ، عن زرارة ، عن أحدهما علیہما السلام قال : المحرم یتنکّب الجراد إذا کان علی الطریق فإن لم یجد بدّاً فقتل فلا شيء علیه .

۸ ۔ أبو علیّ الأشعريّ ، عن محمد بن عبد الجبّار ، عن صفوان بن یحیی ، عن إسحاق ابن عمّار ، عن أبي بصیر قال : سألته عن الجراد یدخل متاع القوم فیدوسونه من غیر تعمّد لقتله أو یمرّون به في الطریق فیطأونه ، قال : إن وجدت معدلاً فاعدل عنه فإن قتلته غیر متعمّد فلا بأس .

۹ ۔ حمید بن زیاد ، عن الحسن بن محمد بن سماعة ، عن غیر واحد ، عن أبان ، عن الطیّار ، عن أحدهما علیہما السلام قال : لا یأکل المحرم طیر الماء .

باب ۱۱۱

خشکی اور تری کے جانوروں کے شکار میں فرق

۱۔ فرمایا کوئی مضائقہ نہیں اگر محرم مچھلی کا شکار کرلے اور جو اجزاء کھانے کے ہیں وہ کھالے اور جدائی بیان کی بری اور بحری جانوروں میں ، ہر وہ پرندہ جو جنگل میں رہے اور خشکی میں انڈے بچے دے وہ خشکی کا شکار کہلائے گا اور جو خشکی میں پایا جائے اور انڈے بچے دریا میں دے تو وہ شکار دریائی کہلائے گا (مرسل)

۲۔ جس جانور کی اصل دریا میں ہو لیکن وہ خشکی اور تری دونوں میں رہتا ہو تو محرم کو چاہیئے اسے قتل نہ کرے اور اگر مار ڈالے گا تو اس پر حکم خدا بدلہ دینا ہوگا (حسن)

۳۔ اگر محرم کسی ٹڈی کو مار دے تو ارشاد فرمایا ایک مٹھی بھر کھانا دے ایک بہت سی ٹڈیاں محرم نے مار گرائیں تو ان کا کفارہ دے

۴۔ فرمایا اگر محرم ایک ٹڈی کو مار ڈالے گا تو ایک چھوہارہ کسی کو کھلائے اور چھوہارا انڈی سے بہتر ہے (مرسل)

۵۔ ... اگر تم نے ریچھ یا لیزا کچل دیا یا تمہارے اونٹ نے پامال کر دیا ہو تو تم پر اس کا فدیہ دینا ہے (حسن)

۶۔ فرمایا حضرت نے کہ حضرت علی علیہ السلام کچھ لوگوں کی طرف سے گزرے جو بحالت احرام ٹڈیاں کھا رہے تھے فرمایا سبحان اللہ تم محرم ہو یہ تو دریائی شکار ہے ان کو پانی میں ڈال دو (ف)

۷۔ فرمایا محرم جب راستہ میں ٹڈیاں پائے تو انھیں ہٹا دے اور اگر چارہ کار نہ ہو تو مار ڈالے اس پر کوئی کفارہ نہ ہوگا۔ (ض)

۸۔ میں نے کہا اگر لوگوں کے سامان میں ٹڈیاں ہوں اور انھوں نے ان کو بغیر ارادہ کچل دیا ہو یا راہ میں ان کو پامال کر دیں فرمایا اگر ان سے بچا جا سکے تو بچاؤ ورنہ ان کے قتل میں کوئی مضائقہ نہیں (موثق)

۹۔ فرمایا محرم آبی پرندہ نہ کھائے (مرسل)

﴿باب ۱۱۱﴾

﴿المحرم يصيب الصيد مراراً﴾

۱ ـ علي بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن معاوية بن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام في المحرم يصيد الطير، قال: عليه الكفّارة في كلّ ما أصاب.

۲ ـ علي بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن حمّاد، عن الحلبيّ، عن أبي عبدالله عليه السلام في محرم أصاب صيداً قال: عليه الكفّارة، قلت: فإن أصاب آخر قال: إذا أصاب آخر فليس عليه كفّارة هو ممّن قال الله عزّ وجلّ: «ومن عاد فينتقم الله منه».

قال ابن أبي عمير، عن بعض أصحابه: إذا أصاب المحرم الصيد خطأ فعليه أبداً في كلّ ما أصاب الكفّارة وإذا أصابه متعمّداً فإنّ عليه الكفّارة فإن عاد فأصاب ثانياً متعمّداً فليس عليه الكفّارة وهو ممّن قال الله عزّ و جلّ: «ومن عاد فينتقم الله منه».

باب ۱۱۲

محرم کا کئی بار شکار کرنا

۱۔ اگر محرم بار بار شکار کرے تو ہر بار اسے کفارہ دینا ہوگا۔ (حسن)

۲۔ فرمایا جو محرم شکار کرے اس پر کفارہ ہے اور اگر دوبارہ کرے تو اس پر کفارہ نہیں اور وہ ان میں سے ہے جن کے متعلق خدا نے فرمایا ہے اور جو دوبارہ کرے تو اللہ اس سے انتقام لے گا۔ ابن ابی عمیر نے حضرت کے بعض اصحاب سے روایت کی ہے کہ غلطی سے محرم شکار کرے تو ہمیشہ جب شکار کرے گا تو اس پر کفارہ ہوگا اور اگر عمداً کرے گا تو کفارہ ہوگا اور اگر دوبارہ عمداً اعادہ کرے گا تو اس پر کفارہ نہیں بلکہ وہ موافق قول باری تم ان لوگوں میں سے ہوگا جن سے اللہ انتقام لے گا۔ (حسن)

﴿باب ۱۱۳﴾

☆(المحرم يصيب الصيد في الحرم)☆

۱ ـ علي بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حماد ، عن الحلبي ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إن قتل المحرم حمامة في الحرم فعليه شاة و ثمن الحمامة دوهم أو شبيه ، يتصدق به أو يطعمه حمام مكة فإن قتلها في الحرم وليس بمحرم فعليه ثمنها .

۲ ـ محمد بن يحيى ، عن محمد بن الحسين ، عن محمد بن إسماعيل ، عن صالح بن عقبة ، عن الحارث بن المغيرة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سئل عن رجل أكل بيض حمام الحرم وهو محرم ، قال : عليه لكل بيضة دم وعليه ثمنها ستة أو ربع الدرهم ـ الوهم من صالح ـ ثم قال : إن الدماء لزمته لأكله وهو محرم وإن الجزاء لزمه لأخذه بيض حمام الحرم .

۳ ـ محمد بن يحيى ، عن محمد بن الحسين ، عن محمد بن إسماعيل ، عن صالح بن عقبة ، عن يزيد بن عبدالملك عن أبي عبدالله عليه السلام عن رجل محرم مر وهو في الحرم فأخذ عنق ظبية فاحتلبها وشرب من لبنها قال : عليه دم وجزاؤه في الحرم ثمن اللبن .

٤ ـ علي بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ؛ ومحمد بن إسماعيل ، عن الفضل ابن شاذان ، عن صفوان ؛ وابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إن أصبت الصيد وأنت حرام في الحرم فالفداء مضاعف عليك وإن أصبته وأنت حلال في الحرم فقيمة واحدة و إن أصبته و أنت حرام في الحل فإنما عليك فداء واحد .

۵ ـ عدة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمد ، عن الحسن بن علي ، عن بعض رجاله ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إنما يكون الجزاء مضاعفاً فيما دون البدنة حتى يبلغ البدنة

فإذا بلغ البدنة فلا تضاعف لأنّه أعظم ما يكون ، قال الله عزّ وجلّ : «و من يعظّم شعائر الله فإنّها من تقوى القلوب » .

٦ - عليّ بن إبراهيم ، عن محمّد بن عيسى ، عن الحسن بن محبوب ، عن أبي ولّاد الحنّاط ، عن حمران بن أعين ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : قلت له : محرم قتل طيراً فيما بين الصفا والمروة عمداً ؟ قال : عليه الفداء والجزاء ويعزّر ، قال : قلت : فإن فعله في الكعبة عمداً ؟ قال : عليه الفداء والجزاء و يضرب دون الحدّ و يقام للناس كي ينكل غيره .

باب ۱۱۳

حرم میں شکار کرنا

۱۔ فرمایا حضرت نے اگر محرم قتل کرے کبوتر کو حرم میں تو اس کا کفارہ بکری ہے اور کبوتر کی قیمت ایک درہم یا اس کی مثل تصدق کرے یا دانہ کھلائے حرم کے کبوتروں کو اور اگر قتل کیا ہے حرم میں اور محرم نہیں ہے تو اس کی قیمت دینا ہوگی ۔(حسن)

۲۔ پوچھا گیا اس شخص کے بارے میں جس نے حرم کے کبوتروں کے انڈے کھالئے ہوں فرمایا اس کو ہر انڈے کے بدلے قربانی دینا ہوگی اور اس کو دینا ہوگا چھٹا یا چوتھائی حصہ درہم کا ، یہ راوی صالح کا وہم ہے (چھٹا یا چوتھائی حصہ صاع میں ہے نہ کہ درہم میں) پھر فرمایا قربانی لازم ہوگی جب بحالت احرام کھایا ہو اور بدلہ دینا لازم ہوگا اگر اس نے حرم کے کبوتر کا انڈہ لیا ہے ۔(ض)

۳۔ اگر محرم حرم میں ہرنی کو پکڑ کر اس کا دودھ کرپی لے تو اس پر قربانی ہے اور دودھ کی قیمت حرم میں دینا ہوگی ۔(ض)

۴۔ فرمایا اگر بحالت احرام حرم میں شکار کیا ہے تو فدیہ دوگنا دینا ہوگا اور اگر محل ہو کر حرم میں شکار کیا ہے تو ایک فدیہ ہوگا اور اگر بحالت احرام مقام حل میں شکار کیا ہے تو ایک فدیہ ہوگا ۔(حسن)

۵۔ فرمایا بدلہ دوگنا ہوگا جبکہ کفارہ بدنہ تک نہ پہنچے اور جب پہنچ جائے تو دوگنا نہ ہوگا کیونکہ یہ سب سے بڑا کفارہ ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جو شعایر اللہ کی تعظیم کرے تو یہ نشان ہوگا اس کے دل تقوے کا (اور بدنہ شعایر

اللہ میں سے ہے۔ (مرسل)

۶۔ میں نے کہا اگر کوئی پرندہ کو عمداً صفا و مروہ کے درمیان قتل کرے فرمایا اس پر فدیہ بھی ہے قیمت بھی اور سزا بھی، میں نے کہا اگر کعبہ میں ایسا کرے فرمایا اس پر فدیہ بھی، اس کی قیمت بھی اور اس پر حد شرع بھی جاری کی جائے گی لوگوں کے سامنے تاکہ پھر کوئی ایسا نہ کرے۔ (حسن)

﴿باب ۱۴ النوادر﴾

۱ ـ علي بن إبراهيم، عن أبيه، عن حماد بن عيسى؛ وابن أبي عمير، عن معاوية بن عمار، عن أبي عبدالله عليه السلام في قول الله عز وجل: «ليبلونكم الله بشيء من الصيد تناله أيديكم ورماحكم»، قال: حشرت لرسول الله صلى الله عليه وآله في عمرة الحديبية الوحوش حتى نالتها أيديهم و رماحهم.

۲ ـ علي بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن حماد، عن الحلبي قال: سألت أبا عبدالله عليه السلام عن قول الله عز و جل: «يا أيها الذين آمنوا ليبلونكم الله بشيء من الصيد تناله أيديكم ورماحكم» قال: حشر عليهم الصيد في كل مكان حتى دنا منهم ليبلوهم الله به.

۳ ـ علي، عن إبراهيم، عن أبيه، عن حماد بن عيسى، عن إبراهيم بن عمر اليماني عن أبي عبدالله عليه السلام قال: سألته عن قول الله عز وجل «ذوا عدل منكم» قال: العدل رسول الله صلى الله عليه وآله والإمام من بعده ثم قال: هذا مما أخطأت به الكتاب.

۴ ـ محمد بن يحيى، عن أحمد بن محمد، رفعه في قوله تعالى «تناله أيديكم ورماحكم» قال: ما تناله الأيدي البيض والفراخ وما تناله الرماح فهو مالا تصل إليه الأيدي.

۵ ـ محمد بن يحيى، عن أحمد بن محمد، عن ابن فضال، عن ابن بكير، عن زرارة قال: سألت أباجعفر عليه السلام عن قول الله عز وجل: «يحكم به ذوا عدل منكم» قال: العدل رسول الله صلى الله عليه وآله والإمام من بعده ثم قال: هذا مما أخطأت به الكتاب.

۶ ـ محمد بن يحيى، عن أحمد بن محمد، عن الحسين بن سعيد، عن بعض أصحابه، عن أبي جميلة، عن زيد الشحام، عن أبي عبدالله عليه السلام في قول الله عز وجل: «ومن عاد

فينتقم الله منه ، قال : إنّ رجلاً انطلق وهو محرمٌ فأخذ ثعلباً فجعل يقرّب النّار إلى وجهه وجعل الثعلب يصيح ويحدث من إسته وجعل أصحابه ينهونه عمّا يصنع ثمّ أرسله بعدذلك فبينما الرّجل نائمٌ إذجاءته حيّة فدخلت في فيه فلم تدعه حتّى جعل يحدث كما أحدث الثعلب ثمّ خلّت عنه .

۷ ـ محمدبن يحيى رفعه ، عن أبي عبدالله عليه السلام في رجل أكل من لحم صيدلا يدري ماهو وهومحرم ، قال : عليه دم شاة .

۸ ـ محمدبن يحيى ، عن محمدبن الحسين ، عن عليّ بن عقبة ، عن أبيه عقبة بن خالد عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته عن رجل قضي حجّه ثمّ أقبل حتّى إذا خرج من الحرم استقبله صيدٌ قريب من الحرم و الصيد متوجّه نحو الحرم فرماه فقتله ، ما عليه في ذلك ؟ قال : يفديه على نحوه .

۹ ـ محمدبن يحيى ، عن أحمدبن محمد ، عن عليّ بن مهزيار قال : سألت الرّجل عن المحرم يشرب الماء من قربة أو سقاء اتّخذ من جلود الصيد هل يجوز ذلك أم لا ؟ فقال : يشرب من جلودها .

باب ۱۱۴

نوادر۔

۱۔ فرمایا اس قول باری تعالیٰ کے متعلق "وہ تم کو آزمائے گا کچھ اس شکار کے متعلق جسے تمہارے ہاتھ اور نیزے پالیں" فرمایا عمرہ حدیبیہ کے وقت وحشی جانور حضرت رسولؐ خدا کے پاس اس طرح جمع ہو گئے تھے کہ وہ ہاتھوں سے پکڑ سکتے تھے اور نیزوں سے مار سکتے تھے۔ (حسن)

۲۔ اس آیت کے متعلق پوچھا لیبلونکم اللہ الخ

فرمایا ہر طرف سے ان کے گرد وحشی جانور جمع ہو گئے تھے تاکہ ان کی وجہ سے اللہ ان کا امتحان لے (حسن)

۳۔ فرمایا آیہ ذوا عدل منکم کے متعلق کہ عدل سے مراد رسولؐ اللہ ہیں ان کے بعد امام نے فرمایا۔ اس میں کتابت کرنے والے نے خطا کی ہے (یعنی اصل صورت یہ ہے۔ ذو عدل منکم نہ کہ ذوا عدل) (حسن)

۴۔ آیہ تنالہ ایدیکم و رماحکم، کے متعلق فرمایا کہ تنالہ ایدی سے مراد ہے جن چیزوں کو ہاتھ سے پکڑ سکتے ہوں جیسے انڈے اور بچے اور رماحکم سے مراد ہے وہ شکار جو ہاتھ سے نہ پکڑا جا سکے۔ (مرفوع)

۵۔ آیہ یحکم بہ ذوا عدل منکم کے متعلق فرمایا کہ عدل رسول اللہ ہیں اور ان کے بعد امام، پھر فرمایا یہ آیت منجملہ ان آیتوں کے ہے جن میں لکھنے والوں نے خطا کی ہے۔

۶۔ فرمایا اس آیت کے متعلق فمن عاد الخ کہ ایک شخص نے لومڑی کو پکڑ کر آگ سے اس کا منہ جھلس دیا لومڑی چیخ چلا رہی تھی اور اس کی مقعد سے پاخانہ نکل رہا تھا اس شخص کے ساتھی ایسا کرنے سے منع کر رہے تھے۔ اس کے بعد اسے چھوڑ دیا۔ پس جبکہ یہ شخص سو رہا تھا ایک سانپ آ اور اس کے منہ میں گھس گیا یہاں تک اس کا پاخانہ نکل گیا جس طرح لومڑی کر رہی تھی اس کے بعد سانپ نے اسے چھوڑ دیا۔ (حسن)

۷۔ میں نے پوچھا ایک شخص محرم نے شکار کا گوشت کھایا اور وہ نہ جانتا تھا کہ ایسا نہ کرنا چاہیے فرمایا اس کو قربانی دینا ہوگی جانور کے لحاظ سے۔ (مرفوع)

۸۔ سوال کیا ایک شخص ارکان حج ادا کر کے چلتا گاہ ایک شکار حرم کی [illegible] سے جاتا ہوا ملا اس نے تیر مار کر اسے قتل کر دیا اس پر کیا کفارہ ہے فرمایا اس جانور کے لحاظ سے قربانی۔ (حسن)

۹۔ میں نے کہا ایک محرم نے ایسی مشک یا پیالہ سے پانی پیا جو شکار کے چمڑے سے بنا ہوا ہے آیا یہ جایز ہے یا نہیں فرمایا پی سکتا ہے۔ (ص)

﴿باب ۱۱۵﴾

☆(دخول الحرم)☆

۱ ۔ عدۃٌ من أصحابنا ، عن أحدبن أبي‌عبدالله ، عن‌أبيه ، عن القاسم بن‌إبراهيم عن أبان بن‌تغلب قال : كنت مع أبي‌عبدالله عليه السلام مزاملة فيما بين مكة و المدينة فلمّا انتهى إلى الحرم نزل واغتسل وأخذ نعليه بيديه ثمّ دخل‌الحرم حافياً فصنعت مثل ما صنع ، فقال : ياأبان من صنع مثل ما رأيتني صنعت تواضعاً لله محى الله عنه مائة ألف سيئة و كتب له مائة ألف حسنة و بنى‌الله عزّ و جلّ له مائة ألف درجة وقضى له مائة ألف حاجة .

۲ ۔ عليٌّ بن إبراهيم ، عن صالح بن السنديّ ، عن‌حمّاد بن‌عيسى ، عن‌حسين بن المختار ، عن أبي‌عبيدة قال : زاملت أباجعفر عليه السلام فيما بين مكة و المدينة فلمّا انتهى

إلى الحرم اغتسل وأخذ نعليه بيديه ثمّ مشى في الحرم ساعة.

محمد بن يحيى، عن محمد بن الحسين، عن عليّ بن الحكم، عن الحسين بن المختار مثله.

٣ ـ محمد بن يحيى، عن أحمد بن محمد، عن عليّ بن الحكم، عن عليّ بن أبي حمزة، عن أبي بصير قال: قال أبو عبدالله عليه السلام: إذا دخلت الحرم فتناول من الإذخر فامضغه وكان يأمر أمّ فروة بذلك.

٤ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن معاوية بن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: إذا دخلت الحرم فخذ من الإذخر فامضغه.

قال الكلينيّ: سألت بعض أصحابنا عن هذا فقال: يستحبّ ذلك ليطيب بها الفم لتقبيل الحجر

٥ ـ أبو عليّ الأشعريّ، عن محمد بن عبدالجبّار، عن صفوان، عن ذريح قال سألته عن الغسل في الحرم قبل دخوله أو بعد دخوله قال: لا يضرّك أيّ ذلك فعلت وإن اغتسلت بمكة فلا بأس وإن اغتسلت في بيتك حين تنزل بمكة فلا بأس.

باب ۱۱۱

حرم میں داخلہ

۱۔ میں مدینہ سے مکہ تک حضرت کا ہمسفر تھا جب آپ حرم کے پاس پہنچے تو سواری سے اترے اور غسل کیا اور اپنے جوتے اپنے ہاتھوں میں لئے اور ننگے پاؤں حرم میں داخل ہوئے۔ میں نے بھی ایسا ہی کیا۔ پھر فرمایا اے ابان جو کوئی اس طرح کرے گا جس طرح میں نے کیا ہے اور روئے تواضع تو اللہ تعالیٰ اس کے ایک لاکھ گناہ محو کرے گا اور اس کے نام ایک لاکھ نیکیاں لکھے گا اور ایک لاکھ درجات عطا کرے گا اور ایک لاکھ حاجتیں برلائے گا۔ (مجہول)

۲۔ میں مکہ اور مدینہ کے سفر میں حضرت کے ساتھ تھا جب حرم کے قریب پہنچے تو آپ نے غسل کیا اور جوتے ہاتھ میں لئے تب حرم میں داخل ہوئے۔ (مجہول)

۳۔ فرمایا جب حرم میں داخل ہو تو اذخر گھاس لے کر چبا؛ ام فروہ نے ایسا ہی حکم دیا ہے۔ (ض)

۴۔ فرمایا جب حرم میں داخل ہو تو اذخر گھاس چباؤ، کلینی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں میں نے اپنے بعض اصحاب سے اس کی وجہ دریافت کی، فرمایا تاکہ حجر اسود کو بوسہ دیتے وقت منہ خوشبودار ہو۔ (حسن)

۵۔ میں نے پوچھا حرم میں داخلہ کے لیے غسل قبل داخلہ ہے یا بعد میں فرمایا اگر مکہ میں داخل ہو کر غسل کرلو تو کوئی مضائقہ نہیں اور اگر مکہ میں آکر اپنے گھر میں نہالو تو کوئی حرج نہیں۔

﴿باب ۱۱۶﴾

☆(قطع تلبية المتمتع)☆

١ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه؛ ومحمّد بن إسماعيل، عن الفضل بن شاذان جميعاً عن صفوان بن يحيى؛ وابن أبي عمير؛ وصفوان، عن معاوية بن عمّار قال: قال أبو عبدالله عليه السلام: إذا دخلت مكّة وأنت متمتّع فنظرت إلى بيوت مكّة فاقطع التلبية وحدّ بيوت مكّة الّتي كانت قبل اليوم عقبة المدنيّين وإنّ الناس قد أحدثوا بمكّة ما لم يكن فاقطع التلبية وعليك بالتكبير و التهليل والتحميد والثناء على الله عزّ وجلّ بما استطعت.

٢ ـ محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن محمّد بن إسماعيل، عن حنان بن سدير عن أبيه قال: قال أبو جعفر وأبو عبدالله عليهما السلام: إذا رأيت أبيات مكّة فاقطع التلبية.

٣ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن حمّاد، عن الحلبيّ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: المتمتّع إذا نظر إلى بيوت مكّة قطع التلبية.

٤ ـ محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن أبي الحسن الرّضا عليه السلام أنّه سئل عن المتمتّع متى يقطع التلبية، قال: إذا نظر إلى أعراش مكّة عقبة ذي طوى، قلت: بيوت مكّة؟ قال: نعم.

باب ۱۱۶

حج تمتع میں قطع تلبیہ

۱۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے جب تمتع کے ارادہ سے تم مکہ میں داخل ہوا اور مکہ کے مکانات نظر آنے لگیں اور عقبہ المدینین ان کی حد ہے لیکن لوگوں نے جو بات نہ تھی وہ پیدا کر لی ہے پس اس وقت تلبیہ قطع کرو اور تکبیر تہلیل و تحمید و ثنائے الٰہی بجالاؤ جتنی زیادہ بجالا سکتے ہو۔ (حسن)

۲۔ فرمایا جب تم مکہ کے گھر دیکھو تو تلبیہ بند کر دو (حسن)

۳۔ ترجمہ اوپر ہے۔ (حسن)

۴۔ مضمون وہی جو اوپر لکھا گیا

﴿باب ۱۱۷﴾

☆(دخول مكة)☆

١ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن الحسن بن عليّ بن فضّال ، عن يونس ابن يعقوب قال : قلت : لأبي عبدالله عليه السلام : من أين أدخل مكة و قد جئت من المدينة ؟ فقال : أدخل من أعلى مكة و إذا خرجت تريد المدينة فاخرج من أسفل مكة .

٢ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن محمد بن يحيى ، عن طلحة بن زيد ، عن جعفر ، عن أبيه ، عن عليّ عليه السلام أنّه كان إذا قدم مكة بدء بمنزله قبل أن يطوف .

٣ ـ حميد بن زياد ، عن ابن سماعة ، عن غير واحد ، عن أبان بن عثمان ، عن محمد الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إنّ الله عزّ وجلّ يقول في كتابه : «وطهّر بيتي للطّائفين والعاكفين والرّكّع السجود» ، فينبغي للعبد أن لا يدخل مكة إلّا وهو طاهر قد غسل عرقه والأذى وتطهّر .

٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا انتهيت إلى الحرم إن شاء الله فاغتسل حين تدخله وإن تقدّمت فاغتسل من بئر ميمون أو من فخّ أو من منزلك بمكة .

٥ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد بن عثمان ، عن الحلبيّ قال : أمرنا أبو عبدالله عليه السلام أن نغتسل من فخّ قبل أن ندخل مكة .

٦ ـ الحسين بن محمد ، عن معلّى بن محمد ؛ ومحمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد جميعاً ، عن الحسن بن عليّ ، عن أبان بن عثمان ، عن عجلان أبي صالح قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : إذا انتهيت إلى بئر ميمون أو بئر عبدالصمد فاغتسل واخلع نعليك و امش حافياً وعليك السكينة والوقار .

۷۔ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمد ؛ وسهل بن زياد ، عن أحمد بن محمد بن أبي نصر ، عن عليّ بن أبي حمزة ، عن أبي الحسن عليه السلام قال : قال لي : إن اغتسلت بمكّة ثمّ نمت قبل أن تطوف فأعد غسلك .

۸ ۔ أبو عليّ الأشعريّ ، عن محمد بن عبد الجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن عبد الرّحمن بن الحجّاج قال : سألت أبا إبراهيم عليه السلام عن الرجل يغتسل لدخول مكّة ثمّ ينام فيتوضّأ قبل أن يدخل أيجزئه ذلك أو يعيد ؟ قال : لا يجزئه لأنّه إنّما دخل بوضوء .

۹ ۔ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّه قال : من دخلها بسكينة غفر له ذنبه ، قلت : كيف يدخلها بسكينة ؟ قال : يدخل غير متكبّر ولا متجبّر .

۱۰ ۔ الحسين بن محمد ، عن معلّى بن محمد ، عن الحسن بن عليّ ، عن أبان ، عن إسحاق بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لا يدخل مكّة رجل بسكينة إلّا غفر له ، قلت : ما السكينة ؟ قال : يتواضع .

باب ۱۱۷

دخول مکّہ

۱۔ میں نے کہا مکّہ میں کدھر سے داخل ہوں مدینہ سے آتے ہوئے۔ فرمایا آتے ہوئے اونچے حصہ سے اور جاتے وقت نیچے سے۔ (موثق)

۲۔ حضرت علی علیہ السلام جب مکہ آتے تو شروع کرتے اس کی منزلت کا اظہار طواف سے قبل۔ (حسن)

۳۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں فرمایا ہے اے ابراہیم و اسماعیل میرے گھر کو صاف ستھرا رکھو طواف کرنے والوں، اعتکاف کرنے والوں اور رکوع و سجود کرنے والوں کے لئے، پس بندہ کو چاہیئے کہ سرزمین مکہ پر نہ داخل ہو مگر پاک و طاہر ہو کر، اپنے پسینے کو دھوئے اور اپنے بدن کو پاک کرے۔ (مرسل)

۴۔ جب حرم کے پاس پہنچو انشاء اللہ تو داخلہ کے وقت غسل کرو اور شہر سے باہر ہو تو بئر میمون یا مقام فخ یا

مکہ کے پاس والی منزل پر سے غسل کر کے داخل ہو۔ (حسن)

۵۔ حضرت نے مجھے حکم دیا غسل کرنے کا مقام فخ سے مکہ میں داخل ہونے سے پہلے۔ (حسن)

۶۔ فرمایا جب تنعیم یا بئر عبدالصمد پر پہنچو تو وہیں غسل کرو اور جوتے اتار کر ننگے پاؤں چلو اور سکینہ اور وقار سے چلو۔ (موثق)

۷۔ فرمایا جب مکہ کے داخلہ کے لئے غسل کرو اور طواف سے پہلے سو جاؤ تو غسل کا اعادہ کرو (ض)

۸۔ فرمایا اگر کوئی دخول مکہ کے لئے غسل کرے پھر سو جائے پھر داخلہ سے پہلے وضو کرے آیا یہ کافی ہوگا یا اعادہ غسل کرے فرمایا کافی نہیں کیونکہ اس نے وضو ہی تو کیا ہے۔ (ض)

۹۔ فرمایا جو مکہ میں سکینہ کے ساتھ داخل ہوگا تو اللہ اس کے گناہ بخش دے گا۔ میں نے کہا سکینہ سے کیا مراد فرمایا از راہ تکبر و تجبر داخل نہ ہو۔ (حسن)

۱۰۔ فرمایا مکہ میں جو کوئی سکینہ سے داخل ہوگا اللہ اس کے گناہ بخش دے گا۔ میں نے کہا سکینہ کیا ہے فرمایا تواضع اختیار کرے۔ (ض)

﴿باب ۱۱۸﴾

﴿دخول المسجد الحرام﴾

۱ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان جميعاً ، عن صفوان بن يحيى ؛ وابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا دخلت المسجد الحرام فادخله حافياً على السكينة والوقار والخشوع ، وقال : ومن دخله بخشوع غفر الله له إن شاء الله ، قلت : ما الخشوع ؟ قال : السكينة ، لا تدخله بتكبّر فإذا انتهيت إلى باب المسجد فقم وقل : «السلام عليك أيّها النبيُّ و رحمة الله و بركاته بسم الله وبالله ومن الله وماشاء الله و السلام على أنبياء الله و رسله والسلام على رسول الله والسلام على إبراهيم والحمد لله ربّ العالمين» فإذا دخلت المسجد فارفع يديك و استقبل البيت وقل : «اللّهمّ إنّي أسألك في مقامي هذا في أوّل مناسكي أن تقبل توبتي وأن تجاوز عن خطيئتي وتضع عنّي وزري ، الحمد لله الّذي بلّغني بيته الحرام ، اللّهمّ إنّي أشهد أنّ هذا بيتك الحرام الّذي جعلته مثابة للناس وأمناً مباركاً وهدى للعالمين ،

اللّٰهمّ إنّي عبدك والبلد بلدك والبيت بيتك جئت أطلب رحمتك و أؤمّ طاعتك ، مطيعاً لأمرك ، راضياً بقدرك ، أسألك مسألة المضطرّ إليك الخائف لعقوبتك ، اللّٰهمّ افتح لي أبواب رحمتك واستعملني بطاعتك ومرضاتك » .

وروى أبو بصير عن أبي عبدالله عليه السلام قال : تقول وأنت على باب المسجد : «بسم الله وبالله ومن الله وماشاء الله وعلى ملّة رسول الله صلى الله عليه وآله وخير الأسماء لله والحمد لله والسلام على رسول الله صلّى الله عليه و آله ، السلام على محمد بن عبدالله السلام عليك أيّها النبيّ ورحمة الله وبركاته السلام على أنبياء الله ورسله ، السلام على إبراهيم خليل الرّحمن السلام على المرسلين والحمد لله ربّ العالمين ، السلام علينا وعلى عباد الله الصالحين ، اللّٰهمّ صلّ على محمد و آل محمد وبارك على محمد و آل محمد وارحم محمداً و آل محمد كما صلّيت وباركت وترحّمت على إبراهيم و آل إبراهيم إنّك حميدٌ مجيد ، اللّٰهمّ صلّ على محمد [و آل محمد] عبدك ورسولك وعلى إبراهيم خليلك وعلى أنبيائك ورسلك وسلّم عليهم وسلام على المرسلين والحمد لله ربّ العالمين ، اللّٰهمّ افتح لي أبواب رحمتك و استعملني في طاعتك ومرضاتك واحفظني بحفظ الإيمان أبداً ما أبقيتني ، جلّ ثناء وجهك ، الحمد لله الّذي جعلني من وفده وزوّاره و جعلني ممّن يعمر مساجده وجعلني ممّن يناجيه ، اللّٰهمّ إنّي عبدك و زائرك في بيتك وعلى كلّ مأتيّ حقّ لمن آتاه وزاره وأنت خير مأتيّ وأكرم مزور فأسألك يا الله يا رحمن بأنّك أنت الله الّذي لا إله إلّا أنت وحدك لاشريك لك و بأنّك واحد أحدٌ صمدٌ لم تلد ولم تولد ولم يكن له كفواً أحد وأنّ محمداً عبدك ورسولك صلّى الله عليه و على أهل بيته ياجواد يا كريم يا ماجد يا جبّار يا كريم ، أسألك أن تجعل تحفتك إيّاي بزيارتي إيّاك أوّل شيء تعطيني فكاك رقبتي من النّار ، اللّٰهمّ فكّ رقبتي من النّار - تقولها ثلاثاً - وأوسع عليّ من رزقك الحلال الطيّب وادره عنّي شرّ شياطين الإنس و الجنّ و شرّ فسقة العرب والعجم » .

باب ۱۲

مسجد الحرام میں داخلہ

۱۔ فرمایا جب مسجد الحرام میں داخل ہو تو ننگے پیر سکینہ و وقار و خشوع کے ساتھ اور فرمایا جو اس طرح

داخل ہوگا اللہ تعالیٰ اس کو بخش دے گا۔ میں نے کہا خشوع کیا ہے فرمایا سکینہ تکبر سے اس میں نہ جاؤ جب باب مسجد پر پہنچو تو کھڑے ہو کر کہو،

السلام عليك أيها النبي و رحمة الله و بركاته

بسم الله وبالله ومن الله وماشاء الله و السلام على أنبياء الله و رسله والسلام على رسول الله والسلام على إبراهيم والحمد لله ربّ العالمين

میرا سلام ہو اے نبی اور اللہ کی رحمت و برکت آپ پر بسم اللہ و باللہ و من اللہ ماشاءَ اللہ اور سلام ہو انبیا و مرسلین خدا پر اور سلام ہو رسول اللہ پر اور سلام ہو حضرت ابراہیمؑ اور تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جب مسجد میں داخل ہو تو اپنے ہاتھ بلند کرو اور خانۂ کعبہ کی طرف رخ کرکے کہو «اللّهمّ إنّي أسألك في مقامي هذا في أوّل مناسكي أن تقبل توبتي وأن تجاوز عن خطيئتي وتضع عنّي وزري ، الحمد لله الّذي بلّغني بيته الحرام ، اللّهمّ إنّي أشهد أنّ هذا بيتك الحرام الّذي جعلته مثابة للناس وأمناً مباركاً وهدى للعالمين ، اللّهمّ إنّي عبدك والبلد بلدك والبيت بيتك جئت أطلب رحمتك و أؤمّ طاعتك ، مطيعاً لأمرك ، راضياً بقدرك ، أسألك مسألة المضطرّ إليك الخائف لعقوبتك ، اللّهمّ افتح لي أبواب رحمتك واستعملني بطاعتك ومرضاتك »

یا اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اس مقام میں جو میری پہلی عبادت ہے کہ میری توبہ قبول کر اور میری خطا سے درگزر کر اور میرے گناہوں کے بوجھ کو مجھ سے ہٹا دے۔ حمد ہے اس ذات کے لئے جس نے مجھے اپنے حرمت والے گھر بھیجا۔ میں گواہی دیتا ہوں یہ تیرا صاحب حرمت (۱۱) گھر ہے جسے تو نے لوگوں کے لئے ثواب پانے کی جگہ بنایا ہے اور امن و برکت والا اور تمام عالموں کے لئے ہدایت، میں تیرا بندہ ہوں اور یہ شہر تیرا شہر ہے اور یہ گھر تیرا گھر ہے میں تیری رحمت کا طالب ہوں اور تیری اطاعت کا خواستگار، تیرے حکم کا مطیع اور تیری قدر پر راضی، میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرا مضطر ہو کر اور تیرے عذاب سے ڈر کر، یا اللہ میرے لئے رحمت کے دروازے کھول دے اور مجھ سے اپنی اطاعت اور مرضی کا عمل کرا، اور ابو بصیر سے روایت ہے کہ حضرت ابو عبداللہ علیہ السلام نے فرمایا کہ یوں کہے جب مسجد کے دروازے پر پہنچے

«بسم الله وبالله ومن الله وماشاء الله وعلى ملّة رسول الله صلى الله عليه وآله وخير الأسماء لله والحمد لله والسلام على رسول الله صلّى الله عليه وآله ، السلام على محمد بن عبد الله السلام عليك أيّها النبيّ ورحمة الله وبركاته السلام على أنبياء الله ورسله ، السلام على إبراهيم خليل الرّحمن السلام على المرسلين والحمد لله ربّ العالمين ، السلام علينا وعلى عباد الله الصالحين ، اللّهمّ صلّ

على محمد و آل محمد و بارك على محمد و آل محمد وارحم محمداً و آل محمد كما صليت وباركت وترحمت على إبراهيم و آل إبراهيم إنّك حميدٌ مجيد، اللّهمّ صلّ على محمد [و آل محمد] عبدك ورسولك وعلى إبراهيم خليلك وعلى أنبيائك ورسلك وسلّم عليهم وسلام على المرسلين والحمد لله ربّ العالمين، اللّهمّ افتح لي أبواب رحمتك و استعملني في طاعتك ومرضاتك واحفظني بحفظ الإيمان أبداً ما أبقيتني، جلّ ثناء وجهك، الحمد لله الّذي جعلني من وفده وزوّاره و جعلني ممّن يعمر مساجده وجعلني ممّن يناجيه، اللّهمّ إنّي عبدك و زائرك في بيتك وعلى كلّ مأتيٍّ حقّ لمن أتاه وزاره وأنت خير مأتيّ وأكرم مزور فأسألك يا الله يا رحمن بأنّك أنت الله الّذي لا إله إلّا أنت وحدك لا شريك لك و بأنّك واحد أحدٌ صمدٌ لم تلد ولم تولد ولم يكن له كفواً أحد[2] وأنّ محمداً عبدك ورسولك صلّى الله عليه و على أهل بيته ياجواد يا كريم يا ماجد يا جبّار يا كريم، أسألك أن تجعل تحفتك إيّاي بزيارتي إيّاك أوّل شيء تعطيني فكاك رقبتي من النّار، اللّهم فكّ رقبتي من النّار ـ تقولها ثلاثاً ـ وأوسع عليّ من رزقك الحلال الطيّب وادرء عنّي شرّ شياطين الإنس و الجنّ و شرّ فسقة العرب والعجم».

بسم اللہ و باللہ و من اللہ ما شاء اللہ اور ملت رسول اللہ

پر اور بہترین اسماء اللہ ہی کے لئے ہیں اور حمد بھی اللہ ہی کے لئے ہے اور سلام ہو رسول خدا پر اور محمد بن عبد اللہ پر اور سلام ہو آپ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت و برکت ہو سلام ہو تمام انبیاء و مرسلین پر سلام ہو ابراہیم خلیل پر سلام ہو مرسلین پر اور حمد ہے اللہ کے لئے جو رب العالمین ہے اور سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر یا اللہ رحمت نازل کر محمد و آل محمد پر اور برکت نازل کر محمد و آل محمد پر اور رحم کر محمد و آل محمد پر جیسے تو نے برکت و رحمت نازل کی ابراہیم و آل ابراہیم پر، تو حمید و مجید ہے یا اللہ رحمت نازل کر محمد و آل محمد پر، وہ محمد جو تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں اور ابراہیم پر جو تیرے خلیل ہیں اور اپنے انبیاء اور مرسلین پر اور سلام ہو ان پر اور مرسلین پر اور حمد کا مستحق اور رب العالمین ہے یا اللہ میرے لئے ابواب رحمت کو کھول دے اور توفیق دے کہ تیری اطاعت اور رضا کا عمل مجھ سے صادر ہو اور ایمان کی حفاظت کے ساتھ میری حفاظت کر اور یہ حمد ہے اس خدا کے لئے جس نے مجھے اپنے گھر بلایا اور اس کا زائر بنایا اور مجھے ان لوگوں میں سے قرار دیا جو مساجد کو آباد کرتے ہیں اور مناجات کرنے والوں میں سے بنایا یا اللہ میں تیرا بندہ ہوں تیرے گھر کا زائر ہوں اور تو ان میں سب سے بہتر ہے جس کے پاس آیا جائے تو مستحق ہے اس کا کہ بندہ تیرے

پاس آئے اور تیرے گھر کی زیارت کرے۔ میں سوال کرتا ہوں اے رحمٰن اور اقرار کرتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تیرا کوئی شریک نہیں تو واحد و احد و صمد ہے نہ تو کسی کو پیدا کیا نہ تجھے کسی نے پیدا کیا۔ کوئی تیرا کفو نہیں۔ محمدؐ تیرے عبد رسول ہیں اے جواد و کریم اے ماجد، ان پر اور ان کی آل پر صلوٰۃ ہو۔

اے جبار اے کریم میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ میرے لیے قرار دے میری زیارت کو اپنا تحفہ اور سب پہلے عطا کر میری گردن کی آزادی نار جہنم سے اور میرے رزق حلال و طیب میں وسعت دے اور دور کر مجھ کو شر شیاطین و انس و جن سے اور فاسقان عرب و عجم کے شر سے۔ (حسن)

﴿ باب ۱۹ ﴾

☆(الدعاء عند استقبال الحجر و استلامه)☆

۱ ـ علیٌّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير؛ و محمّد بن إسماعيل، عن الفضل ابن شاذان، عن ابن أبي عمير؛ و صفوان بن يحيى، عن معاوية بن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: إذا دنوت من الحجر الأسود فارفع يديك واحمد الله و اثن عليه و صلّ على النبيّ صلى الله عليه و آله و اسأل الله أن يتقبّل منك ثمّ استلم الحجر وقبّله فإن لم تستطع أن تقبّله فاستلمه بيدك فإن لم تستطع أن تستلمه بيدك فأشر إليه وقل: «اللّهمّ أمانتي أدّيتها وميثاقي تعاهدته لتشهدلي بالموافاة، اللّهمّ تصديقاً بكتابك وعلى سنّة نبيّك أشهد أن لا إله إلّا الله وحده لا شريك له وأنّ محمّداً عبده و رسوله آمنت بالله و كفرت بالجبت والطاغوت وباللاّت والعزّى وعبادة الشيطان و عبادة كلّ ندّ يدعى من دون الله» فإن لم تستطع أن تقول هذا كلّه فبعضه وقل: «اللّهمّ إليك بسطت يدي و فيما عندك عظمت رغبتي فاقبل سيحتي واغفرلي وارحمني، اللّهمّ إنّي أعوذبك من الكفر والفقر و مواقف الخزي في الدّنيا والآخرة».

۲ ـ وفي رواية أبي بصير، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: إذا دخلت المسجد الحرام فامش حتّى تدنو من الحجر الأسود فتستقبله و تقول: «الحمد لله الّذي هدانا لهذا وما كنّا لنهتدي لولا أن هدانا الله سبحان الله والحمد لله ولا إله إلّا الله والله أكبر، أكبر من خلقه وأكبر ممّن أخشى وأحذر ولا إله إلّا الله وحده لا شريك له، له الملك وله الحمد يحيي و يميت ويميت ويحيي بيده الخير وهو على كلّ شيء قدير» وتصلّي على النبيّ و آل النبيّ

[صلّى الله عليه وعليهم] و تسلّم على المرسلين كما فعلت حين دخلت المسجد ثمّ تقول : « اللّهمّ إنّي أومن بوعدك وأوفي بعهدك » ثمّ ذكر كما ذكر معاوية .

۳ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ، عن حريز ، عمن ذكره ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : إذا دخلت المسجد الحرام وحاذيت الحجر الأسود فقل : «أشهد أن لا إله إلّا الله وحده لا شريك له وأشهد أنّ محمّداً عبده و رسوله آمنت بالله و كفرت بالطاغوت وباللاّت والعزّى وبعبادة الشيطان و بعبادة كلّ ندّ يدعى من دون الله » ثمّ ادن من الحجر واستلمه بيمينك ثمّ تقول : « بسم الله والله أكبر ، اللّهمّ أمانتي أدّيتها وميثاقي تعاهدته لتشهد عندك لي بالموافاة » .

باب ۱۱۹

دعائے استقبال حجر

۱۔ فرمایا جب تم حجر اسود سے قریب ہو تو ہاتھ اٹھا کر اللہ کی حمد و ثنا کرو اور نبی پر درود بھیجو اور اللہ سے سوال کرو کہ وہ تمہاری عبادت قبول کرے پھر حجر اسود کو بوسہ دو اگر ممکن نہ ہو تو ہاتھ سے بوسہ دو اور اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو اس کی طرف اشارہ کرو اور کہو یا اللہ میں نے اپنی امانت کو ادا کیا اور اپنے عہد کو پورا کیا تاکہ تو پورا ہونے کی گواہی دے یا اللہ میں تصدیق کرتا ہوں تیری کتاب کی اور میں تیرے نبی کی سنت پر ہوں اور گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ۔ وہ وحدہٗ لاشریک ہے اور محمدؐ اس کے عبد و رسولؐ ہیں میں اللہ پر ایمان لایا ہوں اور میں نے انکار کیا ہے شیاطین لات و عزیٰ سے اور شیاطین کی عبادت سے اور ہر اس ذات کی عبادت سے جسے اللہ کے سوا پوجا جاتا ہے اور یہ سب کہنا ممکن نہ ہو تو کہو یا اللہ میں نے تیری بارگاہ میں ہاتھ پھیلایا ہے اور جو تیرے ید قدرت میں ہے اس کی طرف پوری رغبت کی ہے ۔ پس تو میری سعی کو قبول کر اور مجھے بخش دے اور رحم کر ۔ یا اللہ میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں کفر و فقر سے اور ذلت کے مواقع سے دنیا و آخرت میں ۔

۲۔ حضرت نے فرمایا جب مسجد الحرام میں داخل ہو پس چلو اور حجر اسود کے قریب آؤ اسے بوسہ دو اور کہو

الحمد لله الّذي هدانا لهذا وما كنّا لنهتدي لولا أن هدانا الله سبحان الله والحمد لله ولا إله إلّا الله والله أكبر ، أكبر من خلقه وأكبر ممّن أخشى وأحذر ولا إله إلّا الله وحده لا شريك له

، له الملك وله الحمد يحيي ويميت ويميت ويحيي بيده الخير وهو على كل شيء قدير حمد ہے اس اللہ کی جس نے ہمیں ہدایت کی اور اگر وہ ہدایت نہ کرتا تو ہم ہدایت نہ پاتے، پاک ہے اللہ اور سزاوار حمد ہے اللہ اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکبر ہے اپنی مخلوق سے اور اکبر ہے ہر اس چیز سے جس نے اسے پیدا کیا وہ وحدہٗ لاشریک ہے ملک اسی کا ہے حمد کا سزاوار وہی ہے وہ جلاتا اور مارتا ہے اور مارتا اور جلاتا ہے اور وہ ہر شے پر قادر ہے اور درود بھیجو محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اور سلام بھیجو مرسلین پر اس طرح جس طرح مسجد میں داخل ہوتے وقت بھیجا تھا پھر کہو یا اللہ میں تیرے وعدہ پر ایمان لایا ہوں تیرے عہد کو پورا کرتا ہوں پھر آپؑ نے ذکر کیا اس کا جو معاویہ ذکر کیا کرتا تھا۔ (مرسل)

۳۔ فرمایا حضرت نے جب تم مسجد الحرام میں داخل ہو اور محاذ حجر اسود میں پہنچو تو کہو اشہد ان لا الٰہ الا اللہ وحدہٗ لاشریک لہٗ واشہد ان محمداً عبدہٗ ورسولہٗ، میں اللہ پر ایمان لایا اور میں نے انکار کیا شیاطین اور لات و عزیٰ کا اور عبادت شیاطین کا اور ہر اس کی عبادت کا جس کو خدا کا مثل قرار دے کر پوجا جاتا ہے پھر حجر کے قریب جا کر داہنے ہاتھ سے مس کرو اور کہو بسم اللہ و باللہ واللہ اکبر۔ یا اللہ یہ تیری امانت تھی جسے میں نے پورا کیا اور عہد تھا جسے میں نے پورا کیا تاکہ تو پورا ہونے کی گواہی دے۔ (مرسل)

﴿باب ۱۲﴾

☆(الاستلام والمسح)☆

۱ ۔ محمد بن يحيى ، عن محمد بن الحسين ، عن صفوان بن يحيى ، عن يعقوب بن شعيب قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن استلام الركن قال : استلامه أن تلصق بطنك به والمسح أن تمسحه بيدك .

باب ۱۲

چومنا اور چھونا

۱۔ میں نے استلام رکن کے متعلق پوچھا، فرمایا استلام کی صورت یہ ہے کہ اپنے شکم کو اس سے ملا دے اور مسح یہ ہے کہ اپنے ہاتھ سے اسے چھوئے۔

﴿باب ۱۳﴾

☆(المزاحمة على الحجر الاسود)☆

۱ ۔ علي بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمار قال :

قال أبو عبدالله عليه السلام : كنّا نقول : لابدّ أن نستفتح بالحجر ونختم به فأمّا اليوم فقد كثر النّاس .

٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ؛ و محمّد بن إسماعيل عن الفضل بن شاذان ، عن صفوان بن يحيى ؛ وابن أبي عمير ، عن عبدالرّحمن بن الحجّاج عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كنت أطوف وسفيان الثوريّ قريب منّي فقال : يا أباعبدالله كيف كان رسول الله صلى الله عليه وآله يصنع بالحجر إذا انتهى إليه ، فقلت : كان رسول الله صلى الله عليه وآله يستلمه في كلّ طواف فريضة ونافلة ، قال : فتخلّف عني قليلاً فلمّا انتهيت إلى الحجر جزت ومشيت فلم أستلمه فلحقني فقال : يا أباعبدالله ألم تخبرني أنّ رسول الله صلى الله عليه وآله كان يستلم الحجر في كلّ طواف فريضة ونافلة ؟ قلت : بلى ، قال : فقد مررت به فلم تستلم ؟ فقلت : إنّ النّاس كانوا يرون لرسول الله صلى الله عليه وآله ما لا يرون لي و كان إذا انتهى إلى الحجر أفرجوا له حتّى يستلمه وإنّي أكره الزّحام .

٣ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن صفوان بن يحيى ، عن سيف التمار قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : أتيت الحجر الأسود فوجدت عليه زحاماً فلم ألق إلّا رجلاً من أصحابنا فسألته فقال : لابدّ من استلامه فقال : إن وجدته خالياً وإلّا فسلّم من بعيد .

٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن رجل حجّ ولم يستلم الحجر ، فقال : هو من السنّة فإن لم يقدر فالله أولى بالعذر .

٥ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن صفوان بن يحيى ، عن يعقوب بن شعيب قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : إنّي لاأخلص إلى الحجر الأسود فقال : إذا طفت طواف الفريضة فلا يضرك .

٦ ـ حميد بن زياد ، عن ابن سماعة ، عن غير واحد ، عن أبان بن عثمان ، عن محمّد الحلبيّ قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن الحجر إذا لم أستطع مسّه و كثر الزّحام ؟ فقال : أمّا الشيخ الكبير والضعيف والمريض فمرخّص وما أحبّ أن تدع مسّه إلّا أن لاتجد بدّاً .

٧ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد بن عيسى ، عن أحمد بن محمّد بن

أبي نصر ، عن محمد بن عبيدالله قال : سئل الرّضا عليه السلام عن الحجر الأسود وهل يقاتل عليه النّاس إذا كثروا ؟ قال : إذا كان كذلك فأوم إليه إيماء بيدك .

٨ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن أبي أيّوب الخزّاز ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : ليس على النساء جهر بالتلبية ولا استلام الحجر ولا دخول البيت ولا سعي بين الصّفا والمروة ـ يعني الهرولة ـ .

٩ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن أبي عبدالله ، عن أحمد بن موسى ، عن عليّ ابن جعفر ، عن محمد بن مسلم ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : استلموا الرّكن فإنّه يمين الله في خلقه يصافح بها خلقه مصافحة العبد ـ أو الرّجل ـ يشهد لمن استلمه بالموافاة .

١٠ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن عليّ بن النعمان ، عن سعيد الأعرج ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته عن استلام الحجر من قبل الباب ، فقال : أليس إنّما تريد أن تستلم الرّكن ؟ قلت : نعم ، قال : يجزئك حيث ما نالت يدك .

باب ۱۲۱

مزاحمت حجر اسود پر

۱۔ حضرت نے فرمایا افتتاح حجر اسود سے کرو اور اسی پر ختم کرو لوگوں کی اب کثرت ہے۔ (حسن)

۲۔ حضرت نے فرمایا میں طواف کر رہا تھا اور سفیان ثوری میرے قریب تھا مجھ سے کہنے لگا۔ اے ابو عبداللہ، رسول اللہ کا عمل حجر اسود کے پاس آکر کیا ہوتا تھا۔ میں نے آنحضرت ہر طواف میں خواہ فریضہ ہو یا نافلہ استلام کرتے تھے یہ سن کر وہ مجھ سے کچھ دور ہٹ گیا جب میں حجر کے پاس گیا تو آگے بڑھ گیا استلام نہ کیا۔ اس نے کہا۔ اے ابو عبداللہ کیا آپ نے یہ نہیں بتایا کہ رسول اللہ ہر طواف کے بعد استلام حجر اسود کیا کرتے تھے نافلہ ہو یا فریضہ لیکن آپ بغیر استلام کے گزر گئے میں نے کہا ہاں ایسا ہی ہوا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ لوگ رسول اللہ کے لئے جو روا رکھتے تھے ہمارے لئے روا نہیں رکھتے۔ جب حضرت حجر تک پہنچتے تھے لوگ پھٹ جاتے تھے اور آپ استلام کر لیتے تھے ہمیں اژدہام مانع ہے۔ (حسن)

۳۔ میں نے حضرت سے کہا جب میں حجر اسود کے پاس آیا تو میں نے بہت ہجوم پایا اپنے ایک دوست سے اس کے متعلق

پوچھا اس نے کہا استلام ضروری ہے فرمایا اگر خالی جگہ ہو تو کرو ورنہ دور سے بوسہ دے لو۔ (م)

۴۔ میں نے ابو عبداللہ علیہ السلام سے پوچھا ایک شخص نے حج کیا استلام نہیں کیا۔ فرمایا وہ سنت ہے اگر قدرت نہ ہو تو اللہ بہتر عذر کا جاننے والا ہے۔

۵۔ میں نے کہا میں حجر اسود تک نہیں پہنچ سکا فرمایا جب تم نے طواف فریضہ ادا کر لیا تو کوئی حرج نہیں۔ (م)

۶۔ میں نے حضرت سے کہا اگر حجر کو مس کرنا ممکن نہ ہو اور ہجوم زیادہ ہو۔ فرمایا شیخ، کبیر اور ضعیف اور مریض کے لئے اجازت ہے اور میں مس کرنے کے ترک کو پسند نہیں کرتا مگر جب چارہ کار نہ ہو۔ (مرسل)

۷۔ امام رضا علیہ السلام سے پوچھا گیا حجر اسود کے بارے میں کہ آیا جب لوگوں کی کثرت ہو تو ان کو بزور پیچھے ہٹانے کے لئے لڑائی کی جائے فرمایا اگر ایسی صورت ہو تو ہاتھ سے اشارہ کیا جائے۔ (مجہول)

۸۔ فرمایا عورتیں بآواز بلند تلبیہ نہ کریں اور نہ استلام حجر کریں اور نہ خانۂ کعبہ کے اندر داخل ہوں اور نہ سعی صفا و مروہ میں ہرولہ کریں۔ (حسن)

۹۔ حضرت نے فرمایا کہ رسول اللہ نے فرمایا ہے استلام حجر کرو کہ وہ بمنزلہ خدا کے داہنے ہاتھ کے ہے اس کی مخلوق میں جس سے وہ اپنی مخلوق سے مصافحہ کرتا ہے یہ مصافحہ بندہ کا خدا سے ہے یہ حجر اپنے استلام کرنے والے کے عہد پورا کرنے کی گواہی دے گا۔ (مجہول)

۱۰۔ میں نے استلام حجر کے متعلق پوچھا دروازہ کی طرف سے۔ فرمایا کیا ایسا نہیں کہ تم رکن سے استلام کا ارادہ رکھتے ہو؟ میں نے کہا ہاں ارادہ تو ہے فرمایا تو یہ کافی ہے اگر ہاتھ وہاں تک نہیں پہنچتا۔ (م)

﴿ باب ۲۳ ﴾

✿(الطواف و استلام الاركان)✿

۱ ـ عليُّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير؛ ومحمّد بن إسماعيل، عن الفضل بن شاذان عن ابن أبي عمير؛ وصفوان بن يحيى، عن معاوية بن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: طف بالبيت سبعة أشواط وتقول في الطواف: «اللّهمّ إنّي أسألك باسمك الّذي يمشى به على طلل الماء كما يمشى به على جدد الأرض وأسألك باسمك الّذي يهتزّ له عرشك وأسالك باسمك الّذي تهتزّ له أقدام ملائكتك و أسألك باسمك الّذي دعاك به موسى من جانب الطور فاستجبت له وألقيت عليه محبّة منك وأسألك باسمك الّذي غفرت به لمحمد صلى الله عليه وآله ما تقدّم من ذنبه وما تأخّر وأتممت عليه نعمتك أن تفعل بي كذا و

كذا ـ ما أحببت من الدّعاء ـ ، وكلّما انتهيت إلى باب الكعبة فصلّ على النبيّ صلى الله عليه وآله و تقول فيما بين الركن اليماني والحجر الأسود : «ربّنا آتنا في الدّنيا حسنة وفي الآخرة حسنة وقنا عذاب النّار» وقل في الطّواف : «اللّهمّ إنّي إليك فقير وإنّي خائف مستجير فلا تغيّر جسمي ولا تبدّل اسمي» .

٢ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن محمّد بن سنان عن عبدالله بن مسكان قال : حدّثني أيّوب أخو أديم ، عن الشيخ قال : قال لي أبي : كان أبي عليه السلام إذا استقبل الميزاب قال : «اللّهمّ اعتق رقبتي من النّار وأوسع عليّ من رزقك الحلال وادرء عني شرّ فسقة الجنّ والإنس وأدخلني الجنّة برحمتك» .

٣ ـ أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن إبراهيم بن أبي البلاد ، عن عبدالسلام ابن عبدالرّحمن بن نعيم قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : دخلت طواف الفريضة فلم يفتح لي شيء من الدّعا إلّا الصلاة على محمّد وآل محمّد وسعيت فكان كذلك ؟ فقال : ما اُعطي أحدٌ ممّن سأل أفضل ممّا أعطيت .

٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن صفوان بن يحيى ، عن يعقوب بن شعيب قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : ما أقول إذا استقبلت الحجر ؟ فقال : كبّر وصلّ على محمّد وآله ، قال : وسمعته إذا أتى الحجر يقول : «الله أكبر السلام على رسول الله صلى الله عليه وآله» .

٥ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن عمر بن عاصم ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كان عليّ بن الحسين عليهما السلام إذا بلغ الحجر قبل أن يبلغ الميزاب يرفع رأسه ثمّ يقول : «اللّهمّ أدخلني الجنّة برحمتك ـ وهو ينظر إلى الميزاب ـ و أجرني برحمتك من النار وعافني من السقم وأوسع عليّ من الرّزق الحلال وادرء عنّي شرّ فسقة الجنّ والإنس وشرّ فسقة العرب والعجم» .

٦ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن عمر بن اُذينة قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول لمّا انتهى إلى ظهر الكعبة حين يجوز الحجر : «ياذا المنّ والطول والجود والكرم إنّ عملي ضعيف فضاعفه لي وتقبّله منّي إنّك أنت السميع العليم» .

٧ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن النضر بن

سويد ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : يستحبّ أن تقول بين الرّكن والحجر : «اللّهم آتنا في الدّنيا حسنة وفي الآخرة حسنة وقنا عذاب النار» وقال : إنّ ملكاً موكّلاً يقول : آمين .

٨ ـ أحمدبن محمّد ، عن محمّد بن يحيى ، عن غياث بن إبراهيم ، عن جعفر ، عن أبيه عليهم السلام قال : كان رسول الله صلى الله عليه وآله لايستلم إلّا الرّكن الأسود و اليماني ثمّ يقبّلهما و يضع خدّه عليهما ورأيت أبي يفعله .

٩ ـ أحمدبن محمّد ، عن ابن أبي عمير ، عن جميل بن صالح ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كنت أطوف بالبيت فإذا رجل يقول : ما بال هذين الركنين يستلمان ولا يستلم هذان ؛ فقلت : إنّ رسول الله صلى الله عليه وآله استلم هذين ولم يعرّض لهذين فلاتعرّض لهما إذا لم يعرّض لهما رسول الله صلى الله عليه وآله ؛ قال جميل : ورأيت أباعبدالله عليه السلام يستلم الأركان كلّها .

١٠ ـ أحمدبن محمّد ، عن البرقيّ ، رفعه ، عن زيدالشحّام أبي أسامة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كنت أطوف مع أبي عبدالله عليه السلام وكان إذا انتهى إلى الحجر مسحه بيده وقبّله و إذا انتهى إلى الرّكن اليماني التزمه فقلت : جعلت فداك تمسح الحجر بيدك وتلتزم اليماني ؛ فقال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : ما أتيت الرّكن اليمانيّ إلّا وجدت جبرئيل قدسبقني إليه يلتزمه .

١١ ـ أحمدبن محمّد ، عن الحسين بن عليّ ، عن دبعيّ ، عن العلاء بن المقعد قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : إنّ الله عزّ وجلّ وكّل بالرّكن اليماني ملكاً هجّيراً يؤمّن على دعائكم .

١٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن العلاء بن المقعد قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : إنّ ملكاً موكّلاً بالرّكن اليمانيّ منذ خلق الله السماوات و الأرضين ليس له هجّير إلّا التأمين على دعائكم فلينظر عبد بما يدعو ، فقلت له : ما الهجّير ؛ فقال : كلام من كلام العرب أي ليس له عمل . وفي رواية اُخرى ليس له عمل غير ذلك .

١٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية [بن عمّار] ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الرّكن اليمانيّ باب من أبواب الجنّة لم يغلقه الله منذ فتحه .

وفي رواية اُخرى بابنا إلى الجنّة الّذي منه ندخل .

١٤ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن الحسن بن عليّ بن النعمان ، عن إبراهيم بن سنان ، عن أبي مريم قال : كنت مع أبي جعفر عليه السلام أطوف فكان لا يمرّ في طواف من طوافه بالرّكن اليمانيّ إلّا استلمه ثمّ يقول : اللّهمّ تب عليّ حتّى أتوب و اعصمني حتّى لا أعود .

١٥ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن يعقوب بن يزيد ، عن أبي الفرج السنديّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كنت أطوف معه بالبيت فقال : أيّ هذا أعظم حرمة؟ فقلت : جعلت فداك أنت أعلم بهذا منّي فأعاد عليّ فقلت له : داخل البيت ، فقال : الرّكن اليمانيّ على باب من أبواب الجنّة مفتوح لشيعة آل محمّد ، مسدود عن غيرهم ، وما من مؤمن يدعو بدعاء عنده إلّا صعد دعاؤه حتّى يلصق بالعرش ، ما بينه و بين الله حجابٌ .

١٦ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن ابن أبي عمير ، عن حفص بن البختري ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إنّ في هذا الموضع - يعني حين يجوز الرّكن اليمانيّ - ملكاً أعطي سماع أهل الأرض فمن صلّى على رسول الله صلى الله عليه وآله حين يبلغه أبلغه إيّاه .

١٧ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن الحسن بن عليّ ـ أو غيره ـ عن حمّاد ابن عثمان قال : كان بمكّة رجل مولى لبني أميّة يقال له : ابن أبي عوانة له عبادة و كان إذا دخل إلى مكّة أبو عبدالله عليه السلام أو أحدٌ من أشياخ آل محمّد عليهم السلام يعبث به و إنّه أتى أبا عبدالله عليه السلام وهو في الطواف فقال : يا أبا عبدالله ما تقول في استلام الحجر ؟ فقال : استلمه رسول الله صلى الله عليه وآله فقال له : ما أراك استلمته ، قال : أكره أن اُوذي ضعيفاً أو أتأذّى قال : فقال : قد زعمت أنّ رسول الله صلى الله عليه وآله استلمه ؟ قال : نعم ولكن كان رسول الله صلى الله عليه وآله إذا رأوه عرفوا له حقّه وأنا فلا يعرفون لي حقّي .

١٨ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن النوفليّ ، عن السكونيّ ، عن جعفر ، عن آبائه عليهم السلام أنّ عليّاً صلوات الله عليه سئل كيف يستلم الأقطع الحجر ، قال : يستلم الحجر من حيث القطع فإن كانت مقطوعة من المرفق استلم الحجر بشماله .

۱۹ ـ محمد بن یحیی ، عمّن ذکره ، عن محمد بن جعفر النوفلي ، عن إبراهيم بن عيسى عن أبيه ، عن أبي الحسن عليه السلام أنّ رسول الله صلى الله عليه وآله طاف بالكعبة حتّى إذا بلغ الرّكن اليمانيّ رفع رأسه إلى الكعبة ثمّ قال : « الحمد لله الّذي شرّفك وعظّمك و الحمد لله الّذي بعثني نبيّاً وجعل عليّاً إماماً ، اللّهمّ اهد له خيار خلقك وجنّبه شرار خلقك » .

باب ۱۲۲

طواف واستلام ارکان

۱۔ فرمایا خانۂ کعبہ کا طواف سات بار کرو اور طواف میں کہو۔
یا اللہ میں تیرے اس نام سے سوال کرتا ہوں جس کی برکت سے پانی میں اور ناہموار زمین چلتے ہیں اور اس نام سے سوال کرتا ہوں جو عرش کو حرکت دیتا ہے اور عرش اس سے چھوتا ہے اور سوال کرتا ہوں تیرے اس نام سے جس سے ملائکہ وجد میں آتے ہیں اور دعا کرتا ہوں تیرے اس نام سے جس سے موسیٰؑ نے طور پر دعا کی تھی اور تو نے اس کو قبول کیا اور ان پر رحمت نازل کی اور دعا کرتا ہوں تیرے اس نام سے جس سے تو نے محمد مصطفےٰ کے اگلے پچھلے گناہ معاف کئے اور نعمتوں کو ان پر تمام کیا۔ میرے ساتھ ایسا ایسا کر جو کچھ میری دعا سے تو پسند کرے اور جب دروازۂ کعبہ پہنچے تو درود بھیج نبی پر اور ان کی آل پر اور رکن یمانی اور حجرۂ اسود کے درمیان کہے۔ اے ہمارے رب دنیا و آخرت میں نیکی دے اور عذاب دوزخ سے بچا اور طواف میں کہو یا اللہ میں تیری بارگاہ کا فقیر ہوں تجھ سے خائف ہوں اور تیری پناہ چاہنے والا میرا جسم متغیر نہ کرنا اور میرے نام کو نہ بدلنا۔ (حسن)

۲۔ فرمایا میرے والد ماجد جب پرنالۂ کعبہ کے سامنے آتے تو کہتے یا اللہ میری گردن نار سے آزاد کر اور اپنے رزق حلال کو میرے اوپر زیادہ کر اور فاسق جن و انس کے شر کو مجھ سے دور رکھ اور اپنی رحمت سے مجھے جنت میں داخل کر۔ (ف)

۳۔ میں نے کہا میں نے طواف فریضہ ادا کیا لیکن سوائے محمدؐ و آل محمدؐ پر درود بھیجنے کے میں نے کوئی دعا نہیں پڑھی اسی طرح سنی کی فرمایا تمہیں سب سے بہتر اس کی جزا ملے گی۔ (حسن)

۴۔ میں نے کہا میں حجر اسود کے مقابل جا کر میں کیا کہوں فرمایا تکبیر کہو محمدؐ و آل محمدؐ پر درود بھیجو راوی کہتا ہے میں نے سنا کہ جب آپ حجر کے پاس آئے تو فرمایا اللہ اکبر اور سلام ہو رسول اللہ پر۔ (ف)

۵۔ حضرت میزاب تک پہنچنے سے پہلے جب حجر کے پاس آئے تو آپ نے سر اٹھا کر فرمایا یا اللہ اپنی رحمت سے مجھے جنت میں

داخل کر اور آپ میزاب کی طرف دیکھتے جاتے تھے اور مجھے نار و دوزخ سے پناہ دے اور بیماری سے بچا اور رزقِ حلال میں زیادتی کر اور فاسق جن و انسان اور عرب و عجم کے شر سے بچائے۔ (م)

۶۔ میں نے حضرت سے سنا جب آپ پشت کعبہ کی طرف آئے تو یہ دعا کی۔ اے صاحب احسان و طاقت حمد و کرم میرا عمل کمزور ہے اسے زیادہ کر اور مجھ سے قبول کر بے شک تو سمیع و علیم ہے (حسن)

۷۔ فرمایا مستحب ہے یہ کہنا رکن و حجر کے درمیان یا اللہ مجھے دنیا و آخرت میں نیکی دے اور عذاب نار سے بچائے فرمایا کہ اس کا ملک موکل آمین کہتا ہے۔ (م)

۸۔ فرمایا رسول اللہ استلام نہیں کرتے تھے مگر حجر اسود اور رکن یمانی کا پھر ان دونوں کو بوسہ دیتے اور اپنا رخسارہ اس پر رکھتے، میرے والد بھی ایسا ہی کرتے تھے۔ (موثق)

۹ فرمایا میں طواف کر رہا تھا کہ ایک شخص کو یہ کہتے سنا کہ کیا بات ہے کہ ان دونوں رکنوں کا استلام کرتے ہیں اور ان دو کا نہیں کرتے میں نے کہا رسول اللہ انہی دو کا استلام کرتے تھے پس تم بھی ان دو سے تعرض نہ کرو جبکہ رسول اللہ نے نہیں کیا۔ جمیل کہتا ہے میں نے دیکھا کہ حضرت ابو عبد اللہ علیہ السلام تمام ارکان کا استلام کرتے تھے (م)

۱۰۔ فرمایا راوی نے حضرت ابو عبد اللہ علیہ السلام کے ساتھ طواف کر رہا تھا جب آپ حجر کے پاس پہنچے تو آپ نے اس پر ہاتھ پھیرا اور بوسہ دیا اور جب رکن یمانی کے پاس پہنچے تو اس سے چمٹ گئے میں نے کہا میں آپ فدا ہوں آپ نے حجر کو تو اپنے ہاتھ سے مس کیا اور رکن یمانی کو چمٹ گئے فرمایا رسول اللہ نے فرمایا ہے کہ جب میں رکن یمانی کے پاس آیا تو جبرئیل نے مجھ سے آگے بڑھ کر اسے اپنے سے لپٹا لیا؟

۱۱۔ فرمایا حضرت نے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک فرشتہ کو رکن یمانی پر معین کیا ہے جو اس سے لپٹا ہوا ہے اور تمہاری دعاؤں پر آمین کہتا ہے۔ (موثق)

۱۲۔ فرمایا حضرت نے اللہ تعالیٰ نے ایک فرشتہ کو رکن یمانی پر معین کیا ہے جب سے اس نے آسمان و زمین کو خلق فرمایا ہے اس کا کام صرف یہ ہے کہ وہ صرف تمہاری دعاؤں پر آمین کہے لہٰذا بندہ کو سوچ سمجھ کر دعا کرنی چاہیئے میں نے کہا ہجر کیا ہے فرمایا یہ ایک کلام ہے کلام عرب سے یعنی اس کا کوئی عمل نہیں۔ (حسن)

۱۳۔ فرمایا رکن یمانی ایک دروازہ ہے جنت کے دروازوں سے جب سے خدا نے اسے کھولا ہے بند نہیں کیا اور ایک روایت میں ہے وہ ہمارا دروازہ ہے جنت کی طرف جس سے ہم داخل ہوں گے (حسن)

۱۴۔ میں امام باقر علیہ السلام کے ساتھ تھا حضرت ہر طواف میں جب رکن یمانی کی طرف سے گزرتے تو اس سے لپٹ جاتے پھر فرماتے یا اللہ جب میں توبہ کروں میری توبہ قبول کر اور بچا مجھے جب میں نہ لوٹوں۔ (ضعیف)

۱۵۔ میں حضرت کے ساتھ طواف کر رہا تھا فرمایا خدا کی قسم یہ بڑی حرمت والا ہے میں نے کہا میں آپ پر فدا ہوں آپ اس کو مجھ سے بہتر جانتے ہیں اس کا حضرت نے پھر اعادہ فرمایا میں نے کہا کیا اس سے داخل بیت مراد ہے فرمایا

رکن یمانی مراد ہے جو جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہے جو کھلا ہوا ہے شیعان آل محمدؐ کے لئے نہ کہ ان کے غیر پر، جو بندۂ مومن اس کے پاس دعا کرتا ہے اس کی دعا عرش تک پہنچتی ہے اور اس کے اور اللہ کے درمیان کوئی حجاب نہیں رہتا۔ (ض)

۱۶۔ فرمایا کہ یہ ہے وہ جگہ یعنی جب رکن یمانی کسی فرشتہ کو گزرتا پاتا ہے تو جو اہل ارض سے سنا ہے وہ اسے بتاتا ہے پس جو محمد و آل محمد پر درود بھیجتا ہے اور اس تک پہنچتا ہے تو وہ اس فرشتہ تک پہنچاتا ہے۔ (حسن)

۱۷۔ مکہ میں ایک شخص ابن ابی عوانہ نامی رہتا تھا جو بنی امیہ کا غلام تھا جبکہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام یا آل محمد میں سے کوئی [illegible] میں آتے تو ان سے بحث کرتا وہ امام جعفر صادق علیہ السلام کے پاس آیا جبکہ آپ طواف میں تھے کہنے لگا۔ اے ابو عبداللہ آپ استلام حجر اسود کے متعلق کیا کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ نے اس کا استلام کیا اس نے کہا میں نے آپ کو تو استلام کرتے نہیں دیکھا۔ فرمایا میں نے اچھا نہ سمجھا کہ کسی کمزور کو ایذا دوں یا ایذا پاؤں اس نے کہا رسول اللہ تو استلام کرتے تھے فرمایا لیکن ان کا حق پہچانتے تھے اور میں ہوں کہ لوگ میرا حق نہیں پہچانتے۔

۱۸۔ میں نے کہا جس کا ہاتھ کٹ گیا ہو وہ استلام کیسے کرے۔ فرمایا اگر کہنی سے کٹ گیا ہے تو بائیں ہاتھ سے کرے۔ (ض)

۱۹۔ فرمایا حضرت رسول خدا نے کعبہ کا طواف کیا جب رکن یمانی کے پاس پہنچے تو کعبہ کی طرف سر اٹھا کر فرمایا حمد ہے اس کی جس نے مجھے نبی اور علی کو امام بنایا یا اللہ اس کی طرف نیک بندوں کو بھیج اور شریر بندوں سے اسے بچا (مرسل)

﴿باب ۱۲۳﴾

﴿الملتزم و الدعاء عنده﴾

۱ ـ عدّةٌ من أصحابنا، عن سهل بن زياد، عن أحمد بن محمد بن أبي نصر، عن العلاء بن رزين، عن محمد بن مسلم، عن أبي جعفر عليه السلام قال: قلت له: من أين أستلم الكعبة إذا فرغت من طوافي؟ قال: من دبرها.

۲ ـ محمد بن يحيى، عن أحمد بن محمد، عن محمد بن إسماعيل، عن محمد بن الفضيل، عن أبي الصّباح الكناني، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّه سئل عن استلام الكعبة فقال: من دبرها.

۳ ـ عدّة من أصحابنا، عن أحمد بن محمد، عن الحسين بن سعيد، عن النضر بن سويد، عن عبدالله بن سنان قال: قال أبو عبدالله عليه السلام: إذا كنت في الطواف السابع فأتت المتعوّذ وهو إذا قمت في دبر الكعبة بحذاء الباب فقل: «اللّهمّ البيت بيتك و

العبد عبدك و هذا مقام العائذ بك من النّار ، اللّهمّ من قبلك الرّوح والفرج ، ثمّ استلم الرّكن اليمانيّ ثمّ ائت الحجر فاختم به .

٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّه كان إذا انتهى إلى الملتزم قال لمواليه : أميطوا عنّي حتّى أقرّ لربّي بذنوبي في هذا المكان فإنّ هذا مكان لم يقرّ عبدٌ لربّه بذنوبه ثمّ استغفر الله إلّا غفرالله له .

٥ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل ابن شاذان ، عن ابن أبي عمير ؛ وصفوان بن يحيى ، عن معاوية بن عمّار قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : إذا فرغت من طوافك و بلغت مؤخّر الكعبة ـ وهو بحذاء المستجار دون الرّكن اليمانيّ بقليل ـ فابسط يديك على البيت وألصق بطنك وخدّك بالبيت و قل : «اللّهمّ البيت بيتك والعبد عبدك وهذا مكان العائذ بك من النّار» ثمّ أقرّ لربّك بما عملت فإنّه ليس من عبد مؤمن يقرّ لربّه بذنوبه في هذا المكان إلّا غفرالله له إن شاء الله و تقول : «اللّهمّ من قبلك الرّوح والعافية ، اللّهمّ إنّ عملي ضعيف فضاعفه لي و اغفرلي ما اطلعت عليه منّي وخفي على خلقك» ثمّ تستجير بالله من النّار و تخيّر لنفسك من الدّعاء ثمّ استلم الرّكن اليمانيّ ثمّ ائت الحجر الأسود .

باب ۱۲۳

ملتزم اور اس کے قریب دعا

۱۔ میں نے پوچھا جب میں طواف کر چکوں تو استلام کہاں سے کروں فرمایا پیچھے کی طرف سے ۔ (ض)

۲۔ ترجمہ اوپر ہے ۔ (مجہول)

۳۔ فرمایا جب تم ساتویں طواف میں ہو اور کعبہ کے پیچھے آؤ ذرا زمزم کے مقابل تو کہو

اللّهمّ البيت بيتك و العبد عبدك و هذا مقام العائذ بك من النّار ، اللّهمّ من قبلك الرّوح والفرج

یا اللہ گھر تیرا ہی گھر ہے اور بندہ

تیرا بندہ ہے اور یہ جگہ ہے تجھ سے پناہ مانگنے کی دوزخ سے یا اللہ تیری طرف سے روح ہے فرحت ہے اس کے بعد رکن یمانی کا استلام کرے پھر حجر کے پاس آکر ختم کرے۔ (م)

۴۔ حضرت جب ملتزم کے پاس آتے تو اپنے غلاموں سے فرماتے میرے پاس سے ہٹ جاؤ تاکہ میں اپنے رب کے سامنے اپنے گناہوں کا اقرار کروں اس جگہ، یہ وہ جگہ ہے کہ جس بندہ نے اپنے رب کے سامنے اقرار گناہ کیا اللہ نے اس کا گناہ بخش دیا۔ (حسن)

۵۔ فرمایا جب تم طواف سے فارغ ہو اور کعبہ کے موخر حصہ میں پہنچو جو مستجار کے مقابل ہے رکن یمانی کے علاوہ کچھ دور، پس اپنے ہاتھ کعبہ پر پھیلاؤ اور اپنا بدن اور رخسارے اس سے لگاؤ اور کہو

«اللّٰهمّ البيت بيتك والعبد عبدك وهذا مكان العائذ بك من النّار

یا اللہ گھر تیرا گھر ہے اور بندہ تیرا بندہ ہے یہ وہ جگہ ہے جہاں بندہ نار دوزخ سے تیری پناہ چاہتا ہے پھر اپنے رب کے سامنے جو گناہ کئے ہیں ان کا اقرار کرے جو بندہ مومن ایسا کرے گا اللہ اس کے گناہ معاف کر دیتا ہے انشاء اللہ اور کہو

اللّٰهمّ من قبلك الرّوح والفرج والعافية ، اللّٰهمّ إنّ عملي ضعيف فضاعفه لي و اغفرلي ما اطلعت عليه منّي وخفي على خلقك ،

یا اللہ تیری طرف سے راحت ہے فرحت ہے عافیت ہے یا اللہ میرا عمل کمزور ہے اسے زیادہ کر اور مجھے بخش دے تو میرے ہر عمل پر مطلع ہے اور تیری مخلوق سے پوشیدہ ہے پھر نار دوزخ سے پناہ مانگ اور اپنے نفس کے لئے دعا کر پھر استلام رکن یمانی کر پھر حجر اسود کے پاس آ۔ (حسن)

﴿ باب ۱۲۴ ﴾

☆(فضل الطواف)☆

۱۔ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن أبي عبدالله ، عن الحسن بن يوسف ، عن ذكريّا المؤمن ، عن عليّ بن ميمون الصائغ قال : قدم رجل على عليّ بن الحسين عليه السلام

فقال : قدمت حاجّاً ؟ فقال : نعم ، فقال : أتدري ما للحاجّ ؟ قال : لا ، قال : من قدم حاجّاً وطاف بالبيت وصلّى ركعتين كتب الله له سبعين ألف حسنة ومحى عنه سبعين ألف سيّئة و رفع له سبعين ألف درجة وشفّعه في سبعين ألف حاجة و كتب له عتق سبعين ألف رقبة قيمة كلّ رقبة عشرة آلاف درهم .

٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ، عن إبراهيم بن عمر اليمانيّ عن إسحاق بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كان أبي يقول : من طاف بهذا البيت أسبوعاً وصلّى ركعتين في أيّ جوانب المسجد شاء كتب الله له ستّة آلاف حسنة ومحى عنه ستّة آلاف سيّئة ورفع له ستّة آلاف درجة و قضى له ستّة آلاف حاجة ، فما عجّل منها فبرحمة الله وما أخّر منها فشوقاً إلى دعائه .

٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ، عمّن أخبره ، عن العبد الصالح عليه السلام قال : دخلت عليه وأنا أريد أن أسأله عن مسائل كثيرة فلمّا رأيته عظم عليّ كلامه فقلت له : ناولني يدك أو رجلك أقبّلها فناولني يده فقبّلتها فذكرت [قول] رسول الله صلى الله عليه وآله فدمعت عيناي فلمّا رآني مطأطئاً رأسي قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : ما من طائف يطوف بهذا البيت حين تزول الشمس حاسراً عن رأسه حافياً يقارب بين خطاه ويغضّ بصره ويستلم الحجر في كلّ طواف من غير أن يؤذي أحداً ولا يقطع ذكر الله عزّ وجلّ عن لسانه إلّا كتب الله عزّ وجلّ له بكلّ خطوة سبعين ألف حسنة ومحى عنه سبعين ألف سيّئة ورفع له سبعين ألف درجة وأعتق عنه سبعين ألف رقبة ثمن كلّ رقبة عشرة آلاف درهم وشفّع في سبعين من أهل بيته وقضيت له سبعون ألف حاجة إن شاء فعاجله و إن شاء فآجله .

باب ۱۲۴

فضیلت طواف

۱۔ ایک شخص علی بن الحسین علیہ السلام کے پاس آیا آپ نے اس سے پوچھا کیا تم حج کو آئے ہو اس نے کہا ہاں فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ حج کا کیا ثواب ہے اس نے کہا نہیں، فرمایا جو حج کے لئے آئے طواف بیت کرے اور دو رکعت نماز

پڑھے تو اللہ اس کے نام پر ستر ہزار نیکیاں لکھتا ہے اور ستر ہزار برائیاں محو کرتا ہے اور ستر ہزار درجات بلند کرتا ہے اور ستر ہزار حاجتیں بر لاتا ہے اور ستر ہزار غلام آزاد کرنے کا ثواب دیتا ہے جس میں ایک غلام کی قیمت دس ہزار درہم ہو۔ (ض)

۲۔ فرمایا میرے والد ماجد نے فرمایا ہے جو اس گھر کے سات طواف کرے اور دو رکعت نماز مسجد کے کسی جانب پڑھے اللہ اس کے لئے چھ ہزار نیکیاں لکھتا ہے اور چھ ہزار گناہ محو کرتا ہے اور چھ ہزار درجے بلند کرتا ہے اور چھ ہزار حاجتیں بر لاتا ہے پس جلدی کی جائے اللہ کی رحمت کے لئے اور زیادہ دیر ٹھہرا جائے شوق دعائیں (حسن)

۳۔ میں ایک دن امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا تاکہ چند مسائل دریافت کروں جب میں نے حضرت کو دیکھا تو ان کے کلام کی عظمت میرے دل میں قائم ہوئی۔ میں نے کہا اپنا ہاتھ یا پیر اٹھائیے تاکہ میں بوسہ دوں، حضرت نے ہاتھ بڑھایا میں نے بوسہ دیا پھر میں نے قول رسول ذکر کیا۔ میری آنکھوں میں آنسو تھے اور سر جھکا ہوا تھا حضرت نے فرمایا رسول اللہ نے فرمایا ہے جو اس گھر کا طواف کرے اس طرح کہ ننگے سر اور ننگے پیر ہو اور پاس پاس قدم رکھے اور آنکھیں جھکائے ہو اور ہر طواف میں استلام حجر کرے بغیر اس کے کہ کسی کو ایذا دے اور اپنی زبان پر ذکر خدا برابر جاری رکھے تو اللہ اس کے ہر قدم پر ستر ہزار حسنہ لکھتا ہے اور ستر ہزار گناہ محو کرتا ہے اور ستر ہزار درجے بلند کرتا ہے اور ستر ہزار ایسے غلاموں کو آزاد کرنے کا ثواب دیتا ہے جبکہ ہر غلام کی قیمت دس ہزار درہم ہوں اور شفاعت کرتا ہے اس کے خاندان کے ستر آدمیوں کے لئے ان کی ستر حاجتیں بر لاتا ہے خواہ جلد یا بدیر۔ (مرسل)

﴿ باب ۱۲۵ ﴾

[✡(ان الصلاة والطواف ايهما افضل)✡]

۱ ـ علي بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن ابن أبي عمير ، عن هشام بن الحكم ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من أقام بمكة سنة فالطواف أفضل له من الصلاة ومن أقام سنتين خلط من ذا ومن ذا ومن أقام ثلاث سنين كانت الصلاة أفضل [له من الطواف] .

۲ ـ علي بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حماد بن عيسى ، عن حريز بن عبدالله ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الطواف لغير أهل مكة أفضل من الصلاة و الصلاة لأهل مكة أفضل .

۳ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن ابن فضّال ، عن ابن القدّاح ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : طواف قبل الحجّ أفضل من سبعين طواف بعد الحجّ .

باب ۱۲۵

صلوٰۃ وطواف دونوں میں کیا افضل ہے

۱۔ فرمایا جو اقامت کرے مکہ میں ایک سال تو اس کا طواف نماز سے افضل ہوگا اور دو سال قیام کرے تو برابر صورت ہوگی اور جو تین سال قیام کرے تو نماز افضل ہوگی (حسن)

۲۔ فرمایا جو لوگ ساکن مکہ نہیں ان کا طواف نماز سے افضل ہے اور اہل مکہ کی نماز افضل ہے۔ (حسن)

۳۔ فرمایا طواف قبل حج افضل ہے ستر طوافوں سے بعد حج۔ (ضعیف)

باب ۱۲۶

☆(حد موضع الطواف)☆

۱ ـ محمّدبن يحيى ؛ وغيره ، عن محمّدبن أحمد ، عن محمّدبن عيسى ، عن ياسين الضرير عن حريزبن عبدالله ، عن محمّدبن مسلم قال : سألته عن حدّ الطواف بالبيت الّذي من خرج منه لم يكن طائفاً بالبيت ، قال : كان الناس على عهد رسول الله صلى الله عليه وآله يطوفون بالبيت والمقام وأنتم اليوم تطوفون ما بين المقام وبين البيت فكان الحدّ موضع المقام اليوم فمن جازه فليس بطائف والحدّ قبل اليوم واليوم واحد قدر ما بين المقام و بين البيت من نواحي البيت كلّها فمن طاف فتباعد من نواحيه أبعد من مقدار ذلك كان طائفاً بغير البيت بمنزلة من طاف بالمسجد لأنّه طاف في غير حدّ ولا طواف له .

باب ۱۲۶

حد موضع طواف

۱۔ میں نے پوچھا حد طواف بیت کے متعلق اس کے لئے جو اس سے نکلے بغیر طواف بیت کے فرمایا عہد رسول میں لوگ طواف

کرتے تھے بیت اور مقام ابراہیم کا اور اب تم طواف کرتے ہو درمیان مقام اور بیت کے۔ پس اب حد ہے جائے مقام جو اس سے تجاوز کرے، اس کا حج نہیں اور حد آج سے پہلے کی ہے اور اب مابین مقام و بیت ہے تمام نواحی بیت سے، پس جس نے طواف کیا وہ دور ہوا ایک نواحی سے اور اس کی دوری بقدر اس کے ہوگی اور وہ بیت کا طواف کرنے والا نہ ہوگا بلکہ مسجد الحرام کا طواف کرنے والا ہوگا کیونکہ وہ حد معین کے خلاف طواف کرے گا۔ پس اس کا طواف نہ ہوگا۔ (مجہول)

﴿ باب ۱۲۷ ﴾

✡(حد المشي في الطواف)✡

۱ ـ عدّةٌ من أصحابنا، عن أحمد بن محمّد بن عيسى، عن البرقيّ، عن عبدالرّحمن ابن سيابة قال: سألت أباعبدالله عليه السلام عن الطواف فقلت: أسرع وأكثر أو أبطىء؟ قال: مشى بين المشيين.

باب ۱۲۷

طواف میں چلنے کی حد

۱۔ میں نے پوچھا کہ طواف میں تیز دوڑے یا آہستہ چلے فرمایا دونوں کے درمیان چال ہو۔

﴿ باب ۱۲۸ ﴾

✡(الرجل يطوف فتعرض له الحاجة أو العلة)✡

۱ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن جميل، عن أبان بن تغلب، عن أبي عبدالله عليه السلام في رجل طاف شوطاً أو شوطين ثمّ خرج مع رجل في حاجة فقال: إن كان طواف نافلة بنى عليه وإن كان طواف فريضة لم يبن عليه.

۲ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن بعض أصحابنا، عن أحدهما عليهما السلام في الرّجل يحدث في طواف الفريضة وقد طاف بعضه قال: يخرج فيتوضّأ فإن كان

جاز النصف بنى على طوافه وإن كان أقلّ من النصف أعاد الطواف .

٣ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسن بن فضّال عن حمّاد بن عيسى ، عن عمران الحلبيّ قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن رجل طاف بالبيت ثلاثة أشواط من الفريضة ثمّ وجد خلوة من البيت فدخله كيف يصنع ؟ فقال : يقضي طوافه وقد خالف السنّة فليعد طوافه .

٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا طاف الرّجل بالبيت أشواطاً ثمّ اشتكى أعاد الطواف ـ يعني الفريضة ـ .

٥ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن الحسن بن محبوب ، عن عليّ ابن رئاب ، عن إسحاق بن عمّار ، عن أبي الحسن عليه السلام في رجل طاف طواف الفريضة ثمّ اعتلّ علّة لا يقدر معها على تمام الطواف ، فقال : إن كان طاف أربعة أشواط أمر من يطوف عنه ثلاثة أشواط فقد تمّ طوافه وإن كان طاف ثلاثة أشواط ولا يقدر على الطواف فإنّ هذا ممّا غلب الله عليه فلا بأس بأن يؤخّر الطواف يوماً و يومين فإن خلّته العلّة عاد فطاف أسبوعاً وإن طالت علّته أمر من يطوف عنه أسبوعاً ويصلّي ركعتين ويسعى عنه وقد خرج من إحرامه وكذلك يفعل في السعي و في رمي الجمار .

٦ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن عليّ بن عبد العزيز ، عن أبي عزّة قال : مرّ بي أبو عبدالله عليه السلام وأنا في الشوط الخامس من الطواف فقال لي : انطلق حتّى نعودهنا رجلاً . فقلت له : إنّما أنا في خمسة أشواط فأتمّ أسبوعي قال : اقطعه و احفظه من حيث تقطع حتّى تعود إلى الموضع الّذي قطعت منه فتبني عليه .

٧ ـ أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن إسماعيل بن بزيع ، عن أبي إسماعيل السرّاج ، عن سكين بن عمّار ، عن رجل من أصحابنا يكنّى أبا أحمد قال : كنت مع أبي عبدالله عليه السلام في الطواف يده في يدي إذ عرض لي رجل له إليّ حاجة فأومأت إليه بيدي فقلت له : كما أنت حتّى أفرغ من طوافي ، فقال لي أبو عبدالله عليه السلام : ما هذا ؟ قلت : أصلحك الله

رجل جاءني في حاجة ، فقال لي : مسلم هو ؟ قلت : نعم ، فقال لي : اذهب معه في حاجته ، فقلت له : أصلحك الله فأقطع الطواف ؟ فقال : نعم ، قلت : و إن كنت في المفروض ؟ قال : نعم وإن كنت في المفروض ؟ قال : وقال أبو عبدالله عليه السلام : من مشى مع أخيه المسلم في حاجته كتب الله له ألف ألف حسنة و محى عنه ألف ألف سيّئة ورفع له ألف ألف درجة .

باب ۱۲۸

اگر طواف میں کوئی حاجت یا بیماری ہو

۱۔ پوچھا اس شخص کے بارے میں جس نے طواف کا ایک چکر یا دو لگانے کے بعد وہ ایک شخص کے ساتھ کسی ضرورت سے باہر نکلے۔ فرمایا اگر طواف نافلہ تھا تو بقیہ شوط پورا کرے اور اگر فریضہ تھا تو شروع سے کرے۔ (حسن)

۲۔ کسی نے پوچھا اگر طواف فریضہ میں حدث صادر ہو جائے فرمایا باہر آجائے اور وضو کرے اگر نصف سے زیادہ طواف کر چکا تھا تو باقی ادا کرے اور اگر نصف سے کم تھے تو از سر نو طواف کرے (حسن)

۳۔ میں نے کہا ایک شخص نے طواف فریضہ میں سے تین شوط کئے تھے کہ اسے بیت اللہ خالی نظر آیا وہ اس میں داخل ہو گیا فرمایا طواف کا اعادہ کرے۔ (موثق)

۴۔ اگر طواف فریضہ میں چند شوط کے بعد کوئی شکایت پیدا ہو تو طواف کا اعادہ کرے۔ (حسن)

۵۔ پوچھا ایک شخص طواف فریضہ کر رہا تھا کہ بیمار ہو گیا اور اس قابل نہ رہا کہ طواف پورا کرے۔ فرمایا اگر چار شوط کر لئے تھے تو کسی سے کہے کہ اس کی طرف سے تین شوط کرے اس طرح اس کا طواف پورا ہو جائے گا اور اگر تین شوط کئے ہیں اور طواف پر قادر نہیں تو چونکہ یہ اللہ کی طرف رکاوٹ ہے لہٰذا کوئی مضائقہ نہیں، اگر ایک یا دو روز تاخیر سے بجا لائے اگر بیماری دور ہو جائے تو اعادہ کرے اور سات شوط کرے اور بیماری اگر طول پکڑ جائے تو کسی اور سے طواف کرنے کو کہے اسے چاہیے کہ دو رکعت نماز پڑھے اور اس کی طرف سے سعی کرے احرام کے ساتھ اسی طرح رمی الجمرات کرے۔ (ضعیف)

۶۔ حضرت میری طرف سے گزرے جبکہ میں طواف کا پانچواں شوط کر رہا تھا فرمایا چلے آؤ تاکہ یہاں سے دوسرے شخص کو لوٹا دوں۔ میں نے کہا میں پانچواں شوط کر رہا ہوں سات پورے ہو جانے دیجئے۔ فرمایا قطع کرو اور یاد رکھو جہاں سے قطع کیا ہے تاکہ واپس آکر وہیں سے شروع کرو اور پہلے پر بنا رکھو (مجہول)

۷۔ میں حضرت کے ساتھ طواف میں تھا حضرت کا ہاتھ میرے ہاتھ میں تھا کہ ایک شخص میرے سامنے آیا جس کی کوئی حاجت تھی میں نے کہا ٹھہرو تاکہ میں طواف سے فارغ ہو جاؤں حضرت نے پوچھا کیا معاملہ ہے میں نے کہا اس کی مجھ سے کوئی حاجت ہے فرمایا کیا یہ کوئی مسلمان ہے میں نے کہا ہاں، فرمایا تو اس کے ساتھ حاجت پوری کرنے جاؤ۔ میں نے کہا تو کیا میں طواف قطع کر دوں فرمایا ہاں میں نے کہا چاہے طواف فریضہ ہو، فرمایا ہاں چاہے طواف فریضہ ہو اور حضرت نے فرمایا جو کوئی بندۂ مسلم کی حاجت براری کو جائے گا اللہ اس کے لئے ہزاروں حسنہ لکھے گا اور ہزاروں گناہ معاف کرے گا اور ہزارہا درجات بلند کرے گا۔

﴿ باب ۱۲۹ ﴾

✡(الرجل يطوف فيعيى أو تقام الصلاة أو يدخل عليه وقت الصلاة)✡

١ ـ محمد بن يحيى، عن أحمد بن محمد، عن الحسن بن محبوب، عن شهاب، عن هشام عن أبي عبد الله عليه السلام أنه قال في رجل كان في طواف فريضة فأدركته صلاة فريضة قال: يقطع طوافه ويصلي الفريضة ثم يعود ويتم ما بقي عليه من طوافه.

٢ ـ أبو علي الأشعري، عن محمد بن عبد الجبار، عن صفوان بن يحيى، عن عبد الرحمن بن الحجاج، عن أبي إبراهيم عليه السلام قال: سألته عن الرجل يكون في الطواف فتطاف بعضه وبقي عليه بعضه فيطلع الفجر فيخرج من الطوف إلى الحجر أو إلى بعض المسجد إذا كان لم يوتر فيوتر ثم يرجع إلى مكانه فيتم طوافه أفترى ذلك أفضل أم يتم الطواف ثم يوتر وإن أسفر بعض الإسفار؟ قال: ابدء بالوتر و اقطع الطواف إذا خفت ذلك ثم أتم الطواف بعد.

٣ ـ علي بن إبراهيم، عن أبيه، عن عبد الله بن المغيرة، عن عبد الله سنان قال: سألت أبا عبد الله عليه السلام عن رجل كان في طواف الفريضة فأقيمت الصلاة، قال: يصلي معهم الفريضة فإذا فرغ بنى من حيث قطع.

٤ ـ عدة من أصحابنا، عن أحمد بن محمد، عن الحسن بن محبوب، عن علي بن رئاب قال: قلت لأبي عبد الله عليه السلام: الرجل يعيى في الطواف أله أن يستريح؟ قال: نعم يستريح ثم يقوم فيبني على طوافه في فريضة أو غيرها و يفعل ذلك في سعيه و جميع

مناسكه .

۵۔ الحسين بن محمد ، عن معلّى بن محمد ، عن الحسن بن عليّ الوشّاء ، عن حمّاد بن عثمان ، عن ابن أبي يعفور ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّه سئل عن الرّجل يستريح في طوافه فقال : نعم أناقد كانت توضع لي مرفقة فأجلس عليها .

باب ۱۲۹

وقت طواف وقت نماز آجانا

۱۔ فرمایا اگر کوئی طواف فریضہ کر رہا ہو اور نماز فریضہ کا وقت آجائے تو طواف کو قطع کر کے نماز ادا کرے اس کے بعد جو طواف باقی رہ گیا ہے اسے پورا کرے ۔(م)

۲۔ میں نے کہا ایک شخص نے طواف کر لیا ہے اور کچھ باقی ہے کہ صبح طلوع ہونے لگی اور وہ طواف سے باہر آکر حجر کی طرف یا کسی مسجد کی طرف جبکہ نماز وتر اس نے ادا نہ کی ہو پس ادا کرے پھر اپنی جگہ پر آکر طواف پورا کرے تو آیا آپ کے نزدیک یہ افضل ہے یا طواف کو ختم کر کے نماز وتر پڑھنا، فرمایا پہلے وتر پڑھے اور پھر طواف کرے اگر وقت جانے کا خوف ہو نماز کے بعد طواف پورا کرے ۔(م)

۳۔ میں نے ابوعبداللہ علیہ السلام سے پوچھا ایک شخص طواف فریضہ ادا کر رہا ہے کہ نماز جماعت کے لئے اقامت ہونے لگی فرمایا لوگوں کے ساتھ نماز پڑھے بعد نماز جہاں سے طواف قطع کیا تھا پورا کرے (حسن)

۴۔ میں نے کہا ایک شخص طواف میں تھک جاتا ہے کیا جایز ہے کہ وہ آرام کرلے۔ فرمایا ہاں کرے پھر جہاں سے چھوٹا ہے طواف بجالائے فریضہ ہو یا نافلہ، ایسا ہی سعی اور تمام مناسک میں کرے ۔(م)

۵۔ حضرت سے پوچھا گیا کیا طواف میں وقت تکاں آرام کرسکتا ہے فرمایا ہاں ۔(م)

﴿باب ۱۳۰﴾

﴿السهو في الطواف﴾

۱ ۔ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن منصور ابن حازم قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن رجل طاف طواف الفريضة فلم يدر ستّة

طاف أم سبعة ، قال : فليعد طوافه،قلت : ففاته ؟ قال : ماأرى عليه شيئاً والا عادة أحبّ إليّ و أفضل .

٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام في رجل لم يدر ستّة طاف أو سبعة ؟ قال : يستقبل .

٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّدبن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان جميعاً ، عن ابن أبي عمير ؛ وصفوان بن يحيى ، عن معاوية بن عمّار قال : سألته ، عمّن طاف بالبيت طواف الفريضة فلم يدر ستّة طاف أو سبعة ؟ قال : يستقبل ، قلت : ففاته ذلك ؟ قال : ليس عليه شيء .

٤ ـ محمّدبن يحيى ، عن أحمدبن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن عليّ بن أبي حمزة عن أبي بصير قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن رجل شكّ في طواف الفريضة قال : يعيد كلّما شكّ ، قلت : جعلت فداك شكّ في طواف نافلة ؟ قال : يبني على الأقلّ .

٥ ـ محمّدبن يحيى ، عن أحمدبن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن النضر بن سويد ، عن يحيى الحلبيّ ، عن هارون بن خارجة ، عن أبي بصير قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن رجل طاف بالبيت ثمانية أشواط المفروض ، قال : يعيد حتّى يثبته .

٦ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن إسماعيل بن مرّار ، عن يونس ، عن سماعة ابن مهران ، عن أبي بصير قال : قلت : رجل طاف بالبيت طواف الفريضة فلم يدر ستّة طاف أم سبعة أم ثمانية ؟ قال : يعيد طوافه حتّى يحفظ ، قلت : فإنّه طاف و هو متطوّع ثماني مرّات وهو ناس ؟ قال : فليتمّه طوافين ثمّ يصلّي أربع ركعات فأمّا الفريضة فليعد حتّى يتمّ سبعة أشواط .

٧ ـ محمّدبن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّدبن إسماعيل ، عن حنان بن سدير قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : ماتقول في رجل طاف فأوهم ـ فقال : طفت أربعة أوطفت ثلاثة ـ ؟ فقال أبوعبدالله عليه السلام : أيّ الطوافين كان طواف نافلة أم طواف فريضة ؟ قال : إن كان طواف فريضة فليلق ما في يده وليستأنف و إن كان طواف نافلة فاستيقن ثلاثة وهو في شكّ من الرّابع أنّه طاف فليبن على الثلاثة فإنّه يجوز له .

۸ ۔ أبوعلیؒ الأشعریؒ ، عن محمد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن یحیی ، عن إسحاق ابن عمّار قال : قلت لأبي عبدالله علیہ السلام : رجلٌ طاف بالبیت ثمّ خرج إلی الصّفا فطاف بین الصفا والمروة فبینا هو یطوف إذذکر أنّه قدترك بعض طوافه بالبیت ؟ قال : یرجع إلی البیت فیتمّ طوافه ثمّ یرجع إلی الصفا والمروة فیتمّ ما بقي .

۹ ۔ علیؒ بن إبراهیم ، عن أبیه ، عن ابن أبي عمیر عن الحسن بن عطیّة قال : سأله سلیمان بن خالد و أنامعه عن رجل طاف بالبیت ستّة أشواط ، قال أبوعبدالله علیہ السلام : وکیف یطوف ستّة أشواط ؟ قال : استقبل الحجر و قال : أللهُ أکبر و عقدواحداً فقال أبوعبدالله علیہ السلام : یطوف شوطاً ، قال سلیمان : فإنّه فاته ذلك حتّی أتی أهله قال : یأمر من یطوف عنه .

۱۰ ۔ محمد بن یحیی ، عن أحمد بن محمد ، عن ابن فضّال ، عن علیؒ بن عقبة ، عن أبي کهمس قال : سألت أباعبدالله علیہ السلام عن رجل نسي فطاف ثمانیة أشواط ، قال : إن ذکر قبل أن یبلغ الرّکن فلیقطعه .

باب ۱۳۱

طواف میں سہو

۱۔ میں نے کہا ایک شخص نے طواف فریضہ ادا کیا لیکن یہ یاد نہ رہا کہ چھ شوط کئے ہیں یا سات فرمایا طواف کا اعادہ کرے ۔ میں نے کہا وہ اگر ختم کرچکا ہو فرمایا اس پر کچھ نہیں لیکن میں اعادہ کو اچھا اور افضل سمجھتا ہوں (م)

۲۔ میں نے کہا ایک شخص نے طواف کیا مگر اسے شک ہوا کہ چھ شوط کئے ہیں یا سات ، فرمایا اسے پورا کرے ۔

۳۔ میں نے کہا ایک شخص ، طواف فریضہ ادا کرتے کرتے بھول گیا کہ چھ شوط کئے ہیں یا سات فرمایا اسے چھ قرار دے کر پورا کرے میں نے کہا اگر ختم کرچکا ۔ فرمایا تو کچھ نہیں ۔ (حسن)

۴۔ میں نے کہا اگر طواف فریضہ میں کسی کو شک ہو ۔ فرمایا جب شک ہو اعادہ کرے ۔ میں نے کہا اگر طواف نافلہ میں شک ہو فرمایا کم پر بنا رکھے ۔ (م)

۵۔ میں نے کہا ایک شخص نے آٹھ شوط طواف واجب کے کئے فرمایا اعادہ کرے تاکہ طواف درست ہو جائے ۔ (م)

۶۔ میں نے کہا ایک شخص نے طواف فریضہ ادا کیا لیکن بھول گیا کہ یہ شوط چھٹا ہے یا ساتواں یا آٹھواں فرمایا اپنے طواف کا اعادہ کرے اور یاد رکھے۔ میں نے کہا اگر طواف نافلہ ہو اور بھول کر آٹھ شوط کر لئے فرمایا وہ طواف تمام کرے پھر چار رکعت نماز بجالائے اگر فریضہ ہو تو اعادہ کرے تاکہ سات شوط پورے ہوں۔ (مجہول)

۷۔ میں نے کہا ایک شخص کو طواف میں شک ہوا کہ چوتھا ہے یا تیسرا، فرمایا دو طوافوں میں سے کون سا طواف تھا طواف نافلہ یا طواف فریضہ، اگر طواف فریضہ تھا تو جو کچھ کر چکا ہے اُسے چھوڑے اور پھر سے طواف کرے اور اگر طواف نافلہ ہے تو یقین کرے کہ تیسرا ہے اور اس کے بعد چار طواف اور کرے یہ اس کے لئے جایز ہے (موثق)

۸۔ میں نے کہا ایک شخص نے طواف کیا پھر صفا کی طرف گیا اور صفا و مروہ کا طواف اثنائے طواف میں یاد آیا کہ طواف بیت میں کچھ چھوٹ گیا ہے فرمایا پلٹ آئے اور طواف کو پورا کر کے پھر صفا و مروہ کی طرف آئے اور باقی کو پورا کرے (موثق)

۹۔ ایک شخص نے چھ شوط کئے حضرت نے فرمایا وہ ایک اور کرے اس نے کہا وہ ختم کر کے گھر چلا گیا فرمایا کسی سے کہے کہ اس کی طرف سے ایک طواف کر دے۔ (حسن)

۱۰۔ میں نے کہا ایک شخص نے بھول کر آٹھ شوط کر لئے۔ فرمایا اگر رکن تک پہنچنے سے پہلے یاد آیا ہے تو اسے قطع کر دے۔ (مجہول)

﴿ باب ۱۳ ﴾

﴿الاقران بين الاسابيع﴾

۱۔ عدّةٌ من أصحابنا، عن أحمدبن محمّدبن عيسى، عن الحسين بن سعيد، عن محمّدبن سنان، عن عبدالله‌بن مسكان، عن زرارة قال: قال أبوعبدالله عليه السلام: إنّما يكره أن يجمع الرّجل بين الأسبوعين والطوافين في الفريضة فأمّا في النافلة فلابأس.

۲۔ عدّةٌ من أصحابنا، عن سهل‌بن زياد، عن أحمدبن محمّد، عن عليّ بن أبي حمزة قال: سألت أباالحسن عليه السلام عن الرّجل يطوف يقرن بين أسبوعين فقال: إن شئت دويت لك عن أهل مكّة، قال: فقلت: لا والله مالي في ذلك من حاجة جعلت فداك ولكن أرولي ماأدين الله عزّ وجلّ به، فقال: لاتقرن بين أسبوعين كلّما طفت أسبوعاً فصلّ ركعتين وأمّا أنا فربّما قرنت الثلاثة و الأربعة، فنظرت إليه، فقال: إنّي مع هؤلاء.

۳ ـ أحمد بن محمد ، عن محمد بن أحمد النهدي ، عن محمد بن وليد ، عن عمر بن يزيد قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : إنّما يكره القران في الفريضة فأمّا النّافلة فلا والله ما به بأس .

باب ۱۳۱
دو طوافوں کو ملانا

۱۔ فرمایا مکروہ ہے کہ کوئی دو طوافوں کو جو فریضہ ہوں بغیر دو رکعت بیچ میں پڑھے ملادے۔ ہاں طواف نافلہ میں کوئی حرج نہیں۔ (ض)

۲۔ میں نے کہا ایک شخص طواف کرتا ہے اور دو سات شوطوں کو ملا دیتا ہے فرمایا اگر تم چاہو تو میں تم سے عمل اہل مکہ بیان کروں میں نے کہا لا واللہ مجھے اس کی ضرورت نہیں، لیکن آپ مجھ سے بیان فرما دیں تاکہ معلوم ہو کہ حکم خدا کیا ہے فرمایا دو سات شوطوں کو مت ملاؤ جب سات شوط پورے کر لو تو دو رکعت نماز پڑھو لیکن ملا دیتا ہوں تین اور چار کو، یہ سن کر میں نے حضرت کی طرف دیکھا۔ فرمایا (مجبوراً) میں ان لوگوں کے ساتھ ہوں (ض)

۳۔ میں نے حضرت سے سنا مکروہ ہے ملانا فریضہ میں لیکن نافلہ میں حرج نہیں۔ (مجہول)

﴿ باب ۱۳۲ ﴾
☆(من طاف واختصر في الحجر)☆

۱ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حفص بن البختريّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام في الرّجل يطوف بالبيت [فاختصر] قال : يقضي ما اختصر من طوافه .

۲ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من اختصر في الحجر في الطواف فليعد طوافه من الحجر الأسود إلى الحجر الأسود .

باب ۱۳۲

جو طواف کو حجر تک مختصر کر دے

۱- فرمایا جو بیت کا طواف کرے وہ پورا کرے جو اس نے کم کیا ہے۔ (حسن)

۲- فرمایا جو مختصر کرے طواف حجر میں اس کا اعادہ کرنا چاہیئے حجر اسود سے حجر اسود تک۔ (حسن)

﴿ باب ۱۳۳ ﴾

✡(من طاف على غير وضوء)✡

١ - عدّةٌ من أصحابنا، عن سهل بن زياد، عن أحمد بن محمد، عن مثنّى، عن زرارة، عن أبي جعفر عليه السلام قال: سألته عن الرّجل يطوف على غير وضوء أيعتدّ بذلك الطواف؟ قال: لا.

٢ - سهل بن زياد، عن الحسن بن محبوب، عن أبي حمزة، عن أبي جعفر عليه السلام أنّه سئل أينسك المناسك و هو على غير وضوء؟ فقال: نعم إلّا الطواف بالبيت فإنّ فيه صلاة.

٣ - محمد بن يحيى، عن محمد بن الحسين، عن صفوان بن يحيى، عن علاء بن رزين، عن محمد بن مسلم قال: سألت أحدهما عليهما السلام عن رجل طاف طواف الفريضة و هو على غير طهور، قال: يتوضّأ ويعيد طوافه وإن كان تطوّعاً توضّأ وصلّى ركعتين.

٤ - محمد بن يحيى، عن العمركيّ بن عليّ، عن عليّ بن جعفر، عن أخيه أبي الحسن عليه السلام قال: سألته عن رجل طاف بالبيت وهو جنب فذكر وهو في الطواف قال: يقطع طوافه ولا يعتدّ بشيء ممّا طاف؛ و سألته عن رجل طاف ثمّ ذكر أنّه على غير وضوء قال: يقطع طوافه ولا يعتدّ به.

باب ۱۳۳

بغیر وضو طواف کرنا

۱۔ میں نے کہا ایک شخص بغیر وضو طواف کرتا ہے کیا یہ طواف میں شمار ہوگا۔ فرمایا نہیں۔ (ض)

۲۔ پوچھا گیا کیا مناسک حج بے وضو ادا کر سکتے ہیں فرمایا ہاں سوائے طواف بیت کے کہ اس میں نماز ہے (ض)

۳۔ میں نے کہا ایک شخص طواف بے وضو ادا کرتا ہے فرمایا وضو کر کے طواف کا اعادہ کرے اور اگر طواف نافلہ ہے تو وضو کر کے دو رکعت نماز نافلہ پڑھے۔ (ض)

۴۔ میں نے کہا ایک شخص نے بحالت جنابت طواف بیت کیا اور طواف میں ذکر کیا فرمایا وہ طواف کو قطع کرے اس کو کسی شمار میں نہ لایا جائے۔ میں نے کہا اگر کسی کو اثنائے طواف یاد آئے کہ اس نے وضو نہیں کیا ہے۔ فرمایا طواف قطع کرے وہ کسی شمار میں نہیں (ض)

﴿باب ۱۳۴﴾

﴿من بدأ بالسعي قبل الطواف أو طاف و أخر السعي﴾

۱ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمدبن عبد الجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن إسحاق بن عمّار قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : رجلٌ طاف بالكعبة ثمّ خرج فطاف بين الصّفا والمروة فبينما هو يطوف إذذكر أنّه قد ترك من طوافه بالبيت قال : يرجع إلى البيت فيتمّ طوافه ثمّ يرجع إلى الصفا والمروة فيتمّ مابقي ، قلت : فإنّه بدء بالصفا والمروة قبل أن يبدء بالبيت ؟ فقال : يأتي البيت فيطوف به ثمّ يستأنف طوافه بين الصفا والمروة ، قلت : فما فرق بين هذين ؟ قال : لأنّ هذا قد دخل في شيء من الطواف وهذا لم يدخل في شيء منه .

۲ ـ محمدبن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن صفوان بن يحيى ، عن منصور ابن حازم قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن رجل طاف بين الصفا والمروة قبل أن يطوف بالبيت ، فقال : يطوف بالبيت ثمّ يعود إلى الصفا والمروة فيطوف بينهما .

۳ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمدبن محمد ، عن الحسين بن سعيد ، عن النضر بن

سوید، عن عبداللہ بن سنان قال: سألت أباعبداللہ علیہ السلام عن الرّجل یقدم حاجّاً وقد اشتدّ علیه الحرّ فیطوف بالکعبة ویؤخّر السعي إلیٰ أن یبرد فقال: لا بأس به وربّما فعلته.

٤ ـ أحمدبن محمّد، عن الحسین بن سعید، عن فضالة بن أیّوب، عن رفاعة قال: سألت أباعبداللہ علیہ السلام عن الرّجل یطوف بالبیت، فیدخل وقت العصر أیسعی قبل أن یصلّي أویصلّي قبل أن یسعی؟ قال: لابل یصلّي ثمّ یسعی.

٥ ـ محمّدبن یحیی، عن محمّدبن الحسین، عن صفوان بن یحیی، عن العلاء بن رزین قال: سألته عن رجل طاف بالبیت فأعیی أیؤخّر الطواف بین الصفا و المروة إلی غد؟ قال: لا.

باب ۱۳
سعی قبل طواف

۱۔ میں نے کہا ایک شخص نے کعبہ کا طواف کیا پھر وہاں سے نکل صفا و مروہ کے درمیان طواف کیا بحالت طواف یاد آیا کہ اس نے طواف بیت نہیں کیا فرمایا وہ بیت کی طرف لوٹ آئے اور اپنا طواف پورا کر کے صفا و مروہ کی طرف جائے اور ما بقی کو تمام کرے۔ میں نے کہا اس نے صفا و مروہ سے ابتدا کی قبل بیت فرمایا بیت کی طرف آئے اور طواف کرے پھر صفا و مروہ کے درمیان طواف شروع کرے میں نے کہا ان دونوں میں فرق کیا ہے فرمایا یہ داخل ہو چکا تھا طواف میں اور وہ داخل نہیں ہوا تھا۔ (موثق)

۲۔ فرمایا اگر کوئی قبل طواف بیت صفا و مروہ کا طواف کرے تو اسے پہلے طواف بیت کرنا چاہیے پھر صفا و مروہ کے درمیان طواف کرے۔ (مجہول)

۳۔ میں نے کہا ایک شخص حج کو آ رہا تھا گرمی کا اس پر اثر ہو گیا پس اس نے کعبہ کا طواف تو کر لیا مگر سعی میں گرمی کا اثر زائل ہونے تک تاخیر کی فرمایا کوئی مضائقہ نہیں کبھی میں بھی ایسا کرتا ہوں۔ (م)

۴۔ میں نے کہا ایک آدمی طواف بیت کر رہا ہے کہ وقت نماز عصر داخل ہو گیا آیا وہ نماز سے پہلے سعی کرے یا سعی سے پہلے نماز پڑھے فرمایا سعی سے پہلے نماز پڑھے۔ (م)

۵۔ میں نے کہا ایک شخص نے بیت کا طواف کیا اور تھک گیا تو کیا وہ کل سعی کر سکتا ہے فرمایا نہیں۔ (م)

﴿باب ۱۳۵﴾

☆(طواف المريض ومن يطاف به محمولا من غير علة)☆

۱ ـ محمد بن يحيى، عن أحمد بن محمد، عن محمد بن إسماعيل، عن محمد بن الفضيل، عن الرّبيع بن خيثم قال: شهدت أباعبدالله عليه السلام و هو يطاف به حول الكعبة في محمل وهو شديد المرض فكان كلّما بلغ الرّكن اليمانيّ أمرهم فوضعوه بالأرض فأخرج يده من كوّة المحمل حتّى يجرّها على الأرض ثمّ يقول: ارفعوني فلمّا فعل ذلك مراراً في كلّ شوط قلت له: جعلت فداك يا ابن رسول الله إنّ هذا يشقّ عليك فقال: إنّي سمعت الله عزّ وجلّ يقول: «ليشهدوا منافع لهم» فقلت: منافع الدّنيا أو منافع الآخرة فقال: الكلّ.

۲ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن عبد الرّحمن بن الحجّاج ومعاوية بن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: المبطون والكسير يطاف عنهما ويرمى عنهما الجمار.

۳ ـ أبو عليّ الأشعريّ، عن محمد بن عبد الجبّار، عن صفوان بن يحيى، عن إسحاق بن عمّار، عن أبي إبراهيم عليه السلام قال: سألته عن المريض المغلوب يطاف عنه بالكعبة؟ قال: لا، ولكن يطاف به.

۴ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن معاوية بن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: الصبيان يطاف بهم ويرمى عنهم، قال: وقال أبو عبدالله عليه السلام: إذا كانت المرأة مريضة لا تعقل يطاف بها أو يطاف عنها.

۵ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن حمّاد بن عيسى، عن إبراهيم بن عمر اليمانيّ عن إسماعيل بن عبدالخالق قال: كنت إلى جنب أبي عبدالله عليه السلام و عنده ابنه عبدالله وابنه الّذي يليه فقال له رجل: أصلحك الله يطوف الرّجل عن الرّجل وهو مقيم بمكّة ليس به علّة؟ فقال: لا، لو كان ذلك يجوز لأمرت ابني فلاناً فطاف عنّي ـ سمّى الأصغر ـ وهما يسمعان.

باب ۱۳۵

طواف مریض

۱۔ میں حاضر خدمت حضرت ابو عبداللہ ہوا آپ محمل میں بیٹھے ہوئے کعبہ کے گرد طواف فرما رہے تھے اور سخت بیمار تھے جب رکن یمانی کے پاس پہنچے تو آپ نے حکم دیا کہ محمل کو زمین پر رکھو پھر آپ نے اپنا ہاتھ محمل کے روشندان سے نکالا اور اس کو زمین پر کھینچا پھر فرمایا مجھے اٹھاؤ جب چند بار ایسا ہی ہر شوط میں ہوا تو میں نے کہا میں آپ پر فدا ہوں یہ تو آپ کے لئے بڑا تکلیف دہ امر ہے فرمایا میں نے سنا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے چاہیئے کہ لوگ حاضر ہوں اپنے منافع کے لئے میں نے کہا منافع دنیا یا منافع آخرت فرمایا دونوں۔

۲۔ فرمایا استسقار کا بیمار اور جس کے اعضاء شکست ہو گئے ہوں ان کی طرف سے دوسرا طواف و رمی جمرات کرے۔ (حسن)

۳۔ میں نے اس مریض کے متعلق جو مرض سے مغلوب ہو پوچھا کہ اس کی طرف سے طواف کیا جائے فرمایا نہیں بلکہ وہ خود کرے۔ (موثق)

۴۔ فرمایا جو عورت مریض ہو اور صاحب عقل کامل نہ ہو تو وہ خود کرے یا اس کی طرف سے کوئی کرے۔ (حسن)

۵۔ میں حضرت کے پہلو میں بیٹھا تھا اور میرے پاس آپ کے فرزند عبداللہ اور دوسرے فرزندان کے پاس بیٹھے تھے۔ ایک شخص نے آکر پوچھا کیا اس شخص کی طرف سے طواف کیا جا سکتا ہے جو مکہ میں مقیم ہو اور اس کو کوئی بیماری بھی نہ ہو فرمایا اگر یہ جایز ہوتا تو میں اپنے بیٹے فلاں کو حکم دیتا کہ وہ میری طرف سے طواف کرے بیٹے کا نام اصغر لیا اور وہ دونوں صاحبزادے سن رہے تھے۔ (حسن)

﴿باب ۱۳۵﴾

✡(ركعتي الطواف ووقتهما و القراءة فيهما والدعاء)✡

١ - عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ؛ ومحمد بن إسماعيل ، عن الفضل ابن شاذان ، عن صفوان بن يحيى ؛ وابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : إذا فرغت من طوافك فائت مقام إبراهيم عليه السلام فصلّ ركعتين واجعله أماماً واقرء في الأولى منهما سورة التوحيد «قل هو الله أحد» وفي الثانية «قل يا أيّها الكافرون» ثمّ تشهّد و احمد الله و اثن عليه و صلّ على النبيّ صلى الله عليه و آله و اسأله أن يتقبّل منك و هاتان الركعتان هما الفريضة ليس يكره لك أن تصلّيهما في أيّ الساعات شئت ، عند طلوع

الشمس وعند غروبها ولا تؤخّرهما ساعة تطوف وتفرغ فصلّهما .

٢ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن الحسين بن عثمان قال : رأيت أبا الحسن موسى عليه السلام يصلّي ركعتي طواف الفريضة بحيال المقام قريباً من ظلال المسجد .

٣ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ، عن حريز بن عبدالله ، عن محمد بن مسلم قال : سألت أباجعفر عليه السلام عن رجل طاف طواف الفريضة وفرغ من طوافه حين غربت الشمس قال : وجبت عليه تلك الساعة الركعتان فليصلّهما قبل المغرب .

٤ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن إبراهيم بن أبي محمود قال : قلت للرضا عليه السلام : أصلّي ركعتي طواف الفريضة خلف المقام حيث هو الساعة أو حيث كان على عهد رسول الله صلى الله عليه وآله ؟ قال : حيث هو الساعة .

٥ ـ أبو عليّ الأشعريّ ، عن محمد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن إسحاق ابن عمّار ، عن أبي الحسن عليه السلام قال : ما رأيت الناس أخذوا عن الحسن والحسين عليهما السلام إلّا الصلاة بعد العصر وبعد الغداة في طواف الفريضة .

٦ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن جميل بن درّاج ، عن بعض أصحابنا قال : قال أحدهما عليهما السلام : يصلّي الرجل ركعتي الطواف طواف الفريضة والنافلة بقل هو الله أحد وقل يا أيّها الكافرون .

٧ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن رفاعة قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن الرجل يطوف الطواف الواجب بعد العصر ايصلّي الركعتين حين يفرغ من طوافه قال : نعم أما بلغك قول رسول الله صلى الله عليه وآله : يابني عبد المطلب لا تمنعوا الناس من الصلاة بعد العصر فتمنعوهم من الطواف .

٨ ـ الحسين بن محمد ، عن معلّى بن محمد ، عن بعض أصحابنا ، عن أبان بن عثمان ، عن زرارة ، عن أحدهما عليهما السلام قال : لا ينبغي أن تصلّي ركعتي طواف الفريضة إلّا عند مقام إبراهيم عليه السلام فأمّا التطوّع فحيث شئت من المسجد .

٩ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمد ، عن حمّاد بن عثمان ،

عن يحيى الأزرق ، عن أبي الحسن عليه السلام قال : قلت له : إنّي طفت أربعة أسابيع فأعييت أفأصلّي ركعاتها و أنا جالس ؟ قال : لا ، قلت : فكيف يصلّي الرّجل إذا اعتلّ و وجد فترة صلاة اللّيل جالساً و هذا لا يصلّي ؟ قال : فقال : يستقيم أن تطوف وأنت جالسٌ قلت : لا ، قال : فصلّ وأنت قائمٌ .

باب ۱۳۶

دو رکعت طواف ان کا وقت اور ان میں قرأت

۱- فرمایا جب تم اپنے طواف سے فارغ ہو جاؤ تو مقام ابراہیم پر آؤ اور دو رکعت نماز پڑھو مقام کو سامنے رکھ کر رکعت اوّل میں سورۂ قل ہو اللہ اور رکعت ثانی میں قل یا ایہا الکافرون ، پھر تشہد کے بعد حمد و ثنائے الٰہی کرو اور محمد و آل محمد پر درود بھیجو اور اللہ سے سوال کرو کہ وہ تمہارے عمل کو قبول کرے ، یہ دونوں رکعتیں فرض ہیں کوئی مجبوری نہیں ، جب چاہو طلوع فجر سے غروب تک پڑھ لو لیکن یہ خیال رہے کہ طواف سے فارغ ہوتے ہی ان کو پڑھا جائے ۔ (حسن)

۲- میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کو دیکھا دو رکعت نماز طواف فریضہ کی پڑھتے ہوئے مقام جبال میں ظلال المسجد کے قریب ۔ (حسن)

۳- میں نے کہا ایک شخص نے طواف فریضہ ادا کیا ، ادا کے بعد سورج غروب ہو گیا فرمایا اس پر واجب تھیں دو رکعت جو اسے قبل مغرب پڑھنی چاہیے تھیں ۔ (حسن)

۴- میں نے کہا طواف میں واجب کی دو رکعت پڑھتا ہوں خلاف مقام اس حیثیت سے کہ وہ وقت ہوتا ہے یا اس حیثیت سے کہ وہ عہد رسولؐ میں تھا فرمایا اس حیثیت سے کہ وہ اس کا وقت ہے ۔ (م)

۵- فرمایا امام رضا علیہ السلام نے کہ لوگوں نے نہیں لیا امام حسن اور امام حسین علیہم السلام سے مگر بعد نماز عصر اور بعد نماز صبح طواف فریضہ میں ۔ (موثق)

۶- فرمایا نماز طواف فریضہ ہو یا نافلہ سورۂ قل ہو اللہ اور قل یا ایہا الکافرون پڑھنی چاہیے (مرسل)

۷- میں نے کہا ایک شخص طواف واجب کرتا ہے بعد عصر ، کیا وہ دو رکعت طواف سے فارغ ہوتے ہی ادا کرے فرمایا ہاں ، کیا تم تک رسول خدا کا یہ کلام نہیں پہنچا ۔ آپ نے فرمایا اے اولاد عبد المطلب لوگوں کو نماز بعد عصر سے منع نہ کرو

اور ان کو طواف سے فائدہ اٹھانے دو۔ (حسن)

۸۔ فرمایا طواف فریضہ کی نماز مقام ابراہیم کے پاس پڑھو اور نافلہ طواف کی جس مسجد میں چاہو پڑھ لو۔ (ض)

۹۔ میں نے کہا میں نے سات شوط والے چار طواف کئے اور میں تھک گیا تو کیا ان کی رکعات بیٹھ کر پڑھ لوں فرمایا نہیں، میں نے کہا یہ کیسے جبکہ ایک بیمار آدمی جو سست پڑ گیا ہو تمام شب بیٹھ کر پڑھتا ہے اور یہ نہیں پڑھ سکتا۔ کیا تم طواف بیٹھ کر کر سکتے ہو۔ میں نے کہا نہیں فرمایا تو نماز بھی کھڑے ہو کر پڑھو۔ (ض)

﴿باب ۱۳﴾

﴿السهو في ركعتي الطواف﴾

۱ ـ محمد بن يحيى، عن أحمد بن محمد، عن محمد بن إسماعيل، عن محمد بن الفضيل، عن أبي الصباح الكناني قال: سألت أبا عبدالله عليه السلام عن رجل نسي أن يصلي الركعتين عند مقام إبراهيم عليه السلام في طواف الحج والعمرة، فقال: إن كان بالبلد صلى ركعتين عند مقام إبراهيم عليه السلام فإن الله عز وجل يقول: «واتخذوا من مقام إبراهيم مصلى وإن كان قد ارتحل فلا آمره أن يرجع

۲ ـ علي بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير؛ و محمد بن إسماعيل، عن الفضل ابن شاذان، عن ابن أبي عمير؛ و صفوان بن يحيى، عن معاوية بن عمار قال: قلت لأبي عبدالله عليه السلام: رجل نسي الركعتين خلف مقام إبراهيم عليه السلام فلم يذكر حتى ارتحل من مكة؟ قال: فليصلهما حيث ذكر وإذ ذكرهما وهو في البلد فلا يبرح حتى يقضيهما.

۳ ـ محمد بن يحيى، عن أحمد بن محمد، عن ابن فضال، عن ابن بكير، عن عبيد بن زرارة، عن أبي عبدالله عليه السلام في رجل طاف طواف الفريضة و لم يصل الركعتين حتى طاف بين الصفا والمروة ثم طاف طواف النساء ولم يصل الركعتين حتى ذكر بالأبطح فصلى أربع ركعات، قال: يرجع فيصلي عند المقام أربعاً.

۴ ـ علي بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن هشام بن المثنى قال: نسيت ركعتي الطواف خلف مقام إبراهيم عليه السلام حتى انتهيت إلى منى فرجعت إلى مكة فصليتهما فذكرنا ذلك لأبي عبدالله عليه السلام، فقال: ألا صلاهما حيث ذكر.

۵ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد بن عيسى ، عمّن ذكره ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّه قال : في رجل طاف طواف الفريضة ونسي الركعتين حتّى طاف بين الصفا والمروة قال : يُعلم ذلك الموضع ثمّ يعود فيصلّي الركعتين ثمّ يعود مكانه .

٦ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن صفوان بن يحيى ، عن العلاء بن رزين ، عن محمّد بن مسلم ، عن أحدهما عليهما السلام قال : سئل عن رجل طاف طواف الفريضة ولم يصلّ الركعتين حتّى طاف بين الصفا والمروة وطاف بعد ذلك طواف النساء ولم يصلّ أيضاً لذلك الطواف حتّى ذكر بالأبطح ، قال : يرجع إلى مقام إبراهيم عليه السلام فيصلّي .

٧ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن عليّ بن أبي حمزة ، عن أبي إبراهيم عليه السلام قال : سألته عن رجل دخل مكّة بعد العصر فطاف بالبيت وقد علّمناه كيف يصلّي فنسي فقعد حتّى غابت الشمس ثمّ رأى النّاس يطوفون فقام فطاف طوافاً آخر قبل أن يصلّي الركعتين لطواف الفريضة ، فقال : جاهل ؟ قلت : نعم ، قال : ليس عليه شيء .

٨ ـ أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن الحسين زعلان ، عن الحسين بن بشّار ، عن هشام بن المثنّى ، وحنان قالا : طفنا بالبيت طواف النساء ونسينا الركعتين فلمّا صرنا بمنى ذكرناهما فأتينا أباعبدالله عليه السلام فسألناه ، فقال : صلّياهما بمنى .

باب ۱۳۷

رکعات طواف میں سہو

۱۔ میں نے کہا طواف حج عمرہ کے بعد ایک شخص دو رکعت مقام ابراہیم پر پڑھنی بھول گیا ، فرمایا اگر وہ شہر میں ہے تو دو رکعت مقام ابراہیم پر پڑھے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ مقام ابراہیم پر نماز پڑھو اور چلا گیا ہے تو اسے لوٹنے کے لیے میں نہیں کہتا ۔ (مجہول)

۲۔ میں نے کہا ایک شخص مقام ابراہیم پر نماز پڑھنا بھول گیا اور اسے یاد نہ آیا اور مکہ سے چلا گیا فرمایا جہاں یاد آئے

دو رکعت پڑھ لے اور اگر اس وقت یاد آئے جبکہ وہ شہر میں ہو تو جب ادا نہ کرے وہاں سے نہ جائے (حسن)

۳۔ فرمایا اگر کوئی طواف واجب کرے اور دو رکعت نماز نہ پڑھے پھر صفا و مروہ کے درمیان طواف کرے پھر طواف نساء بھی کرلے اور دو رکعت نماز نہ پڑھے ابطح میں پہنچ کر یاد آئے تو چار رکعت نماز پڑھے تو اس کو چاہیئے کہ لوٹے اور چار رکعت مقام ابراہیم پر پڑھے۔ (موثق)

۴۔ راوی کہتا ہے مقام ابراہیم پر طواف کی دو رکعتیں پڑھنی بھول گیا اور منیٰ میں پہنچ گیا وہاں سے مکہ آیا اور دو رکعت پڑھیں اس کا ذکر ابو عبداللہ علیہ السلام سے ہم نے کیا۔ فرمایا جہاں یاد آوے وہیں پڑھ لینے۔ (مجہول)

۵۔ فرمایا جو شخص طواف فریضہ کرے اور دو رکعت بھول جائے پھر طواف صفا و مروہ کرے تو اس کو اپنی جگہ یاد رکھنی چاہیئے اور وہاں سے لوٹ کر آئے اور دو رکعت پڑھ کر پھر وہیں چلا جائے۔ (مرسل)

۶۔ پوچھا گیا ایک شخص نے طواف فریضہ کیا اور دو رکعت نماز نہ پڑھی پھر طواف صفا و مروہ کیا اور اس کے بعد طواف نساء کیا اور نماز نہ پڑھی طواف واجب کی مقام ابطح پر یاد آیا فرمایا وہ مقام ابراہیم پر پلٹ کر جائے اور نماز پڑھے (ف)

۷۔ میں نے کہا ایک شخص بعد عصر مکہ میں داخل ہوا اور اس نے خانہ کعبہ کا طواف کیا اور ہم نے اسے بتا دیا تھا کہ بعد طواف نماز پڑھنی ہے وہ بھول گیا اور بیٹھ رہا۔ سورج غروب ہو گیا۔ پھر اس نے لوگوں کو طواف کرتے دیکھا کھڑا ہوا اور دوسرا طواف کیا قبل اس کے کہ وہ دو رکعت نماز طواف فریضہ کی پڑھے فرمایا کیا وہ جاہل ہے میں نے کہا ہاں، فرمایا تو اس پر کچھ نہیں۔ (ف)

۸۔ ہم دونوں نے طواف بیت کیا اور دو رکعت نماز پڑھنا بھول گئے ہم نے ابو عبداللہ سے پوچھا۔ فرمایا مقام ہی میں پڑھ لو۔

﴿ باب ۱۳۸ ﴾

✡ (نوادر الطواف) ✡

۱۔ محمد بن یحیی؛ و غیره، عن أحمد بن [محمد بن] هلال، عن أحمد بن محمد، عن رجل، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: أوّل مايظهر القائم من العدل أن ينادي مناديه أن يسلّم صاحب النافلة لصاحب الفريضة الحجر الأسود والطواف.

۲۔ محمد بن يحيى، عن أحمد بن محمد، عن علي بن النعمان، عن سعيد الأعرج قال: سألت أبا عبدالله عليه السلام عن الطواف أيكتفي الرّجل بإحصاء صاحبه؟ فقال: نعم.

۳۔ عدّة من أصحابنا، عن سهل بن زياد، عن أحمد بن محمد، عن عبدالكريم بن

عمرو ، عن أيّوب أخي أُديم قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : القراءة وأنا أطوف أفضل أو أذكر الله تبارك وتعالى ؟ قال : القراءة ، قلت : فإن مرّ بسجدة وهو يطوف ؟ قال : يؤمي برأسه إلى الكعبة .

٤ ـ سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد ، عن منشّى ، عن زياد بن يحيى الحنظليّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لاتطوفنّ بالبيت وعليك برطلة (٤).

٥ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن أبي الفرج قال : سأل أبان أبا عبدالله عليه السلام أكان لرسول الله صلى الله عليه وآله طواف يعرف به ؟ فقال : كان رسول الله صلى الله عليه وآله يطوف بالليل والنّهار عشرة أسابيع ثلاثة أوّل الليل وثلاثة آخر الليل واثنين إذا أصبح واثنين بعدالظهر وكان فيمابين ذلك راحته .

٦ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن عليّ بن النعمان ، عن داود بن فرقد ، عن عبدالأعلى قال : رأيت أمّ فروة تطوف بالكعبة عليها كساء متنكّرة فاستلمت الحجر بيدها اليسرى فقال لها رجل ممّن يطوف : يا أمة الله أخطأت السنّة ، فقالت : إنّا لأغنياء عن علمك .

٧ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد قال : قال أبوالحسن عليه السلام : أتدري لم سمّيت الطّائف ؟ قلت : لا ، قال : إنّ إبراهيم عليه السلام لمّا دعا ربّه أن يرزق أهله من الثمرات قطع لهم قطعة من الأردن فأقبلت حتّى طافت بالبيت سبعاً ثمّ افرّها الله في موضعها و إنّما سمّيت الطّائف للطواف بالبيت .

٨ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن زيادالقنديّ قال : قلت لأبي الحسن عليه السلام : جعلت فداك إنّي أكون في المسجد الحرام وأنظر إلى النّاس يطوفون بالبيت وأناقاعدٌ فأغتمّ لذلك ، فقال : يازياد لا عليك فإنّ المؤمن إذا خرج من بيته يؤمّ الحج لايزال في طواف وسعي حتّى يرجع .

٩ ـ أبو عليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن هيثم التميميّ قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : رجلٌ كانت معه صاحبة لاتستطيع القيام على رجلها فحملها زوجها في محمل فطاف بها طواف الفريضة بالبيت وبالصفا والمروة أيجزئه

ذلك الطواف عن نفسه طوافه بها، فقال : إيهاً الله إذاً .

١٠ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمد ، عن ابن أبي عمير ، عن محمد بن أبي حمزة ، عن بعض أصحابنا ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : دع الطواف وأنت تشتهيه .

١١ ـ محمد بن يحيى ؛ وغيره ، عن محمد بن أحمد ، عن العبّاس بن معروف ، عن موسى ابن عيسى اليقطيني ، عن محمد بن ميسّر ، عن أبي الجهم ، عن أبي عبدالله ، عن آبائه ، عن عليّ عليه السلام أنّه قال في امرأة نذرت أن تطوف على أربع ، قال : تطوف أسبوعاً ليديها وأسبوعاً لرجليها .

١٢ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن صفوان قال : سألته عن ثلاثة دخلوا في الطواف فقال واحد منهم لصاحبه : تحفظوا الطواف فلما ظنّوا أنّهم قد فرغوا قال واحد : معي ستّة أشواط ، قال : إن شكوّا كلّهم فليستأنفوا وإن لم يشكّوا وعلم كلّ واحد : منهم ما في يده فليبنوا .

١٣ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حفص بن البختري ، عن أبي عبدالله عليه السلام في المرأة تطوف بالصبيّ وتسعى به هل يجزيء ذلك عنها وعن الصبيّ ؟ فقال : نعم .

١٤ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : يستحبّ أن تطوف ثلاثمائة وستّين أسبوعاً عدد أيّام السنة فإن لم تستطع فثلاثمائة وستّين شوطاً فإن لم تستطع فما قدرت عليه من الطواف

١٥ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن ابن فضّال ، عن يونس بن يعقوب قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : هل نشرب ونحن في الطواف ؟ قال : نعم .

١٦ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن عليّ بن الحكم ، عن عبدالله بن يحيى الكاهليّ قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : طاف رسول الله صلى الله عليه وآله على ناقته العضباء وجعل يستلم الأركان بمحجنه ويقبّل المحجن .

١٧ ـ أحمد بن محمد ، عن ابن أبي عمير ، عن بعض أصحابه ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّ طواف في العشر أفضل من سبعين طوافاً في الحجّ .

۱۸ - علیؑ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن النوفليؒ ، عن السكونيؒ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال أمير المؤمنين صلوات الله عليه في امرأة نذرت أن تطوف على أربع فقال: تطوف أسبوعاً ليديها وأسبوعاً لرجليها

باب ۱۳۸

نوادر طواف

۱- فرمایا سب سے پہلے جب ظہور قائم آل محمد ہوگا ایک منادی ندا کرے گا جس پر طواف نافلہ ہے وہ سلام کرے اس کو جس پر استلام حجر و طواف واجب ہے۔ (ف)

۲- پوچھا گیا حضرت سے آیا یہ کافی ہے کہ طواف میں شوط کو اس کا ساتھی گنتا جائے فرمایا ہاں۔ (ف)

۳- میں نے کہا طواف میں سوروں کی قرأت بہتر ہے یا ذکر خدا۔ فرمایا قرأت۔ میں نے کہا اگر طواف میں کوئی سجدہ (سجدہ منذور یا بنا بر تقیہ) کرے۔ فرمایا اپنے سر سے کعبہ کی طرف اشارہ کرے۔ (ف)

۴- فرمایا طواف بیت میں اونی مخروطی شکل کی قلندرانہ ٹوپی سر پر نہ رکھے۔ (ف)

۵- میں نے کہا کیا رسول اللہ طواف کرتے تھے فرمایا رات اور دن میں دس مرتبہ سات سات شوط تین بار اول شب میں تین بار آخر شب اور دو بار صبح کو اور دو بار بعد ظہر اور ان دونوں کے درمیان آپ آرام فرماتے تھے۔ (مجہول)

۶- میں نے دیکھا ام فروہ (مادر امام جعفر صادقؑ) کعبہ کا طواف ایک بدنما چادر میں کرتی تھیں (تاکہ لوگ آپ کو نہ پہچانیں) پس آپ نے استلام حجر بائیں ہاتھ سے کیا۔ ایک شخص نے کہا اے کنیز خدا تم نے یہ طواف خلاف سنت کیا، فرمایا ہم تمہارے علم پر اعتماد نہیں کرتے۔ (حسن)

۷- فرمایا ابوالحسن علیہ السلام نے کیا تم جانتے ہو کہ طایف کا نام طایف کیوں ہوا میں نے کہا نہیں فرمایا ابراہیمؑ نے اپنے رب سے دعا کی کہ اہل کو ان کے ثمرات کا رزق دے پس خدا نے اروں (یہ جگہ شام میں ہے) کا قطع ان کے لئے معین کیا یہ سرزمین چلی اور طواف بیت کیا سات بار پھر خدا نے اس کو اس کی جگہ پر قرار دیا اس لئے اس کا نام طایف ہوا۔ (ف)

۸- میں نے امام رضا علیہ السلام سے کہا میں آپ پر فدا ہوں میں مسجد الحرام میں ہوتا ہوں اور لوگوں کو طواف کرتے دیکھتا ہوں درآنحالیکہ میں بیٹھا ہوتا ہوں فرمایا اے زیاد یہ گناہ نہیں، جب بندۂ مومن بقصد حج گھر سے نکلتا ہے تو وہ واپس تک طواف و سعی میں شمار ہوتا ہے۔ (حسن)

۹۔ میں نے کہا ایک شخص کے ساتھ اس کی بی بی ہے جو اپنے پیروں پر کھڑی نہیں ہو سکتی اس کے شوہر نے اسے محمل میں اٹھایا اور طواف فریضہ بیت و طواف صفا و مروہ ادا کیا آیا یہ اس کے لئے اپنی طرف سے طواف بھی کافی ہوگا فرمایا ہاں۔ (م)

۱۰۔ فرمایا طواف کو چھوڑ دو اگر لوگوں کی کثرت کی وجہ سے اسے پورا نہیں کر سکتے۔ (مرسل)

۱۱۔ میں نے کہا ایک عورت نے چار طواف کی نذر کی۔ فرمایا نہیں سات کی کرنی چاہیے سات اپنے ہاتھوں کے اور سات اپنے پیروں کے۔ (مجہول)

۱۲۔ میں نے کہا تین شخص طواف میں داخل ہوئے ایک نے ان میں سے اپنے ساتھی سے کہا طواف گنتے رہنا جب انھوں نے گمان کیا کہ وہ فارغ ہو گئے تو ان میں سے ایک نے کہا میرا شمار تو چھ شوط کا ہے حضرت نے فرمایا اگر سب نے شک کیا ہے تو پھر سے طواف کریں اور اگر سب نے شک نہیں کیا ہے اور ہر ایک کو اپنا شمار یاد ہے تو اسی پر بنا کریں۔ (حسن)

۱۳۔ میں نے کہا ایک عورت نے اپنے بچے کے ساتھ طواف وسعی کی یہ اس کے لئے اور بچہ کے لئے کافی ہے فرمایا ہاں۔ (حسن)

۱۴۔ فرمایا مستحب ہے کہ تین سو ساٹھ بار ایک سال کے دنوں کے برابر طواف کیا جائے اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو تین سو ساٹھ شوط ہی کر لے اور اگر اس پر بھی قادر نہ ہو تو جتنے زیادہ کر سکتا ہو کرے۔ (حسن)

۱۵۔ میں نے کہا کیا ہم اثنائے طواف میں پانی پی سکتے ہیں، فرمایا ہاں۔ (موثق)

۱۶۔ میں نے ابو عبداللہ علیہ السلام سے سنا کہ رسول اللہ نے ناقۂ غضباء پر طواف کیا اور ارکان کا استلام اور بوسہ دیا محجن کو۔ (حسن)

۱۷۔ فرمایا کہ ذی الحجہ کے عشرۂ اولیٰ میں افضل ہے طواف حج کے زمانہ میں ستر طوافوں سے (م)

۱۸۔ فرمایا حضرت نے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے اس عورت کے بارے میں جس نے چار شوط نذر کی ہو، فرمایا وہ سات کرے، اپنے ہاتھوں کے لئے اور سات اپنے پیروں کے لئے۔ (م)

﴿باب ۱۳﴾

✡(استلام الحجر بعد الركعتين وشرب ماء زمزم قبل الخروج الى)✡

✡(الصفا والمروة)✡

۱ ـ علي بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير؛ ومحمد بن إسماعيل، عن الفضل ابن شاذان، عن صفوان بن يحيى؛ وابن أبي عمير، عن معاوية بن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: إذا فرغت من الركعتين فائت الحجر الأسود وقبّله واستلمه أو أشر إليه

فإنّه لابدّ من ذلك ، وقال : إن قدرت أن تشرب من ماء زمزم قبل أن تخرج إلى الصفا فافعل وتقول حين تشرب : « اللّهمّ اجعله علماً نافعاً ورزقاً واسعاً وشفاء من كلّ داء و سقم » قال : وبلغنا أنّ رسول الله ﷺ قال حين نظر إلى زمزم : « لولا أنّي أشقّ على أُمّتي لأخذت منه ذَنوباً أو ذَنوبين »

۲ - عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا فرغ الرّجل من طوافه وصلّى ركعتين فليأت زمزم وليستق منه ذَنوباً أو ذَنوبين وليشرب منه وليصبّ على رأسه وظهره وبطنه ويقول : « اللّهمّ اجعله علماً نافعاً و رزقاً واسعاً وشفاءً من كلّ داء و سقم » ، ثمّ يعود إلى الحجر الأسود .

۳ - محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن مهزيار قال : رأيت أبا جعفر الثاني عليه السلام ليلة الزّيارة طاف طواف النّساء وصلّى خلف المقام ثمّ دخل زمزم فاستقى منها بيده بالدّلو الّذي يلي الحجر وشرب منه وصبّ على بعض جسده ثمّ أطلع في زمزم مرّتين . وأخبرني بعض أصحابنا أنّه رآه بعد ذلك بسنة فعل مثل ذلك .

۳۹۱

باب ۱۲۹

استلام حجر

۱ - فرمایا جب طواف کی دو رکعتوں سے فارغ ہو تو حجر کے پاس آؤ اسے بوسہ دو اور اس سے لپٹو اور اس کی طرف اشارہ کرو یہ ضروری ہے اور فرمایا اگر یہ ممکن نہ ہو تو صفا جانے سے پہلے زمزم کا پانی پیو اور کہو یا اللہ میرے علم کو نافع قرار دے اور رزق کو واسع اور شفا قرار دے ہر درد و آزار سے صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ رسول اللہ نے فرمایا جبکہ آپ کی نظر زمزم پر گئی اگر میری امت پر میری یہ سنت شاق نہ ہوتی تو میں چاہ زمزم سے ایک یا دو ڈول نکالتا ۔ (حسن)

۲ - فرمایا جب آدمی طواف سے فارغ ہو اور دو رکعت نماز پڑھ لے تو زمزم پر آئے ایک یا دو ڈول اس سے نکالے اور اس کو پیئے اور اپنے سر پشت اور شکم پر ڈالے اور کہے یا اللہ اس کو علم نافع ، رزق واسع اور ہر درد

کی دوا قرار دے پھر حجر اسود کی طرف آئے۔ (حسن)

۳۔ میں نے شب زیارت میں امام محمد باقر علیہ السلام کو دیکھا طواف نساء کرتے ہوئے اور مقام ابراہیم کے پیچھے نماز پڑھتے ہوئے پھر آپ زمزم پر آئے اور آپ نے وہ ڈول جو حجر کے پاس تھا بھرا اور پانی پیا اور اپنے جسم پر چھڑکا دوبارہ پھر زمزم پر آئے۔ میرے ایک دوست نے خبر دی کہ چھ بار ایسا ہی کیا (۲)

﴿باب ۱۴﴾

☼(الوقوف على الصفا والدعاء)☼

١ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل ابن شاذان ، عن صفوان بن يحيى ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّ رسول الله صلى الله عليه وآله حين فرغ من طوافه وركعتيه قال : أبدء بما بدء الله عزّ وجلّ به من إتيان الصفا ، إنّ الله عزّ وجلّ يقول : « إنّ الصفا والمروة من شعائر الله » . قال أبوعبدالله عليه السلام : ثمّ اخرج إلى الصفا من الباب الّذي خرج منه رسول الله صلى الله عليه وآله وهو الباب الّذي يقابل الحجر الأسود حتّى تقطع الوادي وعليك السكينة والوقار فاصعد على الصفا حتّى تنظر إلى البيت وتستقبل الرّكن الّذي فيه الحجر الأسود واحمد الله واثن عليه ثمّ اذكر من آلائه وبلائه وحسن ما صنع إليك ما قدرت على ذكره ثمّ كبّر الله سبعاً و احمده سبعاً و هلّله سبعاً و قل : « لا إله إلّا الله وحده لاشريك له ، له الملك وله الحمد يحيي و يميت وهو حيّ لايموت وهو على كلّ شيء قدير » ثلاث مرّات ، ثمّ صلّ على النبيّ صلى الله عليه وآله وقل : « الله أكبر على ما هدانا والحمد لله على ما أولانا والحمد لله الحيّ القيوم و الحمد لله الحيّ الدّائم » ثلاث مرّات ، و قل : « أشهد أن لا إله إلّا الله وأشهد أنّ محمّداً عبده ورسوله ، لانعبد إلّا إيّاه مخلصين له الدّين ولو كره المشركون » ثلاث مرّات « اللّهمّ إنّي أسألك العفو والعافية واليقين في الدّنيا والآخرة » ثلاث مرّات « اللّهمّ آتنا في الدّنيا حسنة وفي الآخرة حسنة وقنا عذاب النّار » ثلاث مرّات ثمّ كبّر الله مائة مرّة وهلّل مائة مرّة واحمد مائة مرّة وسبّح مأته مرّة و تقول : « لا إله إلّا الله وحده أنجز وعده و نصر عبده وغلب الأحزاب وحده فله الملك وله الحمد وحده وحده اللّهمّ بارك لي في الموت و

في ما بعد الموت ، اللّهمّ إنّي أعوذبك من ظلمة القبر و وحشته ، اللّهمّ أظلّني في ظلّ عرشك يوم لاظلّ إلّا ظلّك » وأكثر من أن تستودع ربّك دينك ونفسك وأهلك ، ثمّ تقول : « أستودع الله الرّحمن الرّحيم الّذي لايضيع ودائعه نفسي وديني وأهلي ، اللّهمّ استعملني على كتابك وسنّة نبيّك وتوفّني على ملّته وأعذني من الفتنة » ثمّ تكبّر ثلاثاً ثمّ تعيدها مرّتين ثمّ تكبّر واحدة ثمّ تعيدها فإن لم تستطع هذا فبعضه ؛ و قال أبوعبدالله عليه السلام . إنّ رسول الله صلى الله عليه وآله كان يقف على الصفا بقدر مايقرء سورة البقرة مترتّلاً .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن صفوان بن يحيى ، عن يعقوب بن شعيب قال : حدّثني جميل قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : هل من دعاء موقّت أقوله على الصفا و المروة ؟ فقال : تقول إذا وقفت على الصفا : « لا إله إلّا الله وحده لاشريك له ، له الملك وله الحمد يحيي ويميت وهو على كلّ شيء قدير » ثلاث مرّات .

٣ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن فضالة بن أيّوب ، عن زرارة قال : سألت أبا جعفر عليه السلام كيف يقول الرّجل على الصفا والمروة ؟ قال: يقول : « لا إله إلّا الله وحده لاشريك له ، له الملك وله الحمد يحيي ويميت وهو على كلّ شيء قدير » ثلاث مرّات .

٤ ـ أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن صفوان بن يحيى ، عن عبدالحميد ابن سعيد قال : سألت أبا إبراهيم عليه السلام عن باب الصفا قلت : إنّ أصحابنا قد اختلفوا فيه بعضهم يقول : الّذي يلي السقاية وبعضهم يقول : الّذي يلي الحجر ، فقال : هو الّذي يلي السقاية محدث صنعه داود وفتحه داود .

٥ ـ أحمد بن محمّد عن عليّ بن حديد ، عن عليّ بن النعمان يرفعه قال : كان أمير المؤمنين عليه السلام إذا صعد الصفا استقبل الكعبة ثمّ رفع يديه ثمّ يقول : « اللّهمّ اغفرلي كلّ ذنب أذنبته قطّ فإن عدت فعد عليّ بالمغفرة فإنّك أنت الغفور الرّحيم ، اللّهمّ افعل بي ما أنت أهله فإنّك إن تفعل بي ما أنت أهله ترحمني وإن تعذّبني فأنت غنيّ عن عذابي وأنا محتاج إلى رحمتك فيا من أنا محتاج إلى رحمته ارحمني ، اللّهمّ لاتفعل بي

ما أنا أهله فإنّك إن تفعل بي ما أنا أهله تعذّبني و لم تظلمني ، أصبحت أتّقي عدلك ولا أخاف جورك فيا من هو عدل لا يجور ارحمني » .

٦ ـ محمّد بن يحيى ، عن حمدان بن سليمان ، عن الحسن بن عليّ بن الوليد رفعه ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من أراد أن يكثر ماله فليطل الوقوف على الصفا والمروة .

٧ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن الحسن بن أبي الحسن ، عن صالح ابن أبي الأسود ، عن أبي الجارود ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : ليس على الصفا شيء موقّت .

٨ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن عليّ بن أسباط ، عن مولى لأبي عبدالله عليه السلام من أهل المدينة قال : رأيت أبا الحسن عليه السلام صعد المروة فألقى نفسه على الحجر الّذي في أعلاها في ميسرتها واستقبل الكعبة .

٩ ـ عليّ بن محمّد ، عن صالح بن أبي حمّاد ، عن أحمد بن الجهم الخزّاز ، عن محمّد بن عمر بن يزيد ، عن بعض أصحابه قال : كنت وراء أبي الحسن موسى عليه السلام على الصفا ـ أو على المروة ـ وهو لا يزيد على حرفين « اللّهمّ إنّي أسألك حسن الظنّ بك في كلّ حال وصدق النيّة في التوكّل عليك » .

باب ۱۴

کوہ صفا پر وقوف

۱۔ فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب طواف اور اس کی دو رکعتوں سے فارغ ہوئے تو فرمایا میں ابتدا کرتا ہوں جن کے متعلق خدا نے فرمایا ہے صفا و مروہ شعائر اللہ ہیں فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے پھر نکلو صفا کی طرف اس دروازہ سے جس سے رسول اللہ نکلے تھے اور وہ دروازہ مقابل میں حجر اسود کے ہے یہاں تک کہ تو وادی کو طے کرے اور سکینہ اور وقار کے ساتھ صفا پر چڑھو یہاں تک کہ خانۂ کعبہ نظر آنے لگے اور استقبال کرو اس رکن کا جس میں حجر اسود ہے اللہ کی حمد و ثنا کرو اور اس کی نعمتوں اور آزمائشوں کو یاد کرو اور ان کو جو تم پر احسانات کئے ہیں جس قدر تم میں قوت ہو اس کا ذکر کرو پھر سات تکبیریں کہو، سات بار الحمد للہ کہو، سات بار لا إله إلّا الله

وحده لاشريك له ، له الملك وله الحمد يحيي و يميت وهو حيٌّ لايموت وهوعلى كل شيء قدير پھر محمد و آل محمد پر درود بھیج کر کہو ، الله أكبر على ماهدانا والحمدلله على ما أولانا والحمدلله الحيّ القيوم و الحمدلله الحيّ الدّائم تین بار اور پھر کہو أشهد أن لا إله إلّا الله وأشهد أنّ محمداً عبده ورسوله ، لانعبد إلّا إيّاه مخلصين له الدّين ولوكره المشركون ، تین بار پھر کہو اللّهم إنّي أسألك العفو والعافية واليقين في الدّنيا والآخرة تین بار پھر ، اللّهم آتنا في الدّنيا حسنة وفي الآخرة حسنة وقنا عذاب النّار تین بار پھر الله اکبر سو بار ، لا الا الله سو بار ، الحمد لله سو بار ، تسبیح یعنی سبحان الله سو بار اور پھر ، لا إله إلّا الله وحده أنجز وعده و نصر عبده وغلب الأحزاب وحده فله الملك وله الحمد وحده وحده اللّهم باركْ لي في الموت و في ما بعد الموت ، اللّهم إنّي أعوذبك من ظلمة القبر و وحشته پھر تکبیر کہے تین بار پھر دو مرتبہ یہ دعا پڑھے پھر ایک بار الله اکبر کہے پھر یہ دعا پڑھے ، اللّهم أظلّني في ظلّ عرشك يوم لاظلّ إلّا ظلّك ، وأكثر من أن تستودع ربّك دينك ونفسك وأهلك ، پھر کہو أستودع الله الرّحمن الرّحيم الّذي لايضيع ودائعه نفسي ودِيني وأهلي ، اللّهم استعملني على كتابك وسنّة نبيّك وتوفّني على ملّته وأعذني من الفتنة اگر یہ سب نہ پڑھ سکے تو بعض پڑھے فرمایا حضرت نے کہ رسول اللہ کوہ صفا پر کھڑے ہوتے اور ترتیل کے ساتھ سورہ بقر کچھ پڑھتے۔

۲۔ میں نے کہا کیا کوہ صفا پر پڑھنے کے لئے کوئی مخصوص دعا ہے فرمایا تین بار یہ دعا پڑھو لا إله إلّا الله وحده لاشريك له ، له الملك وله الحمد يحيي ويميت وهوعلى كلّ شيء قدير

۳۔ ترجمہ نمبر ۲ میں دیکھو۔ (م)

۴۔ میں نے پوچھا کس دروازہ سے صفا پر جایا جائے بعض کہتے ہیں جو متصل صفا یہ ہے بعض کہتے ہیں متصل حجر ہے فرمایا جو متصل صفا یہ ہے وہ جدید ہے جسے داؤد نے بنایا اور اسی نے کھولا ہے (مجہول)

۵۔ فرمایا امیرالمومنین علیہ السلام جب صفا پر چڑھتے تو کعبہ کی طرف رخ کرتے تو اپنے ہاتھ اٹھا کر فرماتے (م)

اللّهم اغفرلي كلّ ذنب أذنبته قطّ فإن عدت فعدعليّ بالمغفرة فإنّك أنت الغفور الرّحيم ، اللّهم افعل بي ما أنت أهله فإنّك إن تفعل بي ما أنت أهله ترحمني وإن تعذّبني فأنت غني عن عذابي وأنا محتاج إلى رحمتك فيا من أنا محتاج إلى رحمته ارحمني ، اللّهم لاتفعل بي ما أنا أهله فإنّك إن تفعل بي ما أنا أهله تعذّبني و لم تظلمني ، أصبحت أتّقي عدلك ولا أخاف جورك فيا من هو عدل لايجور ارحمني .

۶۔ فرمایا جو مال کی زیادتی چاہتا ہو وہ صفا و مروہ پر زیادہ ٹھہرے۔ (مجہول)

۷۔ فرمایا صفا پر عمل کے لئے کوئی مخصوص چیز نہیں۔ (ض)

۸۔ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کو دیکھا کہ وہ کوہ مروہ پر چڑھے اور اپنے کو اس پتھر پر گرایا جو اس کی چوٹی پر بائیں طرف تھا اور کعبہ کی طرف رخ کیا۔ (ض)

۹۔ میں امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی پس پشت تھا صفا و مروہ پر آپؑ نے ان کلموں سے زیادہ نہ فرمایا۔ (ض)

اللّٰهمّ إنّي أسألك حسن الظنّ بك في كلّ حال وصدق النيّة في التوكّل عليك

﴿باب ۱۴﴾

﴿السعي بين الصفا والمروة وما يقال فيه﴾

۱ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن الحسن ، عن زرعة ، عن سماعة قال : سألته عن السعي بين الصفا والمروة ، قال : إذا انتهيت إلى الدّار الّتي على يمينك عند أوّل الوادي فاسع حتّى تنتهي إلى أوّل زقاق عن يمينك بعد ما تجاوز الوادي إلى المروة فإذا انتهيت إليه فكفّ عن السعي وامش مشياً وإذا جئت من عند المروة فابدء من عند الزّقاق الّذي وصفت لك فإذا انتهيت إلى الباب الّذي من قبل الصفا بعد ما تجاوز الوادي فاكفف عن السعي وامش مشياً فإنّما السعي على الرّجال و ليس على النساء سعي .

۲ ـ أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن يحيى ، عن غياث بن إبراهيم ، عن جعفر ، عن أبيه عليهما السلام قال : كان أبي يسعى بين الصفا والمروة ما بين باب ابن عباد إلى أن يرفع قدميه من المسيل لا يبلغ زقاق آل أبي حسين .

۳ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن محمّد بن أسلم ، عن يونس ، عن أبي بصير قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : مامن بقعة أحبّ إلى الله من المسعى لأنّه يذلّ فيها كلّ جبّار . وروي أنّه سئل لم جعل السعي ؟ فقال : مذلّة للجبّارين .

۴ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد رفعه قال : ليس لله منسك أحبّ إليه من

السعي وذلك أنّه بذلٌ فيه الجبّارين .

٥ ـ أحمدبن محمّد ، عن التيملي ، عن الحسين بن أحمد الحلبي ، عن أبيه ، عن رجل ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : جعل السعي بين الصفا والمروة مذلّة للجبارين .

٦ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : انحدر من الصفا ماشياً إلى المروة وعليك السكينة والوقار حتّى تأتي المنارة وهي على طرف المسعى فاسع ملأ فروجك وقل : « بسم الله والله أكبر وصلّى الله على محمّد و على أهل بيته ، اللّهمّ اغفر وارحم وتجاوز عمّا تعلم وأنت الأعزّ الأكرم » حتّى تبلغ المنارة الأخرى فإذا جاوزتها فقل : « ياذا المنّ والفضل والكرم والنعماء والجود اغفرلي ذنوبي إنّه لايغفر الذّنوب إلّا أنت » ثمّ امش و عليك السكينة والوقار حتّى تأتي المروة فاصعد عليها حتّى يبدو لك البيت واصنع عليها كما صنعت على الصفا وطف بينهما سبعة أشواط تبدء بالصفا وتختم بالمروة .

٧ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن عليّ بن أسباط ، عن مولى لأبي عبدالله عليه السلام من أهل المدينة قال : رأيت أبا الحسن عليه السلام يبتدىء بالسعي من دار القاضي المخزومي ، قال : ويمضي كما هو إلى زقاق العطارين .

٨ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن معاوية بن حكيم ، عن محمّد بن أبي عمير ، عن الحسن بن عليّ الصيرفي ، عن بعض أصحابنا قال : سئل أبو عبدالله عليه السلام عن السعي بين الصفا والمروة فريضة أم سنّة ؟ فقال : فريضة ، قلت : أوليس قال الله عزّ وجلّ : « فلاجناح عليه أن يطّوّف بهما » قال : كان ذلك في عمرة القضاء إنّ رسول الله صلى الله عليه وآله شرط عليهم أن يرفعوا الأصنام من الصفا و المروة فتشاغل رجل و ترك السعي حتّى انقضت الأيّام وأعيدت الأصنام فجاؤوا إليه فقالوا : يا رسول الله إنّ فلاناً لم يسع بين الصفا والمروة وقد أعيدت الأصنام فأنزل الله عزّ وجلّ : « فلاجناح عليه أن يطّوّف بهما » ـ أي وعليهما الأصنام ـ .

٩ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمدبن محمّد ، عن الحسن بن محبوب ، عن مالك بن عطيّة ، عن سعيد الأعرج قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن رجل ترك شيئاً من الرّمل

في سعيه بين الصفا والمروة ، قال : لاشيء عليه ، و روي أنّ المسعى كان أوسع ممّاهو اليوم ولكنّ الناس ضيّقوه .

١٠ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام في رجل ترك السعي متعمّداً ، قال : عليه الحجّ من قابل .

باب ۱۴۱

سعی بین الصّفا والمروہ

۱۔ میں نے صفا و مروہ کے درمیان سعی کو پوچھا فرمایا جب تم اس گھر تک پہنچو جو تمہاری داہنی طرف مشرق رخ وادی میں ہے تو سعی کرو، جب پہنچو اپنی داہنی طرف والے تنگ راستہ میں وادی سے گزر کر مروہ کی طرف تو سعی کو روک دو اور معمولی چال چلو جب مروہ کے پاس پہنچو تو شروع کرو اس تنگ راستہ سے جو میں نے بیان کیا جب اس دروازہ پر پہنچو جو صفا کی طرف ہے وادی سے گزرنے کے بعد تو سعی ختم کر دو اور معمولی چال چلو، سعی مردوں کے لئے ہے عورتوں کے لئے نہیں (موثق)

۲۔ فرمایا میرے والد سعی کرتے تھے صفا و مروہ کے درمیان اور جب باب ابن عباد کے درمیان ہے یہاں تک کہ جب بڑھتے میل سے تو نہ پہنچے تھے آل ابی حسین والے تنگ راستہ تک ۔ (موثق)

۳۔ میں نے حضرت سے سنا کہ اللہ کو سعی سب سے زیادہ محبوب ہے کیونکہ وہ ہر سرکش کو ذلیل کرتی ہے اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت سے پوچھا گیا کہ سعی کس لئے ہے فرمایا جباروں کو ذلیل کرنے کے لئے ۔ (ض)

۴۔ فرمایا ارکان حج میں اللہ کو سب سے زیادہ سعی محبوب ہے کہ اس سے سرکش لوگ ذلیل ہوتے ہیں ۔ (ض)

۵۔ اللہ نے سعی کو اس لئے رکھا ہے کہ اس سے سرکش لوگ ذلیل ہوتے ہیں ۔ (مرسل)

۶۔ فرمایا حضرت نے صفا سے مروہ کو جاتے ہوئے سکینہ و وقار سے چلو جب مینار تک آؤ تو وہاں سے سعی کرو اور کہو

بسم الله والله أكبر وصلّى الله على محمّد و على أهل بيته ، اللّهمّ اغفر وارحم وتجاوز عمّا تعلم وأنت الأعزّ الأكرم ، حتّى تبلغ المنارة الأخرى فإذا جاوزتها فقل : «ياذا المنّ والفضل والكرم والنعماء والجود اغفر لي ذنوبي إنّه لايغفر الذّنوب إلّا أنت

پھر سکینہ و وقار سے چلو اور مروہ آؤ اور اس پر چڑھو یہاں تک کہ بیت اللہ نظر آنے لگے پس ویسا ہی عمل کرو جیسا صفا پر کیا تھا اور دونوں کے درمیان طواف کرو سات بار صفا سے شروع کرو اور مروہ پر ختم۔ (حسن)

۷۔ میں نے ابوالحسن علیہ السلام کو دیکھا کہ انھوں نے دار قاضی مخزومی سے سعی کی ابتدا کی اور وہ عطاروں کے کوچہ کی طرف سے گزرے۔ (ح)

۸۔ میں نے پوچھا کہ صفا و مروہ کے درمیان سعی کرنا فرض ہے یا سنت، فرمایا فرض ہے میں نے کہا آیت سے تو ایسا نہیں معلوم ہوتا اس میں تو یہ ہے کہ کوئی گناہ نہیں اس پر جو ان دونوں کا طواف کرے فرمایا یہ آیت عمرۂ قضا کے متعلق ہے۔ رسول اللہ نے کفار مکہ سے شرط کی تھی کہ وہ صفا و مروہ سے بت ہٹا لیں، ایک مسلمان اور کام میں مشغول ہو گیا یہاں تک کہ ایام حج گزر گئے اور بت اپنی جگہ پر پھر آ گئے۔ لوگوں نے رسول اللہ سے کہا فلاں نے صفا و مروہ کے درمیان سعی نہیں کی اور بت پھر اپنی جگہ پر رکھے گئے۔ پس اللہ نے یہ آیت نازل کی کہ نہیں ہے گناہ اس کے لئے جو دونوں کا طواف کرے درآنحالیکہ ان دونوں پر بت رکھے ہوئے ہوں۔ (مرسل)

۹۔ میں نے کہا ایک شخص سعی صفا و مروہ کے درمیان رمل (درمیانی چال) اچھلنے لگے اس پر کوئی گناہ نہیں اور یہ بھی فرمایا کل سعی میں پہلے آج سے زیادہ سہولت تھی لوگوں نے اسے تنگ بنا دیا ہے۔

۱۰۔ فرمایا اگر کوئی عمداً سعی کو ترک کر دے تو اس کو سال آئندہ پھر حج کرنا ہوگا۔ (حسن)

﴿باب ۴۲﴾

﴿من بدء بالمروة قبل الصفا او سهى في السعي بينهما﴾

۱ ـ محمد بن يحيى، عن أحمد بن محمد، عن عليّ بن الحكم، عن عليّ بن أبي حمزة قال: سألت أبا عبدالله عليه السلام عن رجل بدء بالمروة قبل الصفا، قال: يعيد ألا ترى أنه لو بدء بشماله قبل يمينه في الوضوء ـ أ ر د أن يعيد الوضوء ـ .

۲ ـ أبو عليّ الاشعريّ، عن محمد بن عبد الجبّار، عن صفوان بن يحيى، عن عبدالرحمن بن الحجّاج، عن أبي إبراهيم عليه السلام في رجل سعى بين الصفا والمروة ثمانية أشواط ما عليه؟ فقال: إن كان خطأ أطرح واحداً واعتدّ بسبعة.

۳ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن أحمد بن محمد بن أبي نصر، عن جميل بن درّاج قال: حججنا ونحن صرورة فسعينا بين الصفا والمروة أربعة عشر شوطاً فسألت أبا عبدالله عليه السلام عن ذلك، فقال: لا بأس سبعة لك وسبعة تطرح.

٤ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن إسماعيل بن مرّار ، عن يونس ، عن عليّ العائغ قال : سئل أبوعبدالله عليه السلام وأنا حاضر عن رجل بدء بالمروة قبل الصفا ، قال : يعيد ألا ترى أنّه لو بدء بشماله قبل يمينه كان عليه أن يبدء بيمينه ثمّ يعيد على شماله .

٥ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ؛ وصفوان بن يحيى ، عن معاوية ابن عمّار قال : من طاف بين الصفا والمروة خمسة عشر شوطاً طرح ثمانية واعتدّ بسبعة وإن بدء بالمروة فليطرح وليبدء بالصفا .

باب ۱۴۲

مروہ سے ابتدا

۱۔ میں نے ابوعبداللہ علیہ السلام سے کہا ایک شخص نے سعی کی ابتدا مروہ سے کی۔ فرمایا وہ دوبارہ سعی کرے کیا تمہیں معلوم نہیں کہ جو کوئی وضو میں بایاں ہاتھ داہنے سے پہلے دھوئے اسے وضو دوبارہ کرنا چاہیئے (ص)

۲۔ فرمایا اگر کسی نے غلطی سے بجائے سات بار کے آٹھ بار سعی کی ہے تو ایک کو نظر انداز کر کے سات ہی شمار کرے (م)

۳۔ ہم نے پہلی بار حج کیا اور صفا و مروہ کے درمیان ۱۴ بار سعی کی حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام سے پوچھا تو فرمایا کوئی مضائقہ نہیں سات کو نظر انداز کرو

۴۔ ترجمہ نمبر ۱ میں دیکھو (م)

۵۔ فرمایا جو صفا و مروہ کے درمیان پندرہ شوط کرے تو آٹھ کو نظر انداز کر کے سات کو شمار کرے اور اگر ابتدا مروہ سے کی ہے تو صفا سے ابتدا کرے اور جو کر چکا ہے اسے نظر انداز کرے۔ (م)

﴿باب ۱۴۳﴾

﴿الاستراحة في السعي والركوب فيه﴾

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته عن السعي بين الصفا و المروة على الدّابة ، قال : نعم و على المحمل .

۲ ـ معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته عن الرّجل يسعى بين الصفا والمروة راكباً ، قال : لابأس والمشي أفضل .

۳ ـ ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن الرّجل يطوف بين الصفا والمروة أيستريح ؟ قال : نعم إن شاء جلس على الصفا والمروة وبينهما فيجلس .

٤ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن بعض أصحابنا ، عن أبان ، عن عبدالرحمن ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لايجلس بين الصفا و المروة إلّامن جهد .

٥ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن عبدالرّحمن بن الحجّاج قال : سألت أباالحسن عليه السلام عن النساء يطفن على الإبل والدّوابّ أيجزئهنّ أن يقفن تحت الصفا والمروة ؟ قال : نعم بحيث يرين البيت .

٦ ـ وعنه ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : ليس على الراكب سعي ولكن ليسرع شيئاً .

باب ۱۴۳

سعی میں استراحت

۱۔ میں نے کہا کیا معذوری میں چوپایہ پر سعی کر سکتے ہیں فرمایا ہاں چوپایہ پر بھی اور محمل میں بھی۔ (حسن)

۲۔ فرمایا صفا و مروہ کے درمیان سعی سوار ہو کر ہو سکتی ہے لیکن چلنا افضل ہے۔ (حسن)

۳۔ میں نے کہا ایک شخص صفا و مروہ کے درمیان طواف کرتا ہے، وہ آرام چاہتا ہے کیا آرام کرے فرمایا ہاں اگر چاہے تو صفا و مروہ پر بیٹھ جائے یا ان دونوں کے درمیان۔ (حسن)

۴۔ فرمایا صفا و مروہ کے درمیان نہ بیٹھے مگر از راہ جہالت۔ (ض)

۵۔ میں نے کہا کچھ عورتیں اونٹ یا چوپاؤں پر سعی کر رہی ہیں کیا ان کو اجازت ہے کہ وہ صفا و مروہ کے نیچے ٹھہر جائیں فرمایا ہاں بشرطیکہ کعبہ کو دیکھتی رہیں۔ (م)

۶۔ فرمایا نہیں ہے راکب پر سعی مگر جبکہ جلدی ہو (م)

﴿باب ۱۴۴﴾

✡(من قطع السعي للصلاة أو غيرها والسعي بغير وضوء)✡

١ - عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : الرَّجل يدخل في السعي بين الصفا والمروة فيدخل وقت الصلاة أيخفّف أو يقطع ويصلّي ويعود أو يثبت كما هو على حاله حتّى يفرغ ؟ قال : أو ليس عليهما مسجد لا ، بل يصلّي ثمّ يعود . قلت : يجلس عليهما ؟ قال : أوليس هو ذا يسعى على الدَّواب .

٢ - عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد ، عن حمّاد بن عثمان ، عن يحيى الأزرق ، عن أبي الحسن عليه السلام قال : قلت له : الرَّجل يسعى بين الصفا والمروة ثلاثة أشواط أو أربعة ثمّ يبول أيتمّ سعيه بغير وضوء ؟ قال : لا بأس ولو أتمّ نسكه بوضوء كان أحبَّ إليَّ .

باب ۱۴۴

نماز کے لئے سعی کو قطع کرنا

۱۔ میں نے کہا ایک شخص سعی کرنے لگا صفا و مروہ کے درمیان ناگاہ وقت نماز آگیا۔ کم کرے یا قطع کرے اور نماز پڑھ کر پھر لوٹ آئے یا بدستور سعی کرتا رہے فرمایا کیا دونوں پہاڑوں پر مسجد نہیں۔ اسے چاہیئے کہ نماز پڑھے پھر واپس آکر سعی کرے۔ میں نے کہا ان دونوں پر بیٹھ سکتا ہے فرمایا اگر چوپایہ پر سعی نہیں کر رہا۔ (حسن)

۲۔ میں نے کہا ایک شخص صفا و مروہ کے درمیان تین چار شوط کر چکا ہے کہ اس نے پیشاب کیا، کیا بغیر وضو اپنی سعی پوری کرے فرمایا کوئی مضائقہ نہیں لیکن وضو کے ساتھ مجھے زیادہ پسند ہے۔ (موثق)

﴿باب ۱۴۵﴾

✡(تقصير المتمتع وإحلاله)✡

١ - عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل ابن شاذان ، عن صفوان بن يحيى ؛ وابن أبي عمير ؛ وعدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد

عن الحسين بن سعيد ، عن فضالة بن أيّوب ؛ و حمّاد بن عيسى جميعاً ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا فرغت من سعيك وأنت متمتّع فقصّر من شعرك من جوانبه ولحيتك وخذ من شاربك وقلّم أظفارك وابق منها لحجّك و إذا فعلت ذلك فقد أحللت من كلّ شيء يحلّ منه المحرم وأحرمت منه فطف بالبيت تطوّعاً ماشئت .

٢ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن محمد بن إسماعيل قال : رأيت أبا الحسن عليه السلام أحلّ من عمرته وأخذ من أطراف شعره كلّه على المشط ثمّ أشار إلى شاربه فأخذ منه الحجّام ثمّ أشار إلى أطراف لحيته فأخذ منه ، ثمّ قام .

٣ ـ عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمد بن أبي نصر ، عن رفاعة ابن موسى قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن الرّجل يطوف بالبيت ويسعى أيتطوّع بالطواف قبل أن يقصّر ، قال : ما يعجبني .

٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن جميل بن درّاج ؛ وحفص ابن البختري ؛ وغيرهما ، عن أبي عبدالله عليه السلام في محرم يقصّر من بعض ولا يقصّر من بعض ، قال : يجزئه .

٥ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمد ، عن الحسين بن أسلم قال : لمّا أراد أبو جعفر ـ يعني ابن الرضا عليه السلام ـ أن يقصّر من شعره للعمرة أراد الحجّام أن يأخذ من جوانب الرّأس فقال له : ابده بالنّاصية فبده بها .

٦ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، و صفوان بن يحيى ، عن معاوية ابن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته عن متمتّع قرّض أظفاره وأخذ من شعر رأسه بمقص ، قال : لا بأس ليس كلّ أحد يجد جلماً .

باب ۱۴۵
تقصير متمتع

۱۔ فرمایا جب تم سعی سے فارغ ہو جاؤ حج متمتع میں تو ہر طرف سے اپنے سر کے بال کٹواؤ اور اپنی داڑھی اور مونچھوں

کے بال ترشواؤ اور ناخن کٹواؤ اور باقی رکھوان کو اپنے حج کے لئے اور جب تم یہ کر چکو تو جو چیزیں احرام میں تم پر حرام ہو گئی تھیں وہ حلال ہو گئیں پس اب اپنی خوشی سے جتنی بار چاہو بیت اللہ کا طواف کرو۔ (حسن)

۲۔ میں نے امام رضا علیہ السلام کو دیکھا جب عمرہ سے فارغ ہوئے تو پورے سر کے بال کنگھی سے کٹوائے پھر آپ نے اشارہ کیا مونچھوں کی طرف حجام نے ان کی اصلاح کی پھر داڑھی کے بال کٹوائے پھر اٹھ کھڑے ہوئے۔ (ص)

۳۔ میں نے کہا ایک شخص طواف بیت کرتا ہے اور سعی کرتا ہے آیا قبل تقصیر وہ طواف مندوب کرلے فرمایا مجھے تعجب ہے (کراہت سے) قبل تقصیر طواف مندوب کرنا۔ (ص)

۴۔ میں نے کہا ایک محرم کچھ بال کٹواتا ہے اور کچھ نہیں کٹواتا۔ فرمایا کافی ہے (حسن)

۵۔ امام رضا علیہ السلام کے صاحبزادہ ابو جعفر نے عمرہ کے لئے جب بال کٹوانے چاہے تو حجام نے اطراف سر سے کاٹنے کا ارادہ کیا۔ فرمایا پیشانی سے ابتدا کرو اس نے ایسا ہی کیا۔ (مجہول)

۶۔ میں نے کہا ایک تمتع کرنے والے نے اپنے ناخن کاٹے اور سر کے بال تیر کے پیکاں سے کاٹے۔ فرمایا کیا حرج ہے ہر ایک کو تو قینچی نہیں ملتی۔ (حسن)

﴿ باب ۱۴۶ ﴾

✡(المتمتع ينسى أن يقصر حتى يهل بالحج أو يحلق رأسه أو يقع اهله)✡

✡(قبل ان يقصر)✡

۱ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن النّضر بن سويد ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام عن رجل متمتّع نسي أن يقصّر حتى أحرم بالحجّ ، قال : يستغفر الله .

۲ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته عن رجل أهلّ بالعمرة ونسي أن يقصّر حتّى دخل في الحجّ قال : يستغفر الله ولا شيء عليه وتمّت عمرته .

۳ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن عبدالرّحمن بن الحجّاج قال : سألت أبا إبراهيم عليه السلام عن رجل تمتّع بالعمرة إلى الحجّ ندخل مكّة وطاف وسعى ولبس ثيابه وأحلّ ونسي أن يقصّ حتّى خرج إلى عرفات ، قال : لا بأس به يبني على العمرة وطوافها وطواف الحجّ على أثره .

٤ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن رجل طاف بالبيت ثمّ بالصفا والمروة وقد تمتّع ثمّ عجّل فقبّل امرأته قبل أن يقصّر من رأسه ، فقال : عليه دم يهريقه وإن جامع فعليه جزورٌ أو بقرة .

٥ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار قال : سألت : أبا عبدالله عليه السلام عن متمتّع وقع على امرأته ولم يقصّر ؛ فقال : ينحر جزوراً وقد خفت أن يكون قد ثلم حجّه إن كان عالماً وإن كان جاهلاً فلا شيء عليه .

٦ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : جعلت فداك إنّي لما قضيت نسكي للعمرة أتيت أهلي ولم أقصّر قال : عليك بدنة ، قال : قلت : إنّي لمّا أردت ذلك منها ولم تكن قصّرت امتنعت فلمّا غلبتها قرّضت بعض شعرها بأسنانها ، فقال : رحمها الله كانت أفقه منك عليك بدنة وليس عليها شيء .

٧ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن حديد ، عن جميل بن درّاج ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته عن متمتّع حلق رأسه بمكّة ، قال : إن كان جاهلاً فليس عليه شيء وإن تعمّد ذلك في أوّل أشهر الحجّ بثلاثين يوماً منها فليس عليه شيء وإن تعمّد بعد الثلاثين الّتي يوفّر فيها الشعر للحجّ فإنّ عليه دماً يهريقه .

٨ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حفص بن البختريّ ، عن غير واحد ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : ينبغي للمتمتّع بالعمرة إلى الحجّ إذا أحلّ أن لا يلبس قميصاً وليتشبّه بالمحرمين .

باب ۱۴۶

حج تمتع میں تقصیر کا بھول جانا

۱۔ میں نے پوچھا اس شخص کے بارے میں جو تمتع والا حج کر رہا ہو اور وہ بال کٹوانے بھول جائے اور حج کا احرام باندھ لے فرمایا وہ اللہ سے استغفار کرے۔ (م)

۲۔ میں نے پوچھا اس شخص کے بارے میں جو عمرہ کرے اور بال کٹوانے بھول جائے اور حج کے مناسک میں داخل ہو فرمایا اللہ سے استغفار کرے اس پر کوئی الزام نہیں اس کا عمرہ پورا ہو گیا۔ (حسن)

۳۔ میں نے کہا ایک شخص نے عمرۂ تمتع کیا اور مکہ میں داخل ہو کر طواف کیا اور سعی کی اور اپنا لباس پہنا اور محل ہو گیا اور تقصیر کرانا بھول گیا یہاں تک کہ وہ عرفات چلا گیا فرمایا کوئی حرج نہیں وہ اپنے طواف کی بنا عمرہ پر رکھے اور اس کے بعد طواف حج کرے۔ (ح)

۴۔ پوچھا ایک شخص نے طواف بیت کیا پھر صفا و مروہ میں سعی کی اور یہ عمرۂ تمتع تھا پھر جلد بازی سے کام لے کر اس نے اپنی بی بی کا بوسہ لیا قبل سر کے بال کٹوانے کے، فرمایا وہ قربانی دے اور اگر مجامعت کر لی ہے تو ایک اونٹ دے یا ایک گائے۔ (حسن)

۵۔ میں نے پوچھا اس تمتع کرنے والے کے متعلق جو مجامعت کرے اپنی عورت سے درآنحالیکہ اس نے بال نہیں کٹوائے فرمایا وہ ایک اونٹ نحر کرے اور مجھے ڈر ہے کہ وہ اگر عالم مسئلہ تھا تو اس کے حج میں رخنہ پڑ جائے گا اور اگر جاہل تھا تو کچھ نہیں۔ (حسن)

۶۔ میں نے کہا میں آپ پر فدا ہوں میں نے عمرہ کے مناسک ادا کئے اور پھر بغیر تقصیر کے میں نے اپنی زوجہ سے مقاربت کی فرمایا تجھ پر ایک اونٹ کی قربانی ہے۔ میں نے کہا جب میں نے اس سے ایسا ارادہ کیا تو اس نے تقصیر نہیں کی تھی تو مجھے مقاربت سے منع کیا مگر میں اس پر غالب آیا اس نے اپنے کچھ بال اپنے دانتوں سے کاٹے۔ فرمایا اللہ اس پر رحم کرے وہ تجھ سے زیادہ فقیہہ ہے تجھ پر ایک اونٹ ہے اس پر کچھ نہیں۔ (حسن)

۷۔ میں نے کہا ایک حج تمتع کرنے والے نے مکہ میں اپنا سر منڈوا لیا فرمایا اگر وہ جاہل تھا تو کچھ نہیں اور اگر عمداً حج کے مہینوں میں سے تیس دن کے اندر ایسا کیا ہے تو کچھ نہیں اور اگر تیس دن کے بعد ان ایام میں جن میں حج کے لئے بال منڈانا ضروری ہوتا ہے ایسا کیا ہے تو اس کو ایک قربانی دینا ہوگی۔ (ح)

۸۔ فرمایا حج تمتع کا عمرہ کرنے والے کو چاہیے کہ جب عمرہ سے محل ہو تو قمیص نہ پہنے اور حج کے ایام تک اپنے کو محرموں کے مشابہ رکھے

﴿ باب ۱۴ ﴾

﴿ المتمتع تعرض له الحاجة خارجاً من مكة بعد احلاله ﴾

۱۔ علي بن إبراهيم، عن أبيه، عن حماد بن عيسى، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: من دخل مكة متمتعاً في أشهر الحج لم يكن له أن يخرج حتى يقضي الحج فإن عرضت له

حاجة إلى عسفان أو إلى الطائف أو إلى ذات عرق خرج محرماً ودخل ملبّياً بالحجّ فلا يزال على إحرامه فإن رجع إلى مكّة رجع محرماً ولم يقرب البيت حتّى يخرج مع الناس إلى منى على إحرامه وإن شاء كان وجهه ذلك إلى منى ، قلت : فإن جهل وخرج إلى المدينة أو إلى نحوها بغير إحرام ثمّ رجع في إبّان الحجّ في أشهر الحجّ يريد الحجّ أيدخلها محرماً أو بغير إحرام ؟ فقال : إن رجع في شهره دخل بغير إحرام وإن دخل في غير الشهر دخل محرماً .

قلت : فأيّ الإجرامين والمتعتين ، متعة الأولى أو الأخيرة ؟ قال : الأخيرة و هي عمرته و هي المحتبس بها الّتي وصلت بحجّه ؛ قلت : فما فرق بين المفردة و بين عمرة المتعة إذا دخل في أشهر الحجّ ؟ قال : أحرم بالعمرة وهو ينوي العمرة ثمّ أحلّ منها ولم يكن عليه دم ولم يكن محتبساً بها لأنّه لا يكون ينوي الحجّ .

٢ ـ أبو علي الأشعري ، عن محمّد بن عبد الجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن إسحاق ابن عمّار قال : سألت أبا الحسن عليه السلام عن المتمتّع يجيء فيقضي متعته ثمّ تبدو له الحاجة فيخرج إلى المدينة أو إلى ذات عرق أو إلى بعض المعادن ، قال : يرجع إلى مكّة بعمرة إن كان في غير الشهر الّذي يتمتّع فيه لأنّ لكلّ شهر عمرة وهو مرتهن بالحجّ ، قلت : فإن دخل في الشهر الّذي خرج فيه ؟ قال : كان أبي مجاوراً ههنا فخرج متلقياً بعض هؤلاء فلمّا رجع بلغ ذات عرق ، أحرم من ذات عرق بالحجّ ودخل وهو محرم بالحجّ .

٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن الرّجل يتمتّع بالعمرة إلى الحجّ يريد الخروج إلى الطائف قال : يهلّ بالحجّ من مكّة وما أحبّ له أن يخرج منها إلّا محرماً ولا يتجاوز الطائف إنّها قريبة من مكّة .

٤ ـ ابن أبي عمير ، عن حفص بن البختريّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام في رجل قضى متعته ثمّ عرضت له حاجة أراد أن يخرج إليها ، قال : فقال : فليغتسل للإحرام وليهلّ بالحجّ وليمض في حاجته وإن لم يقدر على الرجوع إلى مكّة مضى إلى عرفات .

٥ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عمّن ذكره ، عن أبان ، عمّن أخبره عن أبي عبدالله عليه السلام قال : المتمتّع [هو] محتبس لا يخرج من مكّة حتّى يخرج إلى الحجّ

إلّا أن يأبق غلامه أو تضلّ راحلته فيخرج محرماً ولا يجاوز إلاّ على قدر مالا تفوته عرفة .

باب ۱۴۷

اگر حج تمتع کرنے والے کو مکہ سے باہر جانا پڑے

۱۔ فرمایا جو تمتع کے لئے حج کے مہینوں میں داخل مکہ ہو تو حج کرنے سے پہلے اسے مکہ سے نہ جانا چاہیئے اگر کوئی ضرورت عسقان، ملائف یا ذات العرق جانے کے لئے پیش آجائے تو احرام باندھے نکلے اور تلبیہ کرتا ہوا حج کے لئے آئے، احرام برابر جاری رہے اگر مکہ لوٹے تو بحالت احرام لوٹے اور بیت کے قریب نہ جائے جب تک وہ ان کے ساتھ بحالت احرام منیٰ کی طرف روانہ نہ ہو یا خود منیٰ کی طرف روانہ ہو۔ میں نے کہا اگر وہ جاہل ہو اور بغیر احرام مدینہ وغیرہ کی طرف چلا جائے اور پھر حج کے ارادہ سے حج کے مہینوں میں لوٹے تو آیا احرام سے داخل ہو یا بغیر احرام فرمایا اگر وہ لوٹا ہے حج کے مہینوں میں تو داخل ہو بغیر احرام اور اگر مہینے حج کے علاوہ داخل ہو تو محرم داخل ہو، میں نے کہا ان دونوں احراموں اور دونوں تمتع میں کون ٹھیک سمجھا جائے۔ فرمایا آخر والا وہی اس کا عمرہ ہے اور وہی اس حج کے ساتھ والا عمرہ ہوگا، میں نے کہا کیا فرق ہے عمرہ مفردہ اور عمرہ تمتع میں جب وہ حج کے مہینوں میں داخل ہو فرمایا احرام عمرہ نیت عمرہ پر ہے پھر اس سے حل ہو اگر حج کی نیت نہیں رکھتا

۲۔ میں نے پوچھا ایک تمتع کرنے والے نے مکہ آکر عمرۂ تمتع کیا پھر اس کو کوئی ضرورت پیش آئی، وہ مدینہ یا ذات عرق یا بعض معادن کی طرف چلا گیا۔ فرمایا وہ مکہ عمرہ کے لئے لوٹے اگر وہ مہینہ علاوہ ان مہینوں کے ہے جس میں عمرہ تمتع کیا جاتا ہے ہر مہینہ کا عمرہ ہے اور وہ رہن ہے حج کے ساتھ، میں نے کہا اگر وہ اسی مہینہ میں آجائے جس میں وہ گیا تھا فرمایا میرے والد یہاں رہتے تھے وہ بعض لوگوں کی ملاقات کو باہر گئے جب وہ واپسی میں ذات عرق آئے تو وہاں سے انھوں نے احرام باندھا وہ اسی صورت سے مکہ آکر ارکان حج بجالائے۔ (موثق)

۳۔ میں نے کہا ایک شخص عمرہ حج تمتع کرنا چاہتا ہے وہ طائف کی طرف چلا گیا فرمایا وہ حج کے لئے تکبیر کہے اور اسے نہیں چاہیئے تھا کہ بغیر احرام نکلے اور اسے طائف سے آگے نہ بڑھنا چاہیئے۔ وہ مکہ سے قریب ہے (حج کے فوت ہونے کا اندیشہ نہیں) (حسن)

۴۔ پوچھا ایک شخص نے عمرہ تمتع کیا پھر کسی ضرورت سے اسے وہاں سے جانا پڑا۔ فرمایا اسے چاہیئے کہ غسل کرے اور تکبیر حج کہے اور اپنی ضرورت کو جائے پھر اگر مکہ نہ آسکے تو عرفات چلا جائے۔ (حسن)

۵۔ فرمایا حج تمتع کرنے والا مکہ میں رہنے کا پابند ہے وہ حج کرنے تک مکہ سے نہ جائے مگر اس صورت میں کہ غلام بھاگ گیا ہو یا سواری کا جانور گم ہو گیا ہو اور جائے تو اتنی دور نہیں کہ عرفہ فوت ہو جائے۔ (ضعیف)

﴿باب ۱۴۸﴾

﴿الوقت الذی یفوت فیه المتعة﴾

۱ ـ علیٌّ بن إبراهیم ، عن أبیه ، عن ابن أبی عمیر ، عن هشام بن سالم ؛ ومرازم وشعیب عن أبی عبدالله علیه السلام عن الرّجل المتمتّع یدخل لیلة عرفة فیطوف و یسعی ثمّ یحلّ ثمّ یحرم ویأتی منی ، قال : لا بأس .

۲ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسین بن سعید ، عن حمّاد بن عیسی ، عن محمّد بن میمون قال : قدم أبو الحسن علیه السلام متمتّعاً لیلة عرفة فطاف و أحلّ وأتی بعض جواریه ثمّ أهلّ بالحجّ وخرج .

۳ ـ أحمد بن محمّد ، عن ابن فضّال ، عن ابن بکیر ، عن بعض أصحابنا أنّه سأل أباعبدالله علیه السلام عن المتعة متی تکون ؟ قال : یتمتّع ما ظنّ أنّه یدرك النّاس بمنی .

۴ ـ علیٌّ بن إبراهیم ، عن أبیه ، عن إسماعیل بن مرّار ، عن یونس ، عن یعقوب بن شعیب المیثمی قال : سمعت أباعبدالله علیه السلام یقول : لا بأس للمتمتّع إن لم یحرم من لیلة التروية متی ما تیسّر له ما لم یخف فوت الموقفین .

۵ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زیاد رفعه ، عن أبی عبدالله علیه السلام فی متمتّع دخل یوم عرفة فقال : متعته تامّة إلی أن تقطع التلبیة .

باب ۱۴۸

وقت فوت متعہ

۱۔ پوچھا ایک تمتع کرنے والا شخص عرفہ کی رات میں آتا ہے طواف و سعی کرتا ہے پھر احرام باندھ کر منیٰ میں آتا ہے فرمایا کوئی مضائقہ نہیں ۔ (حسن)

۲۔ امام رضا علیہ السلام حج تمتع کرنے عرفہ کی رات کو آئے طواف کیا اور محل ہو گئے اور اپنی ایک کنیز سے ہم بستری کی پھر حج کی تکبیر کہی اور وہاں سے چلے آئے ۔ (مجہول)

۳۔ حضرت سے پوچھا تمتع کے متعلق کب تک ہوگا فرمایا جب لوگ منیٰ سے نہ جائیں۔ (مرسل)

۴۔ میں نے حضرت سے سنا کوئی حرج نہیں تمتع کرنے والے کے لئے اگر احرام نہ باندھے شب ترویہ سے جبکہ اسے موقفین کے فوت ہونے کا خوف نہ ہو۔ (مجہول)

۵۔ فرمایا حضرت نے تمتع کرنے والے کے متعلق جو یوم عرفہ آیا کہ اس نے تمتع پورا کیا یہاں تک کہ وہ تلبیہ کو قطع کرے (ق)

﴿باب ۱۴۱﴾

☆(احرام الحائض والمستحاضة)☆

١ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن ابن فضّال ، عن يونس بن يعقوب قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن الحائض تريد الإحرام ، قال : تغتسل و تستثفر و تحتشي بالكرسف وتلبس ثوباً دون ثياب إحرامها وتستقبل القبلة ولاتدخل المسجد و تهلّ بالحجّ بغير صلاة .

٢ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمد ، عن الحسين بن سعيد ، عن فضالة بن أيّوب ، عن عمر بن أبان الكلبيّ قال : ذكرت لأبي عبدالله عليه السلام المستحاضة فذكر أسماء بنت عميس فقال : إنّ أسماء ولدت محمد بن أبي بكر بالبيداء و كان في ولادتها البركة للنساء لمن ولدت منهنّ أوطمثت فأمرها رسول الله صلى الله عليه وآله فاستثفرت وتنطّقت بمنطقة وأحرمت .

٣ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمد ، عن محمد بن إسماعيل ، عن صفوان بن يحيى ، عن منصور بن حازم قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : المرأة الحائض تحرم وهي لاتصلّي ؟ قال : نعم إذا ت الوقت فلتحرم .

٤ ـ محمد بن يحيى ، عن سلمة بن الخطّاب ، عن عليّ بن الحكم ، عن محمد بن زياد ، عن محمد بن مروان ، عن زيد الشحّام ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سئل عن امرأة حاضت وهي تريد الإحرام فطمثت قال : تغتسل وتحتشي بكرسف وتلبس ثياب الإحرام وتحرم فإذا كان النّفر خلعتها ولبست ثيابها الآخر حتّى تطهر .

باب ۱۴۹

احرام حایض و مستحاضہ

۱۔ میں نے حضرت سے حایض عورت کے متعلق پوچھا جو احرام کا ارادہ کرتی ہے فرمایا وہ اپنا خون روئی سے صاف کرکے فرج کو لنگوٹ سے کس کر باندھے کہ خون باہر نہ آئے اور احرام کے لباس کے علاوہ اور کپڑے پہنے، رو بقبلہ ہو اور مسجد الحرام میں داخل نہ ہو اور حج کے لئے ہلہلہ کرے۔ (موثق)

۲۔ میں نے حضرت سے مستحاضہ کے متعلق پوچھا آپ نے اس سلسلے میں ایک واقعہ اسماء بنت عمیس کا سنایا کہ جب محمد بن ابوبکر کو انھوں نے جنگل میں جنا اور اس ولادت میں برکت ہونی جننے والی کو اور حیض والی عورتوں کے لئے مسئلہ معلوم ہونے سے حضرت نے ان کو حکم دیا کہ فرج کو صاف کرنے کے بعد کس کر باندھ لیں اور پھر انھوں نے احرام باندھا۔ (م)

۳۔ میں نے کہا حیض والی عورت احرام باندھے در آنحالیکہ وہ نماز نہیں پڑھتی، فرمایا ہاں جب وقت آئے احرام باندھے۔ (م)

۴۔ میں نے پوچھا اس عورت کے متعلق جو حایض ہو اور احرام باندھنا چاہتی ہو اور اسے خون آجائے۔ فرمایا غسل کرے روئی باندھے اور احرام کا لباس پہنے جب رات آئے تو اسے اتار دے اور اپنے دوسرے کپڑے پہنے جب تک طاہر ہو (م)

﴿باب ۱۵﴾

﴿ما يجب على الحائض في أداء المناسك﴾

۱ ـ عدّةٌ من أصحابنا، عن أحمد بن محمد بن عيسى، عن محمد بن أبي عمير، عن حفص ابن البختريّ، عن العلاء بن صبيح؛ و عبد الرحمن بن الحجّاج؛ و علي بن رئاب، و عبدالله بن صالح كلّهم يروونه عن أبي عبدالله عليه السلام قال: المرأة المتمتّعة إذا قدمت مكّة ثمّ حاضت تقيم ما بينها و بين التروية فإن طهرت طافت بالبيت وسعت بين الصفا و المروة وإن لم تطهر إلى يوم التروية اغتسلت واحتشت ثمّ سعت بين الصفا والمروة ثمّ خرجت إلى منى فإذا قضت المناسك وزارت البيت طافت بالبيت طوافاً لعمرتها ثمّ طافت طوافاً للحجّ ثمّ خرجت فسعت فإذا فعلت ذلك فقد أحلّت من كلّ شيء يحلّ منه المحرم إلّا فراش زوجها فإذا طافت أسبوعاً آخر حلّ لها فراش زوجها

۲ ـ أحمد بن محمد ، عن محمد بن إسماعيل ، عن درست الواسطيّ ، عن عجلان أبي صالح قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن امرأة متمتّعة قدمت مكّة فرأت الدّم ، قال : تطوف بين الصفا والمروة ثم تجلس في بيتها ، فإن طهرت طافت بالبيت و إن لم تطهر فإذا كان يوم التروية أفاضت عليها الماء وأهلّت بالحجّ من بيتها و خرجت إلى منى وقضت المناسك كلّها فإذا قدمت مكّة طافت بالبيت طوافين ثمّ سعت بين الصفا والمروة فإذا فعلت ذلك فقد حلّ لها كلّ شيء ماخلا فراش زوجها .

۳ ـ محمد بن يحيى ، عن سلمة بن الخطّاب ، عن ابن رباط ، عن درست بن أبي منصور ، عن عجلان قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : متمتّعة قدمت فرأت الدّم كيف تصنع ؟ قال : تسعى بين الصفا والمروة وتجلس في بيتها فإن طهرت طافت بالبيت وإن لم تطهر فإذا كان يوم التّروية أفاضت عليها الماء وأهلّت بالحجّ وخرجت إلى منى فقضت المناسك كلّها فإذا فعلت ذلك فقد حلّ لها كلّ شيء ما عدا فراش زوجها ، قال : وكنت أنا و عبيد الله بن صالح سمعنا هذا الحديث في المسجد فدخل عبيدالله على أبي الحسن عليه السلام فخرج إليّ فقال : قد سألت أبا الحسن عليه السلام عن رواية عجلان فحدّثني بنحوما سمعنا من عجلان .

٤ ـ محمد بن يحيى ، عن سلمة بن الخطّاب ، عن علي بن الحسن ، عن علي بن رباط عن عبيدالله بن صالح ، عن أبي الحسن عليه السلام قال : قلت له : امرأة متمتّعة تطوف ثمّ طمثت قال : تسعى بين الصفا والمروة وتقضي متعتها .

٥ ـ محمد بن يحيى ، عمّن حدّثه ، عن ابن أبي نجران ، عن مثنّى الحنّاط ، عن أبي بصير قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : في المرأة المتمتّعة إذا أحرمت وهي طاهر ثمّ حاضت قبل أن تقضي متعتها سعت ولم تطف حتّى تطهر ثمّ تقضي طوافها وقد قضت عمرتها و إن هي أحرمت وهي حائض لم تسع ولم تطف حتّى تطهر .

٦ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن أبي عبدالله ، عن علي بن أسباط ، عن درست عن عجلان أبي صالح أنّه سمع أباعبدالله عليه السلام يقول : إذا اعتمرت المرأة ثمّ اعتلّت قبل أن تطوف قدمت السعي وشهدت المناسك فإذا طهرت و انصرفت من الحجّ قضت

طواف العمرة وطواف الحجّ وطواف النساء ثمّ أحلّت من كلّ شيء .

٧ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن فضّال ، عن يونس بن يعقوب ، عن رجل أنّه سمع أباعبدالله عليه السلام يقول وسئل عن امرأة متمتّعة طمثت قبل أن تطوف فخرجت مع الناس إلى منى [فقال] : أوليس هي على عمرتها و حجّتها فلتطف طوافاً للعمرة وطوافاً للحجّ .

٨ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن النضر بن سويد ، عن محمّد بن أبي حمزة ، عن بعض أصحابه ، عن أبي بصير قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : المرأة تجيء متمتّعة فطمثت قبل أن تطوف بالبيت فيكون طهرها يوم عرفة فقال : إن كانت تعلم أنّها تطهر و تطوف بالبيت و تحلّ من إحرامها و تلحق بالناس فلتفعل .

٩ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن فضالة بن أيّوب عن معاوية بن عمّار قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن امرأة طافت بالبيت ثمّ حاضت قبل أن تسعى ، قال : تسعى ، قال : وسألته عن امرأة سعت بين الصفا و المروة فحاضت بينهما ، قال : تتمّ سعيها .

١٠ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن ابن أبي نجران ، عن مثنّى الحنّاط ، عن أبي بصير قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول في المرأة المتمتّعة إذا أحرمت وهي طاهر ثمّ حاضت قبل أن تقضي متعتها سعت ولم تطف حتّى تطهر ثمّ تقضي طوافها وقد تمّت متعتها وإن هي أحرمت وهي حائض لم تسع ولم تطف حتّى تطهر .

باب ۱۵۱

ادائے مناسک میں حائض پر کیا واجب ہے

۱۔ فرمایا جو حج تمتع کرے اگر وہ مکہ میں آنے کے بعد حائض ہو قیام کرے ترویہ تک اگر طاہر ہو جائے تو بیت اللہ کا طواف کرے اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کرے اور اگر طاہر نہ ہو یوم ترویہ تک تو غسل کرے فرج پر روئی باندھے پھر صفا و مروہ کے درمیان سعی کرے پھر منیٰ کی طرف جائے جب مناسک پورے کرلے اور کعبہ کی زیارت کرلے تو

بیت اللہ کا طواف عمرہ کرے۔ پھر طواف حج کرے پھر چلے اور سعی کرے جب یہ کر چکے تو اس کے لئے ہر وہ شے حلال ہو گئی جو محرم پر حرام تھی سوائے اپنے شوہر کے فرش پر جانے کے جب سات طواف کرے تو یہ بھی حلال ہو جائے گا۔ (م)

۲۔ میں نے کہا ایک عورت حج تمتع کے لئے مکہ آئی تو اسے خون آنے لگا۔ فرمایا وہ صفا و مروہ کے درمیان طواف کرے پھر اپنے گھر بیٹھے۔ اگر پاک ہو جائے تو بیت اللہ کا طواف کرے اور اگر طاہر نہ ہو تو جب یوم ترویہ آئے تو اپنے اوپر پانی ڈالے اور قصد حج کرے اپنے گھر سے اور منیٰ کی طرف جائے اور کل مناسک ادا کرے جب مکہ آئے تو بیت اللہ کے دو طواف کرے پھر صفا و مروہ میں سعی کرے۔ جب یہ کر چکے تو سوائے شوہر کے پاس جانے کے ہر شے اس پر حلال ہے۔ (ض)

۳۔ ترجمہ اوپر گزرا (ض)

راوی کہتا ہے کہ میں نے اور عبید اللہ بن صالح نے یہ حدیث مسجد میں سنی عبید اللہ امام رضاؑ کی خدمت میں آیا اس نے میری طرف آ کر کہا۔ میں نے امام علیہ السلام سے روایت عجلان (سابقہ نمبر ۲) کے متعلق پوچھا۔ آپ نے وہی فرمایا جو روایت عجلان میں ہے۔

۴۔ میں نے کہا حج تمتع کرنے والی ایک عورت نے طواف کیا اس کے بعد اسے حیض آنے لگا فرمایا وہ صفا و مروہ کے درمیان سعی کرے اور پورا کرے تمتع کو۔ (ض)

۵۔ حضرت نے فرمایا تمتع والی عورت اگر احرام بحالت طہارت باندھے۔ پھر تمتع سے پہلے حیض آنے لگے تو وہ سعی کرے اور پاک ہونے تک طواف نہ کرے، پھر طواف کرے عمرہ پورا ہو گیا اور اگر احرام کے ساتھ ہی حیض آئے تو سعی نہ کرے اور طہارت سے پہلے طواف نہ کرے۔ (مرسل)

۶۔ فرمایا جب عورت عمرہ کر رہی ہو اور اسے حیض آنے لگے طواف سے پہلے تو وہ سعی کرے اور مناسک میں موجود رہے جب طاہر ہو جائے اور حج سے لوٹے تو ادا کرے طواف عمرہ اور طواف حج اور طواف نساء پس ہر شے اس کے لئے حلال ہے۔ (م)

۷۔ فرمایا تمتع والی عورت اگر طواف سے قبل حائض ہو تو وہ لوگوں کے ساتھ منیٰ کی طرف جائے گویا یہ اس کا عمرہ اور حج نہیں، اسے ایک طواف عمرہ کا اور ایک طواف حج کا کرنا چاہیے۔ (مرسل)

۸۔ میں نے کہا ایک عورت تمتع کے لئے آئی اور وہ طواف نیت سے پہلے حائض ہو گئی اور اس کا طہر یوم عرفہ ہو گا فرمایا اگر وہ اپنے طہر کو جانتی ہے تو کعبہ کا طواف کرے اور اپنا احرام ختم کرے اور لوگوں سے مل جائے اسے یہی کرنا چاہیے (مرسل)

۹۔ میں نے کہا ایک عورت نے بیت کا طواف کیا۔ پھر سعی سے قبل حائض ہو گئی فرمایا سعی کرے، میں نے کہا جو عورت صفا و مروہ کے درمیان سعی کرتے ہوئے حائض ہو جائے فرمایا اپنی سعی کو تمام کرے۔ (م)

۱۰۔ فرمایا جو متمتع عورت بحالت طہارت احرام باندھے پھر حیض آنے لگے قبل تمتع پورا کرنے کے تو سعی تو کرے لیکن طاہر ہونے

تک کعبہ کا طواف نہ کرے پاک ہونے پر طواف کرے تو اس کا تمتع پورا ہوا اور طہارت سے پہلے طواف نہ کرے (رض)

﴿باب ۱۵﴾

✿(المرأة تحيض بعد ما دخلت في الطواف)✿

١ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن إسماعيل ، عن محمّد بن الفضيل ، عن أبي الصباح الكنانيّ قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن امرأة طافت بالبيت في حجّ أو عمرة ثمّ حاضت قبل أن تصلّي الرّكعتين ، قال : إذا طهرت فلتصلّ ركعتين عند مقام إبراهيم عليه السلام وقد قضت طوافها .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن سلمة بن الخطّاب ، عن عليّ بن الحسن ، عن عليّ بن أبي حمزة ؛ ومحمّد بن زياد ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا حاضت المرأة وهي في الطّواف بالبيت أو بين الصفا والمروة فجازت النصف فعلمت ذلك الموضع فإذا طهرت رجعت فأتمّت بقيّة طوافها من الموضع الّذي علمته فإن هي قطعت طوافها في أقلّ من النصف فعليها أن تستأنف الطّواف من أوّله .

٤ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن ابن مسكان ، عن إسحاق بيّاع اللّؤلؤ قال : أخبرني من سمع أباعبدالله عليه السلام يقول : المرأة المتمتّعة إذا طافت بالبيت أربعة أشواط ثمّ رأت الدّم فمتعتها تامّة .

باب ۱۵

طواف میں حیض آنا

۱۔ میں نے ابوعبداللہ علیہ السلام سے اس عورت کے متعلق پوچھا جس نے حج یا عمرہ کا طواف کیا پھر حائض ہوگئی قبل اس کے کہ دو رکعت نماز طواف پڑھے فرمایا جب طاہر ہو جائے تو مقام ابراہیم کے پاس دو رکعت نماز پڑھے پس اس کا طواف پورا ہوگیا

۲۔ فرمایا عورت طواف بیت کر رہی ہو یا صفا و مروہ کے درمیان ہو اور نصف کر چکی ہو اور اسے معلوم ہو وہ جگہ تو پاک ہونے کے بعد وہاں آئے اور بقیہ طواف پورا کرے جہاں سے اسے حیض کا علم ہوا تھا پس اگر اس نے طواف کو نصف

اوّل میں قطع کیا تھا تو اسے چاہیے کہ از سر نو طواف کرے۔ (ع)

۳۔ اگر کوئی عورت کعبہ کے چار طواف کرے اور پھر حایض ہو تو اس کا تمتع پورا ہو گیا۔ (مجہول)

﴿ باب ۱۵۲ ﴾

✡(ان المستحاضة تطوف بالبيت)✡

۱ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد ، عن حريز ، عن زرارة ، عن أبي جعفر عليه السلام أنّ أسماء بنت عميس نفست بمحمّد بن أبي بكر فأمرها رسول الله صلى الله عليه وآله حين أرادت الإحرام من ذي الحليفة أن تحتشي بالكرسف والخرق وتهلّ بالحجّ فلمّا قدموا مكّة و قد نسكوا المناسك و قد أتى لها ثمانية عشرة يوماً فأمرها رسول الله صلى الله عليه وآله أن تطوف بالبيت وتصلّي ولم ينقطع عنها الدّم ففعلت ذلك .

۲ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن محمّد بن أسلم ، عن يونس بن يعقوب ، عمّن حدّثه ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : المستحاضة تطوف بالبيت وتصلّي ولا تدخل الكعبة .

باب ۱۵۲

طواف مستحاضہ

۱۔ فرمایا اسماء بنت عمیس کو خون نفاس آیا ولادت محمد بن ابی بکر میں پس جب انھوں نے احرام کا ارادہ کیا منزل ذی حلیفہ سے تو رسول اللہ نے حکم دیا کہ روئی سے صاف کر کے گدی باندھیں اور حج کا اہلہ کریں۔ جب لوگ مکہ میں آئے اور مناسک ادا کرنے لگے تو بنت عمیس کو اٹھارہ دن ہو گئے تھے رسول اللہ نے حکم دیا کہ وہ طواف بیت کریں اور نماز پڑھیں حالانکہ خون بند نہ ہوا تھا انھوں نے ایسا ہی کیا۔ (حسن)

۲۔ فرمایا رسول اللہ نے کہ استحاضہ والی عورت طواف کرے کعبہ کا اور نماز پڑھے مگر کعبہ کے اندر داخل نہ ہو۔ (ع)

﴿ باب ۱۵۳ نادر ﴾

۱ ـ أبو عليٍّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن

إسحاق بن عمّار قال : سألت أبا الحسن عليه السلام عن جارية لم تحض خرجت مع زوجها وأهلها فحاضت فاستحيت أن تعلم أهلها و زوجها حتّى قضت المناسك وهي على تلك الحال فواقعها زوجها ثمّ رجعت إلى الكوفة فقالت لأهلها : كان من الأمر كذا و كذا ، قال : عليها سوق بدنة وعليها الحجّ من قابل وليس على زوجها شيء .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن سلمة بن الخطّاب ، عن عليّ بن الحسين ، عن محمّد بن زياد ، عن حمّاد ، عن رجل قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : إذا طافت المرأة الحائض ثمّ أرادت أن تودّع البيت فلتقف على أدنى باب من أبواب المسجد ولتودّع البيت .

٣ ـ أبو عليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن عبدالرّحمن بن الحجّاج قال : أرسلت إلى أبي عبدالله عليه السلام أنّ بعض من معنا من صرورة النساء قد اعتللن فكيف تصنع ؟ فقال : تنتظر ما بينها وبين التروية فإن طهرت فلتهلّ وإلّا فلا تدخلنّ عليها التروية إلّا وهي محرمة .

٤ ـ حميد بن زياد ، عن ابن سماعة ، عن غير واحد ، عن أبان بن عثمان ، عن فضيل ابن يسار ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : إذا طافت المرأة طواف النساء وطافت أكثر من النصف فحاضت نفرت إن شاءت .

٥ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن أبي أيّوب الخزّاز قال : كنت عند أبي عبدالله عليه السلام فدخل عليه رجل ليلاً فقال : أصلحك الله امرأة معنا حاضت ولم تطف طواف النساء ؟ فقال : لقد سئلت عن هذه المسالة اليوم ، فقال : أصلحك الله أنا زوجها وقد أحببت أن أسمع ذلك منك ، فأطرق كأنّه يناجي نفسه وهو يقول : لا يقيم عليها بعد إلّا لا تستطيع أن تتخلّف عن أصحابها ، تمضي وقد تمّ حجّها .

باب ۱۵۳

نادر

۱۔ امام رضا علیہ السلام سے میں نے کہا کہ ایک کنیز جس کو حیض نہیں آیا تھا اپنے شوہر اور گھر والوں کے ساتھ حج کو

چلی اور اسے حیض آنے لگا مگر شرم کی وجہ سے نہ تو اپنے گھر والوں سے کہا نہ اپنے شوہر سے اسی حال میں مناسک حج ادا کئے پھر وہ کوفہ آئی تب گھر والوں کو بتایا کہ معاملہ یہ ہے فرمایا وہ قربانی کا ایک اونٹ بھیجے اور اگلے سال دوبارہ حج کرے۔ اس کے شوہر پر کچھ نہیں۔ (موثق)

۲۔ فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے جب عورت طواف کرے حیض میں پھر خانۂ کعبہ کو رخصت کرنا چاہے تو ابواب مسجد میں جو دروازہ سے زیادہ قریب ہو اس سے رخصت کریں۔ (ض)

۳۔ میں نے اس عورت کے متعلق پوچھا جسے حیض آرہا ہو فرمایا وہ انتظار کرے اس کے اور ترویہ کے درمیان اگر طاہر ہو جائے تو حج کرے ورنہ نہیں مگر جبکہ وہ محرمہ ہو۔ (ض)

۴۔ فرمایا حضرت نے اگر عورت طواف نساء نصف سے زیادہ کر چکی ہو اور وہ حایض ہو جائے۔ پس اگر وہ چاہے تو مکہ سے چلی جائے۔ (مرسل)

۵۔ میں حضرت کی خدمت میں تھا کہ رات کو ایک شخص آیا اور کہا اللہ آپ کی حفاظت کرے ایک عورت ہمارے ساتھ ہے وہ حایض ہو گئی ہے درآنحالیکہ طواف نساء نہیں کر پائی تھی۔ فرمایا تم نے یہ مسئلہ آج پوچھا۔ اس نے کہا میں اس کا شوہر ہوں چاہتا ہوں کہ اس کا جواب آپ سے سنوں حضرت نے تھوڑی دیر تامل کے بعد فرمایا اگر اس کا اونٹ والا نہیں ٹھہر سکتا اور وہ اپنے ساتھیوں کو نہیں چھوڑ سکتی تو اس کا حج پورا ہو گیا۔ (حسن)

﴿باب ۱۵۴﴾

﴿علاج الحائض﴾

۱ ـ محمد بن يحيى، عن أحمد بن محمد ـ أو غيره ـ عن الحسن بن علي بن يقطين، عن أخيه الحسين قال: حججت مع أبي ومعي أختي فلمّا قدمنا مكّة حاضت فجزعت جزعاً شديداً خوفاً أن يفوتها الحجّ فقال لي أبي: ائت أبا الحسن عليه السلام وقل له: إنّ أبي يقرئك السلام ويقول لك: إنّ فتاة لي قد حججت بها وقد حاضت وجزعت جزعاً شديداً مخافة أن يفوتها الحجّ فما تأمرها؟ قال: فأتيت أبا الحسن عليه السلام وكان في المسجد الحرام فوقفت بحذاه فلمّا نظر إليّ أشار إليّ فأتيته وقلت له: إنّ أبي يقرئك السلام ـ وأدّيت إليه ما أمرني به أبي ـ فقال: أبلغه السلام و قل له فليأمرها أن تأخذ قطنة بماء اللّبن فلتستدخلها فإنّ الدّم سينقطع عنها و تقضي مناسكها كلّها، قال: فانصرفت إلى أبي

فأدّيت إليه قال : فأمرها بذلك ففعلته فانقطع عنها الدّم وشهدت المناسك كلّها فلمّا أن ارتحلت من مكّة بعد الحجّ وصارت في المحمل عاد إليها الدّم .

باب ۱۵۴

علاج حایض

۱۔ میں اپنے باپ کے ساتھ حج کو گیا میرے ساتھ میری بہن تھی مکہ پہنچے تو وہ حایض ہو گئی وہ سخت مضطرب تھی اس خیال سے کہ اب وہ حج نہ کر سکے گی میرے باپ نے کہا ابوالحسن علیہ السلام کے پاس جاؤ اور یہ واقعہ بیان کرو اور پوچھو آپ کیا فرماتے ہیں۔ میں حضرت کے پاس گیا آپ مسجد الحرام میں تھے۔ میں آپ کے سامنے کھڑا ہوا اور جو کچھ میرے باپ نے کہا تھا بیان کیا۔ فرمایا اپنی بہن سے کہو روئی کو آب منی میں بھگو کر رکھے خون بند ہو جائے گا اور وہ مناسک حج ادا کر سکے گی چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا خون بند ہو گیا اور اس نے سب مناسک ادا کئے۔ حج کے بعد جب مکہ سے نکلی اور محمل میں بیٹھی خون پھر جاری ہو گیا۔ (مرسل)

باب ۱۵۵

(دعاء الدم)

۱ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن صفوان بن يحيى ، وابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا أشرفت المرأة على مناسكها وهي حائض فلتغتسل ولتحتش بالكرسف ولتقف هي ونسوة خلفها فيؤمّن على دعائها و تقول : «اللّهمّ إنّي أسألك بكلّ اسم هو لك أو تسمّيت به لأحد من خلقك أو استأثرت به في علم الغيب عندك وأسألك باسمك الأعظم الأعظم وبكلّ حرف أنزلته على موسى وبكلّ حرف أنزلته على عيسى وبكلّ حرف أنزلته على محمّد صلى الله عليه وآله إلّا أذهبت عنّي هذا الدّم» وإذا أرادت أن تدخل المسجد الحرام أو مسجد الرّسول صلى الله عليه وآله فعلت مثل ذلك ، قال : وتأتي مقام جبرئيل عليه السلام وهو تحت الميزاب فإنّه كان مكانه إذا استأذن على نبيّ الله عليه السلام قال : فذلك مقام لا تدعو الله فيه

حائض تستقبل القبلة وتدعو بدعاء الدم إلّا رأت الطهر إن شاء الله .

٢ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عمّن ذكره ، عن ابن بكير ، عن عمر بن يزيد قال : حاضت صاحبتي وأنا بالمدينة وكان ميعاد جمّالنا وإبّان مقامنا وخروجنا قبل أن تطهر ولم تقرب المسجد ولا القبر ولا المنبر فذكرت ذلك لأبي عبدالله عليه السلام فقال : مرها فلتغتسل ولتأت مقام جبرئيل عليه السلام فإنّ جبرئيل كان يجيء فيستأذن على رسول الله صلى الله عليه وآله وإن كان على حال لا ينبغي أن يأذن له قام في مكانه حتّى يخرج إليه وإن أذن له دخل عليه ، فقلت : وأين المكان ؟ فقال : حيال الميزاب الّذي إذا خرجت من الباب الّذي يقال له : باب فاطمة بحذاء القبر إذا رفعت رأسك بحذاء الميزاب والميزاب فوق رأسك والباب من وراء ظهرك وتجلس في ذلك الموضع وتجلس معها نساء ولتدع ربّها ويؤمّن على دعائها ، قال : فقلت : وأيّ شيء تقول ؟ قال : تقول : « اللّهمّ إنّي أسألك بأنّك أنت الله ليس كمثلك شيء أن تفعل لي كذا وكذا » قال : فصنعت صاحبتي الّذي أمرني فطهرت و دخلت المسجد ، قال : وكان لنا خادم ايضاً فحاضت فقالت : ياسيّدي ألّا أذهب أنا زادة فأصنع كما صنعت سيّدتي ، فقلت : بلى ، فذهبت فصنعت مثل ما صنعت مولاتها فطهرت ودخلت المسجد .

٣ ـ محمد بن يحيى ، عن سلمة بن الخطّاب ، عن عليّ بن الحسن ، عن عبدالله بن عثمان ، عن عبدالله بن مسكان ، عن بكر بن عبدالله الأزديّ شريك أبي حمزة الثمالي قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : جعلت فداك إنّ امرأة مسلمة صحبتني حتّى انتهيت إلى بستان بني عامر فحرمت عليها الصلاة فدخلها من ذلك أمر عظيم فخافت أن تذهب متعتها فأمرتني أن أذكر ذلك لك وأسألك كيف تصنع ، فقال : قل لها فلتغتسل نصف النهار وتلبس ثياباً نظافاً وتجلس في مكان نظيف وتجلس حولها نساء يؤمّن إذا دعت وتعاهد لها زوال الشمس فإذا زالت فمرها فلتدع بهذا الدّعاء وليؤمّن النساء على دعائها حولها كلّما دعت تقول : « اللّهمّ إنّي أسألك بكلّ اسم هو لك وبكلّ اسم تسمّيت به لأحد من خلقك وهو مرفوع مخزون في علم الغيب عندك وأسألك باسمك الأعظم الأعظم الّذي إذا سئلت به كان حقّاً عليك أن تجيب أن تقطع عنّي هذا الدّم » فإن انقطع

الدّم ، إلّا دعت بهذا الدّعاء الثاني فقل لها فلتقل : «اللّهم إنّي أسألك بكلّ حرف أنزلته على محمد ﷺ وبكلّ حرف أنزلته على موسى عليه السلام وبكلّ حرف أنزلته على عيسى عليه السلام وبكلّ حرف أنزلته في كتاب من كتبك وبكلّ دعوة دعاك بها ملك من ملائكتك أن تقطع عنّي هذا الدّم» فإن انقطع فلم تريومها ذلك شيئاً وإلّا فلتغتسل من الغد في مثل تلك الساعة الّتي اغتسلت فيها بالأمس فإذا زالت الشمس فلتصلّ ولتدع بالدّعاء وليؤمّن النسوة إذا دعت ، ففعلت ذلك المرأة فارتفع عنها الدّم حتّى قضت متعتها وحجّها وانصرفنا راجعين فلمّا انتهينا إلى بستان بني عامر عاودها الدّم فقلت له : أدعو بهذين الدّعائين في دبر صلاتي فقال : ادع بالأوّل إن أحببت وأمّا الآخر فلا تدع به إلّا في الأمر الفظيع ينزل بك .

باب ۱۵

دعائے دم

۱۔ فرمایا جب حج کے ایام عورت کو حیض آئے تو وہ غسل کرے اور اپنی گدی بدلے اور وہ ٹھہرے اور عورتیں اس کے پیچھے اس کی دعا پر آمین کہیں، وہ یوں دعا کرے۔ «اللّهمّ إنّي أسألك بكلّ اسم هو لك أو تسمّيت به لأحد من خلقك أو استأثرت به في علم الغيب عندك وأسألك باسمك الأعظم الأعظم وبكلّ حرف أنزلته على موسى وبكلّ حرف أنزلته على عيسى وبكلّ حرف أنزلته على محمد ﷺ

پھر وہ مقام جبرئیل پر آئے جو تحت میزاب ہے وہ جگہ ہے جہاں جبرئیل نے حضرت رسولؐ خدا سے آنے کی اجازت چاہی تھی حائض رو بقبلہ ہو کر یہاں خدا سے دعا کرے اور دعائے دم کرنے کے بعد اس کو طہر ہو جائے گا

۲۔ جب میں مدینہ میں تھا تو میری زوجہ حائض ہو گئی اور ہمارے اونٹ والے سے چلنے کا وقت مقرر تھا اور ہمارا ٹھہرنا اور چلنا اس کے طاہر ہونے سے پہلے ہوتا تھا میں نے اس کا ذکر ابو عبد اللہ علیہ السلام سے کیا۔ فرمایا اس سے کہو کہ غسل کرے اور مقام جبرئیل پر آئے۔ جبرئیل علیہ السلام جب آتے تھے تو رسول اللہ سے اذن طلب کرتے تھے اگر حضرت مشغول ہوتے تو

ان کو اذن نہ دیتے اور اپنے مقام پر ٹھہرے رہتے یہاں تک کہ حضرتؑ کے پاس آتے اگر اذن مل جاتا تو داخل ہوتے، میں نے کہا وہ مقام کہاں ہے فرمایا میزاب کے پاس یہ وہ جگہ ہے کہ جب تم اس دروازہ سے نکلو جو باب فاطمہ کہلاتا ہے مقابل قبر مبارک تو جب سر اٹھاؤ گے تو مقابل میزاب کے ہوگے اور میزاب تمہارے سر پر ہوگا اور دروازہ تمہاری پشت پر، پس عورت اس جگہ بیٹھے اور اس کے ساتھ کچھ اور عورتیں ہوں جو اس کی دعا پر آمین کہیں، میں نے کہا کیا کہے وہ کہے یا اللہ میں تجھ سے سوال کرتی ہوں تو اللہ ہے تیری مثل کوئی شے نہیں، پس تو میرے ساتھ ایسا ایسا کر، راوی کہتا ہے میری ساتھی نے ایسا ہی کیا اور وہ پاک ہوگئی اور وہ مسجد میں داخل ہوگئی اور ہمارے ساتھ ایک خادمہ بھی تھی وہ بھی حایض ہوگئی اس نے کہا اے میرے سردار میں بھی نہیں جاسکتی کیا میں بھی ایسا ہی کروں جیسا میری مالکہ نے کیا ہے۔ میں نے کہا ہاں پس اس نے بھی ایسا ہی کیا وہ بھی پاک ہوگئی اور داخل مسجد ہوئی۔ (مرسل)

۳۔ میں نے کہا ایک مسلمان عورت ہمارے ساتھ تھی جب بستان بنی عامر پہنچے تو وہ نماز سے محروم ہوگئی (حیض آنے لگا) اس سے اسے بڑا صدمہ ہوا اور یہ خوف ہوا کہ وہ حج تمتع نہ کرسکے گی اس نے مجھ سے کہا کہ اس کا ذکر میں آپ سے کروں اور پوچھوں کہ وہ کیا کرے۔ فرمایا اس سے کہو کہ وہ غسل کرے دوپہر کو اور پاک کپڑے پہنے اور پاک جگہ پر بیٹھے اور اس کے گرد آمین کہنے کے لئے کچھ عورتیں ہوں وہ زوال شمس تک انتظار کرے جب زوال پذیر ہو جائے تو اس طرح دعا کرے اور اس کے گرد والی عورتیں آمین کہیں۔

اللّٰهمَّ إنّي أسألك بكلّ اسم هولك وبكلّ اسم تسمّيت
به لأحد من خلقك وهو مرفوعٌ مخزونٌ في علم الغيب عندك وأسألك باسمك الأعظم
الأعظم الّذي إذا سئلت به كان حقّاً عليك أن تجيب أن تقطع عنّي هذا الدّم

اگر خون بند ہو جائے تو خیر ورنہ یہ دوسری دعا کرے۔

«اللّٰهم إنّي أسألك بكلّ حرف أنزلته
على محمد ﷺ وبكلّ حرف أنزلته على موسى عليه السلام وبكلّ حرف أنزلته على عيسى
عليه السلام وبكلّ حرف أنزلته في كتاب من كتبك وبكلّ دعوة دعاك بها ملك من ملائكتك
أن تقطع عنّي هذا الدّم

اگر خون بند ہو جائے اور دن کچھ نہ دیکھے تو خیر ورنہ پھر دعا کرے اور عورتیں آمین کہیں اس نے ایسا ہی کیا خون بند ہو گیا اس نے حج تمتع کر لیا جب وہاں سے لوٹ کر ہم بستان بنی عامر میں آئے تو پھر جاری ہو گیا۔ میں نے حضرت سے کہا کیا نماز کے بعد میں بھی یہ دعا پڑھ لیا کروں فرمایا اگر چاہو تو پہلی دعا پڑھ لیا کرو، رہی تو اسے کسی سخت مصیبت کے وقت پڑھو

﴿باب ۱۵۶﴾

☆(الاحرام يوم التروية)☆

۱ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ؛ ومحمد بن إسماعيل ، عن الفضل ابن شاذان ، عن ابن أبي عمير ؛ وصفوان ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا كان يوم التروية إن شاء الله فاغتسل و ألبس ثوبيك و ادخل المسجد حافياً وعليك السّكينة والوقار ، ثمّ صلّ ركعتين عند مقام إبراهيم عليه السلام أو في الحجر ثمّ اقعد حتّى تزول الشمس فصلّ المكتوبة ثمّ قل في دبر صلاتك كما قلت حين أحرمت من الشجرة وأحرم بالحجّ ، ثمّ امض وعليك السّكينة و الوقار فإذا انتهيت إلى الرفضاء دون الرّدم فلبّ فإذا انتهيت إلى الرّدم و أشرفت على الأبطح فارفع صوتك بالتلبية حتّى تأتي منى .

۲ ـ وفي رواية أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا أردت أن تحرم يوم التروية فاصنع كما صنعت حين أردت أن تحرم خذ من شاربك ومن أظفارك وأطل عانتك إن كان لك شعرٌ وانتف إبطيك واغتسل وألبس ثوبيك ثمّ ائت المسجد الحرام فصلّ فيه ستّ ركعات قبل أن تحرم وتدعو الله وتسأله العون وتقول : «اللّهمّ إنّي أريد الحجّ فيسّره لي وخلّني حيث حبستني لقدرك الّذي قدّرت عليّ» وتقول : «أحرم لك شعري وبشري ولحمي ودمي من النساء والطّيب والثياب أريد بذلك وجهك والدّار الآخر وخلّني حيث حبستني لقدرك الّذي قدّرت عليّ» ثمّ تلبّ من المسجد الحرام كما لبّيت حين أحرمت وتقول : «لبّيك بحجّة تمامها و بلاغها عليك» وإن قدرت أن يكون [في] رواحك إلى منى زوال الشمس و إلّا فمتى ما تيسّر لك من يوم التروية .

۳ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ قال : سألته عن رجل أتى المسجد الحرام و قد أزمع بالحجّ يطوف بالبيت ؟ قال : نعم ما لم يحرم .

۴ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمد بن عبدالجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن أبي أحمد عمرو بن حريث الصيرفيّ قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : من أين أهلّ بالحجّ ؟ فقال : إن شئت من رحلك و إن شئت من الكعبة وإن شئت من الطريق .

۵ ۔ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن ابن فضّال ، عن يونس بن يعقوب قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام من أيّ المسجد أحرم يوم التروية ؟ فقال : من أيّ المسجد شئت .

٦ ۔ محمد بن يحيى ، عن محمد بن الحسين ، عن سليمان بن محمد ، عن حريز ، عن زرارة قال : قلت لأبي جعفر عليه السلام : متى أُلبّي بالحجّ ؟ فقال : إذا خرجت إلى منى ، ثمّ قال : إذا جعلت شعب دبّ على يمينك و العقبة عن يسارك فلبّ بالحجّ .

باب ۱۵۶

احرام روز ترویہ

۱۔ فرمایا جب یوم ترویہ ہو تو غسل کرکے دونوں کپڑے پہنے اور ننگے پاؤں مسجد میں داخل ہو اور سکینہ و وقار کے ساتھ آؤ اور مقام ابراہیم یا حجر کے پاس دو رکعت نماز پڑھو پھر زوال شمس تک بیٹھو پھر نماز فریضہ پڑھو اور نماز کے بعد وہی کہو جو شجرہ سے احرام باندھتے وقت اور احرام حج کے وقت کہا تھا پھر سکینہ و وقار سے چلو جب روحہ کے قریب مقام فضا پر پہنچو تو تلبیہ کرو اور جب روحہ پر اور ابطح پر آؤ تو بلند آواز سے تلبیہ کرو یہاں تک کہ منیٰ پہنچو۔ (صح)

۲۔ فرمایا اگر تم یوم ترویہ احرام باندھنا چاہو تو وہی کرو جو تم نے احرام کے وقت کیا تھا اپنی مونچھیں کتروا ؤ ناخن ترشوا ؤ بغلوں کے بال صاف کرا ؤ اور موئے زہار صاف کرو غسل کرو اور دونوں کپڑے پہنو اور مسجد حرام میں آؤ وہاں چھ رکعت نماز پڑھو قبل احرام کے اور اللہ سے دعا کرو مدد چاہو اور کہو

«اللّهمّ إنّي أُريد الحجّ فيسّره لي وخلّني حيث حبستني لقدرك الّذي قدّرت عليّ

پھر کہو

«أحرم لك شعري وبشري ولحمي ودمي من النساء والطّيب والثياب أُريد بذلك وجهك والدّار الآخرة وخلّني حيث حبستني لقدرك الّذي قدّرت عليّ

پھر تلبیہ کرو مسجد الحرام سے اسی طرح جیسے تلبیہ احرام کے وقت کیا تھا اور کہو۔

لبّيك بحجّة تمامها و بلاغها عليك، وإن قدرت

اگر زوال آفتاب کے وقت منیٰ جاسکو تو جاؤ ورنہ جب ممکن ہو یوم ترویہ سے۔ (مرسل)

۳۔ میں نے کہا ایک شخص مسجد الحرام میں آیا اور حج کا ارادہ رکھتا ہے وہ طواف بیت کرتا ہے تو یہ ٹھیک ہے فرمایا ہاں جب تک احرام نہ باندھے۔ (حسن)

۴۔ میں نے کہا کہاں سے ہلہلہ کرے فرمایا اگر چاہے تو اپنی سواری سے اگر چاہے تو کعبہ سے اگر چاہے تو راستہ سے (م)

۵۔ میں نے کہا یوم ترویہ کس مسجد سے احرام باندھوں فرمایا جس مسجد سے چاہو۔ (موثق)

۶۔ میں نے کہا کب تلبیہ حج کروں فرمایا جب منیٰ کو چلو پھر فرمایا جب شعیب دربہ تمہارے داہنی طرف ہو اور عقبہ بائیں طرف تو حج کے لئے تلبیہ کرو۔ (مجہول)

﴿ باب ۱۵۱ ﴾

﴿ الحج ماشياً وانقطاع مشي الماشي ﴾

۱ ـ محمد بن يحيى، عن أحمد بن محمد، عن عليّ بن فضّال، عن ابن بكير قال: قلت لأبي عبدالله عليه السلام: إنّا نريد أن نخرج إلى مكّة مشاة؛ فقال لنا: لا تمشوا واخرجوا ركباناً قلت: أصلحك الله إنّه بلغنا عن الحسن بن عليّ صلوات الله عليهما أنّه كان يحجّ ماشياً فقال: كان الحسن بن عليّ عليه السلام يحجّ ماشياً وتساق معه المحامل والرّحال.

۲ ـ أبو عليّ الأشعريّ، عن محمد بن عبدالجبّار، عن صفوان بن يحيى، عن سيف التّمار قال: قلت لأبي عبدالله: إنّا كنّا نحجّ مشاة فبلغنا عنك شيء فما ترى؟ قال: إنّ النّاس ليحجّون مشاة وركبون، قلت: ليس عن ذلك أسألك، قال: فعن أيّ شيء سألت؟ قلت: إيّهما أحبّ إليك أن نصنع؟ قال: تركبون أحبّ إليّ فإنّ ذلك أقوى لكم على الدّعاء والعبادة.

۳ ـ عدّة من أصحابنا، عن سهل بن زياد، عن أحمد بن محمد، عن عليّ بن أبي حمزة، عن أبي بصير قال: سألت أباعبدالله عليه السلام عن المشي أفضل أو الرّكوب؟ فقال: إذا كان

الرجل موسراً فمشى ليكون أقلّ لنفقته فالرّكوب أفضل .

٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن رفاعة ؛ وابن بكير ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّه سئل عن الحجّ ماشياً أفضل أو راكباً ، قال : بل راكباً فإنّ رسول الله صلى الله عليه وآله حجّ راكباً .

٥ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن فَضالة بن أيّوب ، عن رفاعة قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن مشي الحسن عليه السلام من مكّة أو من المدينة ، قال : من مكّة . وسألته إذا زرت البيت أركب أو أمشي ؟ فقال : كان الحسن عليه السلام يزور راكباً . وسألته عن الرّكوب أفضل أو المشي ؟ فقال : الركوب ، قلت : الرّكوب أفضل من المشي ؟ فقال : نعم لأنّ رسول الله صلى الله عليه وآله ركب .

٦ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن إسماعيل بن همام ، عن أبي الحسن الرّضا عليه السلام قال : قال أبوعبدالله عليه السلام في الّذي عليه المشي في الحجّ : إذا رمى الجمار زار البيت راكباً وليس عليه شيء .

باب ۱۵۱

پاپیادہ حج

۱۔ میں نے کہا ہم پاپیادہ مکہ جانا چاہتے ہیں فرمایا پیادہ نہ جاؤ سواری پر جاؤ، میں نے کہا ہم نے سنا ہے کہ امام حسنؑ پاپیادہ حج کیا کرتے تھے فرمایا ضرور ایسا تھا لیکن ان کے ساتھ محملیں ہوتی تھیں لوگ ہوتے تھے (موثق)

۲۔ میں نے کہا ہم پیادہ حج کرتے تھے ہم نے آپ کے متعلق کچھ سنا ہے تو آپ کی کیا رائے ہے فرمایا لوگ پیادہ بھی حج کرتے ہیں اور سوار ہو کر بھی۔ میں نے کہا میرا یہ سوال نہیں، فرمایا پھر کیا ہے میں نے کہا میں تو یہ پوچھتا ہوں کہ آپ کے نزدیک کون سا طریقہ بہتر ہے فرمایا سوار ہو کر جانا تمہارے لیے یہی بہتر ہے تاکہ تم اچھی طرح دعا اور عبادت کر سکو۔ (صحیح)

۳۔ میں نے کہا حج پیادہ کرنا افضل ہے یا سواری پر، فرمایا اگر وہ مالدار ہے تو پیدل چلے تاکہ اپنے خرچ میں کمی کرے اور سواری پر چلنا زیادہ بہتر ہے۔ (ضعیف)

۴۔ میں نے پوچھا حج پیادہ کرنا افضل ہے یا سواری پر فرمایا سواری پر، رسولؐ اللہ نے فرمایا ہے کہ حج سوار ہو کر کرے (ضعیف)

۵۔ میں نے کہا امام حسنؑ کا پیدل چلنا مکہ سے ہوتا تھا یا مدینہ سے فرمایا مکہ سے، میں نے کہا جب خانۂ کعبہ کی زیارت کرتے تھے تو سوار ہوتے تھے یا پیدل فرمایا سواری سے زیارت کرتے تھے۔ میں نے کہا سواری افضل ہے یا پیادہ چلنا، فرمایا سواری افضل ہے کیونکہ رسولؐ اللہ سوار ہو کر جاتے تھے۔ (م)

۶۔ فرمایا رمی جمرات پیادہ کرے اور زیارت کعبہ سوار ہو کر تو کوئی گناہ نہیں

﴿باب ۱۵۸﴾

☆(تقديم طواف الحج للمتمتع قبل الخروج الى منى)☆

۱ ـ أبوعليّ الأشعريّ، عن محمدبن عبدالجبّار، عن صفوان بن يحيى، عن إسحاق بن عمّار قال: سألت أباالحسن عليه السلام عن المتمتّع إذا كان شيخاً كبيراً أوامرأة تخاف الحيض تعجّل طواف الحجّ قبل أن تأتي منى؟ فقال: نعم من كان هكذا يعجّل. قال: وسألته عن الرّجل يحرم بالحجّ من مكّة ثمّ يرى البيت خالياً فيطوف به قبل أن يخرج عليه شيء؟ فقال: لا، قلت: المفرد بالحجّ إذا طاف بالبيت و بالصفا و المروة يعجّل طواف النساء؟ فقال: لا إنّما طواف النساء بعد ما يأتي منى.

۲ ـ محمدبن يحيى، عن أحمدبن محمد، عن عليّ بن الحكم، عن عليّ بن أبي حمزة قال: سألت أباالحسن عليه السلام عن رجل يدخل مكّة ومعه نساء قد أمرهنّ فتمتّعن قبل التروية بيوم أويومين أوثلاثة فخشي على بعضهنّ الحيض، فقال: إذا فرغن من متعتهنّ وأحللن فلينظر إلى الّتي يخاف عليها الحيض فيأمرها تغتسل وتهلّ بالحجّ من مكانها ثمّ تطوف بالبيت وبالصّفا والمروة فإن حدث بها شيء قضت بقيّة المناسك وهي طاهر فقلت: أليس قد بقي طواف النساء؟ قال: بلى، قلت: فهي مرتهنة حتّى تفرغ منه؟ قال: نعم، قلت: فلم لاتتركها حتّى تقضي مناسكها؟ قال: يبقي عليها منسك واحد أهون عليها من أن تبقي عليها المناسك كلّها مخافة الحدثان، قلت: أبى الجمّال أن يقيم عليها و الرفقة؟ قال: ليس لهم ذلك تستعدي عليهم حتّى يقيم عليها حتّى تطهر و تقضي مناسكها.

۳ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن إسماعيل بن مرّار، عن يونس، عن عليّ بن أبي حمزة، عن أبي بصير [عن أبي عبدالله عليه السلام] قال: قلت: رجل كان متمتّعاً أهلّ بالحجّ

قال : لايطوف بالبيت حتّى يأتي عرفات فاذاهوطاف قبل أن يأتي منى من غير علّة فلا يعتدّ بذلك الطواف .

۴ - عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن إسماعيل بن مرّار ، عن يونس ، عن إسماعيل ابن عبدالخالق قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : لابأس أن يعجّل الشيخ الكبير والمريض والمرأة والمعلول طواف الحجّ قبل أن يخرج إلى منى .

باب ۱۵۱
منیٰ جانے سے پہلے طواف حج تمتع

۱۔ میں نے پوچھا اس متمتع کے متعلق جو بہت بوڑھا ہو یا وہ عورت جو حیض سے ڈر کر جلدی کرے طواف حج میں قبل منیٰ جانے کے، فرمایا ہاں جو ایسا ہو تو وہ جلدی کر سکتا ہے میں نے کہا حج کے لئے مکہ سے احرام باندھ آئے۔ پھر بیت اللہ کو خالی پا کر طواف کرتا ہے قبل اس کے کہ کچھ اور کرے فرمایا نہیں، میں نے کہا حج افراد میں طواف بیت کرے اور صفا و مروہ میں سعی کرے اور جلدی سے طواف نساء کر لے فرمایا ایسا نہ کرے طواف نساء منیٰ کے بعد ہے۔ (موثق)

۲۔ میں نے کہا ایک شخص مکہ میں داخل ہوا اس کے ساتھ کچھ عورتیں ہیں اس نے حکم دیا کہ وہ یوم ترویہ (۸ ذی الحجہ) سے ایک دن یا دو دن یا تین دن پہلے ارکان تمتع بجا لائیں کیوں کہ اسے بعض کے حائض ہونے کا خوف تھا فرمایا جب تمتع سے فارغ ہو کر محل ہو جائیں تو ان پر نظر کرے جن سے حیض آنے کا خوف تھا پس انھیں حکم دے کہ غسل کر کے اپنی جگہ حج کا ہلہلہ کریں پھر طواف بیت کریں۔ اور صفا و مروہ کا اگر کوئی شے حادث ہو تو بحالت حیض بقیہ مناسک ادا کرے۔ میں نے کہا طواف نساء تو باقی رہ جائے گا۔ فرمایا ہاں میں نے کہا وہ تو فارغ ہونے تک پابند ہے فرمایا ہاں میں نے کہا تمام مناسک ادا کرنے تک اسے ترک کیوں نہ کرے فرمایا ایک ہی عبادت تو اس کی باقی رہ جائے گی جس کا ادا کرنا اس کے لئے آسان ہوگا بہ نسبت سب مناسک ادا کرنے کے، دونوں حدثوں کے خوف سے اگر بجا نہ لائے۔ میں نے کہا اگر اونٹ والا ٹھہرنا نہیں چاہتا اور مہربانی نہیں کرتا۔ فرمایا لوگ اسے مجبور نہیں کر سکتے کہ وہ عورت کے طاہر ہونے اور مناسک ادا کرنے تک رکے رہیں۔ (صحیح)

۳۔ میں نے کہا ایک تمتع والے نے ہلہلہ حج کیا۔ فرمایا جب تک عرفات نہ جائے طواف بیت نہ کرے اگر بغیر کسی علت کے منیٰ میں جانے سے پہلے طواف کرے گا تو وہ طواف شمار نہ ہوگا۔ (حسن)

۴۔ فرمایا کوئی حرج نہیں اگر بوڑھا آدمی، بیمار آدمی، عورت یا مجبور منیٰ میں جانے سے پہلے طواف کرے۔ (صحیح)

﴿باب ۱۵۹﴾

☆(تقديم الطواف للمفرد)☆

۱ ـ محمد بن يحيى، عن أحمد بن محمد، عن ابن فضّال، عن ابن بكير، عن زرارة قال: سألت أباجعفر عليه السلام عن المفرد للحجّ يدخل مكّة يقدّم طوافه أو يؤخّره فقال: سواء.

۲ ـ عدّةٌ من أصحابنا، عن أحمد بن محمد، عن الحسين بن سعيد، عن صفوان بن يحيى، عن حمّاد بن عثمان قال: سألت أباعبدالله عليه السلام عن مفرد الحجّ يقدّم طوافه أو يؤخّره؛ فقال: هو والله سواء عجّله أو أخّره.

۳ ـ محمد بن يحيى، عن أحمد بن محمد، عن الحسن بن عليّ، عن ابن بكير، عن زرارة قال: سألت أباجعفر عليه السلام عن مفرد الحجّ يقدّم طوافه أو يؤخّره، قال: يقدّمه فقال رجل إلى جنبه: لكنّ شيخي لم يفعل ذلك، كان إذا قدم أقام بفخّ حتّى إذا رجع النّاس إلى منى راح معهم، فقلت له: من شيخك؟ قال: عليّ بن الحسين عليهما السلام، فسألت عن الرّجل فإذا هو أخو عليّ بن الحسين عليهما السلام لامّه

باب ۱۵۹

تقدیم طواف برائے مفرد

۱۔ میں نے کہا حج مفرد کرنے والا مکہ میں آتا ہے اور طواف کو مقدم کرتا ہے یا موخر فرمایا برابر ہے (موثق)

۲۔ ترجمہ اوپر ہے۔

۳۔ میں نے حج مفرد کے متعلق پوچھا۔ طواف مقدم ہے یا موخر، فرمایا مقدم، ایک شخص جو پہلو میں بیٹھا تھا کہنے لگا لیکن میرا شیخ ایسا نہیں کرتا وہ مقام فخ میں رہتا ہے جب تک لوگ منیٰ جائیں وہ ان کے ساتھ جاتا ہے میں نے کہا تمہارا شیخ کون ہے کہا علی بن الحسینؑ میں نے کہا یہ شخص کون ہے۔ معلوم ہوا وہ حضرت علی بن الحسینؑ کے سوتیلے بھائی ہیں۔

﴿باب ۱۶۰﴾

☼(الخروج الى منى)☼

١ ـ أبوعليّ الأشعريُّ ، عن محمّد بن عبد الجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن إسحاق بن عمّار ، عن أبي الحسن عليه السلام قال : سألته عن الرّجل يكون شيخاً كبيراً أو مريضاً يخاف ضغاط النّاس وزحامهم يحرم بالحجّ ويخرج إلى منى قبل يوم التروية ؟ قال : نعم ، قلت : يخرج الرّجل الصحيح يلتمس مكاناً ويتروّح بذلك المكان ؟ قال : لا ، قلت : يعجّل بيوم ؟ قال : نعم ، قلت : بيومين ؟ قال : نعم ، قلت : ثلاثة ؟ قال : نعم ، قلت : أكثر من ذلك ؟ قال : لا .

٢ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن جميل بن درّاج ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : على الإمام أن يصلّي الظهر بمنى ثمّ يبيت بها ويصبح حتّى تطلع الشمس ثمّ يخرج إلى عرفات .

٣ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد ، عن رفاعة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته هل يخرج النّاس إلى منى غدوة ؟ قال : نعم إلى غروب الشمس .

٤ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا توجّهت إلى منى فقل : «اللّهمّ إيّاك أرجو وإيّاك أدعو فبلّغني أملي وأصلح لي عملي» .

باب ۱۶۰

منیٰ کو جانا

۱۔ میں نے کہا ایک شخص بہت بوڑھا ہے یا مریض ہے وہ لوگوں کے اژدہام اور کشمکش سے گھبراتا ہے احرام حج باندھتا ہے اور یوم ترویہ سے پہلے منیٰ جاتا ہے فرمایا ہاں۔ میں نے کہا ایک تندرست آدمی مکان کی تلاش میں نکلتا ہے اور وہاں پہنچ جاتا ہے فرمایا نہیں میں نے کہا ایک دن کی تعجیل ہو سکتی ہے فرمایا ہاں میں نے کہا دو دن کی فرمایا ہاں میں نے کہا تین دن کی فرمایا ہاں میں نے کہا اس سے زیادہ فرمایا نہیں (موثق)

۲۔ فرمایا امام ظہر کی نماز منیٰ میں پڑھتا ہے اور رات کو وہاں رہتا ہے صبح کو سورج نکلنے پر وہاں سے عرفات جاتا ہے۔ (حسن)

۳۔ میں نے کہا کیا لوگ بوقت صبح منیٰ جا سکتے ہیں فرمایا عند دب شمس تک (ضعیف)

۴۔ فرمایا منیٰ پہنچو تو کہو۔

اے اللہ میری امید تجھ سے ہے اور میری دعا تجھ سے ہے پس میری امید پوری کر اور میرے عمل کو درست کر۔ (حسن)

﴿ باب ۱۶۱ ﴾

☆ (نزول منی وحدودها) ☆

۱ - علي بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن صفوان بن يحيى ، وابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمار قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : إذا انتهيت إلى منى فقل : اللهم هذه منى وهي مما منت بها علينا من المناسك فأسألك أن تمن علينا بما منت به على أنبيائك ، فإنما أنا عبدك وفي قبضتك ، ثم تصلي بها الظهر والعصر والمغرب والعشاء الآخرة والفجر والإمام يصلي بها الظهر لا يسعه إلا ذلك و موسع عليك أن تصلي بغيرها إن لم تقدر ثم تدركهم بعرفات ، قال : وحد منى من العقبة إلى وادي محسر .

باب ۱۶۱

نزول منیٰ اور اس کے حدود

۱۔ فرمایا جب منیٰ پہنچو تو کہو۔

اللهم هذه منى وهي مما منت بها علينا من المناسك فأسألك أن تمن علينا بما منت به على أنبيائك ، فإنما أنا عبدك وفي قبضتك

یا اللہ یہ منیٰ ہے اور اس سے تو نے احسان کیا ہمارے اوپر مناسک کا، پس میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ ہم پر احسان کر جیسے تو نے اس کی وجہ احسان کیا ہے اپنے انبیاء پر، میں تیرا بندہ ہوں اور تیرے قبضے میں ہوں، پھر ظہر و عصر و مغرب و عشاء اور صبح کی نماز وہاں پڑھو اور امام وہاں ظہر کی نماز پڑھیں ان کے لئے اس سے زیادہ کی وسعت نہیں تمہارے لئے توسیع ہے کہ اگر قدرت نہیں اس کے علاوہ پڑھنے کی تو نہ پڑھو، پھر لوگوں سے عرفات میں مل جاؤ اور منیٰ کی حد وادی عقبہ سے وادی محسر تک ہے۔

﴿ باب ۱۶۲ ﴾

✡(الغدو الى عرفات وحدودها)✡

۱ ـ حميد بن زياد، عن ابن سماعة، عمّن ذكره، عن أبان، عن [illegible] عن أبي عبدالله عليه السلام قال: من السنّة ألّا يخرج الإمام من منى إلى عرفة حتّى تطلع الشمس.

۲ ـ محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن الحسين بن سعيد، عن النضر بن سويد، عن يحيى بن عمران الحلبيّ، عن عبد الحميد الطائيّ قال: قلت لأبي عبدالله عليه السلام: إنّا نأتي عرفة فكيف نصنع؟ قال: أمّا أصحاب الرحال فكانوا يصلّون الغداة بمنى وأمّا أنتم فامضوا حتّى تصلّوا في الطريق.

۳ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه؛ ومحمّد بن إسماعيل، عن الفضل بن شاذان، عن ابن أبي عمير؛ وصفوان بن يحيى، عن معاوية بن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: إذا غدوت إلى عرفة فقل: وأنت متوجّه إليها: «اللّهمّ إليك صمدت وإيّاك اعتمدت ووجهك أردت فأسألك أن تبارك لي في رحلتي وأن تقضي لي حاجتي و أن تجعلني اليوم ممّن تباهي به من هو أفضل منّي» ثمّ تلبّ وأنت غاد إلى عرفات فإذا انتهيت إلى عرفات فاضرب خباءك بنمرة ـ ونمرة هي بطن عرنة دون الموقف ودون عرفة ـ فإذا زالت الشمس يوم عرفة فاغتسل وصلّ الظهر والعصر بأذان واحد وإقامتين وإنّما تعجّل العصر و تجمع بينهما لتفرغ نفسك للدّعاء فإنّه يوم دعاء ومسألة؛ قال: وحدّ عرفة من بطن عرنة ونويّة ونمرة إلى ذي المجاز وخلف الجبل موقف.

٤ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن حمّاد، عن الحلبيّ قال: قال أبو عبدالله عليه السلام: الغسل يوم عرفة إذا زالت الشمس و تجمع بين الظهر و العصر

بأذان وإقامتين .

٥ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حفص بن البختريّ ؛ وهشام ابن الحكم ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّه قيل له : أيّما أفضل الحرم أو عرفة ؟ فقال : الحرم فقيل : وكيف لم تكن عرفات في الحرم ؟ فقال : هكذا جعلها الله عزّ وجلّ .

٦ ـ عدّةٌ عن أصحابنا ، عن أحمد بن محمد ، عن محمد بن إسماعيل ، عن عليّ بن النعمان عن ابن مسكان ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : حدّ عرفات من المأزمين إلى أقصى الموقف .

باب ۱۶۲

عرفات میں اگلا دن اور اس کے حدود

۱۔ فرمایا سنت ہے کہ امام منیٰ سے عرفات نہ جائے جب تک سورج نہ نکلے ۔ (مرسل)

۲۔ میں نے کہا پیدل ہوں تو کیا کروں فرمایا جو سواریوں والے ہیں وہ صبح کی نماز منیٰ میں پڑھیں اور تم لوگ چلتے رہو اور نماز صبح راستہ میں پڑھو ۔ (ض)

۳۔ فرمایا جب عرفہ میں صبح کرو تو اس کی طرف متوجہ ہو کر کہو "اللّٰهمّ إليك صمدت وإيّاك اعتمدت ووجهك أردت فأسألك أن تبارك لي في رحلتي وأن تقضي لي حاجتي و أن تجعلني اليوم ممّن تباهي به من هو أفضل منّي

پھر تلبیہ کرو صبح عرفات میں ہو جب عرفات پہنچو تو نمرہ میں ٹھہرو اور نمرہ بطن عرفہ میں ہے موقف کے پاس اور عرفہ کے نزدیک ، جب عرفہ میں زوال شمس ہو جائے تو غسل کرو اور نماز ظہر و عصر ایک اذان اور دو اقامتوں سے پڑھو اور عصر کی نماز میں جلدی کرو اور دونوں نمازیں ایک ساتھ پڑھو تاکہ تم فارغ ہو جاؤ دعا کے لئے کیونکہ یہ دن دعا اور سوال کا ہے فرمایا حد عرفہ بطن عرنہ و ثوبہ و نمرہ سے ذی المجاز تک ہے اور پہاڑ کے عقب میں موقف ہے (ض)

۴۔ فرمایا یوم عرفہ غسل کرے جب زوال شمس ہو جائے تو ظہر و عصر کی نماز ایک ساتھ پڑھے ایک اذان اور دو اقامت سے (حسن)

۵۔ حضرت سے پوچھا گیا کون افضل ہے حرم یا عرفہ ، فرمایا حرم ، اس نے کہا عرفات حرم میں کیوں نہیں فرمایا اللہ نے اس

کو ایسا ہی قرار دیا ہے۔ (حسن)

۷۔ فرمایا حد عرفات ماذمین سے انتہائی موقف تک ہے (م)

﴿باب ۱۶۳﴾

☆(قطع تلبية الحاج)☆

۱ ـ محمد بن يحيى، عن أحمد بن محمد، عن علي بن الحكم، عن العلاء بن رزين، عن محمد بن مسلم، عن أبي جعفر عليه السلام أنه قال: الحاج يقطع التلبية يوم عرفة زوال الشمس.

۲ ـ علي بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن معاوية بن عمار، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: قطع رسول الله صلى الله عليه وآله التلبية حين زاغت الشمس يوم عرفة وكان علي بن الحسين عليهما السلام يقطع التلبية إذا زاغت الشمس يوم عرفة؛ قال: أبو عبدالله عليه السلام: فإذا قطعت التلبية فعليك بالتهليل والتحميد والتمجيد والثناء على الله عز وجل.

باب ۱۶۳
قطع تلبیہ

۱۔ فرمایا حاجی زوال آفتاب کے بعد یوم عرفہ تلبیہ قطع کرے (م)

۲۔ فرمایا زوال آفتاب کے وقت رسول اللہ نے تلبیہ قطع کیا عرفہ کے دن اور علی بن الحسین علیہما السلام تلبیہ کو قطع کرتے تھے جب سورج ڈھلک جاتا عرفہ کے دن، حضرت ابو عبداللہ علیہ السلام نے فرمایا تلبیہ بند کرو تو اس کے بعد اللہ کی تہلیل و تحمید و تمجید و ثنا کرو۔ (حسن)

﴿باب ۱۶۴﴾

☆(الوقوف بعرفة وحد الموقف)☆

۱ ـ عدة من أصحابنا، عن سهل بن زياد، عن ابن محبوب، عن ابن رئاب، عن مسمع، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: عرفات كلها موقف وأفضل الموقف سفح الجبل.

۲ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن عليّ بن الحكم ، عن عليّ بن أبي حمزة ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا وقفت بعرفات فادن من الهضاب ـ و الهضاب هي الجبال ـ فإنّ النبيّ صلى الله عليه وآله قال : إنّ أصحاب الأراك لا حجّ لهم ـ يعني الّذين يقفون عند الأراك ـ .

۳ ـ عليّ بن أبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله في الموقف : ارتفعوا عن بطن عرنة ؛ وقال : أصحاب الأراك لاحجّ لهم .

٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، و محمد بن اسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن ابن أبي عمير ؛ و صفوان بن يحيى ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قف في ميسرة الجبل فإنّ رسول الله صلى الله عليه وآله وقف بعرفات في ميسرة الجبل فلمّا وقف جعل الناس يبتدرون إخفاف ناقته فيقفون إلى جانبه فنحّاها فعلموا مثل ذلك فقال : أيّها الناس إنّه ليس موضع إخفاف ناقتي الموقف و لكن هذا كلّه موقف [وأشار بيده إلى الموقف] و فعل مثل ذلك في المزدلفة ؛ فإذا رأيت خللاً فسدّه بنفسك و راحلتك فإنّ الله عزّ و جلّ يحبّ أن تسدّ تلك الخلال و انتقل عن الهضاب و اتّق الأراك فإذا وقفت بعرفات فاحمد الله و هلّله و مجّده واثن عليه و كبّره مائة تكبيرة و اقرء قل هوالله أحد مائة مرّة و تخيّر لنفسك من الدّعاء ما أحببت و اجتهد فإنّه يوم دعاء و مسألة و تعوّذ بالله من الشيطان فإنّ الشيطان لن يذهلك في موضع أحبّ إليه من أن يذهلك في ذلك الموضع و إيّاك أن تشتغل بالنظر إلى النّاس واقبل قبل نفسك وليكن فيما تقول : « اللّهمّ ربّ المشاعر كلّها فكّ رقبتي من النّار وأوسع عليّ من الرّزق الحلال وادرء عنّي شرّ فسقة الجنّ والإنس ، اللّهمّ لاتمكربي ولا تخدعني ولا تستدرجني يا أسمع السامعين ويا أبصر النّاظرين و يا أسرع الحاسبين و يا أرحم الرّاحمين أسألك أن تصلّي على محمد و آل محمد و أن تفعل بي كذا و كذا » وليكن فيما تقول و أنت رافع يديك إلى السّماء : « اللّهمّ حاجتي الّتي إن أعطيتها لم يضرّني ماامتنعتني و إن منعتنيها لم ينفعني ماأعطيتني أسألك خلاص رقبتي من النّار اللّهمّ إنّي عبدك و ملك يدك و ناصيتي بيدك و أجلي بعلمك أسألك أن توفّقني لما يرضيك عنّي وأن تسلم منّي مناسكي الّتي أريتها إبراهيم خليلك و دللت عليها حبيبك

محمداً ﷺ ، وليكن فيما تقول : « اللّهمّ اجعلني ممّن رضيت عمله وأطلت عمره وأحييته بعد الموت حياة طيّبة » .

٥ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمد ، عن الحسين بن سعيد ، عن حمّاد بن عيسى ، عن عبدالله بن ميمون قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : إنّ رسول الله ﷺ وقف بعرفات فلمّا همّت الشمس أن تغيب قبل أن تندفع قال : « اللّهمّ إنّي أعوذ بك من الفقر ومن تشتّت الأمر ومن شرّ مايحدث بالليل والنّهار أمسى ظلمي مستجيراً بعفوك و أمسى خوفي مستجيراً بأمانك و أمسى ذلّي مستجيراً بعزّك و أمسى وجهي الفاني مستجيراً بوجهك الباقي ياخير من سئل ويا أجود من أعطى جلّلني برحمتك وألبسني عافيتك واصرف عنّي شرّ جميع خلقك » ؛ قال عبدالله بن ميمون : و سمعت أبي يقول : « ياخير من سئل و يا أوسع من أعطى و يا أرحم من استرحم » ثمّ سل حاجتك .

٦ ـ محمد بن يحيى ، عن محمد بن الحسين ، عن الحسن بن عليّ ، عن صالح بن أبي الأسود ، عن أبي الجارود ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : ليس في شيء من الدّعاء عشيّة عرفة شيءٌ موقّت .

٧ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه قال : رأيت عبدالله بن جندب بالموقف فلم أر موقفاً كان أحسن من موقفه مازال مادّاً يديه إلى السّماء و دموعه تسيل على خدّيه حتّى تبلغ الأرض فلمّا انصرف النّاس قلت له : يا أبامحمد ما رأيت موقفاً قطّ أحسن من موقفك ، قال : والله مادعوت إلّا لإخواني و ذلك أنّ أباالحسن موسى بن جعفر عليه السلام أخبرني أنّه من دعا لأخيه بظهر الغيب نودي من العرش : ولك مائة ألف ضعف مثله ، فكرهت أن أدع مائة ألف ضعف مضمونة لواحد لا أدري يستجاب أم لا .

٨ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن محمد بن عيسى بن عبيد ، عن ابن أبي عمير قال : كان عيسى بن أعين إذا حجّ فصار إلى الموقف أقبل على الدّعاء لإخوانه حتّى يفيض النّاس . قال : فقلت له : تنفق مالك و تتعب بدنك حتّى إذا صرت إلى الموضع الّذي تبتغي فيه الحوائج إلى الله عزّ وجلّ أقبلت على الدّعاء لإخوانك وتركت نفسك ؟ قال : إنّي على ثقة من دعوة الملك لي و في شكّ من الدّعاء لنفسي .

٩ ـ أحمد بن محمد العاصميّ ، عن عليّ بن الحسين السّلميّ ، عن عليّ بن أسباط عن إبراهيم بن أبي البلاد ـ أو عبدالله بن جندب ـ قال . كنت في الموقف فلمّا أفضت لقيت

إبراهيم بن شعيب فسلّمت عليه و كان مصاباً بإحدى عينيه و إذا عينه الصّحيحة حمراء كأنّها علقة دم فقلت له : قدأصبت بإحدى عينيك و أنا والله مشفق على الأخرى فلو قصرت من البكاء قليلاً ؛ فقال : والله يا أباعمّد مادعوت لنفسي اليوم بدعوة ، فقلت : فلمن دعوت ؟ قال : دعوت لإخواني لأنّي سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : من دعا لأخيه بظهر الغيب و كّل الله به ملكاً يقول : ولك مثلاه ، فأردت أن أكون إنّما أدعو لإخواني و يكون الملك يدعولي لأنّي في شكّ من دعائي لنفسي ولست في شكّ من دعاء الملك لي .

۱۰ - محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن النضر بن سويد ، عن عمرو بن أبي المقدام قال : رأيت أباعبدالله عليه السلام يوم عرفة بالموقف و هو ينادي بأعلى صوته : أيّها النّاس إنّ رسول الله صلى الله عليه وآله كان الإمام ثمّ كان عليّ بن أبي طالب ثمّ الحسن ثمّ الحسين ثمّ عليّ بن الحسين ثمّ محمّد بن علي عليه السلام ثمّ هه فينادي ثلاث مرّات لمن بين يديه و عن يمينه وعن يساره ومن خلفه اثنى عشر صوتاً وقال عمرو : فلمّا أتيت منى سألت أصحاب العربيّة عن تفسير «هه» فقالوا : هه لغة بني فلان : أنا فسألوني . قال : ثمّ سألت غيرهم أيضاً من أصحاب العربيّة فقالوا مثل ذلك .

۱۱ - عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد ، عن سماعة قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : إذا ضاقت عرفة كيف يصنعون ؟ قال : يرتفعون إلى الجبل .

باب ۱۶۴

عرفہ میں وقوف اور حد موقف

۱۔ فرمایا کہ وہ عرفات پورا موقف ہے اور افضل موقف زیریں جبل ہے (م)

۲۔ فرمایا جب عرفات میں وقوف ہو تو سفاب پہاڑ سے قریب ہو رسول اللہ نے فرمایا ہے کہ اصحاب کے لئے حج نہیں اور یہ وہ لوگ ہیں جو اراک کے پاس ٹھہرتے ہیں۔ (م)

۳۔ فرمایا رسول اللہ نے کہ بطن عرنہ سے بلندی پر رہو اور اصحاب اراک کا حج نہیں ہوتا۔ (حسن)

۴۔ فرمایا پہاڑ کی بائیں طرف ٹھہرو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عرفات میں وقوف اسی طرح کیا تھا جب لوگ آپ کے ناقہ کو موزہ پہنانے میں جلدی کرنے لگے اور ٹھہرنے میں بھی اس کی ایک طرف پس ناقہ کو روکا لوگوں نے ایسا ہی کیا

تب آپ نے فرمایا لوگو یہ جگہ میرے ناقہ کو موزہ پہنانے کی نہیں ہے یہ سب کا سب موقف ہے اور موقف کی طرف اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا اور فرمایا یہ کل موقف ہے اور ایسا ہی مزدلفہ میں کیا اگر کوئی خلل دیکھو تو اپنی سواری کو روک لو، خدا پسند کرتا ہے اس روکنے کو پھر منتقل ہو ہضاب سے اور بچوار اک سے، جب عرفات میں ٹھہرو تو اللہ کی حمد کرو تہلیل و تمجید و ثنا کرو اور سو بار تکبیر کہو اور سو بار قل ہو اللہ پڑھو پھر جو دعا چاہو کرو اور دیر تک مانگو کیونکہ یہ دن دعا و سوال کا ہے شیطان سے پناہ مانگو کیونکہ شیطان ایسی جگہ تمہیں غافل نہ کردے جو خدا کے نزدیک زیادہ محبوب ہے اور اپنے کو اس سے بچاؤ کہ لوگوں کی طرف نظر کرو اور اپنے نفس کی طرف توجہ کرو اور یہ کہنا چاہیئے۔

اللّٰهمّ ربّ المشاعر كلّها فكّ رقبتي من النّار وأوسع عليّ من الرّزق الحلال وادرء عنّي شرّ فسقة الجنّ والإنس ، اللّٰهمّ لاتمكربي ولا تخدعني ولا تستدرجني يا أسمع السامعين ويا أبصر النّاظرين و يا أسرع الحاسبين و يا أرحم الرّاحمين أسألك أن تصلّي على محمّد و آل محمّد و أن تفعل بي

اور یہ بھی کہنا چاہیئے درآنحالیکہ تمہارے ہاتھ آسمان کی طرف اٹھے ہوں

اللّٰهمّ حاجتي الّتي إن أعطيتها لم يضرّني مامنعتنيها و إن منعتنيها لم ينفعني ماأعطيتني أسألك خلاص رقبتي من النّار اللّٰهمّ إنّي عبدك و ملك يدك و ناصيتي بيدك و أجلي بعلمك أسألك أن توفّقني لما يرضيك عنّي وأن تسلم منّي مناسكي الّتي أريتها إبراهيم خليلك و دللت عليها حبيبك محمّداً صلى الله عليه وآله ،

اور یہ بھی کہنا چاہیئے۔

اللّٰهمّ اجعلني ممّن رضيت عمله وأطلت عمره وأحييته بعد الموت حياة طيّبة ،

فرمایا کہ رسول اللہ نے جب عرفات میں قیام کیا تو سورج غروب ہونے سے ذرا پہلے کہا اللّٰهمّ إنّي أعوذ بك من الفقر ومن تشتّت الأمر ومن شرّ مايحدث بالليل والنّهار أمسى ظلمي مستجيراً بعفوك و أمسى خوفي مستجيراً بأمانك و أمسى ذلّي مستجيراً بعزّك و أمسى وجهي الفاني مستجيراً بوجهك الباقي ياخير من سئل ويا أجود من أعطى جلّلني برحمتك وألبسني عافيتك واصرف عنّي شرّ جميع خلقك،

اور عبداللہ بن میمون نے کہا۔ میں یہ کہتے

۶۔ فرمایا عرفات کی رات سے بہتر دعا کے لئے وقت نہیں۔ (صحیح)

۷۔ میں نے عبداللہ بن جندب کو موقف میں دیکھا میں نے اس سے بہتر موقف میں کسی کو نہیں پایا اس کے ہاتھ آسمان کی طرف اٹھے ہوئے تھے رخساروں سے آنسو ڈھلک کر زمین تک پہنچ گئے تھے جب لوگ چلے گئے تو میں نے کہا۔ اے ابو محمد میں نے تم سے بہتر موقف میں کسی کو نہیں پایا۔ انھوں نے کہا میری دعا صرف اپنے بھائیوں کے لئے تھی اس کی وجہ یہ ہے کہ ابوالحسن موسیٰ بن جعفرؑ نے مجھے بتایا کہ انھوں نے شبانہ دعا اپنے بھائی کے لئے کی۔ تحت عرش سے ندا آئی تمہارے لئے لاکھوں اجر ہیں پس میں نے برا جانا اس امر کو کہ ایک دعا کے عوض اتنا کثیر ثواب جس کا ہو اسے ترک کر دوں میں نہیں جانتا کہ یہ دعا قبول ہوگی یا نہیں۔ (حسن)

۸۔ راوی نے کہا عیسیٰ بن اعین جب حج کر کے موقف میں آئے تو اپنے بھائیوں کے لئے دعا کرتے رہے جب تک لوگ وہاں رہے۔ میں نے کہا تم نے اپنا مال خرچ کیا اور اپنے بدن کو تکلیف دی، جب تم اس مقام پر آئے جہاں اللہ سے حاجتیں بیان کی جاتی ہیں تو تم اپنے بھائیوں کے لئے دعا مانگنے لگے اور اپنے لئے کوئی دعا نہیں مانگتے انھوں نے کہا مجھے دوسروں کے لئے دعا کے قبول ہونے کا یقین ہے اور اپنے میں شک ہے۔ (ضعیف)

۹۔ میں موقف سے جب فارغ ہوا تو ابراہیم بن شعیب سے ملا۔ میں نے ان پر سلام کیا ان کی ایک آنکھ جاتی رہی تھی اور صحیح آنکھ خون کے لوتھڑے کی طرح سرخ ہو رہی تھی، میں نے کہا آپ ایک آنکھ تو دے بیٹھے، مجھے دوسری کا بھی ڈر ہے۔ بہتر ہوگا کہ آپ رونا کچھ کم کر دیں انھوں نے کہا واللہ اے ابو محمد میں اپنے نفس کے لئے کوئی دعا نہیں مانگتا میں نے کہا پھر کس کے لئے انھوں نے کہا اپنے بھائیوں کے لئے میں نے حضرت ابو عبداللہ سے سنا ہے جو اپنے بھائی کے لئے غائبانہ دعا کرتا ہے خدا ایک فرشتہ کو موکل کرتا ہے وہ کہتا ہے اس کا دوگنا تجھ کو ملے گا اس لئے میں نے اپنے بھائیوں کے لئے دعا کی اور ایک فرشتہ میرے لئے دعا کرتا ہے میں اپنے نفس کے لئے اپنی دعا کے قبول ہونے میں شک کرتا ہوں اور میرے لئے جو دعا فرشتہ کرتا ہے اس میں مجھے شک نہیں۔ (مجہول)

۱۰۔ میں نے ابو عبداللہ علیہ السلام کو روز عرفہ دیکھا کہ بلند آواز سے فرما رہے ہیں کہ رسول اللہ صلعم امام تھے ان کے بعد علی ابن ابی طالبؑ تھے ان کے بعد حسنؑ اور ان کے بعد حسینؑ ان کے بعد محمد بن علی ان کے بعد میں تین بار آپ نے یہی فرمایا سامنے اور داہنے اور بائیں طرف والوں سے بارہ مرتبہ پیچھے والوں سے عمرو نے کہا جب میں منیٰ میں آیا تو میں نے عرب کے لغت دانوں سے لفظ صہ کے معنی پوچھے ایک نے کہا بنی فلاں کی زبان میں اس کے معنی میں کے ہیں پھر میں نے اور لوگوں سے پوچھا۔ انھوں نے بھی یہی بتایا۔ (ضعیف)

۱۱۔ میں نے کہا اگر وقت عرفہ تنگ ہو جائے تو لوگ کیا کریں فرمایا پہاڑ پر چڑھیں۔ (ضعیف)

﴿باب ٦٥﴾

☆(الافاضة من عرفات)☆

١ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن ابن فضّال ، عن يونس بن يعقوب قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : متى الإفاضة من عرفات ؟ قال : إذا ذهب الحمرة ـ يعني من الجانب الشرقيّ ـ .

٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ و محمد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن صفوان بن يحيى ، عن معاوية بن عمّار قال : قال أبوعبدالله عليه السلام : إنّ المشركين كانوا يفيضون من قبل أن تغيب الشمس فخالفهم رسول الله صلى الله عليه وآله فأفاض بعد غروب الشمس قال : وقال أبوعبدالله عليه السلام إذا غربت الشمس فأفض مع الناس وعليك السكينة والوقار وأفض بالاستغفار فإنّ الله عزّ وجلّ يقول : «ثمّ أفيضوا من حيث أفاض الناس واستغفروا الله إنّ الله غفور رحيم» فإذا انتهيت إلى الكثيب الأحمر عن يمين الطريق فقل : «اللّهمّ ارحم موقفي وزد في علمي وسلّم لي ديني و تقبّل مناسكي» و إيّاك والوجيف الّذي يصنعه الناس فإنّ رسول الله صلى الله عليه وآله قال : أيّها الناس إنّ الحجّ ليس بوجيف الخيل ولا إيضاع الابل ولكن اتّقوا الله وسيروا سيراً جميلاً ، لاتوطئوا ضعيفاً ولاتوطئوا مسلماً وتوءدوا واقتصدوا في السير فإنّ رسول الله صلى الله عليه وآله كان يكفّ ناقته حتّى يصيب رأسها مقدّم الرّجل ويقول أيّها الناس عليكم بالدّعة فسنّة رسول الله صلى الله عليه وآله تتّبع ، قال معاوية : و سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : «اللّهمّ أعتقني من النار» وكرّرها حتّى أفاض ، فقلت : ألا تفيض فقد أفاض النّاس ؟ فقال : إنّي أخاف الزّحام و أخاف أن أشرك في عنت إنسان .

٣ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمد ، عن الحسين بن سعيد ، عن عثمان بن عيسى ، عن هارون بن خارجة قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول في آخر كلامه حين أفاض : «اللّهمّ إنّي أعوذبك أن أظلم أو اُظلم أو أقطع رحماً أو اُوذي جاراً» .

٤ ـ عدّة من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، و أحمد بن محمد ، عن الحسن بن محبوب ، عن عليّ بن رئاب ، عن ضريس الكناسيّ ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : سألته عن رجل أفاض من عرفات قبل أن تغيب الشمس ، قال : عليه بدنة ينحرها يوم النحر فان لم يقدر

صام ثمانية عشر يوماً بمكة أو في الطريق أو في أهله .

٥ ـ أحمد بن محمد ، عن الحسين بن سعيد ، عن النضر بن سويد ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : يوكل الله عزّ وجلّ ملكين بمأزمي عرفة فيقولان : سلّم سلّم .

٦ ـ وعنه ، عن علي بن النعمان ، عن سعيد الأعرج ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : ملكان يفرّجان للناس ليلة مزدلفة عند المأزمين الضيّقين .

باب ۱۶۵

عرفات سے چلنا

۱۔ میں نے حضرت سے کہا عرفات سے کب چلیں فرمایا جب مشرق کی سرخی غائب ہو جائے۔ (موثق)

۲۔ فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے جب سورج غروب ہو جائے تو لوگوں کے ساتھ چل دو مگر سکینہ اور وقار کے ساتھ اور استغفار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے چلو جس طرف لوگ چلیں اور اللہ سے استغفار کرو بے شک اللہ غفور و رحیم ہے۔ جب کثیب احمر پر پہنچو جو راستہ کے داہنی طرف ہے تو کہو خداوندا میرے موقف پر رحم کر، میرے علم میں زیادتی کر اور میرے دین کو سالم رکھ اور منا سک کو قبول کر، اور تیز چلانے سے اونٹوں کے بچو رسول اللہ نے فرمایا ہے لوگو بچ نہ تو گھوڑوں کی دوڑ ہے نہ اونٹوں کی بھاگ بلکہ اللہ سے ڈرو اور چلو آہستہ آہستہ، نہ تو کسی ضعیف کو کچلو اور نہ کسی مسلمان کو پائمال کرو بلکہ درمیانی چال اختیار کرو، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے ناقہ کو اس طرح روکتے تھے کہ اس کا سر پیروں سے مل جاتا تھا اور فرماتے تھے لوگو ہلکی چال چلو، پس سنت رسولؐ کا اتباع کرنا چاہیے۔ معاویہ نے کہا حضرت ابو عبداللہ کو میں نے فرماتے سنا، یا اللہ مجھے نار سے آزاد کر، جب چلتے یہی فرماتے۔ میں نے کہا لوگ چلنے لگے آپ کیوں نہیں چلتے۔ فرمایا میں ہجوم سے ڈرتا ہوں مجھے خوف ہے کہ میں کسی انسان کو تکلیف دینے میں شریک نہ ہو جاؤں۔ (حسن)

۳۔ روانگی کے وقت میں نے آخر بار حضرت کو فرماتے سنا یا اللہ میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ میں کسی پر ظلم کروں یا کوئی مجھ پر ظلم کرے اور قطع رحم کرنے یا کسی پڑوسی کو ستانے سے پناہ مانگتا ہوں۔ (موثق)

۴۔ میں نے کہا ایک شخص قبل غروب آفتاب عرفات سے چل پڑا۔ فرمایا اس کو ایک بدنہ قربانی کے دن نحر کرنا ہوگا اور اس کا مقدور نہ ہو تو اٹھارہ دن مکہ میں یا راستہ میں یا اپنے گھر جا کر روزے رکھے۔ (م)

۵۔ فرمایا اللہ تعالیٰ عرفات کے ایک تنگ مقام پر دو فرشتوں کو معین کرتا ہے جو کہتے ہیں سلامتی سے سلامتی سے۔ (م)

۶- فرمایا وہ فرشتے لوگوں کے لئے مزدلفہ کی رات میں کشادگی پیدا کرتے ہیں دو تنگ راستوں میں۔ (م)

﴿ باب ۱۲۶ ﴾

✡(ليلة المزدلفة والوقوف بالمشعر والافاضة منه و بحدوده)✡

۱ - عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية ؛ و حمّاد ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال : لا تصلّ المغرب حتّى تأتي جمعاً فتصلّي بها المغرب والعشاء الآخرة بأذان واحد و إقامتين و أنزل ببطن الوادي عن يمين الطريق قريباً من المشعر و يستحبّ للصرورة أن يقف على المشعر الحرام و يطأه برجله ولا يجاوز الحياض ليلة المزدلفة و يقول : « اللّهمّ هذه جمع ، اللّهمّ إنّي أسألك أن تجمع لي فيها جوامع الخير ، اللّهمّ لا تؤيسني من الخير الّذي سألتك أن تجمعه لي في قلبي وأطلب إليك أن تعرّفني ما عرّفت أولياءك في منزلي هذا وأن تقيني جوامع الشرّ » وإن استطعت أن تحيي تلك اللّيلة فافعل فإنّه بلغنا أنّ أبواب السماء لا تغلق تلك اللّيلة لأصوات المؤمنين ، لهم دويٌّ كدويّ النّحل يقول الله جل ثناؤه : أنا ربّكم و أنتم عبادي أدّيتم حقّي وحقّ عليّ أن أستجيب لكم فيحطّ الله تلك اللّيلة عمّن دان أن يحطّ عنه ذنوبه و يغفر لمن أراد أن يغفر له .

۲ - أبو عليٍّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبدالجبّار ، عن صفوان ، عن ابن مسكان ، عن عنبسة بن مصعب قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن الرّكعات الّتي بعد المغرب ليلة المزدلفة ، فقال : صلّها بعد العشاء أربع ركعات .

۳ - الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن الحسن بن عليٍّ ، عن أبان بن عثمان ، عن رجل ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : يستحبّ للصرورة أن يطأ المشعر الحرام و أن يدخل البيت .

۴ - عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ؛ و محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل ابن شاذان ، عن صفوان بن يحيى ؛ و ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام : قال : أصبح على طهر بعد ما تصلّي الفجر فقف إن شئت قريباً من الجبل و إن شئت حيث شئت فإذا وقفت فاحمد الله و اثن عليه و اذكر من آلائه و بلائه ما قدرت عليه وصلّ على النبيّ صلى الله عليه وآله وليكن من قولك : « اللّهمّ ربّ المشعر الحرام فكّ رقبتي

سلام ہو آپ پر اے ولی خدا، اے حجت خدا، سلام ہو آپ پر اے خلیفۃ اللہ، سلام ہو آپ پر اے دین کے ستون، سلام ہو آپ پر اے نبیوں کے وارث، سلام ہو آپ پر اے جنت و نار کے تقسیم کرنے والے، اے صاحب عصا و میسم، اے امیر المومنین میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ کلمہ تقویٰ ہے آپ باب ہدایت ہیں آپ عروۃ الوثقیٰ ہیں آپ حبل متین اور صراط مستقیم ہیں آپ خلق خدا پر اللہ کی حجت ہیں اور خدا کی طرف سے اس کے بندوں پر گواہ ہیں اور اس کے علم کے امین ہیں اور رازہائے خدا کے آپ خزینہ دار ہیں اس کی حکمت کا مقام ہیں رسول اللہ کے بھائی ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ کی دعوت حق ہے اور آپ کے خلاف دعوت دینے والا باطل اور مردود ہے آپ مظلوم اول ہیں اور سب سے پہلے آپ کا حق غصب کیا گیا۔ آپ نے صبر و ضبط سے کام لیا۔ آپ پر ظلم کرنے والے آپ پر تقدم کرنے والے پر آپکے پکارنے والے پر لعن کثیر ہو ملائکہ مقربین کی ہر نبی مرسل کی ہر بندۂ مومن کی جس کا امتحان لیا گیا ہو، رحمت خدا ہو آپ پر، آپ کی روح اور بدن پر، میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے بندے اور اس کے امین ہیں آپ نے ناصحانہ تبلیغ کی امانت کا حق ادا کیا اور آپ قتل کئے گئے درآنحالیکہ آپ صدیق تھے اور آپ یقین پر رہے اور آپ نے ہدایت میں گمراہی اختیار نہ کی اور حق سے باطل کی طرف مائل نہ ہوئے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے نماز کو قائم کیا اور زکوٰۃ کو ادا کیا اور امر بالمعروف کیا اور نہی عن المنکر اور آپ نے رسولؐ کا اتباع کیا اور امت کو نصیحت کی اور کتاب کی تلاوت کی جو تلاوت کا حق ہے اور راہ خدا میں جہاد کیا جو حق جہاد ہے اور لوگوں کو دعوت دی حکمت اور موعظہ حسنہ کے ساتھ مرتے دم تک، میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اپنے رب کی طرف سے گواہی لائے اور خدا کی طرف بصیرت سے اور جیسا حکم دیا گیا تھا آپ نے اسے پورا کیا اور حق خدا پر آپ قائم رہے آپ نے ذرا سستی نہ کی، پس آپ پر درود ہو پے در پے جس کے لئے انقطاع نہ ہو نہ کوئی مدت ہو اور سلام و رحمت و برکت ہو آپ پر اور جزا دے اللہ آپ کو کہ اپنی رعیت سے بھلائی کرتے رہے میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ کے ساتھ جہاد جہاد تھا حق آپ کے ساتھ تھا اور آپ اس کے اہل تھے اور اس کی کان تھے میراث نبوت آپ کے پاس تھی آپ پر اللہ کا درود و

سلام ہو اور آپ کے قاتل پر طرح طرح کا عذاب ہو اے امیر المومنین میں آپ کے حق کا عارف ہو کر اور آپ کی شان کو سمجھ کر آپ کے پاس آیا ہوں آپ کے دشمن کا دشمن کا ہوں آپ کے دوست کا دوست، میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں میں آیا ہوں پناہ لینے نار جہنم سے جس کا میں مستحق ہوں، میں نے گناہ کیا ہے آپ کا زائر ہوں آپ کی زیارت کے صدقہ میں نار سے رہائی چاہتا ہوں میں اپنے ان گناہوں سے بھاگ کر آیا ہوں جن کا بوجھ میری پشت پر ہے آپ کی پیش رب بڑی منزلت ہے آپ خدا سے میری سفارش کیجیے میرے گناہ بہت ہیں۔ اور آپ کے لئے عند اللہ مقام معلوم ہے اور مرتبہ عظیم اور شان کبیر ہے آپ کی شفاعت مقبول ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے شفاعت نہ کریں گے مگر وہی جن کو اللہ نے منتخب کیا ہے اے رب الارباب اے دوستوں کے فریادرس میں تیرے رسول کے بھائی کے وسیلہ سے پناہ مانگتا ہوں میری گردن نار جہنم سے آزاد کر، میں اللہ پر ایمان لایا ہوں اور جو تم پر نازل ہوا ہے تمہارے اولین و آخرین پر اور جبت و طاغوت و لات و عزیٰ کا انکار کرتا ہوں۔

باب ۲۲۸

☆(موضع رأس الحسين عليه السلام)☆

۱ ـ علي بن إبراهيم، عن أبيه، عن يحيى بن زكريا، عن يزيد بن عمر بن طلحة قال: قال لي أبو عبدالله عليه السلام وهو بالحيرة: أما تريد ما وعدتك؟ قلت: بلى ـ يعني الذهاب إلى قبر أمير المؤمنين صلوات الله عليه ـ قال: فركب وركب إسماعيل وركبت معهما حتى إذا جاز الثوية وكان بين الحيرة و النجف عند ذكوات بيض نزل ونزل إسماعيل ونزلت معهما فصلى وصلى إسماعيل وصليت فقال لإسماعيل: قم فسلم على جدك الحسين عليه السلام، فقلت: جعلت فداك أليس الحسين بكربلا؟ فقال: نعم ولكن لما حمل رأسه إلى الشام سرقه مولى لنا فدفنه بجنب أمير المؤمنين عليه السلام

۲ ـ عدة من أصحابنا، عن سهل بن زياد، عن إبراهيم بن عقبة، عن الحسن

باب ۲۲۸

موضع راس الحسین

۱۔ فرمایا حضرت نے جب وہ حیرہ میں تھے کیا میں نے جو تم سے وعدہ کیا تھا اس کے پورا کرنے کا ارادہ نہیں رکھتے۔ میں نے کہا فرمایا

یعنی قبر امیر المومنین کی طرف چلنا۔ پس حضرت سوار ہوئے اور اسمٰعیل اور میں بھی۔ جب ہم حیرہ اور نجف کے درمیان ذکرات بیض کے پاس پہنچے تو حضرت اور ہم اترے۔ حضرت نے نماز پڑھی اور ہم دونوں نے بھی، حضرت نے اسمٰعیل سے فرمایا سلام کرو اپنے جد حسینؑ پر، میں نے کہا میں آپؑ پر فدا ہوں، کیا حسینؑ کربلا میں نہیں فرمایا کربلا ہی میں ہیں لیکن جب ان کا سر شام لے کر جا رہے تھے تو ہمارے ایک غلام نے چرا کر امیر المومنین کے پہلو میں دفن کر دیا۔ (مجہول)

﴿ باب ۲۲۹ ﴾

✡ (زيارة قبر ابي عبدالله الحسين بن علي عليهما السلام) ✡

۱۔ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن فضالة بن أيّوب ، عن نعيم بن الوليد ، عن يونس الكناسيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا أتيت قبر الحسين عليه السلام فائت الفرات واغتسل بحيال قبره و توجّه إليه و عليك السّكينة و الوقار حتّى تدخل إلى القبر من الجانب الشرقيّ وقل حين تدخله : «السلام على ملائكة الله المنزلين ، السلام على ملائكة الله المردفين ، السلام على ملائكة الله المسوّمين ، السلام على ملائكة الله الّذين هم في هذا الحرم مقيمون» فإذا استقبلت قبر الحسين عليه السلام فقل : «السلام على رسول الله ، السلام على أمين الله على رسله وعزائم أمره والخاتم لما سبق والفاتح لما استقبل والمهيمن على ذلك كلّه و السّلام عليه ورحمة الله وبركاته» ثمّ تقول : «اللّهمّ صلّ على أمير المؤمنين عبدك وأخي رسولك الّذي انتجبته بعلمك وجعلته هادياً لمن شئت من خلقك والدّليل على من بعثته برسالاتك وديّان الدّين بعدلك وفصل قضائك بين خلقك والمهيمن على ذلك كلّه والسلام عليه ورحمة الله وبركاته [اللّهمّ صلّ على الحسن بن عليّ عبدك و ابن الّذي انتجبته بعلمك و جعلته هادياً لمن شئت من خلقك و الدّليل على من بعثته برسالاتك و ديّان الدّين بعدلك و فصل قضائك بين خلقك و المهيمن على ذلك كلّه و السلام عليه و رحمة الله و بركاته]» . ثمّ تصلّي على الحسين وسائر الأئمّة عليهم السلام كما صلّيت و سلّمت على الحسن عليه السلام ثمّ تأتي قبر الحسين عليه السلام فتقول : « السلام عليك يا ابن رسول الله ، السلام عليك يا ابن أمير المؤمنين صلّى الله عليك يا أبا عبدالله أشهد أنّك قد بلّغت عن الله عزّ وجلّ ما أُمرت به ولم تخش أحداً غيره وجاهدت في سبيله وعبدته صادقاً حتّى أتاك اليقين ، أشهد أنّك كلمة التقوى وباب الهدى والعروة الوثقى والحجّة

على من يبقى و من تحت الثّرى ، أشهد أنّ ذلك سابقٌ فيما مضى و ذلك لكم فاتح فيما بقي أشهد أنّ أرواحكم وطينتكم طيّبة طابت وطهرت هي بعضها من بعض منّاً من الله ورحمة واُشهد الله واُشهدكم أنّي بكم مؤمن ولكم تابع في ذات نفسي وشرائع ديني وخاتمة عملي ومنقلبي ومثواي وأسأل الله البرّ الرّحيم أن يتمّ ذلك لي ، أشهد أنّكم قد بلّغتم عن الله ما أمركم به ولن تخشوا أحداً غيره وجاهدتم في سبيله وعبدتموه حتّى أتاكم اليقين ، لعن الله من قتلكم ولعن الله من أمر به ولعن الله من بلغه ذلك منهم فرضي به أشهد أنّ الّذين انتهكوا حرمتكم وسفكوا دمكم ملعونون على لسان النبيّ الأمّي صلّى الله عليه وآله .

ثمّ تقول : «اللّهمّ العن الّذين بدّلوا نعمتك و خالفوا ملّتك ورغبوا عن أمرك واتّهموا رسولك وصدّوا عن سبيلك ، اللّهمّ احش قبورهم ناراً وأجوافهم ناراً واحشرهم وأشياعهم إلى جهنّم زرقاً ، اللّهمّ العنهم لعناً يلعنهم به كلّ ملك مقرّب و كلّ نبيّ مرسل وكلّ عبد مؤمن امتحنت قلبه للايمان ، اللّهمّ العنهم في مستسرّ السرّ وفي ظاهر العلانية ، اللّهمّ العن جوابيت هذه الاُمّة والعن طواغيتها والعن فراعنتها والعن قتلة أمير المؤمنين والعن قتلة الحسين وعذّبهم عذاباً لاتعذّب به أحداً من العالمين ، اللّهمّ اجعلنا ممّن ينصره وتنتصر به وتمنّ عليه بنصرك لدينك في الدّنيا والآخرة» .

ثمّ اجلس عند رأسه فقل : «صلّى الله عليك أشهد أنّك عبدالله وأمينه بلّغت ناصحاً وأدّيت أميناً وقتلت صدّيقاً ومضيت على يقين لم تؤثر عمى على هدى ولم تمل من حقّ إلى باطل أشهد أنّك قد أقمت الصّلاة و آتيت الزّكاة وأمرت بالمعروف و نهيت عن المنكر واتّبعت الرّسول وتلوت الكتاب حقّ تلاوته ودعوت إلى سبيل ربك بالحكمة والموعظة الحسنة صلّى الله عليك وسلّم تسليماً وجزاك الله من صدّيق خيراً عن رعيّتك وأشهد أنّ الجهاد معك جهادٌ وأنّ الحقّ معك و إليك وأنت أهله ومعدنه وميراث النبوّة عندك وعند أهل بيتك صلّى الله عليك وسلّم تسليماً ، أشهد أنّك صدّيق الله وحجّته على خلقه وأشهد أنّ دعوتك حقّ وكلّ داع منصوب غيرك فهو باطل مدحوض وأشهد أنّ الله هو الحقّ المبين» . ثمّ تحوّل عند رجليه وتخيّر من الدّعاء وتدعو لنفسك .

ثم تحول عند رأس علي بن الحسين عليهما السلام

وتقول : «سلام الله و سلام ملائكته المقرّبين وأنبيائه المرسلين يامولاي وابن مولاي و

رحمة الله و برکاته علیك، صلّی الله علیك و علی أهل بیتك و عترة آبائك الأخیار الأبرار الّذین أذهب الله عنهم الرّجس و طهّرهم تطهیراً».

ثم تأتی قبور الشهداء و تسلّم علیهم و تقول: «السّلام علیکم أیّها الرّبانیّون أنتم لنا فرط ونحن لکم تبع ونحن لکم خلف وأنصار أشهد أنکم أنصار الله وسادة الشّهداء في الدّنیا والآخرة فإنّکم أنصار الله کما قال الله عزّ وجلّ: «و کأیّن من نبیّ قاتل معه ربّیّون کثیر فما وهنوا لما أصابهم في سبیل الله وما ضعفوا وما استکانوا» وما ضعفتم و ما استکنتم حتّی لقیتم الله علی سبیل الحقّ ونصرة کلمة الله التامّة، صلّی الله علی أرواحکم وأبدانکم وسلّم تسلیماً. أبشروا بموعد الله الّذي لا خلف له إنّه لا یخلف المیعاد والله معدّ لکم بثار ما وعدکم أنتم سادة الشّهداء في الدّنیا والآخرة أنتم السابقون والمهاجرون والأنصار أشهد أنّکم قد جاهدتم في سبیل الله وقتلتم علی منهاج رسول الله ﷺ وابن رسول الله صلّی الله علیه و آله وسلّم تسلیماً. الحمد لله الّذي صدقکم وعده وأراکم ما تحبّون».

باب ۲۲۲

زیارت قبرِ امام حسین علیہ السلام

فرمایا جب قبر امام حسینؑ کے پاس آؤ تو فرات میں غسل کرو اور پھر قبر کی طرف آؤ اور سکینہ و وقار سے چلو اور مشرق کی طرف قبر کے پاس آؤ اور داخل ہوتے ہوئے کہو: «السلام علی ملائکة الله المنزلین، السلام علی ملائکة الله المردفین، السلام علی ملائکة الله المسوّمین، السلام علی ملائکة الله الّذین هم في هذا الحرم مقیمون

سلام ہو اللہ نے ان ملائکہ پر جو یہاں پر نازل ہوتے ہیں اور سلام ہو ان ملائکہ پر جو آگے پیچھے چلے آتے ہیں اور سلام ہو ان ملائکہ پر جو نشانات رکھتے ہیں اور سلام ہو ان ملائکہ پر جو اس حرم میں مقیم ہیں جب قبر حسینؑ کے سامنے آؤ تو کہو: «السلام علی رسول الله، السلام علی أمین الله علی رسله وعزائم أموره والخاتم لما سبق والفاتح لما استقبل والمهیمن علی ذلك کلّه والسّلام علیه ورحمة الله وبرکاته

سلام ہو خدا کے رسول پر جو اس کے رسولوں کی تعلیم کے اور اس کے حکم محکم کے امانت دار تھے اور انبیاؑ میں سب سے آخر تھے اور مستقبل کے فاتح ہیں اور احکام الٰہی کے محافظ ہیں اور ان پر سلام و رحمت و برکت ہو پھر کہو

«اللّهمّ صل على امير المؤمنين

عبدك وأخي رسولك الّذي انتجبته بعلمك وجعلته هادياً لمن شئت من خلقك والدّليل على من بعثته برسالاتك وديّان الدّين بعدلك وفصل قضائك بين خلقك والمهيمن على ذلك كلّه والسلام عليه ورحمة الله وبركاته

یا اللہ رحمت نازل کر امیر المومنین پر جو تیرے بندے اور تیرے رسول کے بھائی ہیں جن کو تو نے اپنے علم کے لئے منتخب کیا اور اپنی مخلوق پر ہادی بنایا اور لوگوں کے لئے رہنما بنایا اپنی رسالت کے ساتھ اور اپنے عدل کے ساتھ دین کا بدلہ دینے والا اور تیری مخلوق کے درمیان تیرے حکم کے مطابق فیصلہ کرنے والا اور وہ سب احکام کے محافظ ہیں اور ان پر سلام رحمت و برکت ہو پھر درود بھیجو امام حسین پر اور تمام آئمہ پر پھر آؤ قبر حسین کے پاس اور کہو

السلام عليك

يا ابن رسول الله ، السلام عليك يا ابن أمير المؤمنين صلّى الله عليك يا أبا عبدالله أشهد أنّك قد بلّغت عن الله عزّ وجلّ ما أُمرت به ولم تخش أحداً غيره وجاهدت في سبيله وعبدته صادقاً حتّى أتاك اليقين ، أشهد أنّك كلمة التقوى وباب الهدى والعروة الوثقى والحجّة على من يبقى و من تحت الثّرى ، أشهد أنّ ذلك سابقٌ فيما مضى و ذلك لكم فاتح فيما بقي أشهد أنّ أرواحكم وطينتكم طيّبة طابت وطهرت هي بعضها من بعض منّاً من الله ورحمة وأشهد الله وأشهدكم أنّي بكم مؤمن ولكم تابع في ذات نفسي وشرائع ديني وخاتمة عملي ومنقلبي ومثواي وأسأل الله البرّ الرّحيم أن يتمّ ذلك لي ، أشهد أنّكم قد بلّغتم عن الله ما أمركم به ولن تخشوا أحداً غيره وجاهدتم في سبيله وعبدتموه حتّى أتاكم اليقين ، لعن الله من قتلكم ولعن الله من أمر به ولعن الله من بلغه ذلك منهم فرضيّ به أشهد أنّ الّذين انتهكوا حرمتكم وسفكوا دمكم ملعونون على لسان النبيّ الأمّي صلّى الله عليه وآله .

سلام ہو آپ پر اے فرزند رسول سلام ہو آپ پر، اے فرزند امیر المومنین اللہ کی رحمت ہو آپ پر، اے ابو عبداللہ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ نے آپ کو جو حکم دیا تھا وہ آپ نے پہنچا دیا اور سوائے خدا کے کسی سے ڈرے نہیں اور آپ نے راہ خدا میں جہاد کیا اور مرتے دم تک سچے دل سے عبادت کی اور گواہی دیتا ہوں کہ آپ کلمہ تقویٰ اور باب ہدایت اور عروۃ الوثقیٰ ہیں اور حجت ہو ان لوگوں پر جو موجود ہیں اور جو زمین کے اندر گئے جو ہو چکا اس میں سابق رہے اور جو باقی ہے اس کے فاتح ہیں آپ کی ارواح اور آپ کی طینت پاک ہے طاہر ہے اور طہارت ملی ہم میں

سے بعض کو بعض سے اور میں اللہ اور آپ کو گواہ کرتا ہوں اس پر کہ آپ پر ایمان لایا ہوں اور آپ کا تابع ہوں اور احکام دین اور خاتمہ عمل قبلی، میرا جانا اور رہنا سب آپ کے تابع ہے اور نیکی دینے والے اور رحم کرنے والے خدا سے دعا ہے کہ وہ ان کو میرے لئے پورا کرے اور گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے ان احکام کی تبلیغ کی جو اللہ نے آپ کو ان کے لئے حکم دیا تھا، اور تم خدا کے سوا کسی سے نہ ڈرے اور راہ خدا میں جہاد کیا اور مرتے دم تک اس کی عبادت کی، اللہ کی لعنت ہو جنھوں نے تم کو قتل کیا یا قتل کا حکم دیا یا قتل کی خبر سن کر خوش ہوئے میں گواہی دیتا ہوں کہ ان لوگوں نے آپ کی تنہا حرمت کی آپ کا خون بہایا بزبان رسول یہ لوگ ملعون ہیں پھر کہو

«اللّٰهمّ العن الّذين بدّلوا نعمتك و خالفوا ملّتك ورغبوا عن أمرك واتّهموا رسولك وصدّوا عن سبيلك ،اللّٰهمّ احش قبورهم ناراً وأجوافهم ناراً واحشرهم وأشياعهم إلى جهنّم زرقاً ، اللّٰهمّ العنهم لعناً يلعنهم به كلّ ملك مقرّب و كلّ نبيّ مرسل و كلّ عبد مؤمن امتحنت قلبه للايمان ، اللّٰهمّ العنهم في مستسرّ السرّ وفي ظاهر العلانية ، اللّٰهمّ العن جوابيت هذه الامّة والعن طواغيتها والعن فراعنتها والعن قتلة أمير المؤمنين والعن قتله الحسين وعذّبهم عذاباً لاتعذّب به أحداً من العالمين ، اللّٰهمّ اجعلنا ممّن ينصره وتنتصر به وتمنّ عليه بنصرك لدينك في الدّنيا والآخرة».

اور لعن کر ان لوگوں پر جنھوں نے یا اللہ تیری نعمتوں کو بدلا اور تیری ملت میں تفرقہ ڈالا اور تیرے حکم سے نفرت کی اور تیرے رسولؐ پر تہمت لگائی اور تیرے راستہ سے لوگوں کو روکا یا اللہ ان کی اور ان کے تابعینؑ قبروں کو نار جہنم سے بھر دے یا اللہ ان پر لعن کر اور لعن کریں ان پر تمام مقرب فرشتے اور ہر نبی مرسل اور ہر وہ مومن جس کے قلب کا امتحان اللہ نے کر لیا ہو یا اللہ لعنت کر ان پر سراً و علانیۃً یا اللہ لعنت کر اس امت کے شیاطین پر اور لعنت کر امت کے سرکشوں فرعونوں اور امیر المومنین کے قاتلوں پر اور قاتلان حسینؑ پر اور ان کو ایسی سخت سزا دے جو عالمین میں کسی کو نہ دی ہو یا اللہ مجھے ان لوگوں میں قرار دے جو ناصران حسینؑ ہیں اور احسان کر اس پر دنیا و آخرت میں اپنی نصرت کا پھر سر کی طرف بیٹھو اور کہو

«صلّى الله عليك أشهد أنّك عبد الله وأمينه بلّغت ناصحاً وأدّيت أميناً وقتلت صدّيقاً ومضيت على يقين لم تؤثر عمى على هدى ولم تمل من حقّ إلى باطل أشهد أنّك قد أقمت الصّلاة و آتيت الزّكاة وأمرت بالمعروف و نهيت عن المنكر واتّبعت الرّسول وتلوت الكتاب حقّ تلاوته ودعوت إلى سبيل ربك بالحكمة والموعظة الحسنة صلّى الله عليك وسلّم تسليماً وجزاك الله من صدّيق خيراً عن دعيّتك

وأشهد أنّ الجهاد معك جهادٌ وأنّ الحقّ معك و إليك وأنت أهله ومعدنه وميراث النبوّة عندك وعند أهل بيتك صلّى الله عليك وسلّم تسليماً ، أشهد أنّك صدّيق الله وحجّته على خلقه وأشهد أنّ دعوتك حقٌّ وكلّ داعٍ منصوب غيرك فهو باطل مدحوض وأشهد أنّ الله هو الحقّ المبين».

اللہ کی آپ پر رحمت ہو اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے امین بندے ہیں آپ نے تا صحائم تبلیغ کی اور حق تبلیغ امانت سے ادا کیا اور صدیق ہو کر آپ قتل کئے گئے اور یقین پر مرے آپ کی ہدایت پر جہالت کا اثر نہ ہوا اور حق کو چھوڑ کر باطل کی طرف مائل نہ ہوئے آپ نے نماز کو قائم کیا زکوٰۃ کو دیا امر بالمعروف کیا اور نہی عن المنکر اور رسول کا اتباع کیا اور کتاب اللہ کی اچھی طرح تلاوت کی اور حکمت اور موعظہ حسنہ کے ساتھ لوگوں کو دعوت دی آپ پر رحمت خدا ہو اور میں گواہی دیتا ہوں کہ جہاد آپ کے ساتھ جہاد ہے اور حق آپ کے ساتھ اور آپ کی طرف ہے اور آپ اس کے اہل اور اس کی کان ہیں آپ کے لئے میراث نبوت ہے اور آپ کے اہل بیت کے پاس بھی میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کی تصدیق کرنے والے ہیں خلق پر اس کی حجت ہیں گواہی دیتا ہوں آپ کی دعوت حق ہے اور آپ کے غیر کی باطل اور مردود اور گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کی ذات کھلا ہوا حق ہے پھر پیروں کی طرف آؤ اور اپنے لئے دعا کرو پھر حضرت علی اکبر کے سر کے پاس آؤ اور کہو

سلام الله و سلام ملائكته المقرّبين وأنبيائه المرسلين يا مولاي وابن مولاي و رحمة الله و بركاته عليك صلّى الله عليك وعلى أهل بيتك وعترة آبائك الأخيار الأبرار الّذين أذهب الله عنهم الرّجس و طهّرهم تطهيراً» .

آپ پر سلام ہو اللہ کا ملائکہ مقربین اور انبیائے مرسلین کا اے میرے مولا کے مولا کے فرزند آپ پر اللہ کی رحمت و برکت ہو اور آپ کے خاندان والوں پر اور آپ کے آباء کی اولاد، اخیاء، ابرار پر جس سے اللہ نے ہر قسم کی نجاست کو دور رکھا ہے اور پوری طرح پاک کر دیا ہے پھر قبور شہداء کی طرف آؤ ان کو سلام کرو اور کہو۔

السّلام عليكم أيّها الرّبانيّون أنتم لنا فرط ونحن لكم تبع ونحن لكم خلف وأنصار أشهد أنكم أنصار الله وسادة الشّهداء في الدّنيا والآخرة فإنّكم أنصار الله كما قال الله عزّ وجلّ : «وكأيّن من نبيّ قاتل معه ربّيّون كثير فما وهنوا لما أصابهم في سبيل الله وما ضعفوا وما استكانوا» وما ضعفتم و ما استكنتم حتّى لقيتم الله على سبيل الحقّ ونصرة كلمة الله التامّة ، صلّى الله على أرواحكم وأبدانكم وسلّم تسليماً . أبشروا بموعد الله الّذي لا خلف له إنّه لا يخلف الميعاد والله مدرك

لكم بثار ما وعدكم أنتم سادة الشهداء في الدنيا و الآخرة أنتم السابقون والمهاجرون و الأنصار أشهد أنكم قد جاهدتم في سبيل الله وقتلتم على منهاج رسول الله ﷺ وابن رسول الله صلى الله عليه و آله وسلم تسليماً . الحمد لله الذي صدقكم وعده وأراكم ما تحبّون» .

سلام ہو تم پر اے اللہ والو تم ہمارے پیشوا ہو ہم تمہارے تابع ہیں ہم تمہارے پیچھے ہیں تمہارے انصار ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ تم اللہ کے انصار ہو تم شہیدوں کے سردار ہو دنیا و آخرت میں، تم اللہ کے انصار ہو جیسا کہ اللہ فرماتا ہے نبی کے ساتھ بہت سے اللہ والے ہوتے ہیں جنھوں نے فی سبیل اللہ مصائب برداشت کرنے میں کوئی سستی نہ کی اور اسی طرح تم نے بھی ضعف اور سستی کو نہ دکھایا اور امر حق کو قبول کیا بشارت ہو تم کو اس وعدے کی جو اللہ نے تم سے کیا ہے اور اللہ وعدہ خلافی نہیں کرتا۔ اللہ حسب وعدہ تمہارے خون کا بدلہ لے گا۔ تم شہیدوں کے سردار ہو تم نے فی سبیل اللہ جہاد کیا اور تم رسول اللہ اور ابن رسول اللہ کے طریقہ پر شہید کیے گئے اور حمد ہے اس خدا کی جس نے اپنے وعدہ کو پورا کیا اور تمھیں وہ دکھایا جسے تم دوست رکھتے تھے۔

کتاب الجہاد

بسم الله الرحمن الرحيم

كتاب الجهاد

﴿ باب ﴾

✡(فضل الجهاد)✡

١ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن عمر بن أبان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : الخير كلّه في السيف وتحت ظلّ السيف ولا يقيم النّاس إلاّ السيف والسيوف مقاليد الجنّة والنّار .

٢ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن النوفليّ ، عن السّكونيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : للجنّة باب يقال له : باب المجاهدين ، يمضون إليه فإذا هو مفتوح وهم متقلّدون بسيوفهم والجمع في الموقف والملائكة ترحّب بهم ، ثمّ قال : فمن ترك الجهاد ألبسه الله عزّ وجلّ ذلّا و فقراً في معيشته و محقاً في دينه ، إنّ الله عزّ وجلّ أغنى أُمّتي بسنابك خيلها ومراكز رماحها

٣ ـ وبإسناده قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : خيول الغزاة في الدّنيا خيولهم في الجنّة وإنّ أردية الغزاة لسيوفهم .

و قال النبيّ صلى الله عليه وآله : أخبرني جبرئيل عليه السلام بأمر قرّت به عيني و فرح به قلبي قال : يا محمّد من غزا من أُمّتك في سبيل الله فأصابه قطرة من السّماء أو صداع كتب الله عزّ وجلّ له شهادة .

٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد بن عيسى ، عن الحسن بن محبوب ، عن بعض أصحابه قال : كتب أبو جعفر عليه السلام في رسالة إلى بعض خلفاء بني أُميّة : ومن ذلك ما ضيّع الجهاد الّذي فضّله الله عزّ وجلّ على الأعمال وفضّل عامله على العمّال تفضيلاً في الدّرجات والمغفرة و الرّحمة لأنّه ظهر به الدّين وبه يدفع عن الدّين وبه اشترى الله من المؤمنين أنفسهم وأموالهم بالجنّة بيعاً مفلحاً منجحاً ، اشترط عليهم فيه حفظ الحدود و أوّل ذلك الدّعاء إلى طاعة الله عزّ و جلّ من طاعة العباد وإلى عبادة الله من عبادة العباد وإلى ولاية الله من ولاية العباد ، فمن دعي إلى الجزية فأبى قتل وسبي أهله وليس الدّعاء

من طاعة عبد إلى طاعة عبد مثله ومن أقرّ بالجزية لم يتعدّ عليه ولم تخفر ذمّته وكلّف دون طاقته وكان الفيء للمسلمين عامّة غير خاصّة وإن كان قتال وسبي سير في ذلك بسيرته و عمل في ذلك بسنّته من الدّين ثمّ كلّف الأعمى والأعرج الّذين لا يجدون ما ينفقون على الجهاد بعد عذر الله عزّ وجلّ إيّاهم ويكلّف الّذين يطيقون ما لا يطيقون و إنّما كانوا أهل مصر يقاتلون من يليه يعدل بينهم في البعوث ، فذهب ذلك كلّه حتّى عاد النّاس رجلين أجير مؤتجر بعد بيع الله ومستأجر صاحبه غارم و بعد عذر الله وذهب الحجّ فضيّع وافتقر النّاس فمن أعوج ممّن عوج هذا ومن أقوم ممّن أقام هذا فردّ الجهاد على العباد وزاد الجهاد على العباد ، إنّ ذلك خطأ عظيم .

۵ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد بن خالد ، عن بعض أصحابه ، عن عبدالله ابن عبدالرّحمن الأصمّ ، عن حيدرة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الجهاد أفضل الأشياء بعد الفرائض .

۶ ـ أحمد بن محمّد بن سعيد ، عن جعفر بن عبدالله العلويّ ؛ و أحمد بن محمّد الكوفيّ ، عن عليّ بن العبّاس ، عن إسماعيل بن إسحاق جميعاً ، عن أبي روح فرج بن قرّة ، عن مسعدة بن صدقة قال : حدّثني ابن أبي ليلى ، عن أبي عبدالرّحمن السّلميّ قال : قال أمير المؤمنين صلوات الله عليه : أمّا بعد فإنّ الجهاد بابٌ من أبواب الجنّة ، فتحه الله لخاصّة أوليائه وسوّغهم كرامة منه لهم ونعمة ذخرها ، والجهاد هو لباس التّقوى ودرع الله الحصينة وجنّته الوثيقة ، فمن تركه رغبة عنه ألبسه الله ثوب الذّلّ وشمله البلاء وفارق الرّضا وديّث بالصّغار والقماءة ، وضرب على قلبه بالأسداد وأديل الحقّ منه بتضييع الجهاد وسئم الخسف ومنع النّصف ، ألا وإنّي قد دعوتكم إلى قتال هؤلاء القوم ليلاً ونهاراً وسرّاً وإعلاناً وقلت لكم : اغزوهم قبل أن يغزوكم فوالله ما غزي قومٌ قطّ في عقر دارهم إلاّ ذلّوا ، فتواكلتم وتخاذلتم حتّى شنّت عليكم الغارات وملكت عليكم الأوطان هذا أخو غامد ، قد وردت خيله الأنبار وقتل حسّان بن حسّان البكري وأزال خيلكم عن مسالحها و قد بلغني أنّ الرّجل منهم كان يدخل على المرأة المسلمة والأخرى المعاهدة فينتزع حجلها وقلبها وقلائدها و رعاثها ما تمنع منه إلاّ بالاسترجاع و الاسترحام ، ثمّ انصرفوا وافرين ما نال رجلاً منهم كلم و لا أريق له دمٌ فلو أنّ امرءاً مسلماً مات من بعد هذا أسفاً ما كان به ملوماً بل كان عندي به جديراً ، فيا عجباً

عجباً والله يميت القلب ويجلب الهمّ من اجتماع هؤلاء على باطلهم و تفرّقكم عن حقّكم فقبحاً لكم وترحاً حين صرتم غرضاً يرمى ، يغار عليكم ولاتغيرون وتغزون ولا تغزون و يعصى الله و ترضون ، فإذا أمرتكم بالسّير إليهم في أيّام الحرّ قلتم : هذه حمارّة القيظ أمهلنا حتّى يسبّخ عنّا الحرّ و إذا أمرتكم بالسير إليهم في الشتاء قلتم : هذه صبارّة القرّ أمهلنا حتّى ينسلخ عنّا البرد ، كلّ هذا فراراً من الحرّ و القرّ ، فإذا كنتم من الحرّ و القرّ تفرّون فأنتم والله من السّيف أفرّ ؛

ياأشباه الرّجال ولا رجال حلوم الأطفال وعقول ربّات الحجال لوددت أنّي لم أركم و لم أعرفكم معرفة والله جرّت ندماً وأعقبت ندماً ، قاتلكم الله لقد ملأتم قلبي قيحاً و شحنتم صدري غيظاً و جرّعتموني نُغب التهمام أنفاساً و أفسدتم عليّ رأيي بالعصيان و الخذلان حتّى لقد قالت قريش : إنّ ابن أبي طالب رجل شجاع ولكن لاعلم له بالحرب ، لله أبوهم وهل أحدٌ منهم أشدّ لها مراساً وأقدم فيها مقاماً منّي لقد نهضت فيها وما بلغت العشرين وها أنا قد ذرّفت على الستّين ولكن ، لا رأي لمن لايطاع .

۷ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد بن عيسى ، عن عليّ بن الحكم ، عن أبي حفص الكلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إنّ الله عزّ وجلّ بعث رسوله بالإسلام إلى النّاس عشر سنين فأبوا أن يقبلوا حتّى أمره بالقتال ، فالخير في السّيف وتحت السّيف والأمر يعود كما بدء .

۸ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد بن خالد ، عن أبي البختريّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : إنّ جبرئيل أخبرني بأمر قرّت به عيني وفرح به قلبي قال : يا محمّد من غزا غزاة في سبيل الله من أمّتك فما أصابه قطرة من السّماء أو صداع إلاّ كانت له شهادة يوم القيامة .

۹ ـ وبهذا الإسناد قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : من بلغ رسالة غاز كان كمن أعتق رقبة وهو شريكه في ثواب غزوته .

۱۰ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن النوفليّ ، عن السّكونيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال النبيّ صلى الله عليه وآله : من اغتاب مؤمناً غازياً أو آذاه أو خلفه في أهله بسوء نصب له يوم القيامة فيستغرق حسناته ثمّ يركس في النّار إذا كان الغازي في طاعة الله عزّ وجلّ .

۱۱ ـ عليٌ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن محبوب رفعه قال : قال أمير المؤمنين عليه السلام : إنّ الله عزّ وجلّ فرض الجهاد وعظّمه وجعله نصره وناصره . والله ماصلحت دُنيا ولا دين إلاّ به .

۱۲ ـ عليٌ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن هارون بن مسلم ، عن مسعدة بن صدقة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال النبيّ صلى الله عليه وآله : اغزوا تورّثوا أبناءكم مجداً .

۱۳ ـ وبهذا الإسناد أنّ أبادجانة الأنصاريّ اعتمّ يوم أحد بعمامة له و أرخى عذبة العمامة[۳] بين كتفيه حتّى جعل يتبختر ، فقال رسول الله صلى الله عليه وآله : إنّ هذه لمشية يبغضها الله عزّ وجلّ إلاّ عند القتال في سبيل الله .

۱۴ ـ عليٌ ، عن أبيه ، عن النّوفليّ ، عن السّكونيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : جاهدوا تغنموا .

۱۵ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحجّال ، عن ثعلبة ، عن معمر ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : الخير كلّه في السّيف وتحت السّيف وفي ظبّة السّيف ؛ قال : وسمعته يقول : إنّ الخير كلّ الخير معقود في نواصي الخيل إلى يوم القيامة .

باب ۱

فضیلت جہاد

۱۔ فرمایا حضرت رسول خدا نے تلوار میں پوری خیر ہے تلوار کے سایہ میں خیر ہے لوگ قائم نہیں رہ سکتے مگر تلوار سے تلواریں جنت و نار کی کنجیاں ہیں ۔(ض)

۲۔ فرمایا حضرت نے کہ رسول اللہ نے فرمایا ہے جنت میں ایک دروازہ ہے جس کا نام باب المجاہدین ہے لوگ اس کی طرف جائیں گے وہ کھلے گا ان لوگوں پر جو اپنی تلواریں لٹکائے ہوں گے موقف میں جمع ہو گا ملائکہ ان کو مرحبا کہتے ہوں گے پھر فرمایا جس نے جہاد کو ترک کیا اللہ اس کی معیشت میں ذلت اور فقر کا لباس پہنائے گا اللہ نے میری امت کو غنی بنایا ہے گھوڑوں کی ٹاپوں اور نیزوں کے مرکزوں سے ۔(ض)

۳۔ فرمایا رسول اللہ نے غازیوں کے گھوڑے دنیا میں ان کے گھوڑے ہوں گے جنت میں غازیوں کی ردائیں ان کی تلواریں ہیں حضرت رسول خدا نے فرمایا کہ جبرئیل نے مجھے ایسی بات بتائی ہے جس سے میری آنکھیں ٹھنڈی ہو گئیں اور دل خوش ہو گیا۔

انھوں نے کہا اے محمد آپ کی امت میں جو فی سبیل اللہ جہاد کرے گا تو اگر ذرا سا خون اس کا بہے گا یا درد سر ہو جائے گا تو اللہ اس کو شہادت کا مرتبہ دے گا۔ (ض)

۴۔ حضرت نے اپنے خط میں لکھا بنی امیہ کے کسی خلیفہ کو۔ اللہ تعالیٰ نے جہاد کو فضیلت دی ہے اعمال پر اور اس کے عامل کو عمال پر، یہ فضیلت درجات و مغفرت و رحمت میں ہے کیونکہ اس کی وجہ سے دین قوی ہوتا ہے اور دشمنوں کے دین پر حملوں کو دفع کیا جاتا ہے اور اس کی وجہ سے اللہ مومنوں کی جانیں خریدتا ہے اور یہ بیع مومنین کے لئے باعث فلاح و نجات ہوتی ہے۔ مگر شرط یہ ہے کہ حدود شریعت کی حفاظت ہو اس میں سب سے پہلی شرط یہ ہے کہ بجائے لوگوں کی اطاعت کے اللہ کی اطاعت کی طرف دعوت دی جائے اور بجائے بندوں کی حکومت کے اقرار کے اللہ کی حکومت کا اقرار لیا جائے۔ پس جس کو جزیہ کی دعوت دی جائے اور وہ قبول نہ کرے تو اسے قتل کیا جائے اور اس کے اہل و عیال کو قید کر لیا جائے۔ یہ اسلامی دعوت نہیں کہ بندوں کی اطاعت سے بندوں کی اطاعت کی طرف بلایا جائے اور جو لوگ جزیہ کا اقرار کر لیں ان کو نہ ہٹایا جائے ان کے ذمہ کو توڑا نہ جائے یعنی ان کی حفاظت کی ذمہ داری لی جائے خراج اور مال غنیمت میں سب مسلمانوں کا حصہ ہے صرف خاص لوگوں کا ہی نہیں اور اگر لڑائی ہو اور قیدی بنائے جائیں تو سیرت اور سنت رسولؐ پر عمل کیا جائے اور جنگ کے لئے ان اندھوں اور لنگڑوں کو بھی اس زمانہ میں تکلیف دی جاتی ہے جو جہاد کی تیاری کے لئے پیسہ نہیں رکھتے حالانکہ اللہ نے ان کو معذور قرار دیا ہے اور جو طاقت رکھتے ہیں ان پر اتنا بار ڈالا جاتا ہے کہ وہ اس کو برداشت نہیں کر سکتے حالانکہ قاعدہ یہ تھا کہ شہر والے ان محاذوں پر بھیجے جاتے تھے جو ان کے شہر سے قریب ہوتے تھے اور ان کو باری باری بھیجا جاتا تھا تاکہ ان کے درمیان انصاف رہے افسوس ہے کہ جہاد کی یہ سب صورتیں ختم ہو گئیں اب دو قسم کے لوگ ہیں ایک وہ جو اللہ سے معاملہ بیع کر چکے اور دوسرے وہ ہیں جو مال دنیا کو جہاد کا اجر جانتے ہیں اور دوسروں کو کچھ نہیں دیتے جس سے غریب لوگ حج کرنے کے قابل نہ رہے اور محتاج ہو کر رہ گئے جس نے ٹیڑھا راستہ دکھایا وہ خود گمراہ ہوا اور جس نے صحیح راستہ دکھایا وہ درست رہا اہل استطاعت نے لوگوں پر جہاد کا بار رکھا یہ بہت بڑی خطا ہے۔ (مرسل)

۵۔ فرمایا فرض (نماز روزہ وغیرہ) کے بعد جہاد سب سے بہتر ہے۔ (ض)

۶۔ فرمایا امیر المومنین علیہ السلام نے جہاد ایک دروازہ ہے جنت کے دروازوں میں سے، جس کو اللہ نے اپنے خاص اولیاء کے لئے کھولا ہے اور اس میں ان کے لئے کرامت ہے اور نعمتوں کا ذخیرہ ہے اور جہاد تقویٰ کا لباس ہے اور خدا کی ایک مضبوط زرہ ہے اور قابل اعتماد سپر ہے جس نے ازراہ نفرت اس کو ترک کیا تو اللہ اس کو ذلت کا لباس پہنائے گا اور بلاؤں کی ردا اڑھائے گا اور اپنی مرضی سے اسے الگ کر دے گا اور گھیرے گا اس کو ذلتوں اور رسوائیوں میں اور سلامتی کی راہیں اس پر بند کر دے گا اور حق کو اس سے ہٹا دے گا جہاد کو ضائع کرنے کی وجہ سے اور ذلت کو اس

پر مسلط کر دے گا اور انصاف کو اس سے روک دے گا۔

(اپنی فوج سے) آگاہ ہو میں نے تم کو اس قوم (فوج شام) سے رات دن چھپ کر اور ظاہر ہو کر لڑنے کی دعوت دی میں نے تم سے کہا کہ ان پر حملہ کرو ان کے حملہ کرنے سے پہلے، قسم خدا کہ جن لوگوں نے اپنے گھر کے اندر رہ کر (باہر نہ جا کر) لڑنا چاہا وہ ذلیل ہوئے پس تم ایک دوسرے کی باتوں میں آگئے اور میری نصرت ترک کی نتیجہ یہ ہوا کہ دشمن تم پر چڑھ آیا اور جبراً تمہارے وطن تم سے چھین لئے یہ قبیلہ یمن کا سردار سفیان بن عوف بن المغفل کثیر لشکر لے کر آگیا اور اس نے عامل انبار حسان بن حسان البکری کو قتل کر دیا اور تم مصلحت اندیشی ہی میں رہے میں نے سنا ہے کہ ان میں ایک شخص ایک مسلمان اور ایک ذمیہ عورت کے پاس آیا اور اس کا خلخال، کنگن، گلوبند اور گوشوارے اُچک لے گیا اور اس سے اسے نہ روکا گیا مگر التجا کر کے اور رحم کی درخواست کر کے وہ بہت سا مال لے کر پلٹ گئے ان میں سے کسی ایک کو نہ زخم آیا اور نہ کسی کا خون بہایا گیا اگر کوئی مرد مسلمان اس موقع پر مر جاتا تو اس پر ملامت نہ ہوتی بلکہ میرے نزدیک وہ اس پر قابل تعریف ہوتا۔

تمہاری یہ حالت سخت تعجب خیز ہے اللہ جن قلوب کو مردہ کر دیتا ہے اور ہم و غم کو کھینچ لیتا ہے اس مجمع سے جو باطل پر ہوں تم اپنے حق سے جدا ہو گئے تمہارا برا ہو تم غم نصیب رہو۔ افسوس کہ تم نے اپنے کو دوسروں کے تیروں کا نشانہ بنایا، لوٹے گئے لیکن تمہاری حالت نہ بدلی اور نہ تم نے جنگ کی اللہ کی نافرمانی پر تم راضی رہے جب میں نے ان لوگوں کی طرف جانے کو کہا تو کہا زمانہ تو شدید گرمی کا ہے گرمی ذرا کم ہو جانے دیجئے، یہ تمہارا گرمی اور سردی سے بھاگنا درحقیقت تمہارا تلوار سے بھاگنا ہے تو تم نے یہ غور کیا، تم مردوں سے مشابہ ہو مرد نہیں ہو، تم میں بچوں کی سی عقل ہے اور عورتوں کی سی سمجھ، میں تم میں معرفت کا نشان نہیں پاتا۔ خدا کی قسم تمہاری اس حالت نے ندامت کو کھینچا اور مذمت اس کا نتیجہ ہوا۔ اللہ تمہیں قتل کرے، تم نے میرے دل کو پیپ سے بھر دیا اور میرے سینے کو غیظ سے پُر کر دیا۔ تم نے مجھے گھونٹ گھونٹ دوامی غم بار بار پلایا اور تم نے میری رائے کو عصیان اور خذلان سے منسوب کرایا یہاں تک کہ قریش کہنے لگے۔ علی ابن ابی طالب شجاع تو ہیں لیکن علم حرب سے واقف نہیں، خدا ان سے سمجھے کیا ان میں کوئی مجھ سے زیادہ ثابت قدم رہنے والا اور آگے بڑھنے والا ہے میں تو لڑائیوں میں اس وقت سے لگا ہوا ہوں جب میں ۲۰ سال کا تھا اور اب تو ساٹھ سال کا ہوں لیکن جو اطاعت نہ کرے اس کی رائے کیا۔

۷۔ اللہ تعالیٰ نے اسلام کے ساتھ رسولؐ کو بھیجا آنحضرتؐ نے دس سال تبلیغ کی لیکن انھوں نے اس کو قبول نہ کیا پھر اللہ نے قتال کا حکم دیا پس خیر تلوار میں ہے تلوار کے نیچے ہے پس یہ امر جیسے شروع ہوا ہے ویسے ہی لوٹے گا۔ (م)

۸۔ فرمایا حضرت نے کہ رسول اللہ نے فرمایا ہے کہ جبرئیل نے مجھے ایک ایسے امر کی خبر دی جس سے میری آنکھیں ٹھنڈی ہو گئیں اور دل خوش ہوا۔ فرمایا اے محمد جو فی سبیل اللہ ایک جہاد کرے گا آپ کی امت میں سے تو اگر آسمان سے ایک قطرہ بھی

اس پر گرے گا یا درد سر ہو گا تو روز قیامت اس کا شمار شہیدوں میں ہو گا

۹۔ فرمایا حضرت رسول خدا نے جو کسی غازی کا خط پہنچائے گا تو ایسا ہے کہ اس نے ایک غلام آزاد کر دیا اور اس کے جہاد کے ثواب میں شریک ہو گا۔ (م)

۱۰۔ فرمایا حضرت رسول خدا نے جو کسی غازی مومن کی غیبت کرے گا یا اسے ستائے گا اور اس کے پیچھے اس کے اہل سے بدی کرے گا تو روز قیامت اللہ اس کے حسنات کو غرق کرے گا اور اسے جہنم میں اوندھے منہ ڈالدے گا کیونکہ غازی اللہ کی اطاعت میں ہوتا ہے۔ (ض)

۱۱۔ فرمایا امیر المومنین علیہ السلام نے کہ اللہ نے فرض کیا ہے جہاد کو اور اس کو معظم قرار دیا ہے اور اس کو مدد اور مددگار بنایا ہے دین کی اصلاح نہ ہو گی بلکہ دین نہ ہو گا مگر اس سے۔ (مرفوع)

۱۲۔ فرمایا حضرت رسولؐ خدا نے جہاد کرو اور اپنی اولاد کو بزرگی کا مالک بناؤ۔ (ض)

۱۳۔ ابو درجانہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے عمامہ باندھا اور عمامہ کا چھورا اپنے دونوں کندھوں کے درمیان پھیلا دیا حضرت رسولؐ خدا نے فرمایا یہ روش اللہ کو بری معلوم ہوتی ہے ہاں قتال فی سبیل اللہ میں شیک ہے (ض)

۱۴۔ فرمایا حضرت رسول خدا نے جہاد کرو اور مال غنیمت لو۔ (ض)

۱۵۔ فرمایا پوری پوری خیر تلوار میں ہے تلوار کے نیچے ہے تلوار کے سایہ میں ہے اور یہ بھی فرمایا پوری خیر وابستہ ہے گھوڑوں کی پیشانیوں سے روز قیامت تک۔ (م)

﴿باب ۲﴾

﴿جهاد الرجل والمرأة﴾

۱ ـ عليٌّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن أبي الجوزاء، عن الحسين بن علوان، عن سعد بن طريف، عن الأصبغ بن نباتة قال: قال أمير المؤمنين عليه السلام: كتب الله الجهاد على الرّجال والنّساء فجهاد الرّجل بذل ماله و نفسه حتّى يقتل في سبيل الله وجهاد المرأة أن تصبر على ما ترى من أذى زوجها وغيرته

باب ۲

جہاد مرد و عورت

۱۔ فرمایا امیر المومنین علیہ السلام نے جہاد، مرد و عورت دونوں پر واجب ہے مرد کا جہاد یہ ہے کہ اپنے مال اور

جان کو دے دے یہاں تک کہ قتل ہو جائے راہ خدا میں، عورت کا جہاد یہ ہے کہ شوہر کو جو تکلیف پہنچے اس پر صبر کرے اور غیرت دلائے۔

﴿ باب ۳ ﴾

✡(وجوه الجهاد)✡

۱ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه؛ وعليّ بن محمّد القاسانيّ جميعاً، عن القاسم بن محمّد عن سليمان بن داود المنقريّ، عن فضيل بن عياض قال: سألت أبا عبدالله عليه السلام عن الجهاد سنّة أم فريضة؟ فقال: الجهاد على أربعة أوجه فجهاد ان فرض وجهاد سنّة لا يقام إلّا مع الفرض، فأمّا أحد الفرضين فمجاهدة الرّجل نفسه عن معاصي الله عزّ وجلّ وهو من أعظم الجهاد. و مجاهدة الّذين يلونكم من الكفّار فرض. و أمّا الجهاد الّذي هو سنّة لا يقام إلّا مع فرض فإنّ مجاهدة العدوّ فرض على جميع الأُمّة ولو تركوا الجهاد لأتاهم العذاب وهذا هو من عذاب الأُمّة و هو سنّة على الإمام وحده أن يأتي العدوّ مع الأُمّة فيجاهدهم. وأمّا الجهاد الّذي هو سنّة فكلّ سنّة أقامها الرّجل وجاهد في إقامتها و بلوغها وإحيائها فالعمل و السّعي فيها من أفضل الأعمال لأنّها إحياء سنّة وقد قال رسول الله صلى الله عليه وآله: من سنّ سنّة حسنة فله أجرها وأجر من عمل بها إلى يوم القيامة من غير أن ينقص من أُجورهم شيء.

۲ ـ وباسناده، عن المنقريّ، عن حفص بن غياث، عن أبي عبد الله عليه السلام قال: سأل رجلٌ أبي صلوات الله عليه عن حروب أمير المؤمنين عليه السلام وكان السّائل من محبّينا فقال له أبو جعفر عليه السلام: بعث الله محمّداً صلى الله عليه وآله بخمسة أسياف ثلاثة منها شاهرة فلا تغمد حتّى تضع الحرب أوزارها ولن تضع الحرب أوزارها حتّى تطلع الشّمس من مغربها. فإذا طلعت الشّمس من مغربها آمن النّاس كلّهم في ذلك اليوم فيومئذ لا ينفع نفساً إيمانها لم تكن آمنت من قبل أو كسبت في إيمانها خيراً؛ وسيف منها مكفوفٌ وسيفٌ منها مغمود سلّه إلى غيرنا وحكمه إلينا.

وأمّا السّيوف الثلاثة الشاهرة:

فسيف على مشركي العرب قال الله عزّ وجلّ: «اقتلوا المشركين حيث وجدتموهم وخذوهم واحصروهم واقعدوا لهم كلّ مرصد فإن تابوا (يعني آمنوا) وأقاموا الصّلوة وآتوا

الزّكوة » فإخوانكم في الدّين » فهؤلاء لا يقبل منهم إلاّ القتل أو الدّخول في الإسلام وأموالهم وذراريهم سبي على ما سنّ رسول الله صلى الله عليه وآله فإنّه سبى وعفى و قبل الفداء .

والسّيف الثّاني على أهل الذمّة ، قال الله تعالى : « وقولوا للنّاس حسناً نزلت هذه الآية في أهل الذّمة ثم نسخها قوله عزّوجلّ : «قاتلوا الّذين لا يؤمنون بالله ولا باليوم الآخر ولا يحرّمون ما حرّم الله ورسوله ولا يدينون دين الحقّ من الّذين أوتوا الكتاب حتّى يعطوا الجزية عن يد وهم صاغرون » فمن كان منهم في دار الإسلام فلن يقبل منهم إلاّ الجزية أو القتل وما لهم في فيء وذراريهم سبي وإذا قبلوا الجزية على أنفسهم حرّم علينا سبيهم وحرمت أموالهم و حلّت لنا مناكحتهم و من كان منهم في دار الحرب حلّ لنا سبيهم وأموالهم ولم تحلّ لنا مناكحتهم ولم يقبل منهم إلاّ الدّخول في دار الإسلام أو الجزية أو القتل .

والسّيف الثالث سيفٌ على مشركي العجم يعني التّرك والدّيلم والخزر ، قال الله عزّوجلّ في أول السورة الّتي يذكر فيها «الّذين كفروا» فقصّ قصّتهم ثمّ قال : «فضرب الرّقاب حتّى إذا أثخنتموهم فشدّوا الوثاق فامّا منّاً بعد وإمّا فداء حتّى تضع الحرب أوزارها فأمّا قوله : «فامّا منّاً بعد» يعني بعد السّبي منهم « و إمّا فداء» يعني المفاداة بينهم و بين أهل الإسلام فهؤلاء لن يقبل منهم إلّا القتل أو الدّخول في الإسلام ولا يحلّ لنا مناكحتهم ما داموا في دار الحرب .

وأمّا السّيف المكفوف فسيفٌ على أهل البغي والتّأويل قال الله عزّوجلّ : «وإن طائفتان من المؤمنين اقتتلوا فأصلحوا بينهما فإن بغت إحديهما على الأخرى فقاتلوا الّتي تبغي حتّى تفيء إلى أمر الله » فلمّا نزلت هذه الآية قال رسول الله صلى الله عليه وآله : إنّ منكم من يقاتل بعدي على التأويل كما قاتلت على التنزيل ، فسئل النبيّ صلى الله عليه وآله من هو ؟ فقال : خاصف النّعل يعني أمير المؤمنين عليه السلام ، فقال عمّار بن ياسر : قاتلت بهذه الرّاية مع رسول الله صلى الله عليه وآله ثلاثاً و هذه الرّابعة و الله لو ضربونا حتّى يبلغوا بنا السّعفات من هجر لعلمنا أنّا على الحقّ وأنّهم على الباطل . وكانت السّيرة فيهم من أمير المؤمنين عليه السلام ما كان من رسول الله صلى الله عليه وآله في أهل مكّة يوم فتح مكّة فانّه لم يسب لهم ذرّيّة و قال : من أغلق بابه فهو آمن ومن ألقى سلاحه فهو آمن و كذلك قال : أمير المؤمنين صلوات الله عليه يوم البصرة نادى فيهم لا تسبوا لهم ذرّيّة ولا تجهزوا على جريح ولا تتبعوا مدبراً

ومن أغلق بابه وألقى سلاحه فهو آمن .

وأمّا السّيف المغمود فالسّيف الّذي يقوم به القصاص قال الله عزّ وجلّ: «النفس بالنّفس والعين بالعين» فسلّه إلى أولياء المقتول وحكمه إلينا فهذه السّيوف الّتي بعث الله بها محمّداً صلى الله عليه وآله فمن جحدها أو جحد واحداً منها أو شيئاً من سيرها و أحكامها فقد كفر بما أنزل الله على محمّد صلى الله عليه وآله .

۳ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن النوفليّ ، عن السّكونيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّ النّبيّ صلى الله عليه وآله بعث بسريّة فلمّا رجعوا قال : مرحباً بقوم قضوا الجهاد الأصغر وبقي الجهاد الأكبر ، قيل : يارسول الله وما الجهاد الأكبر ؟ قال : جهاد النفس .

باب ۳

وجوہ جہاد

۱۔ پوچھا حضرت سے کہ جہاد سنت ہے یا فرض ، فرمایا جہاد کی چار صورتیں ہیں دو جہاد فرض ہیں اور ایک جہاد سنت ہے لیکن وہ فرض کے ساتھ چلتا ہے اور ایک جہاد سنت ہے لیکن دو فرضوں میں ایک ہے انسان کا جہاد کرنا اپنے نفس سے معصیت سے بچانے میں اور یہ سب سے بڑا جہاد ہے اور دوسرا جہاد کفار سے فرض ہے تیسرا جہاد جو سنت ہے اور فرض کے ساتھ قائم ہوتا ہے وہ دشمن سے لڑنا فرض ہے تمام امت پر اگر وہ جہاد کو ترک کر دیں گے تو ان پر اللہ کا عذاب ہوگا اور امت کا عذاب یہی ہے لیکن اگر لوگ جمع نہ ہوں تو امام کے لئے سنت ہے در آنحالیکہ وہ اکیلا ہو اور اگر امت کے ساتھ دشمن کا سامنا ہو تو جہاد کرنا واجب ہے اور جو جہاد سنت ہے پس وہ ہر سنت ہے جس کو کوئی قائم کرے اور اس کے باقی رکھنے میں جہاد کرے اس میں عمل اور افضل اعمال ہے کیونکہ وہ سنت رسولؐ کا احیاء ہے اور رسول اللہ نے فرمایا ہے جس نے سنت حسنہ قائم کی اسکے لئے اجر ہے اور اس کے لئے بھی جو اس پر عمل کرے ، روز قیامت تک اجر ملے گا بغیر اس کے کہ ان کے اجر میں کوئی کمی ہو (منہ)

۲۔ فرمایا ایک شخص نے جو ہمارے محبوں میں سے تھا میرے والد سے امیر المومنینؑ کی لڑائیوں کے متعلق پوچھا حضرت نے فرمایا کہ اللہ نے حضرت رسول خدا کو پانچ تلواروں کے ساتھ بھیجا تین ان میں سے کھلی ہوئی تھیں جو نیام میں نہیں جائیں گی جب تک لڑائی اپنے ہتھیار نہ رکھ دے اور لڑائی بند نہ ہوگی جب تک سورج مغرب سے نہ نکلے اور جب سورج مغرب سے نکلے گا تو لوگ امن سے ہو جائیں گے اور اس روز نفع نہ دے گا ایمان لانا جب تک پہلے سے ایمان

نہ لایا ہو اور اپنے ایمان سے نیکی حاصل کی ہو اور ان میں سے ایک تلوار رکی ہوئی ہے اور ایک ان میں نیام میں ہے جو ہمارے غیر پر کھنچے گی اور اس کا حکم ہماری طرف ہوگا لیکن تین مشہور ہیں۔ اول وہ تلوار جو مشرکین عرب کے لئے ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے «اقتلوا المشرکین حیث وجدتموھم وخذوھم واحصروھم واقعدوالھم کلّ مرصد فإن تابوا (یعني آمنوا) وأقاموا الصّلوٰة وآتوا الزّکوٰة فإخوانکم في الدّین» مشرکین کو جہاں پاؤ قتل کرو، انھیں پکڑ لو، انھیں محصور کرو اور ہر گھات کی جگہ ان کے لئے بیٹھو اور اگر وہ توبہ کریں یعنی ایمان لائیں اور نماز پڑھیں زکوٰۃ دیں تو وہ تمہارے دینی بھائی ہیں اور جو لوگ اسلام قبول نہ کریں تو قتل کے سوا ان کی کوئی سزا نہیں، ان کے اموال لے لئے جائیں اور ان کی ذریت کو قید کر لیا جائے موافق سنت رسولؐ کے، کہ حضرت نے ان کو قید کیا معاف کیا اور فدیہ لیا اور دوسری تلوار اہل ذمہ کے لئے ہے اللہ تعالیٰ نے پہلے فرمایا «وقولوا للنّاس حسناً» ان لوگوں سے نرم لہجہ میں بات کرو، یہ آیت اہل ذمہ کے متعلق نازل ہوئی پھر اس آیت سے منسوخ ہو گئی «قاتلوا الّذین لا یؤمنون باللہ ولا بالیوم الآخر ولا یحرّمون ما حرّم اللہ ورسولہ ولا یدینون دین الحقّ من الّذین أوتوا الکتاب حتّی یعطوا الجزیة عن ید وھم صاغرون» قتال کرو ان لوگوں سے جو اللہ اور روز آخرت پر ایمان نہیں لاتے اور نہیں حرام جانتے اس کو جو اللہ اور رسول نے حرام کیا ہے اور دین حق کو نہیں مانتے یہ وہ لوگ ہیں جن کو کتاب دی گئی یہاں تک قتال کرو کہ یہ ذلیل ہو کر جزیہ دینے لگیں اور جو ان میں سے دار اسلام میں ہوں تو ان سے جزیہ ہی قبول کیا جائے ورنہ پھر قتل اور ان کا مال غنیمت ہوگا اور ان کے اہل و عیال کو قید کیا جائے اور جب جزیہ قبول کر لیں تو پھر ان کو قید کرنا حرام ہے اور ان کے اموال حرام ہیں اور ان سے مناکحت حلال ہے اور ان میں سے جو دار حرب میں ہوں تو ان کو قید کرنا حلال ہے اور ان کے اموال لینا بھی لیکن ان سے مناکحت حلال نہیں اور سوائے مسلمان ہونے یا جزیہ دینے یا قتل کرنے کے اور کوئی بات ان کے لئے قبول نہ ہوگی۔

اور تیسری تلوار ہے مشرکین عجم یعنی ترک و دیلم و خزر کے لئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اس سورہ کے اوّل میں جس میں ذکر کافروں کا اور ان کا قصہ بیان کیا ہے فرماتا ہے «فضرب الرّقاب حتّی إذا أثخنتموھم فشدّوا الوثاق فإمّا منّاً بعد وإمّا فداء حتّی تضع الحرب أوزارھا» ان کی گردنیں مارو جب تم ان پر غالب آؤ، ان کی مشکیں کس لو بعد میں یا تو احسان رکھ کر چھوڑ دو یا فدیہ لے لو یہاں تک کہ جنگ اپنے ہتھیار ڈال دے اور یہ جو فرمایا

ہے پس بعد میں احسان یعنی انھیں قید کرنے کے بعد یعنی ان کے اور اہل اسلام کے درمیان جو فدیہ طے ہو۔ اگر وہ دار الحرب والے ہیں تو قتل کے سوا یا مسلمان ہونے کے سوا ان سے کوئی چیز نہ قبول کی جائے اور نہ ان سے مناکحت حلال ہوگی۔

جو تلوار رکی ہے وہ وہ ہے جو باغیوں اور تاویل کرنے والوں کے لئے ہے جیسا کہ اللہ نے فرمایا ہے

«وإن طائفتان من المؤمنين اقتتلوا فأصلحوا بينهما فان بغت إحديهما على الأخرى فقاتلوا التي تبغي حتى تفيء إلى أمر الله.

اگر مومنوں کے دو گروہ باہم قتال کریں تو ان کے درمیان صلح کراؤ اور اگر کوئی سرکشی کرے تو بغاوت کرنے والے کو قتل کرو یہاں تک کہ حکم خدا کی طرف رجوع ہو جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضرت رسول خدا نے فرمایا تم میں سے ایک وہ ہے جو تاویل قرآن پر اسی طرح جہاد کرے گا جیسے میں نے تنزیل پر کیا ہے کسی نے پوچھا وہ کون ہے فرمایا وہ جو میرا جوتا ٹانک رہا ہے یعنی امیر المومنین علیہ السلام، عمار یاسر نے کہا ہے میں نے مقاتلہ کیا اس رایت کے ساتھ رسول اللہ کے ہمراہ تین بار اور یہ چوتھی بار ہے واللہ اگر یہ مجھے مارتے ہوئے ہجر (بحرین میں ایک مقام) کے نخلستان تک لے جائیں تب بھی میں یہی کہوں گا کہ میں حق پر ہوں اور یہ لوگ باطل پر ہیں علی علیہ السلام نے ان کے ساتھ ویسا ہی برتاؤ کیا تھا جیسا رسول اللہ کا روز فتح مکہ اہل مکہ کے ساتھ تھا۔ رسول اللہ نے حکم دیا تھا کہ ان کے بال بچوں کو قید نہ کرو جو دروازہ بند کرے وہ امان میں ہے جو ہتھیار ڈال دے وہ بھی امان میں ہے۔ اسی طرح جنگ جمل میں حضرت علی کیا ندا کرا دی، کوئی ان کے بال بچوں کو قید نہ کرے، زخمی کے پیچھے نہ جائے، بھاگنے والے کا تعاقب نہ کرے، جو دروازہ بند کرے یا ہتھیار ڈال دے وہ امان میں ہے۔

لیکن وہ تلوار جس سے قصاص لیا جاتا ہے اللہ نے فرمایا ہے جان کے بدلے جان ہے آنکھ کا بدلہ آنکھ ہے اولیاء مقتول کی طرف سے کھینچی جائے گی پس ان پانچ تلواروں کے ساتھ اپنے رسول کو بھیجا، جس نے ان کا انکار کیا یا ان میں سے ایک کا یا حضرت کی سیرت میں سے کسی بات کا بھی تو اس نے انکار کیا ان تمام چیزوں سے جو رسول پر نازل ہوئیں۔

۳۔ فرمایا حضرت رسول خدا نے کچھ فوج بھیجی گئی جب وہ لوگ لوٹ کر آئے تو فرمایا مرحبا ان لوگوں کے لئے جو جہاد اصغر کر کے آئے اور جہاد اکبر باقی رہا کسی نے پوچھا جہاد اکبر کیا ہے فرمایا جہاد نفس۔

﴿ باب ﴾

✡(من يجب عليه الجهاد و من لايجب)✡

١ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن بكر بن صالح ، عن القاسم بن بريد ، عن أبي عمرو الزّبيريّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قلت له : أخبرني عن الدّعاء إلى الله والجهاد في سبيله أهو لقوم لايحلّ إلاّ لهم و لا يقوم به إلّا من كان منهم أم هو مباحٌ لكلّ من وحّد الله عزّ و جلّ وآمن برسوله صلى الله عليه وآله و من كان كذا فله أن يدعو إلى الله عز وجلّ و إلى طاعته وأن يجاهد في سبيله ؟ فقال : ذلك لقوم لايحلّ إلاّ لهم ولا يقوم بذلك إلاّ من كان منهم ، قلت : من أُولئك ؟ قال : من قام بشرائط الله عزّ و جلّ في القتال و الجهاد على المجاهدين فهو المأذون له في الدّعاء ، إلى الله عزّ و جلّ و من لم يكن قائماً بشرائط الله عزّ وجلّ في الجهاد على المجاهدين فليس بمأذون له في الجهاد ، و لا الدّعاء إلى الله حتّى يحكم في نفسه ما أخذ الله عليه من شرائط الجهاد . قلت : فبيّن لي يرحمك الله ، قال : إنّ الله تبارك وتعالى أخبر [نبيّه] في كتابه الدّعاء إليه و وصف الدّعاة إليه فجعل ذلك لهم درجات يعرّف بعضها بعضاً و يستدلّ ببعضها على بعض فأخبر أنّه تبارك وتعالى أوّل من دعا إلى نفسه و دعا إلى طاعته و اتّباع أمره فبدأ بنفسه فقال : « و الله يدعو إلى دار السّلام ويهدي من يشاء إلى صراط مستقيم » ثمّ ثنّى برسوله فقال : « ادع إلى سبيل ربّك بالحكمة والموعظة الحسنة وجادلهم بالّتي هي أحسن » يعني بالقرآن ولم يكن داعياً إلى الله عزّ وجلّ من خالف أمر الله ويدعو إليه بغير ما أمر [به] في كتابه والّذي أمر أن لايدعى إلاّ به ؛ وقال : في نبيّه صلى الله عليه وآله : « وإنّك لتهدي إلى صراط مستقيم » يقول : تدعو ؛ ثمّ ثلّث بالدّعاء إليه بكتابه أيضاً فقال تبارك و تعالى : « إنّ هذا القرآن يهدي للّتي هي أقوم (أي يدعو) ويبشّر المؤمنين » ثمّ ذكر من أذن له في الدّعاء إليه بعده وبعد رسوله في كتابه فقال : « ولتكن منكم أُمّة يدعون إلى الخير و يأمرون بالمعروف وينهون عن المنكر وأُولئك هم المفلحون » ثمّ أخبر عن هذه الأُمّة وممّن هي وأنّها من ذرّيّة إبراهيم ومن ذرّيّة إسماعيل من سكّان الحرم ممّن لم يعبدوا غير الله قطّ الّذين وجبت لهم الدّعوة ، دعوة إبراهيم وإسماعيل من أهل المسجد الّذين أخبر عنهم في كتابه أنّه أذهب عنهم الرّجس وطهّرهم تطهيراً الّذين وصفناهم قبل هذا في صفة

أُمّة إبراهيم عليه السلام الّذين عناهم الله تبارك وتعالى في قوله: «أدعوا إلى الله على بصيرة أنا ومن اتّبعني» يعني أوّل من اتّبعه على الإيمان به و التّصديق له بما جاء به من عند الله عزّ وجلّ من الأُمّة الّتي بعث فيها ومنها وإليها قبل الخلق ممّن لم يشرك بالله قطّ ولم يلبس إيمانه بظلم وهو الشّرك؛ ثمّ ذكر أتباع نبيّه صلى الله عليه وآله وأتباع هذه الأُمّة الّتي وصفها في كتابه بالأمر بالمعروف والنّهي عن المنكر وجعلها داعية إليه وأذن لها في الدّعاء إليه فقال: «يا أيّها النبيّ حسبك الله ومن اتّبعك من المؤمنين» ثمّ وصف أتباع نبيّه صلى الله عليه وآله من المؤمنين فقال عزّ وجلّ: «محمّد رسول الله و الّذين معه أشدّاء على الكفّار رحماء بينهم تراهم ركّعاً سجّداً يبتغون فضلاً من الله ورضواناً سيماهم في وجوههم من أثر السّجود ذلك مثلهم في التّورية ومثلهم في الإنجيل» وقال: «يوم لا يخزي الله النّبيّ والّذين آمنوا معه نورهم يسعى بين أيديهم و بأيمانهم» يعني أُولئك المؤمنين؛ وقال: «قد أفلح المؤمنون» ثمّ حلاّهم و وصفهم كيلا يطمع في اللّحاق بهم إلاّ من كان منهم فقال فيما حلاّهم به ووصفهم: «الّذينهم في صلاتهم خاشعون * والّذينهم عن اللّغو معرضون - إلى قوله -: أُولئك هم الوارثون * الّذين يرثون الفردوس هم فيها خالدون» و قال في صفتهم وحليتهم أيضاً: «الّذين لا يدعون مع الله إلهاً آخر ولا يقتلون النّفس الّتي حرّم الله إلاّ بالحقّ ولا يزنون ومن يفعل ذلك يلق أثاماً * يضاعف له العذاب يوم القيمة ويخلد فيه مهاناً» ثمّ أخبر أنّه اشترى من هؤلاء المؤمنين ومن كان على مثل صفتهم «أنفسهم وأموالهم بأنّ لهم الجنّة يقاتلون في سبيل الله فيقتلون و يُقتلون وعداً عليه حقّاً في التّوراة والإنجيل والقرآن» ثمّ ذكر وفاءهم له بعهده ومبايعته فقال: «ومن أوفى بعهده من الله فاستبشروا ببيعكم الّذي بايعتم به وذلك هو الفوز العظيم» فلمّا نزلت هذه الآية: «إنّ الله اشترى من المؤمنين أنفسهم وأموالهم بأنّ لهم الجنّة» قام رجل إلى النبيّ صلى الله عليه وآله فقال: يا نبيّ الله أرأيت الرّجل يأخذ سيفه فيقاتل حتّى يقتل إلاّ أنّه يقترف من هذه المحارم أشهيدٌ هو؟ فأنزل الله عزّ وجلّ على رسوله: «التّائبون العابدون الحامدون السّائحون الرّاكعون السّاجدون الآمرون بالمعروف والنّاهون عن المنكر والحافظون لحدود الله وبشّر المؤمنين» ففسّر النبيّ صلى الله عليه وآله المجاهدين من المؤمنين الّذين هذه صفتهم وحليتهم بالشّهادة والجنّة و قال: التّائبون من الذّنوب، العابدون الّذين لا يعبدون إلاّ الله و لا يشركون به شيئاً الحامدون الّذين يحمدون الله على كلّ حال في الشدّة والرّخاء، السّائحون و هم

الصّائمون الرّاكعون السّاجدون الّذين يواظبون على الصّلوات الخمس والحافظون لها والمحافظون عليها ركوعها وسجودها وفي الخشوع فيها وفي أوقاتها الآمرون بالمعروف بعد ذلك والعاملون به والنّاهون عن المنكر والمنتهون عنه قال · فبشّر من قتل و هو قائمٌ بهذه الشروط بالشّهادة و الجنّة ثمّ أخبر تبارك وتعالى أنّه لم يأمر بالقتال إلاّ أصحاب هذه الشّروط فقال عزّ وجلّ : «أُذن للّذين يقاتلون بأنّهم ظلموا وأنّ الله على نصرهم لقدير * الّذين أُخرجوا من ديارهم بغير حقّ إلاّ أن يقولوا ربّنا الله .

وذلك أنّ جميع ما بين السماء و الأرض لله عزّ و جلّ و لرسوله ولأتباعهما من المؤمنين من أهل هذه الصفة ، فما كان من الدّنيا في أيدي المشركين والكفّار والظلمة والفجّار من أهل الخلاف لرسول الله صلى الله عليه وآله والمولّي عن طاعتهما ممّا كان في أيديهم ظلموا فيه المؤمنين من أهل هذه الصفات وغلبوهم عليه ممّا أفاء الله على رسوله فهو حقّهم أفاء الله عليهم وردّه إليهم وإنّما معنى الفيء كلّ ما صار إلى المشركين ثمّ رجع ممّا كان قد غلب عليه أو فيه . فما رجع إلى مكانه من قول أو فعل فقد فاء مثل قول الله عزّ و جلّ : «للّذين يؤلون من نسائهم تربّص [أربعة أشهر] فإن فاؤا فإنّ الله غفور رحيم » أي رجعوا ، ثمّ قال : «و إن عزموا الطلاق فإنّ الله سميع عليم » وقال : «وإن طائفتان من المؤمنين اقتتلوا فأصلحوا بينهما فإن بغت إحديهما على الأُخرى فقاتلوا الّتي تبغي حتى تفيء إلى أمر الله (أي ترجع) فإن فاءت (أي رجعت) فأصلحوا بينهما بالعدل وأقسطوا إنّ الله يحبّ المقسطين » يعني بقوله : «تفيء» ترجع فذلك الدّليل على أنّ الفيء كلّ راجع إلى مكان قد كان عليه أو فيه . و يقال للشمس إذا زالت : قد فاءت الشمس حين يفيء الفيء عند رجوع الشمس إلى زوالها و كذلك ما أفاء الله على المؤمنين من الكفّار فإنّما هي حقوق المؤمنين رجعت إليهم بعد ظلم الكفّار إيّاهم فذلك قوله : «أُذن للّذين يقاتلون بأنّهم ظلموا» ما كان المؤمنون أحقّ به منهم وإنّما أُذن للمؤمنين الّذين قاموا بشرائط الإيمان الّتي وصفناها وذلك أنّه لا يكون مأذوناً له في القتال حتّى يكون مظلوماً و لا يكون مظلوماً حتّى يكون مؤمناً و لا يكون مؤمناً حتّى يكون قائماً بشرائط الإيمان الّتي اشترط الله عزّ و جلّ على المؤمنين و المجاهدين فإذا تكاملت فيه شرائط الله عزّ وجلّ كان مؤمناً وإذا كان مؤمناً كان مظلوماً وإذا كان مظلوماً كان مأذوناً له في الجهاد لقوله عزّ وجلّ : «أُذن للّذين يقاتلون بأنّهم ظلموا وأنّ الله على نصرهم لقدير » وإن لم يكن مستكملاً لشرائط الإيمان فهو ظالم ممّن يبغي

ويجب جهاده حتّى يتوب وليس مثله مأذوناً له في الجهاد والدّعاء إلى الله عزّ و جلّ لأنّه ليس من المؤمنين المظلومين الّذين أُذن لهم في القرآن في القتال ، فلمّا نزلت هذه الآية : «أُذن للّذين يقاتلون بأنّهم ظلموا» في المهاجرين الّذين أخرجهم أهل مكّة من ديارهم وأموالهم أحلّ لهم جهادهم بظلمهم إيّاهم وأُذن لهم في القتال .

فقلت : فهذه نزلت في المهاجرين بظلم مشركي أهل مكّة لهم فما بالهم في قتالهم كسرى وقيصر ومن دونهم من مشركي قبائل العرب ؟ فقال : لو كان إنّما أُذن لهم في قتال من ظلمهم من أهل مكّة فقط لم يكن لهم إلى قتال جموع كسرى وقيصر و غير أهل مكّة من قبائل العرب سبيل لأنّ الّذين ظلموهم غيرهم وإنّما أُذن لهم في قتال من ظلمهم من أهل مكّة لإخراجهم إيّاهم من ديارهم و أموالهم بغير حقّ ولو كانت الآية إنّما عنت المهاجرين الّذين ظلمهم أهل مكّة كانت الآية مرتفعة الفرض عمّن بعدهم إذ[ا] لم يبق من الظالمين والمظلومين أحد وكان فرضها مرفوعاً عن النّاس بعدهم [إذا لم يبق من الظالمين و المظلومين أحد] وليس كما ظننت ولا كما ذكرت ولكن المهاجرين ظلموا من جهتين ظلمهم أهل مكّة بإخراجهم من ديارهم وأموالهم فقاتلوهم بإذن الله لهم في ذلك و ظلمهم كسرى وقيصر ومن كان دونهم من قبائل العرب والعجم بما كان في أيديهم ممّا كان المؤمنون أحقّ به منهم فقد قاتلوهم بإذن الله عزّ وجلّ لهم في ذلك و بحجّة هذه الآية يقاتل مؤمنوا كلّ زمان و إنّما أذن الله عزّ وجلّ للمؤمنين الّذين قاموا بما وصف [ها] الله عزّ وجلّ من الشرائط الّتي شرطها الله على المؤمنين في الإيمان والجهاد ومن كان قائماً بتلك الشرائط فهو مؤمن وهو مظلوم ومأذون له في الجهاد بذلك المعنى ومن كان على خلاف ذلك فهو ظالم وليس من المظلومين وليس بمأذون له في القتال ولا بالنهي عن المنكر والأمر بالمعروف لأنّه ليس من أهل ذلك ولا مأذون له في الدعاء إلى الله عزّ وجلّ لأنّه ليس يجاهد مثله وأمر بدعائه إلى الله ولا يكون مجاهداً من قد أُمر المؤمنون بجهاده وحظر الجهاد عليه ومنعه منه ولا يكون داعياً إلى الله عزّ وجلّ من أُمر بدعاء مثله إلى التوبة والحقّ والأمر بالمعروف والنهي عن المنكر ولا يأمر بالمعروف من قد امر أن يؤمر به و لا ينهى عن المنكر من قد امر أن ينهى عنه ، فمن كانت قد تمّت فيه شرائط الله عزّ و جلّ الّتي وصف بها أهلها من أصحاب النبيّ صلى الله عليه وآله وهو مظلوم فهو مأذون له في الجهاد كما أذن لهم في الجهاد لأنّ حكم الله عزّ وجلّ في الأوّلين و الآخرين وفرائضه عليهم سواء إلّا من علّة أو حادث

يكون والأوّلون والآخرون أيضاً في منع الحوادث شركاء والفرائض عليهم واحدة يسأل الآخرون عن أداء الفرائض عمّا يسأل عنه الأوّلون و يحاسبون عمّا به يحاسبون و من لم يكن على صفة من أذن الله له في الجهاد من المؤمنين فليس من أهل الجهاد وليس بمأذون له فيه حتّى يفيء بما شرط الله عزّ وجلّ عليه فإذا تكاملت فيه شرائط الله عزّ وجلّ على المؤمنين والمجاهدين فهو من المأذونين لهم في الجهاد فليتّق الله عزّ وجلّ عبد ولا يغترّ بالأماني الّتي نهى الله عزّ وجلّ عنها من هذه الأحاديث الكاذبة على الله الّتي يكذّب بها القرآن ويتبرّأ منها ومن حملتها ورواتها ولا يقدم على الله عزّ وجلّ بشبهة لا يعذر بها فإنّه ليس وراء المعترّض للقتل في سبيل الله منزلة يؤتى الله من قبلها وهي غاية الأعمال في عظم قدرها فليحكم امرءٌ لنفسه وليرها كتاب الله عزّ وجلّ و يعرضها عليه فإنّه لا أحد أعرف بالمرء من نفسه فإن وجدها قائمة بما شرط الله عليه في الجهاد فليقدم على الجهاد ، و إن علم تقصيراً فليصلحها و ليقمها على ما فرض الله عليها من الجهاد ثمّ ليقدم بها وهي طاهرة مطهّرة من كلّ دنس يحول بينها وبين جهادها ولسنا نقول لمن أراد الجهاد وهو على خلاف ما وصفنا من شرائط الله عزّ وجلّ على المؤمنين والمجاهدين : لا تجاهدوا ولكن نقول : قد علّمناكم ما شرط الله عزّ وجلّ على أهل الجهاد الّذين بايعهم واشترى منهم أنفسهم و أموالهم بالجنان فليصلح امرءٌ ما علم من نفسه من تقصير عن ذلك وليعرضها على شرائط الله فإن رأى أنّه قد وفى بها و تكاملت فيه فإنّه ممّن أذن الله عزّ و جلّ له في الجهاد فإن أبى أن لا يكون مجاهداً على ما فيه من الإصرار على المعاصي و المحارم و الإقدام على الجهاد بالتخبيط و العمى و القدوم على الله عزّ وجلّ بالجهل والروايات الكاذبة ، فلقد لعمري جاء الأثر فيمن فعل هذا الفعل «أنّ الله عزّ وجلّ ينصر هذا الدّين بأقوام لا خلاق لهم» فليتّق الله عزّ و جلّ امرءٌ وليحذر أن يكون منهم ، فقد بيّن لكم ولا عذر لكم بعد البيان في الجهل ، ولا قوّة إلّا بالله وحسبنا الله عليه توكّلنا و إليه المصير .

٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن الحكم بن مسكين ، عن عبد الملك بن عمرو قال : قال لي أبو عبد الله عليه السلام : يا عبد الملك مالي لا أراك تخرج إلى هذه المواضع الّتي يخرج إليها أهل بلادك ؟ قال : قلت : وأين ؟ فقال : جُدّة وعبّادان والمصيصة وقزوين فقلت : انتظاراً لأمركم و الاقتداء بكم ؛ فقال : أي والله لو كان خيراً ما سبقونا إليه ؟ قال : قلت له : فإنّ الزّيدية يقولون : ليس بيننا و بين جعفر خلاف إلّا أنّه لا يرى

الجهاد ، فقال : أنا لا أراه ؟! بلى والله إنّي لأراه ولكن أكره أن أدع علمي إلى جهلهم .

باب ۴

جہاد کس پر واجب ہے

۱۔ میں نے کہا مجھے دعوت الی اللہ اور جہاد فی سبیل اللہ کے متعلق بتایئے وہ کیا ہے اس قوم کے لئے کہ نہیں جایز ہے مگر ان کے لئے اور نہیں قائم مگر ان کی ذات سے جو اُن میں سے ہو آیا وہ مباح ہے ہر اس کے لئے جو اللہ کو واحد جانے اور رسولؐ کی رسالت پر ایمان لائے جو ایسا ہو تو کیا وہ دعوت الی اللہ دے سکتا ہے اس کی اطاعت کی طرف بلا سکتا ہے اور جہاد فی سبیل اللہ بھی، فرمایا وہ ایسے لوگ ہیں جن کے سوا دوسروں کے لئے جایز نہیں اور نہ ان کے سوا اور لوگوں سے یہ کام بن سکتا ہے میں نے کہا یہ کون لوگ ہیں فرمایا جو ان شرائط پر قائم ہوں جو مجاہدین قتال و جہاد کے لئے اللہ کی طرف سے ہیں پس ان کو اللہ کی طرف دعوت دینے کی اجازت ہے اور جو ان شرائط پر قائم نہ ہوں تو ان کو نہ جہاد کی اجازت ہے نہ دعوت الی اللہ کی جب تک وہ شرائط جہاد پوری کرنے کے لئے اپنے نفس پر قابو نہ رکھیں۔

میں نے کہا وہ شرائط بیان فرمایئے، فرمایا اللہ نے خبر دی ہے اپنے نبی کو اپنی کتاب میں اپنی طرف دعوت دینے اور دعوت والوں کی اور ان کے لئے درجات قائم کئے ہیں تاکہ ایک دوسرے کو پہچانو اور دلیل بنے ایک سے دوسرے کو اور اللہ نے خبر دی ہے اپنی ذات کے دعوت دینے اور اپنی اطاعت کی طرف بلانے کی اور اپنے حکم کے اتباع کی اس نے اپنی ذات سے اس طرح ابتدا کی، فرمایا اللہ بلاتا ہے سلامتی کے گھر کی طرف اور جسے چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے صراط مستقیم کی۔ پھر اپنے رسول کے لئے فرماتا ہے دعوت دو اپنے رب کے راستہ کی طرف، حکمت اور موعظہ حسنہ کے ساتھ اور ان سے بحث کرو بہترین طریقہ سے یعنی قرآن سے اور داعی الی اللہ نہیں ہو سکتا جو امر الٰہی کی مخالفت کرے اور جو اللہ کی کتاب میں ہے اس کے خلاف دعوت دے اور ان کے خلاف جو امور دعوت کے لئے ضروری ہیں اور اپنے نبیؐ کے بارے میں فرمایا ہے تم ہدایت کرتے ہو صراط مستقیم کی طرف، فرماتا ہے تین باتیں ہیں اس کی کتاب میں اللہ کی طرف بلانے کی۔ فرماتا ہے یہ قرآن ہدایت کرتا ہے اس راستہ کی طرف جو سب سے زیادہ صحیح ہے یعنی دعوت دیتا ہے اور بشارت دیتا ہے مومنین کو، اس کے بعد ذکر کرتا ہے کہ کس کو دعوت کی اجازت ہے اس کے بعد اور اس کے بعد۔

فرماتا ہے چاہیئے کہ تم میں ایک گروہ ایسا ہو جو نیکی کی طرف بلائے نیک باتوں کا حکم دے اور بری باتوں سے روکے یہی فلاح پانے والے ہیں پھر خبر دی کہ یہ امت کس کی طرف منسوب ہے اور کس کی اولاد ہے فرمایا کہ یہ ذریت ابراہیم

اور ذریت اسمٰعیل ہے جو حرم کے ساکن تھے اور جنھوں نے کبھی غیر خدا کی عبادت نہیں کی یہ وہ ہیں جن پر دعوت دینا واجب تھا ابراہیم و اسمٰعیل نے دعوت دی ان اہل مسجد کو جن کے متعلق اللہ نے اپنی کتاب میں خبر دی ہے کہ اللہ نے ان سے ہر نجاست کو دور رکھا ہے اور پاک کر دیا ہے جو حق ہے پاک کرنے کا ہے۔

یہ وہ لوگ ہیں جن کا وصف ہم نے صفت امت ابراہیم میں پہلے ہی بیان کر دیا ہے اور اللہ نے اپنے اس قول میں انہی لوگوں کو مراد لیا ہے میں تم کو خدا کی طرف بصیرت کی روشنی میں بلاتا ہوں میں بھی اور وہ بھی جس نے میرا اتباع کیا اور سبحٰن سے مراد ہے وہ جس نے حضرت کا اتباع ایمان لانے میں کیا اور تصدیق کی ہر اس چیز کی جو آنحضرت خدا کی طرف سے اس امت کے لیے لائے جس میں وہ مبعوث ہوئے اور جن میں سے تھے اور جن کی طرف ہدایت کو آئے تھے اور حضرت نے کبھی شرک باللہ نہیں کیا اور کبھی ظلم یعنی شرک کا لباس نہیں پہنا، اس کے بعد اللہ نے ذکر کیا حضرت کے تابعین کا جو اس امت میں سے ہیں اور ان کا وصف اپنی کتاب میں یوں بیان کیا ہے کہ وہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنے والے ہیں اور اللہ کی طرف بلانے والے ہیں اور ان کو دعوت الی اللہ کی اجازت دی گئی ہے اللہ فرماتا ہے اے نبی تمہیں مدد دینے کے لیے اللہ کافی ہے اور وہ مومنین جو تمہارے قدم بہ قدم چلنے والے ہیں ان کے متعلق فرماتا ہے محمد اللہ کے رسول ہیں اور جو ان کے ساتھ ہیں وہ کفار پر سخت ہیں اور آپس میں رحم کا برتاؤ کرتے ہیں تم ان کو رکوع اور سجدہ کرتے دیکھو گے وہ اللہ کے فضل اور اس کی مرضی کے چاہنے والے ہیں اور ان کی پیشانیوں پر سجدے کے نشان ہیں یہ ان کی مثال توریت میں بھی ہے اور انجیل میں بھی اور فرمایا روز قیامت اللہ نے اپنے نبی کو اور جو ان کے ساتھ ایمان لائے ان کا نور ان کے سامنے اور داہنی طرف جلوہ نما ہوگا یعنی وہی مومنین اور یہ بھی فرمایا مومنین فلاح پائیں گے پھر ان کا حلیہ اور وصف بیان کیا تاکہ ان سے لاحق ہونے کی صرف وہی طمع کرے جو ان میں سے ہو ان کے حلیہ اور وصف کے متعلق فرمایا وہ نماز میں خضوع و خشوع کرتے ہیں اور لغو باتوں سے بچتے ہیں ان کا قول یہی ہے لوگ جنت کے وارث ہیں اور اس میں ہمیشہ رہیں گے اور ان کی صفت اور حلیہ میں یہ بھی فرمایا کہ وہ اللہ کے سوا کسی دوسرے کو معبود نہیں بتاتے اور جس کا قتل کرنا اللہ نے حرام کیا ہے اسے قتل نہیں کرتے اور اسے قتل کرتے ہیں جس کا قتل کرنا برحق ہو اور نہ وہ زنا کرتے ہیں اور جو ایسا کرے گا گناہ سمیٹے گا اور روز قیامت اس پر دوگنا عذاب ہوگا اور وہ ذلت سے ہمیشہ دوزخ میں رہے گا اور یہ خبر دی ہے اللہ نے جو دیدیا ہے مومنین خاص سے اور جو ان کی مثل ہیں ان کے نفسوں اور مالوں کو جنت کے بدلے میں پس وہ قتل کرتے ہیں اور قتل ہو جاتے ہیں یہ وعدہ اللہ کا ان سے حق ہے جس کا ذکر توریت و انجیل اور قرآن میں بھی ہے پھر ان کی وفا کا اور اپنے عہد و خریداری کا ذکر کیا اور فرمایا اللہ سے زیادہ وفائے عہد کرنے والا کون ہے پس بشارت ہو تم کو اس بیع کے معاملہ کی جو تم نے کیا ہے اور یہ سب بڑی کامیابی ہے۔ جب آیہ ان اللہ اشتری الخ نازل ہوئی تو رسول اللہ کے سامنے ایک شخص کھڑا ہو گیا اور

کہنے لگا یا نبی اللہ کیا وہ شخص مراد ہے جو تلوار لے کر قتل کرے اور قتل ہو جائے تو کیا اس کو یہ سب چیزیں حاصل ہونگی کیا وہ شہید کہلائے گا اس پر اللہ نے اپنے رسولؐ پر یہ آیت نازل کی، وہ لوگ ہیں توبہ کرنے والے، عبادت کرنیوالے حمد کرنے والے، روزہ رکھنے والے، رکوع کرنے والے، سجدہ کرنے والے، نیکیوں کا حکم دینے والے، برائیوں سے روکنے والے اور حدود خدا کی حفاظت کرنے والے اور مومنین کو بشارت دو۔

اور آنحضرتؐ نے تفسیر کی مومنوں میں مجاہد وہ ہیں جو ان صفات اور حلیہ کے ہوں، شہادت اور جنت کے لیے، التائبون یعنی گناہوں سے توبہ کرنے والے، عابدون یعنی اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرنے والے حامدون یعنی رنج وغم ہر حال میں اللہ کی عبادت کرنے والے، سائحون روزہ رکھنے والے راکعون الساجدون پابندی سے پانچ وقت کی نماز پڑھنے والے اور اس کی حفاظت کرنے والے اور محافظت کرنے والے اس کے رکوع وسجود کی اور ان میں خشوع کرنے والے اور ان کے اوقات پر نماز پڑھنے والے اور اس کے بعد امر نیک کا حکم دینے والے اور برائیوں سے بچانے والے، فرمایا بشارت دو اس کو جو قتل کیا جائے اور وہ ان شرطوں کو بجالایا تو اس کے لئے شہادت وجنت ہے

پھر اللہ نے ہم کو خبر دی قتال کا حکم نہیں دیا جاتا مگر ان لوگوں کو جو ان شرطوں کے پابند ہوں اور فرمایا اذن دیا گیا ہے ان لوگوں کو جن پر ظلم ہوا اور اللہ کو ان کی نصرت پر قدرت ہے اور یہ وہ لوگ ہیں جو بے قصور اپنے گھروں سے نکالے گئے ان کا صرف یہی قصور سمجھا گیا کہ وہ کہتے تھے ہمارا رب اللہ ہے اور تمام مخلوق جو مابین زمین وآسمان کے ہے اللہ کے لئے ہے اور اس کے رسولؐ کے اور ان مومنین کے لئے جو ان کے پیرو ہیں جو ان صفتوں والے ہیں پس مال دنیا سے جو کچھ مشرکین کے پاس ہے اور کفار یا ظالموں اور فاجروں کے پاس ہے جو رسولؐ کے مخالف ہوں اور خدا اور رسولؐ کی اطاعت سے روگردانی کریں پس جو کچھ ان کے پاس ہے جن میں مذکورہ بالا صفتوں کے مومنین ستائے گئے تو جب ان پر غلبہ حاصل ہو اور اللہ اپنے رسولؐ کو مال غنیمت دلائے تو یہ ان مومنوں کا حق ہے جو اللہ نے ان کو دیا ہے پس وہ ان کی طرف لوٹایا جائے۔

فیٔ کے معنی یہ ہیں کہ جو مشرکین کے پاس گیا تھا وہ پھر لوٹ آیا ان کی طرف جن پر غلبہ حاصل ہو تو جو چیز اپنی جگہ لوٹ آئی قول سے ہو یا فعل سے۔ جیسا کہ اللہ نے فرمایا ہے پس اگر وہ رجوع کریں تو اللہ غفور ورحیم ہے اور اگر طلاق ہی کا ارادہ ہو تو اللہ سننے والا اور جاننے والا ہے اور جیسا کہ اللہ نے فرمایا ہے اگر دو گروہ لڑ پڑیں تو ان کے درمیان صلح کرادو اگر ان میں کوئی سرکشی کرے تو بغاوت کرنے والے کو قتل کردو یہاں تک کہ امر خدا کی طرف رجوع کی جائے پس اگر رجوع ہو جائے تو ان کے درمیان صلح کرادو عدل کے ساتھ اور انصاف کرو اللہ انصاف کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

یعنی فیٔ کے معنی ترجع کے ہیں اور دلیل یہ ہے کہ ہر شے پلٹتی ہے اپنی جگہ پر جہاں پر وہ تھی کہا جاتا ہے جب سورج کا زوال ہوتا ہے سورج پلٹا جب زوال کے بعد سورج کا سایہ بڑھتا ہے اسی طرح جو مال غنیمت مومنین کو

کفار سے ملتا ہے وہ وہی حقوق مسلمین ہیں جو ظلم کفار کے بعد ان کی طرف لوٹ کر آئے ہیں یہی بات اس قول باری تعالیٰ میں ہے اجازت دی گئی ہے ان لوگوں کو جو کفار سے قتال کرتے ہیں کہ چونکہ ان پر ظلم کیا جا چکا ہے۔ لہٰذا مومن مال کفار کے کافروں سے زیادہ حقدار ہیں یہ اجازت ان ہی مومنین کے لئے ہو گی جو مذکورہ بالا شرائط پر قائم رہے ہوں اس کی صورت یہ ہے کہ اجازت قتال نہ ہو گی مگر جبکہ مظلوم ہو اور نہیں ہو گا مظلوم جب تک مومن نہ ہو اور مومن نہ ہو گا جب تک ان شرائط پر قائم نہ ہو جو اللہ نے مومنین اور مجاہدین کے لئے رکھی ہیں۔ جب شرائط پوری جائیں گی تو مومن ہو گا اور مومن ہو گا تو مظلوم ہو گا اور ماذون ہو گا جہاد کے لئے جیسا کہ اللہ فرماتا ہے کہ ان کو اذن قتال ہو گا کیونکہ وہ مظلوم ہیں اور اللہ ان کی نصرت پر قادر ہے اور جو شرائط ایمان پر نہ ہوں وہ ظالم ہیں اور جو باغی ہو اس پر جہاد کرنا ہو گا تاکہ وہ توبہ کرے اور ایسے لوگ نہ جہاد کی اجازت دیئے جا سکتے ہیں نہ دعوت الی اللہ کی کیونکہ وہ مومن مظلوم نہیں جن کو قرآن میں قتال کی اجازت دی گئی ہے جب یہ آیت نازل ہوئی مظلوموں کو اذن قتال دیا گیا ہے تو یہ وہ مہاجر ہیں جن کو اہل مکہ نے ان کے گھروں سے نکالا اور ان کے مال چھین لئے تب ان کے لئے جہاد کو جائز قرار دیا گیا کیونکہ ان پر ظلم ہوا تھا۔ میں نے کہا تو یہ مہاجرین بارہ میں نازل ہوئی ہے مشرکین مکہ کے ظلم کی بنا پر لیکن کسریٰ اور قیصر اور دوسرے عرب کے قبیلوں سے کیوں قتال کی اجازت ہوئی جبکہ ظلم صرف اہل مکہ ہی سے ہوا تھا۔ کسریٰ و قیصر قبیلہ وغیرہ سے تو قتال کا جواز ہی پیدا نہیں ہوتا کیونکہ انھوں نے اگر ظلم کیا ہے تو دوسروں پر، مسلمانوں پر تو قتال اہل مکہ ہی سے کرنا چاہیئے تھا کیونکہ مہاجرین کو گھروں سے انھوں نے ہی نکالا تھا اور انھوں نے ان کے مال ضبط کئے تھے نہ کہ دوسری قوموں نے، پس اہل مکہ سے قتال کے بعد یہ حکم منسوخ ہو جانا چاہیئے تھا کیونکہ ظالم اور مظلوم کا قصہ ختم ہو گیا دوسری قوموں سے چونکہ اس ظلم کا تعلق نہیں لہٰذا اس حکم قتال کا تعلق بھی ان سے نہ ہونا چاہیئے حضرت نے فرمایا ایسا نہیں ہے جیسا تم نے گمان کیا ہے فرمایا مہاجرین دو طرح سے مظلوم قرار پائے ایک اس جہت سے کہ اہل مکہ نے ان پر ظلم کیا اور ان کو گھروں اور مال سے محروم کر دیا اس لئے بحکم خدا ان سے قتال کیا اور کسریٰ و قیصر اور دوسرے قبائل عرب و عجم نے ظلم کیا اس طرح کہ جن چیزوں کے وہ مالک تھے مومنین ان کے زیادہ حقدار تھے تو انھوں نے بحکم خدا قتال کی اور اس آیت کے پیش نظر ہر زمانہ میں کریں گے یہ اجازت صرف انہی مومنین کے لئے ہے جو مذکورہ شرائط جہاد و ایمان پر پورے اترتے ہیں اور جو کوئی ان شرائط پر قائم ہو گا وہ مومن اور مظلوم ہے۔

اور ایسے شخص کو جہاد کی اجازت ہے۔

اور جو اس کے خلاف ہے وہ ظالم ہے مظلوم نہیں اور اس کو قتال کی اجازت نہیں اور نہ نہی عن المنکر کی اور نہ امر بالمعروف کی کیونکہ وہ اس کا اہل نہیں اور نہ اس کو دعوت الی اللہ کی اجازت ہے کیونکہ وہ مجاہد نہیں ہیں ایسے کہ

جن کو دعوت کا حکم دیا جائے اور ... وہ مجاہد نہیں جن کو مومنین جہاد کا حکم دیں اور وہ جہاد میں حاضر ہو جائے یا اسے جہاد سے روک دیا جائے اور خدا کی طرف دعوت دینے والا وہ نہیں ہو سکتا جس کو توبہ کی دعوت دی جائے اور حق کی طرف اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی طرف اور وہ کیا امر بالمعروف کرے گا جسے خود حکم دیا جائے اور وہ کیا نہی عن المنکر کرے گا جس کو نہی جائے ہاں جس میں وہ شرائط پوری ہو جائیں جن کا وصف اللہ نے بیان کیا ہے ان کے اہل اصحاب نبی میں وہ ہیں جو مظلوم ہیں یہی کو جہاد کی اجازت ہے کیونکہ اللہ کے حکم اولین و آخرین میں بلحاظ فرائض برابر ہے ہاں بیماری ہو یا حادثہ ہو جائے تو اس رکاوٹ میں بھی اولین و آخرین شریک ہیں اور ان کے فرائض یکساں ہیں جس طرح اول والوں سے فرائض کے متعلق پرسش ہوگی اسی طرح آخر والوں سے بھی ہوگی۔

اور جس میں یہ باتیں نہ ہوں اور مومنین اذن جہاد دے دیں تو وہ اہل جہاد سے نہ ہوں گے اور ان کو اذن جہاد نہ ہوگا جب تک شرائط خدا کی طرف رجوع نہ کریں اور جب شرائط پوری ہو جائے تو ان کے لئے اذن ہوگا جہاد کے لئے، پس اللہ سے ڈرے بندہ اور ایسی آرزوؤں سے دھوکہ نہ کھائے جو اللہ نے ممنوع قرار دی ہیں یعنی وہ جھوٹی حدیثیں بیان نہ کرے جو قرآن کی تکذیب کرتی ہیں اور خدا ان سے بیزار ہے اور جو اسے اٹھائے اور جو اس کی روایت بیان کرے اور اللہ پر کوئی ایسا شبہ وارد نہ کرے جس کے متعلق اس کے پاس عذر نہ ہو۔ مقتول فی سبیل اللہ کو جو منزلت عطا فرماتا ہے وہ اعمال میں عظیم القدر ہے انسان کو پہلے اپنے نفس پر قابو حاصل کرنا چاہئے اور کتاب خدا کے حقائق کا مطالعہ کرنا چاہیئے آدمی اپنے نفس کا سب سے زیادہ عارف ہوتا ہے اگر اپنے کو ان شرائط پر قائم پائے جو اللہ نے جہاد کے متعلق رکھی ہیں تو ضرور جہاد کرے اور اگر کمی پائے تو اس کی اصلاح کرے تاکہ جو اللہ نے فرض کیا ہے وہ پورا ہو جائے اور اس کے اور جہاد کے درمیان جو کثافت ہے وہ دور ہو جائے ہم ایسے کے لئے جہاد کا حکم نہ دیں گے جس میں وہ شرائط نہ ہوں جو خدا نے مومنین کے لئے مقرر کی ہیں اور مجاہد جہاد نہ کریں گے ہم نے تم کو بتا دیا اللہ نے جو شرائط رکھی ہیں اور ان اہل جہاد پر جن کے نفسوں اور مالوں کو اللہ نے جنت کے عوض خرید لیا ہے۔ آدمی کو چاہیئے اپنے نفس کی اصلاح کرے اور جو کمی اپنے میں پائے اسے پورا کرے اگر یہ دیکھے کہ وہ ان شرائط پر پورا اترتا ہے تو اس کو اللہ کی طرف سے جہاد کی اجازت ہے اور اگر مجاہد کو معاصی اور محارم پر اصرار ہے اور باوجود اس کے کہ وہ اپنی جہالت کی بنا پر اقدام علی الجہاد کرتا ہے تو اس کی جرأت احکام الٰہی کے خلاف بنا پر جہالت اور روایات کاذبہ ہوگی اور قسم اپنی عمر کی دین خراب اثر ہوگا اس کے اس فعل سے اللہ تعم نہیں مدد چاہتا اس دین کی ایسے لوگوں سے جن کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں، پس انسان اللہ سے ڈرے اور پرہیز کرے اس سے کہ ایسے لوگوں میں سے ہو۔ میں نے وہ سب باتیں بیان کر دیں اب تمہارے نہ جاننے کا کوئی عذر نہ رہا نہیں ہے قوت مگر اللہ کے لئے اللہ ہی ہمارے لئے کافی ہے اسی پر ہمارا بھروسہ ہے اور اسی کی طرف ہماری بازگشت ہے۔ (م)

۲۔ فرمایا مجھ سے حضرت نے اے عبدالملک یہ کیا بات ہے کہ تم ان مقامات پر نہیں جاتے جہاں تمہارے شہر والے جاتے ہیں میں نے کہا کہاں فرمایا جدہ، ابادان، مصیصہ، اور قزوین، میں نے کہا آپ کے حکم کا انتظار ہے اور ہمارے لئے آپ کی اقتدا ضروری ہے فرمایا خدا کی قسم اگر بہتری ہوتی تو ہم سبقت نہ کرتے۔ میں نے کہا زید یہ کہتے ہیں کہ ہمارے اور جعفر کے درمیان اس کے سوا کوئی اختلاف نہیں کہ وہ جہاد کو ضروری نہیں جانتے۔ فرمایا ضرور میں ضروری نہیں جانتا میں اسے بڑا جانتا ہوں کہ ان کی جہالت کی بنا پر اپنے علم کو چھوڑ دوں۔

﴿باب۵﴾

✡(الغزو مع الناس اذا خيف على الاسلام)✡

۱ ـ محمد بن يحيى، عن أحمد بن محمد بن عيسى، عن عليّ بن الحكم، عن أبي عمرة السلميّ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: سأله رجل فقال: إنّي كنت أكثر الغزو وأبعد في طلب الأجر وأطيل الغيبة فحجر ذلك عليّ فقالوا: لا غزو إلّا مع إمام عادل، فما ترى أصلحك الله؟ فقال أبو عبدالله عليه السلام: إن شئت أن أجعل لك أجلت وإن شئت أن أُلخّص لك لخّصت فقال: بل أجعل، قال: إنّ الله عزّ و جلّ يحشر الناس على نيّاتهم يوم القيامة. قال فكأنّه اشتهى أن يلخّص له، قال: فلخّص لي أصلحك الله، فقال: هات، فقال الرجل: غزوت فواقعت المشركين فينبغي فتالهم قبل أن أدعوهم؟ فقال: إن كانوا غزوا و قتلوا و قاتلوا فإنّك تجترىء بذلك وإن كانوا قوماً لم يغزوا ولم يقاتلوا فلا يسعك قتالهم حتّى تدعوهم قال الرّجل: فدعوتهم فأجابني مجيبٌ وأقرّ بالإسلام في قلبه وكان في الإسلام فجير عليه في الحكم وانتهكت حرمته وأُخذ ماله واعتدى عليه فكيف بالمخرج وأنا دعوته؟ فقال: إنّكما مأجوران على ماكان من ذلك وهو مسك يحوطك من وراء حرمتك و يمنع قبلتك ويدفع عن كتابك ويحقن دمك خير من أن يكون عليك يهدم قبلتك و ينتهك حرمتك و يسفك دمك ويحرق كتابك.

۲ ـ علي بن إبراهيم، عن محمد بن عيسى، عن يونس، عن أبي الحسن الرضا عليه السلام قال: قلت له: جعلت فداك إنّ رجلاً من مواليك بلغه أنّ رجلاً يعطي السيف والفرس في سبيل الله فأتاه فأخذهما منه وهو جاهلٌ بوجه السّبيل ثمّ لقيه أصحابه فأخبروه أنّ السبيل مع هؤلاء لا يجوز وأمروه بردّهما؟ فقال: فليفعل، قال: قد طلب الرجل فلم يجده وقيل له: قد شخص الرّجل؟ قال: فليرابط ولا يقاتل. قال: ففي مثل قزوين والدّيلم وعسقلان وما أشبههنّ

الثغور ؟ فقال : نعم ، فقال له : يجاهد ؟ قال : لا إلاّ أن يخاف على ذراري المسلمين ، [فقال] أرأيتك لو أنّ الروم دخلوا على المسلمين لم ينبغ لهم أن يمنعوهم ؟! قال : يرابط ولا يقاتل وإن خاف على بيضة الإسلام و المسلمين قاتل ، فيكون قتاله لنفسه وليس للسلطان ؛ قال : قلت: فإن جاء العدوّ إلى الموضع الّذي هو فيه مرابط كيف يصنع ؟ قال : يقاتل عن بيضة الإسلام لا عن هؤلاء لأنّ في دروس الإسلام دروس دين محمد صلى الله عليه وآله .

باب

لوگوں کے ساتھ جہاد

حضرت ابو عبداللہ علیہ السلام سے ایک شخص نے کہا میں اکثر لڑائیوں میں شریک ہوا ہوں لڑائیوں میں جاتا ہوں اور طلب اجر میں دور دور جاتا ہوں اور طویل مدت تک گھر سے غائب رہتا ہوں یہ مجھ پر شاق ہوتا ہے لوگ کہتے ہیں بغیر امام عادل کے جہاد نہیں ہوتا۔ آپ کی اس میں کیا رائے ہے حضرت نے فرمایا اگر کہو تو مجمل طور سے بیان کر دوں اور کہو تو خلاصہ کہدوں ۔ میں نے کہا اجمالاً بیان فرمائیے، فرمایا روز قیامت اللہ لوگوں کو ان کی نیت پر محشور کرے گا۔ میں چاہتا ہوں کہ ذرا واضح کر کے بیان کر دیں، حضرت نے فرمایا بیان کرو اس نے کہا۔ میں ایک جنگ میں شریک ہوا اور مشرکین سے مقابلہ ہوا اور ان کو قبول دعوت اسلام پہلے کے لڑنا پڑا فرمایا اگر وہ لڑے ہیں اور مقتول ہوئے ہیں اور انھوں نے قتل کیا ہے تو تم پر گناہ نہیں اور اگر وہ لوگ لڑے نہیں اور قتال نہیں کی تو جب تک ان کو دعوت اسلام نہ دو ان سے لڑنا جائز نہیں ، اس نے کہا دعوت دی اور ایک نے قبول کی اور اس نے اقرار اسلام کیا اپنے دل میں پھر اس پر از روئے حکم جبر کیا گیا اس کی ہتک حرمت کی گئی اس کا مال لوٹا گیا تو کیا صورت ہوگی اور میں نے اسے دعوت اسلام دی تھی فرمایا جو کچھ تم نے کیا اس پر تم دونوں کے لئے اجر ہے وہ تمہارے ساتھ ہوا تمہاری حرمت کی نگہداشت کرے گا تمہارے قبلہ پر حملہ کو روکے تمہاری کتاب پر اعتراض کو دفع کرے اور تمہارا خون بہائے جانے سے روکے گا یہ اس سے بہتر ہے کہ وہ تمہارے قبلہ کو گرانا، تمہاری ہتک حرمت کرنا، تمہارا خون بہانا تمہاری کتاب کو پھاڑنا۔ (مجہول)

۳۔ میں نے امام رضا علیہ السلام سے کہا آپ کے دوستوں میں سے ایک شخص کو خبر ملی کہ ایک آدمی فی سبیل اللہ تلوار اور گھوڑا دیتا ہے یہ اس کے پاس آیا اور دونوں چیزیں اس سے لے لیں اور وہ جاہل تھا سبیل کے مفہوم سے اور اس سے جو اس کے دوست نے لیے اور اسے بتایا گیا کہ ان لوگوں کو دینا فی سبیل اللہ میں نہیں آتا اور اس سے کہا کہ لوٹا لے

فرمایا اس کو لوٹا لینا چاہیئے راوی نے کہا اس نے اسے تلاش کیا مگر وہ اسے نہ ملا معلوم ہوا کہ وہ کہیں چلا گیا۔ فرمایا اسے چاہیئے کہ گھوڑے کو بندھا اور تلوار کو نیام میں رکھے اور قتال نہ کرے اور اگر خوف ہو حملہ کا حدِ اسلام اور مسلمانوں پر تو قتال کرے لیکن اس قتال کا تعلق اس کے نفس سے ہوگا نہ کہ غلبۂ اسلام کے لئے۔ میں نے کہا اگر دشمن اس جگہ آجائے جو اسلامی لشکر گاہ ہے تو کیا کرے۔ فرمایا تب وہ حدود اسلام کی نگہداشت کے لئے ان سے لڑے کیونکہ اسلامی حدود دین محمد کی حدود ہیں۔ (م)

﴿باب ۷﴾

☆(الجهاد الواجب مع من يكون)☆

۱ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن عثمان بن عيسى ، عن سماعة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: لقي عبّادالبصري عليَّ بن الحسين صلوات الله عليهما في طريق مكّة فقال له : ياعليَّ بن الحسين تركت الجهاد وصعوبته وأقبلت على الحجّ ولينته إنّ الله عزّ وجلّ يقول : «إنّ الله اشترى من المؤمنين أنفسهم وأموالهم بأنّ لهم الجنّة يقاتلون في سبيل الله فيقتلون ويقتلون وعداً عليه حقّاً في التوريه والإنجيل والقرآن ومن أوفي بعهده من الله فاستبشروا ببيعكم الّذي بايعتم به وذلك هو الفوز العظيم » فقال له عليٌّ بن الحسين عليه السلام : أتمّ الآية ، فقال : «التائبون العابدون الحامدون السائحون الراكعون الساجدون الآمرون بالمعروف والناهون عن المنكر و الحافظون لحدود الله وبشّر المؤمنين » فقال عليٌّ بن الحسين عليه السلام : إذا رأينا هؤلاء الّذين هذه صفتهم فالجهاد معهم أفضل من الحجّ .

۲ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمد بن أبي نصر ، عن محمد بن عبدالله ؛ ومحمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن العبّاس بن معروف ، عن صفوان بن يحيى ، عن عبدالله بن المغيرة قال : قال محمد بن عبدالله للرضا صلوات الله عليه وأنا أسمع : حدّثني أبي عن أهل بيته ، عن آبائه عليهم السلام أنّه قال لبعضهم : إنّ في بلادنا موضع رباط يقال له : قزوين وعدوّاً يقال له : الدّيلم فهل من جهاد أو هل من رباط ؟ فقال : عليكم بهذا البيت فحجّوه فأعاد عليه الحديث ، فقال : عليكم بهذا البيت فحجّوه ، أما يرضى أحدكم أن يكون في بيته ينفق على عياله من طوله ينتظر أمرنا فإن أدركه كان كمن شهد مع رسول الله صلى الله عليه وآله بدراً وإن مات منتظراً لأمرنا كان كمن كان مع قائمنا عليه السلام هكذا في فسطاطه ـ وجمع

بين السبّابتين ـ ولا أقول هكذا ـ وجمع بين السبّابة والوسطى ـ فإنّ هذه أطول من هذه فقال أبوالحسن عليه السلام : صدق .

۳ ـ محمّد بن الحسن الطاطريّ ، عمّن ذكره ، عن عليّ بن النعمان ، عن سويد القلانسيّ عن بشير الدّهّان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: قلت له : إنّي رأيت في المنام أنّي قلت لك : إنّ القتال مع غير الإمام المفروض طاعته حرام مثل الميتة والدّم ولحم الخنزير ، فقلت لي: هو كذلك ؟ فقال أبوعبدالله عليه السلام : هو كذلك هو كذلك .

باب ۶

جہاد واجب کس کے ساتھ ہوتا ہے

۱۔ عباد بصری مکہ کے راستہ میں امام زین العابدین علیہ السلام سے ملا اور کہنے لگا آپ نے جہاد اور اس کی صعوبت کو ترک کیا اور حج اور اس کی آسانی کو قبول کیا حالانکہ خدا فرماتا ہے اللہ نے خرید لیا مومنین کی جانوں اور مالوں کو جنت کے عوض وہ راہ خدا میں قتال کرتے ہیں اور قتل ہو جاتے ہیں اللہ نے یہ وعدہ توریت و انجیل و قرآن میں کیا ہے اور اللہ سے زیادہ وعدہ وفا کرنے والا کون ہے پس بشارت ہو اس بیع کے لیے جو تم نے کی اور بڑی کامیابی ہے حضرت نے فرمایا اس آیت کو پورا پڑھو ، اس نے پڑھا ، وہ توبہ کرنے والے ہیں ، عبادت کرنے والے ہیں حمد کرنے والے ہیں روزہ رکھنے والے ہیں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنے والے ہیں اور حدود الٰہیہ کی حفاظت کرنے والے ہیں حضرت نے فرمایا اگر ہمیں ان صفتوں کے لوگ مل جاتے تو ان کے ساتھ جہاد کرنا ضرور حج سے افضل ہوتا ، (موثق)

۲۔ میں نے امام رضا علیہ السلام سے کہا ہمارے شہروں میں ایک قیام گاہ ہوتی ہے جسے قزوین کہتے ہیں اور دشمن کی ایک جگہ ہوتی ہے جسے دیلم کہتے ہیں پس آیا ہم جہاد کریں یا رباط ہی میں رہیں ، تم کو اسی گھر میں رہنا اور اس کی حفاظت کرنا لازم ہے اس نے یہی بات پھر کہی ، حضرت نے پھر یہی فرمایا اور کہا کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کہ اپنے گھر میں اپنے بچوں میں رہ کر طویل زمانہ تک ہمارے امر کا انتظار کرو ، اگر قائم آل محمد کو پالو تو تم کو وہ ثواب ملے گا جو رسولؐ کے ساتھ بدر شریک ہونے والے کو ملے گا اور اگر امام منتظر کو دیکھنے سے پہلے مر جاؤ گے تو اس کا ثواب ملے گا جو قائم آل محمدؐ کے ساتھ ساتھ ہو ، یہ بات حضرت کے خیمہ میں ہوئی آپ نے دونوں انگشت شہادت کو ملایا بلکہ انگشت شہادت اور بیچ کی انگلی کو ملایا میں نے کہا یہ اس سے بڑی ہے فرمایا سچ ہے (ض)

۳۔ میں نے حضرت ابوعبد اللہ علیہ السلام سے کہا میں نے خواب میں آپ سے کہا کہ بغیر امام مفترض الطاعہ کے جہاد کرنا

ایسا ہی حرام ہے جیسے مردار، خون، سور کا گوشت آپ نے مجھ سے فرمایا ایسا ہی ہے یہ سن کر حضرت نے دوبار فرمایا ایسا ہی ہے۔ (مجہول)

﴿ باب ﴾

✡(دخول عمرو بن عبيد والمعتزلة على أبي عبدالله عليه السلام)✡

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن عمر بن أذينة، عن زرارة، عن عبدالكريم بن عتبة الهاشميّ قال: كنت قاعداً عند أبي عبدالله عليه السلام بمكّة إذ دخل عليه أُناس من المعتزلة فيهم عمرو بن عبيد وواصل بن عطاء وحفص بن سالم مولى ابن هبيرة وناس من رؤسائهم وذلك حدثان قتل الوليد واختلاف أهل الشام بينهم فتكلّموا وأكثروا و خطبوا فأطالوا فقال لهم أبو عبدالله عليه السلام: إنّكم قد أكثرتم عليّ فأسندوا أمركم إلى رجل منكم وليتكلّم بحجتكم ويوجز، فأسندوا أمرهم إلى عمرو بن عبيد؛ فتكلّم فأبلغ وأطال، فكان فيما قال أن قال: قد قتل أهل الشام خليفتهم و ضرب الله عزّ وجلّ بعضهم ببعض وشتّت الله أمرهم فنظرنا فوجدنا رجلاً له دين وعقل ومروّة وموضع ومعدن للخلافة وهو محمّد بن عبدالله بن الحسن فأردنا أن نجتمع عليه فنبايعه ثمّ نظهر معه فمن كان بايعنا فهو منّا وكنّا منه ومن اعتزلنا كففنا عنه ومن نصب لنا جاهدناه ونصبنا له على بغيه وردّه إلى الحقّ وأهله وقد أحببنا أن نعرض ذلك عليك فتدخل معنا فإنّه لاغنى بنا عن مثلك لموضعك وكثرة شيعتك، فلمّا فرغ قال أبو عبدالله عليه السلام: أكلّكم على مثل ما قال عمرو؟ قالوا: نعم فحمد الله وأثنى عليه وصلّى على النبيّ صلى الله عليه وآله ثمّ قال: إنّما نسخط إذا عصي الله فأمّا إذا أُطيع رضينا، أخبرني يا عمرو لو أنّ الأُمّة قلّدتك أمرها وولّتك بغير قتال ولا مؤونة وقيل لك: ولّها من شئت من كنت تولّيها؟ قال: كنت أجعلها شورى بين المسلمين قال: بين المسلمين كلّهم؟ قال: نعم، قال: بين فقهائهم و خيارهم؟ قال: نعم، قال: قريش و غيرهم؟ قال: نعم، قال: والعرب و العجم؟ قال: نعم، قال: أخبرني يا عمرو أتتولّى أبا بكر و عمر أو تتبرّء منهما؟ قال: أتولاّهما، فقال: فقد خالفتهما ما تقولون أنتم تتولّونهما أو تتبرّؤون منهما، قالوا: نتولاّهما.

قال: يا عمرو إن كنت رجلاً تتبرّء منهما فإنّه يجوز لك الخلاف عليهما و إن كنت تتولاّهما فقد خالفتهما قد عهد عمر إلى أبي بكر فبايعه ولم يشاور فيه أحداً ثمّ ردّها

أبو بكر عليه ولم يشاور فيه أحداً ثمّ جعلها عمر شورى بين ستّة وأخرج منها جميع المهاجرين والأنصار غيراً ولئك الستّة من قريش وأوصى فيهم شيئاً لأراك ترضى به أنت ولا أصحابك إذ جعلتها شورى بين جميع المسلمين ، قال : وما صنع ؟ قال : أمر صهيباً أن يصلّي بالناس ثلاثة أيّام وأن يشاور أولئك الستّة ليس معهم أحد إلاّ ابن عمر يشاورونه وليس له من الأمر شيء وأوصى من بحضرته من المهاجرين والأنصار إن مضت ثلاثة أيّام قبل أن يفرغوا أو يبايعوا رجلاً أن يضربوا أعناق أولئك الستّة جميعاً فإن اجتمع أربعة قبل أن تمضي ثلاثة أيّام وخالف اثنان أن يضربوا أعناق الاثنين أفترضون بهذا أنتم فيما تجعلون من الشورى في جماعة من المسلمين قالوا : لا .

ثمّ قال : يا عمرو دعنا أرأيت لو بايعت صاحبك الّذي تدعوني إلى بيعته ثمّ اجتمعت لكم الأمّة فلم يختلف عليكم رجلان فيها فأفضتم إلى المشركين الّذين لا يسلمون ولا يؤدّون الجزية أكان عندكم وعند صاحبكم من العلم ما تسيرون بسيرة رسول الله صلى الله عليه وآله في المشركين في حروبه ؟ قال : نعم ، قال : فتصنع ماذا ؟ قال : تدعوهم إلى الإسلام فإن أبوا دعوناهم إلى الجزية .

قال : وإن كانوا مجوساً ليسوا بأهل الكتاب ؟ قال : سواء ، قال : وإن كانوا مشركي العرب عبدة الأوثان ؟ قال : سواء ، قال : أخبرني عن القرآن تقرؤه ؟ قال : نعم ، قال : اقرأ « قاتلوا الّذين لا يؤمنون بالله ولا باليوم الآخر ولا يحرّمون ما حرّم الله ورسوله ولا يدينون دين الحقّ من الّذين أوتوا الكتاب حتّى يعطوا الجزية عن يد وهم صاغرون » فاستثناء الله عزّ وجلّ واشتراطه من الّذين أوتوا الكتاب فهم والّذين لم يؤتوا الكتاب سواء ؟ قال : نعم ، قال عمّن أخذت ذا ؟ قال : سمعت الناس يقولون ، قال : فدع ذا ، فإن هم أبوا الجزية فقاتلتهم فظهرت عليهم كيف تصنع بالغنيمة ؟ قال : أخرج الخمس وأقسّم أربعة أخماس بين من قاتل عليه .

قال : أخبرني عن الخمس من تعطيه ؟ قال : حيثما سمّى الله ، قال : فقرأ « واعلموا أنّما غنمتم من شيء فأنّ لله خمسه وللرّسول ولذي القربى واليتامى والمساكين وابن السبيل » قال : الّذي للرسول من تعطيه ؟ ومن ذوالقربى ؟ قال : قد اختلف فيه الفقهاء فقال بعضهم : قرابة النبيّ صلى الله عليه وآله وأهل بيته ، وقال بعضهم : الخليفة ، وقال بعضهم : قرابة الّذين قاتلوا عليه من المسلمين ، قال : فأيّ ذلك تقول أنت ؟ قال : لا أدري ، قال : فأراك لا تدري

فدعنا .

ثمّ قال : أرأيت الأربعة أخماس تقسّمها بين جميع من قاتل عليها ؟ قال : نعم ، قال: فقد خالفت رسول الله ﷺ في سيرته بيني وبينك فقهاء أهل المدينة و مشيختهم فاسألهم فإنّهم لايختلفون ولا يتنازعون في أنّ رسول الله ﷺ إنّما صالح الأعراب على أن يدعهم في ديارهم ولا يهاجروا على إنّ دهمه من عدوّه دهمٌ أن يستنفرهم فيقاتل بهم و ليس لهم في الغنيمة نصيب وأنت تقول بين جميعهم فقد خالفت رسول الله ﷺ في كلّ مافلت في سيرته في المشركين ومع هذا ماتقول في الصدقة ؟ فقرأ عليه الآية : « إنّما الصدقات للفقراء والمساكين والعاملين عليها .. إلى آخر الآية » قال : نعم ، فكيف تقسّمها ؟ قال : أقسّمها على ثمانية أجزاء فأعطي كلّ جزء من الثمانية جزءاً ، قال : وإن كان صنف منهم عشرة آلاف وصنف منهم رجلاً واحداً أو رجلين أو ثلاثة جعلت لهذا الواحد مثل ماجعلت للعشرة آلاف ؟ قال : نعم ، قال : وتجمع صدقات أهل الحضر وأهل البوادي فتجعلهم فيها سواء ؟ قال : نعم ، قال: فقد خالفت رسول الله ﷺ في كلّ مافلت في سيرته ، كان رسول الله ﷺ يقسّم صدقة أهل البوادي في أهل البوادي وصدقة أهل الحضر في أهل الحضر ولا يقسّمه بينهم بالسّويّة وإنّما يقسّمه على قدر مايحضره منهم وما يرى وليس عليه في ذلك شيء موقّت موظّف وإنّما يصنع ذلك بما يرى على قدر من يحضره منهم فإن كان في نفسك ممّا قلت شيء فالق فقهاء أهل المدينة فإنّهم لا يختلفون في أنّ رسول الله ﷺ كذا كان يصنع .

ثمّ أقبل على عمرو بن عبيد فقال له : اتّق الله وأنتم أيّها الرّهط فاتّقوا الله فإنّ أبي حدّثني وكان خير أهل الأرض وأعلمهم بكتاب الله عزّ وجلّ وسنّة نبيّه ﷺ : أنّ رسول الله ﷺ قال : من ضرب الناس بسيفه ودعاهم إلى نفسه وفي المسلمين من هو أعلم منه فهو ضالّ متكلّف .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن عليّ بن النعمان ، عن سويد القلانسيّ ، عن بشير ، عن أبي عبدالله ﷺ قال : قلت له : إنّي رأيت في المنام أنّي قلت لك : إنّ القتال مع غير الإمام المفترض طاعته حرام مثل الميتة والدّم ولحم الخنزير ، فقلت لي : نعم هو كذلك ، فقال أبو عبدالله ﷺ : هو كذلك هو كذلك .

باب

عمرو بن عبید اور معتزلیوں کا امام جعفر صادقؑ سے مناظرہ

۱۔ راوی کہتا ہے کہ میں حضرت ابو عبداللہ علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھا کہ فرقہ معتزلہ کے کچھ لوگ آئے جن عمرو بن عبید، واصل بن عطا، حفص غلام بن ہبیرہ بھی تھے اور ان کے علاوہ اس فرقہ کے رؤسا بھی تھے انھوں نے ولید اموی کے قتل ہو جانے اور اہل شام کے باہمی اختلاف پر بات چیت شروع کی۔ سب اپنی اپنی کہہ رہے تھے اور مکالمہ نے طول پکڑا۔ حضرت نے فرمایا تم تو بہت سے لوگ میرے پاس آگئے ہو اپنا نمائندہ کسی ایک کو بناؤ تاکہ وہ اپنی حجت تمہاری طرف سے پیش کرے انھوں نے عمرو بن عبید کو مقرر کیا اس نے مبالغہ آمیز تقریر کی جس کا خلاصہ یہ تھا کہ اہل شام نے اپنے خلیفہ کو قتل کر دیا ہے اور اللہ نے ان کے درمیان مار پیٹ کرا دی ہے اور ان کے اندر تفرقہ پیدا کر دیا ہے پس ہم ایک ایسے شخص کو تجویز کیا ہے جو دیندار اور صاحب فہم و فراست اور خلافت کے شایان ہے اور وہ محمد بن عبداللہ بن الحسن علیہ السلام ہیں ہم نے ان پر اتفاق کر لیا ہے لہٰذا آپ بھی ان کی بیعت کریں اور ان کی مدد پر آمادہ ہوں جو ہمارے ساتھ بیعت کرے گا ہم اس کے ہیں وہ ہمارا، جو شخص ہم سے الگ رہے گا تو ہم اس کے لیے کافی ہیں جو ہم سے دشمنی کرے گا ہم اس سے جہاد کریں گے اور اس سے ہماری یہ عداوت اس کی بغاوت کی وجہ سے ہوگی یا اس کو حق اور اس کے اہل کی طرف لانے کے لیے۔ اور ہم چاہتے ہیں کہ اس امر کو آپ کے سامنے پیش کر کے آپ سے اس تحریک میں اپنے ساتھ داخلہ کی درخواست کریں کیونکہ آپ جیسے شخص کے بغیر یہ کام نہیں چلے گا۔ آپ کا بڑا مرتبہ ہے اور آپ کے شیعہ بکثرت ہیں۔

جب وہ کہہ چکا تو حضرت نے مجمع سے فرمایا کیا تم سب اس پر متفق ہو بولے ہاں، حمد و نعت کے بعد حضرت نے فرمایا ہم غضبناک ہوتے ہیں جب اللہ کی نافرمانی کی جاتی ہے اور ہم راضی ہوتے ہیں جب اس کی اطاعت کی جاتی ہے لے عمرو اچھا یہ بتاؤ کہ اگر امت تم کو بغیر قتل و خونریزی کے یہ اختیار دے دے کہ جسے چاہو حاکم تجویز کر لو تو تم کسے بناؤ گے۔

عمرو:۔ میں مسلمانوں سے مشورہ کروں گا۔

امام:۔ کیا تمام مسلمانوں سے مشورہ کرو گے۔

عمرو:۔ جی ہاں سب سے۔

امام:۔ امت کے تمام فقہا اور نیک بندوں سے؟

عمرو:۔ جی ہاں سب سے۔

امام :۔ قریش وغیرہ سے بھی۔

امام :۔ اور عرب و عجم سے بھی۔

عمرو :۔ جی ہاں۔

امام :۔ یہ بتاؤ تم ابوبکر و عمر کو دوست رکھتے ہو یا نہیں۔

عمرو :۔ میں ان دونوں کو دوست رکھتا ہوں۔

امام :۔ تمہارا کہنا تو خلاف جا رہا ہے پتہ نہیں چلتا کہ تم دوست رکھتے ہو یا ان سے بیزار ہو۔

انھوں نے کہا ہم سب ان کو دوست رکھتے ہیں۔

امام :۔ اے عمرو اگر تم ان سے بیزار ہوتے تب تو تمہارے لئے ان کی مخالفت جائز ہوتی لیکن جب تم ان کو دوست رکھتے ہو تو پھر مخالفانہ رویہ کیسا وہ اس طرح کہ عمر نے ابوبکر پر اعتماد کیا اور ان کی بیعت کر لی اور اس میں کسی سے مشورہ نہیں کیا پھر ابوبکرؓ نے حضرت عمرؓ کی طرف خلافت لوٹا دی اور کسی سے مشورہ نہ کیا پھر حضرت عمرؓ نے چھ آدمیوں کی شوریٰ کمیٹی بنائی اور چھ آدمیوں کے سوا اور تمام مہاجرین و انصار کو اس کمیٹی سے الگ رکھا یہ چھ بھی سب قریشی تھے اور ان کے لئے بھی ایسی وصیت کر گئے کہ تم اور تمہارے ساتھی اسے پسند نہ کریں گے کیونکہ تمہارے خیال میں تو تمام مسلمانوں کا شوریٰ ہونا چاہیئے۔

عمرو :۔ حضرت عمر نے کیا کیا جس کو ہم پسند نہ کریں۔

امام :۔ مہیب کو حکم دیا کہ تین دن لوگوں کو نماز پڑھائیں اور ان تین دن میں چھ ہوؤں آدمی مشورہ کریں اور کوئی ان کے پاس نہ ہو سوائے عبد اللہ بن عمر کے لیکن ان کو امر خلافت سے کوئی تعلق نہ ہوگا اور مہاجرینؓ انصار میں سے جو لوگ ان کے پاس تھے ان سے کہا کہ تین دن گزر جائیں اور یہ خلافت کا مسئلہ طے نہ کریں اور کسی کے ہاتھ پر بیعت نہ کریں تو ان چھ ہوؤں کی گردن مار دی جائے اور اگر ان میں سے چار اتفاق کر لیں اور دو مخالفت کریں تو ان دو کی گردن مار دی جائے اب بتاؤ کیا تم اس پر راضی ہو کیا تم ایسا ہی شوریٰ جماعت مسلمین سے کرنا چاہتے ہو؟

انھوں نے کہا نہیں۔

امام :۔ غور کرو تم نے اس شخص سے بیعت کر لی جس کی بیعت کے لئے تم مجھے دعوت دے رہے ہو اور امت کا ایسا اجتماع بھی ہو گیا کہ دو آدمیوں نے بھی اختلاف نہ کیا اور مشرکوں سے تمہارا معاملہ آن پڑا جو نہ تو اسلام قبول کرتے ہیں نہ جزیہ دیتے ہیں تو بتاؤ تمہارے یا تمہارے معین کردہ خلیفہ کے پاس دس سیرت رسولؐ کا علم ہے جو لڑائیوں میں وہ مشرکین کے مقابلہ میں ظاہر کرتے تھے۔

اس نے کہا ہے۔

امام :۔ اچھا بتاؤ تم کیا کرو گے۔

عمرو :۔ ہم ان کو دعوت اسلام دیں گے درصورت انکار جزیہ طلب کریں گے۔

امام :۔ چاہے وہ مجوسی ہوں جو اہل کتاب نہیں۔

عمرو :۔ اس معاملہ میں سب برابر ہیں۔

امام :۔ چاہے وہ مشرکین عرب اور بت پرست ہوں۔

عمرو :۔ سب برابر ہیں۔

امام :۔ اگر قرآن پڑھتے ہو تو اس سے بتاؤ۔

عمرو :۔ ہاں میں پڑھتا ہوں۔

امام :۔ اچھا یہ آیت پڑھو، قتال کرو ان سے جو اللہ اور قیامت پر ایمان نہیں لائے۔ اور نہیں حرام کرتے اپنے اوپر اس چیز کو جو اللہ اور رسول نے حرام کی ہے اور نہ دین حق کو ان لوگوں سے لیتے ہیں جن کو کتاب دی گئی ہے تو جب تک وہ اپنے ہاتھ سے ذلیل ہو کر جزیہ نہ دیں (ان کے قتل سے باز نہ رہو) اللہ نے استثنیٰ کر دیا اور شادی ان لوگوں کی جن کو کتاب دی گئی ہے تو کیا یہ ان لوگوں کے برابر ہوں گے جن کو کتاب نہیں دی گئی۔

عمرو :۔ بے شک۔

امام :۔ تمہیں یہ کس نے بتایا۔

عمرو :۔ میں نے لوگوں سے سنا ہے۔

امام :۔ اچھا اسے تو چھوڑو، فرض کرو انھوں نے جزیہ دینے سے انکار کیا اور تم نے ان سے جہاد کیا اور غالب آگئے تو مال غنیمت کا کیا کرو گے۔

عمرو :۔ خمس نکالیں گے اور چوتھائی حصہ ان کو دیں گے جنھوں نے جنگ لڑی ہو گی۔

امام :۔ یہ بتاؤ خمس کسے دو گے۔

عمرو :۔ جس طرح اللہ نے بتایا ہے۔

اس نے یہ آیت پڑھی، اور جان لو کہ مال غنیمت میں سے پانچواں حصہ اللہ کا ہے اور اس کے رسول کا اور ذوی القربیٰ یتیم، مسکین، مسافر کا ہے۔

امام :۔ رسول کا حصہ کس کو دو گے اور ذوی القربیٰ کون ہیں۔

عمرو :۔ اس بارے میں فقہا کا اختلاف ہے بعض کہتے ہیں قرابتدار نبی اور ان کے اہلبیت ہیں بعض کہتے ہیں خلیفہ مراد ہے

بعض کہتے ہیں ان لوگوں کے رشتہ دار مراد ہیں جنھوں نے قتال کیا۔

امام:۔ ان میں تم کون سی شق سمجھتے ہو۔

عمرو:۔ میں تو نہیں جانتا۔

امام:۔ جب تم نہیں جانتے تو اسے چھوڑ دو۔

پھر حضرت نے فرمایا تم خمس کو چار حقداروں میں کیسے تقسیم کرو گے۔ ان لوگوں پر جنھوں قتال کیا ہے کیا سب پر۔

عمرو:۔ جی ہاں۔

امام:۔ تم نے اس صورت میں سیرت رسولؐ کی مخالفت کی، میرے اور تمہارے درمیان فقہاء اہل مدینہ اور ان کے مشائخ ہیں انہی سے ہم پوچھیں گے وہ اختلاف اور تنازعہ نہ کریں گے کہ اس امر میں حضرت رسولؐ خدا نے اعراب میں چھوڑ دیا جائے اور وہ ہجرت نہ کریں کیونکہ دشمن کی کثرت تھی تو ان پر غالب آکر مقاتلہ کرتے ان لوگوں کے لئے غنیمت میں کوئی حصہ نہیں تھا اور تم کہتے ہو سب پر تقسیم کرو گے تو بتاؤ یہ رسول کی مخالفت ہر معاملہ میں تمہاری طرف سے ہوئی یا نہیں، اچھا تم صدقہ کے بارے میں کیا کہتے ہو۔

اُس نے یہ آیہ مذکورہ آخر تک پڑھی۔

امام:۔ تقسیم کیسے کرو گے۔

عمرو:۔ میں آٹھ حصوں میں تقسیم کروں گا اور ہر ایک کو ایک ایک جزو دوں گا۔

امام:۔ اگر ایک صنف میں دس ہزار ہوں اور دوسری صنف میں صرف ایک یا دو یا تین تو کیا ایک کو اتنا ہی دو گے جتنا دس ہزار کو۔

عمرو:۔ جی ہاں۔

امام:۔ تو کیا شہر والوں اور بادیہ والوں میں صدقات برابر تقسیم کرو گے۔

عمرو:۔ جی ہاں۔

امام:۔ تو تم نے ان سب باتوں میں رسول اللہ کی مخالفت کی حضرت رسول خدا تو اہل بوادی کا صدقہ اہل بوادی میں اور اہل شہر کا اہل شہر میں تقسیم فرماتے تھے اور وہ ان کے درمیان بالسویہ تقسیم نہیں فرماتے تھے اور تقسیم فرماتے تھے ایک اندازہ سے ان لوگوں پر جو موجود ہوتے تھے ان لوگوں میں سے اور اس میں کوئی وقت مقرر نہ تھا بلکہ جو ان میں سے ہوتے انہی کو دیتے۔

اگر تمہارے دل میں کوئی بات کہنے کو ہو تو فقہاء مدینہ سے لو وہ بغیر اختلاف یہ بتائیں گے کہ رسول اللہ ایسا

ہی کرتے تھے پھر آپ نے عمر بن عبید سے فرمایا اللہ سے ڈرو اور ان لوگوں سے فرمایا تم بھی ڈرو میرے والد ماجد نے فرمایا ہے جو اہل ارض میں بہترین انسان تھے اور کتاب اللہ سب سے بہتر جاننے والے اور سنت نبی کے بڑے عالم، جو لوگوں کو تلوار سے مارے اور ان کو اپنے نفس کی طرف بلائے اور مسلمانوں میں وہ سب سے زیادہ عالم بھی ہو تو وہ گمراہ اور لایعنی ہے۔

۲۔ میں نے کہا میں نے خواب میں آپ کو دیکھا میں نے کہا امام مفترض الطاعت کے ساتھ ہوئے بغیر قتال حرام ہے جیسے مردار، خون، سور کا گوشت، آپ نے مجھ سے فرمایا ہاں ایسا ہی ہے حضرت ابوعبداللہ نے فرمایا۔ ہاں ایسا ہی ہے ہاں ایسا ہی ہے۔

﴿باب ۸﴾

☆(وصية رسول الله صلى الله عليه وآله وأمير المؤمنين عليه السلام)☆
☆(في السرايا)☆

١ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن معاوية بن عمّار ـ قال: أظنّه ـ عن أبي حمزة الثمالي، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: كان رسول الله صلى الله عليه وآله: إذا أراد أن يبعث سريّة دعاهم فأجلسهم بين يديه ثمّ يقول: سيروا بسم الله و بالله و في سبيل الله و على ملّة رسول الله، لا تغلّوا و لا تمثلوا؛ و لا تغدروا؛ ولاتقتلوا شيخاً فانياً ولاصبيّاً و لا امرأة؛ و لا تقطعوا شجراً إلّا أن تضطرّوا إليها؛ وأيّما رجل من أدنى المسلمين أو أفضلهم نظر إلى رجل من المشركين فهو جار حتّى يسمع كلام الله فإن تبعكم فأخوكم في الدين و إن أبى فأبلغوه مأمنه واستعينوا بالله عليه.

٢ ـ عليٌّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن النوفليّ، عن السكونيّ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: قال أمير المؤمنين عليه السلام: نهى رسول الله صلى الله عليه وآله أن يلقى السمّ في بلاد المشركين.

٣ ـ محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد بن عيسى، عن ابن محبوب، عن عبّاد بن صهيب قال: سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول: ما بيّت رسول الله صلى الله عليه وآله عدوّاً قطّ.

٤ ـ عليٌّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن النّوفليّ، عن السّكونيّ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: قال أمير المؤمنين صلوات الله عليه: بعثني رسول الله صلى الله عليه وآله إلى اليمن وقال لي: يا عليُّ لا تقاتلنّ أحداً حتّى تدعوه وأيم الله لإن يهدي الله على يديك رجلاً خيرٌ لك ممّا طلعت عليه الشّمس وغربت ولك ولاؤه ياعليّ.

٥ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن أبان بن عثمان ، عن يحيى ابن أبي العلاء ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كان أمير المؤمنين صلوات الله عليه لا يقاتل حتّى تزول الشّمس ويقول: تفتح أبواب السّماء وتقبل الرّحمة وينزل النّصر ؛ ويقول : هو أقرب إلى اللّيل وأجدر أن يقلّ القتل ويرجع الطالب ويفلت المنهزم .

٦ ـ عليٌّ ، عن أبيه ، عن القاسم بن محمّد ، عن المنقريّ ، عن حفص بن غياث قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن مدينة من مدائن أهل الحرب هل يجوز أن يرسل عليهم الماء وتحرق بالنّار أو ترمى بالمجانيق حتّى يقتلوا وفيهم النّساء و الصّبيان والشّيخ الكبير والأُسارى من المسلمين والتجّار فقال : يفعل ذلك بهم ولا يمسك عنهم لهؤلاء ولا دية عليهم للمسلمين ولا كفّارة . ، وسألته عن النّساء كيف سقطت الجزية عنهنّ ورفعت عنهنّ؟ فقال : لأنّ رسول الله صلى الله عليه وآله : نهى عن قتال النّساء و الولدان في دار الحرب إلاّ أن يقاتلوا فإن قاتلت أيضاً فأمسك عنها ما أمكنك ولم تخف خللا فلمّا نهى عن قتلهنّ في دار الحرب كان في دار الإسلام أولى ولو امتنعت أن تؤدّي الجزية لم يمكن قتلها فلمّا لم يمكن قتلها رفعت الجزية عنها ولو امتنع الرّجال أن يؤدّوا الجزية كانوا ناقضين للعهد وحلّت دماؤهم وقتلهم لأنّ قتل الرّجال مباح في دار الشّرك و كذلك المقعد من أهل الذّمّة والأعمى والشّيخ الفاني والمرأة والولدان في أرض الحرب فمن أجل ذلك رفعت عنهم الجزية .

٧ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه، عن النّوفليّ ، عن السكونيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّ النّبيّ صلى الله عليه وآله كان إذا بعث بسريّة دعالها .

٨ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن هارون بن مسلم ، عن مسعدة بن صدقة ، عن أبي عبد الله عليه السلام قال : إنّ النّبيّ صلى الله عليه وآله كان إذا بعث أميراً له على سريّة أمره بتقوى الله عزّ وجلّ في خاصّة نفسه ثمّ في أصحابه عامّة، ثمّ يقول : اغز بسم الله وفي سبيل الله ، قاتلوا من كفر بالله ولا تغدروا ولا تغلّوا ولا تمثلوا ولا تقتلوا وليداً ولا متبتّلاً في شاهق ولا تحرقوا النّخل ولا تغرقوه بالماء ولا تقطعوا شجرة مثمرة ولا تحرقوا زرعاً لأنّكم لا تدرون لعلّكم تحتاجون إليه ولا تعقروا من البهائم ممّا يؤكل لحمه إلاّ ما لابدّ لكم من أكله وإذا لقيتم عدوّاً للمسلمين فادعوهم إلى إحدى ثلاث فإن هم أجابوكم إليها فاقبلوا منهم و كفّوا عنهم : ادعوهم إلى الإسلام فإن دخلوا فيه فاقبلوه منهم و كفّوا عنهم ، وادعوهم إلى الهجرة بعد

الإسلام فإن فعلوا فاقبلوا منهم و كفّوا عنهم و إن أبوا أن يهاجروا و اختاروا ديارهم و أبوا أن يدخلوا في دار الهجرة كانوا بمنزلة أعراب المؤمنين يجري عليهم ما يجري على أعراب المؤمنين ولا يجري لهم في الفيء ولا في القسمة شيء إلّا أن يهاجروا في سبيل الله فإن أبوا هاتين فادعوهم إلى إعطاء الجزية عن يد وهم صاغرون فإن أعطوا الجزية فاقبل منهم و كفّ عنهم وإن أبوا فاستعن الله عزّ وجلّ عليهم وجاهدهم في الله حقّ جهاده وإذا حاصرت أهل حصن فأرادوك على أن ينزلوا على حكم الله عزّ وجلّ فلا تنزل لهم ولكن أنزلهم على حكمكم ثمّ اقض فيهم بعد ما شئتم فإنّكم إن تركتموهم على حكم الله لم تدروا تصيبوا حكم الله فيهم أم لا وإذا حاصرتم أهل حصن فإن آذنوك على أن تنزلهم على ذمّة الله وذمّة رسوله فلا تنزلهم ولكن أنزلهم على ذممكم وذمم آبائكم وإخوانكم فإنّكم إن تخفروا ذممكم وذمم آبائكم وإخوانكم كان أيسر عليكم يوم القيامة من أن تخفروا ذمّة الله وذمّة رسوله صلى الله عليه وآله .

۹ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الوشّاء ، عن محمّد بن حمران ؛ وجميل ابن درّاج كلاهما ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كان رسول الله صلى الله عليه وآله إذا بعث سريّة دعا بأميرها فأجلسه إلى جنبه وأجلس أصحابه بين يديه ثمّ قال : سيروا بسم الله وبالله و في سبيل الله وعلى ملّة رسول الله صلى الله عليه وآله لاتغدروا ولاتغلّوا و لاتمثّلوا ولا تقطعوا شجرة إلّا أن تضطرّوا إليها ولا تقتلوا شيخاً فانياً ولا صبيّاً ولا امرأةً وأيّما رجل من أدنى المسلمين و أفضلهم نظر إلى أحد من المشركين فهو جار حتّى يسمع كلام الله فإذا سمع كلام الله عزّ وجلّ فإن تبعكم فأخوكم في دينكم وإن أبى فاستعينوا بالله عليه و أبلغوه مأمنه .

باب ۸

وصیت رسولؐ وجناب امیر علیہ السلام

۱ ـ فرمایا حضرت نے کہ جناب رسول خدا جب کسی لشکر کو بھیجنا چاہتے تو اس کو اپنے سامنے بٹھا کر فرماتے جاؤ بسم اللہ و باللہ فی سبیل اللہ علی ملت رسول اللہ نہ زنجیروں میں نہ جکڑنا ، مثلہ نہ کرنا ، عذر نہ کرنا ، درخت نہ کاٹنا مگر درصورت مجبوری ، کوئی مسلمان ادنیٰ ہو یا افضل ، جب کسی مشرک کو جاتے دیکھے تو اس کو اللہ کا کلام سنائے اگر وہ تمہاری پیروی کرلے تو تمہارا دینی بھائی ہے اور اگر انکار کرے تو اس کو اس کی جائے پناہ تک پہنچا دو اور اللہ سے اس کے بارے میں مدد چاہو ۔ (حسن)

۲۔ حضرت نے فرمایا امیرالمومنین علیہ السلام نے مشرکوں کے شہروں میں (پانی کے اندر) زہر ڈالنے کو منع فرمایا ہے۔ (ض)

۳۔ حضرت رسولؐ خدا نے کبھی کسی دشمن کو شب باشی کا موقع نہیں دیا۔ (مرسل)

۴۔ فرمایا حضرت نے کہ امیرالمومنینؑ نے فرمایا کہ مجھے رسول اللہ نے یمن کی طرف بھیجا اور فرمایا یا علی دعوت اسلام دیئے بغیر کسی کو قتل نہ کرنا قسم خدا کی تمہارے ہاتھ پر اگر ایک شخص ایمان لے آئے تو وہ بہتر ہوگا اس سے کہ سورج طلوع ہو اور غروب ہو اس پر تمہاری حکومت میں۔ (ض)

